(۱۸۲) **سوزاک**} پہلے سوزاک کا علاج کریں پھر احتلام وغیرہ کا علاج ہوگا۔ ایک ہنڈیا ... دہی سے اندر سے چپڑیں جب تمام دہی جذب ہو جاوے اس کو ٹیڑھی کرکے رکھ دیں اور نیچے تھوڑی سی ریت بچھا دیں اوپر ایک سیر بہروزہ اور ایک پاؤ موم رکھیں اور ریت سے ڈھانپ دیں۔ اور ایک دوسری ہنڈیا جس کے پیندے میں چھوٹا سا سوراخ نکالا گیا ہو اس ہنڈیا کے ساتھ منہ جوڑ کر اس طرح گل حکمت کریں کہ سوراخ نیچے کی طرف رہے جب خشک ہو جاوے تو ادویات والی ہنڈیا کو چولہے پر رکھیں اور دوسری ہنڈیا کے نیچے کوئی برتن رکھ دیں۔ نرم آنچ شروع کریں اور دوسری ہنڈیا پر کپڑا تر کرکے رکھیں۔ جب کپڑا گرم ہو پھر ٹھنڈے پانی میں بھگو لیا کریں۔ تیل سوراخ میں سے نیچے برتن میں گرے گا۔ سوزاک کیواسطے اکسیر ہوگا۔ ... بڑھا دیگا۔ پھوڑے وغیرہ کاٹے پر لگانے سے آرام ہوگا۔ دو تین بوند مصری پر ڈال کر دودھ کی لسی سے کھایا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۱۸۳) **امر گانگ**} پارہ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ قلعی ۱ تولہ۔ قلعی کو پگھلا کر پارہ میں ڈال دیوے۔ دونوں مل جاویں گے۔ کھرل میں ڈال کر ... چار تولے نمک پہاڑی ڈال کر جتنا چاہے پانی ڈال دیوے۔ اور ہاتھ سے کھرل کرکے نتھار دیوے۔ پھر اسی طرح سیر بھر نمک خرچ کرے۔ ۲ گھنٹہ میں عمل ختم ہو جاویگا۔ پھر پانی ڈال کر اچھی طرح نمک نکالے۔ اور بعدہٗ نوشادر اور گندھک ملا کر خوب کھرل کرکے ایک ذات کر دیوے۔ ۲ گھنٹہ اس میں خرچ ہوں گے۔ ایک آتشی شیشی اوپر سے کپڑ مٹی کرنے۔ مٹی روئی وغیرہ ڈال کر مضبوط کر لینی چاہیئے۔ جب خشک ہو جاوے یہ چیزیں اس شیشی میں ڈالیں۔ سات سیر اپلوں کی آنچ دیں اور کھلے منہ رکھیں اس طرح کہ منہ کی

نالی باہر رہے۔ دھواں نکلتا ہے، وہ شیشی کے منہ پر جم جاتا ہے اس واسطے کوئی سیخ وغیرہ منہ میں کبھی کبھی پھیر دیا کریں۔ ۴۸ گھنٹہ کی آگ سے کشتہ ہو جاوے گا۔ شیشی کو نکال کر علیحدہ رکھیں۔ ٹھنڈے ہونے پر شیشی توڑ کر نکالیں۔ رنگ سونے کے جوہر کی طرح ہوگا۔ اکثر بازاری کشتہ سونا یہی ہے۔ خوراک ایک رتی۔ رطوبت زناں میں آملہ کے پانی سے دیویں۔ ۷ دن میں آرام ہو جاتا ہے۔

(ایڈیٹر)

(۱۸۴) بوجہ کثرت جریان منی رقت و سرعت وغیرہ} سپاری چکنی ۲۰ تولہ۔ ان کو کتر کر پانی میں بھگو دے جب نرم ہو جاوے نکال کر کوٹ کر باریک کرے اور سکھا کر کپڑ چھان کر کے سپاری سے دگنا دودھ گائے آنچ پر رکھے اور سپاری بھی ڈال دیوے اور کھویا کرے کھویا کر۔ ۲۰ تولہ گھی میں بھون کر سرخ کر لیوے۔ بعد ازاں ۶۰ تولہ دیسی کھانڈ کی چاشنی کرے اور کھویا معہ ادویات مندرجہ ذیل ڈال دیوے۔

الائچی دانہ۔ بیالا۔ پیپل۔ جائفل۔ جاوتری۔ دارچینی۔ تیزپات۔ سونٹھ۔ اسگندھ۔ بالا۔ ناگر موتھا۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ طباشیر۔ ستاور۔ بیج کونچ۔ تالمکھانا۔ کشمش۔ گوکھرو۔ بچھوا۔ کھرنی۔ دھاوا۔ کسیرو۔ مہوہ۔ بھنگرا۔ زیرہ ہر ایک ۲ تولہ۔ کشتہ قلعی و ابرک دونوں اگر ملیں تو ایک ایک تولہ ڈال دیوے۔ کستوری ۲ ماشہ۔ بھیم سینی کافور ۲ ماشہ۔ عنبر ۲ ماشہ۔ یہ بھی اگر ڈال سکے تو ڈال دیوے۔ اس کے چھوٹے چھوٹے قریب چھٹانک کے لڈو بنا دیوے۔ صبح ایک لڈو دودھ کے ساتھ کھا دے۔ بوڑھا بھی جوان ہووے۔ اس کو برہمت ویگی پاک کہتے ہیں

(ایڈیٹر)

(۱۸۵) تین سال سے بغل میں پھوڑا} رال ۵ تولہ۔ ... ۵ تولہ۔ تلوں کا تیل ۵ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ۵ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۵ ماشہ۔ کانسی کے برتن میں پانی اور تیل ڈال کر خوب ملیں کہ ملائی کی طرح نرم ہو جائے۔ پھر دیگر ادویات کو سفوف ملا کر تمام دن خوب ہلا دیں اور ملیں۔ مرہم بن جاوے گی۔ زخم پر لگا دیں۔

(ایڈیٹر)

(۱۸۶) پرانی کھانسی} ملائی ہلدی پیپلیاں ۵ تولہ۔ سہاگہ ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲۰ تولہ۔ کوٹ چھان کر ذرا پانی ملا کر بقدر ۵ ماشہ گولیاں بنا دیں۔ شہد یا عرق یا پانی کے ساتھ کھایا کریں۔

(گ)

(۱۸۷) سستی عضو} ... ۵ تولہ۔ ... ۱ تولہ۔ دونوں کو باریک کوٹیں۔ ایک تھالی باطباق کر کے ایک طرف سے اونچا کرے اونچی طرف کے نیچے آگ رکھیں۔ ادویات کو پوٹلی میں باندھ کر گرم جگہ پر رکھ کر نچوڑ لیں۔ تیل نیچی طرف

جلا جاوے گا۔ شیشی میں ڈال رکھیں۔ یہ روغن نہایت مقوی ہے۔ کم از کم بعد ایک ہفتہ کے استعمال کریں اور اگر ایک سال کے بعد استعمال کریں تو بالکل بے ضرر ہو جاتا ہے۔ پھنسیاں پیدا نہیں کرتا۔ بچے ننھے سے پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ علاج ان کا روغن زرد کا لگانا ہے جس سے ... اور سیون کو چھوڑ کر عضو پر مالش کر کے، اوپر برگ پان یا ارنڈ یا بھوج پتر باندھیں۔

(ایڈیٹر)

(۱۸۸) آتشک سے سیاہ داغ} نیم کی نبولی کا بذریعہ پاتال جنتر تیل نکالیں۔ دو دو بوند دو شانہ بھکڑا اخار خشک کے ہمراہ کھایا کریں۔

(گ)

(۱۸۹) داد (دھدری)} تیل تارپین ۲ چھٹانک۔ مشک کافور ۲ تولہ۔ دونوں کو ایک ہی شیشی میں ڈال دیں۔ مشک کافور حل ہو جاوے گا۔ جگہ داد پر اس تیل کو لگایا کریں۔ پہلے سیکی سی اُترے گی۔ ۵ یا ۷ دن میں ہی آرام ہو گا۔

(۱۹۰) کمبل وغیرہ کپڑوں کو کیڑے سے بچانے کا سہل نسخہ} کپڑوں کو گرد و غبار سے پاک کر کے اچھی طرح تہ کریں اور کسی لٹھے وغیرہ کے کپڑے میں لپیٹ کر اچھی طرح باندھیں۔ اور صندوق میں کپڑوں کے درمیان رکھیں۔ کیڑا نہ لگے گا۔ اس سے سہل اور کوئی نسخہ نہ ہوگا۔ بزرگ جن کے کپڑے بعض اوقات کئی سال پڑے رہتے ہیں یہی علاج کرتے ہیں کبھی دھوپ بھی نہیں لگواتے۔ جو عام رواج ہے۔ (گ)

(۱۹۱) طریق استعمال دودھ} دودھ کو استعمال کرنے کے مختلف طریقے ہیں کسی کی طبیعت کے کوئی موافق ہوتا ہے اور کسی کے کوئی۔ خاص طریقہ ہر ایک کے واسطے نہیں رکھ سکتے۔

صبح تازہ دودھ لے کر اس کو نرم آنچ پر رکھ دیا جاوے۔ اس میں گری بادام چھوہارا۔ دانہ الائچی خورد۔ سونٹھ وغیرہ بقدر ضرورت ملا دیئے جائیں۔ ۸ بجے کے قریب اس دودھ میں مصری اور اگر ہضم ہو سکے تو گھی ملا کر پی جاوے۔ سوائے بادام اور الائچی کے باقی چیزیں نہ کھاویں۔

دودھ کے پینے کے اصلی وقت دو ہیں تقریباً ۴ یا ۵ بجے دن کے یا جماع کے بعد۔ جو کچا پیتے ہیں وہ صبح تازہ بتازہ دوہتے ہی پی لیں۔ تیسرا وقت ہے رات کو سوتے وقت دودھ پینا اچھا نہیں۔ خیر اس مضمون پر پھر کبھی طبی تجربہ کروں گا اس وقت اتنا ہی کافی ہے۔

(گ)

(۱۹۲) بچوں کا ۲-۳ سال کے اندر مرنا} دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۹ ماشہ۔ مغز زیرہ سفید ۴ ماشہ۔ زہر مہرہ

خطائی ۴ ماشہ۔ پوستہ ندرسونی دسنگدان ۴ مرغ ۴ ماشہ۔ اندر جو مقشر ۴ ماشہ
صندل سرخ ۴ ماشہ۔ صندل سفید ۴ ماشہ۔ دارچینی پیپل ۴ ماشہ۔ سہاگہ بریاں ۲ ماشہ
گل سرخ ۲ ماشہ۔ زعفران ایرانی ایک ماشہ۔

ان سب چیزوں کو چھے پاؤ بھر عرق گلاب میں بھر عرق کیوڑہ اور پھر پاؤ بھر جلاب
درخت کیلہ میں کھرل کر کے بقدر نخود حب بنا دیں۔ جب سے بچہ پیدا ہو دو گولی صبح
اور دو گولی شام ماں کو ہمراہ پانی کھلا دیں۔ اور ذرا ذرا دودھ میں گھس کر بچہ کو پلا دیں۔
چالیس دن تک استعمال کریں۔ خدا چاہے تو بچہ زندہ رہے گا۔ (ایڈیٹر)

(۱۹۳) **بال چھڑ** { بالوں کی جڑھیں کمزور ہونے سے پیدا ہوتا ہے۔ مندرجہ ذیل نسخہ مفید ہے:۔ سمندر جھاگ ۶ ماشہ۔ مغز بادام ۶ ماشہ۔ چھے
کی مینگنی ۶ ماشہ۔ لہسن ۶ ماشہ۔ روغن بنفشہ ۲ تولہ۔ تمام ادویات کو مانند غبار پیس کر
روغن بنفشہ میں ملا کر لگایا کریں۔ اس مقام پر پچھنے لگانا بھی مفید ہے۔ (")

کمی باہ و ہضم وغیرہ { دارچینی ۱ تولہ۔ قلعی ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ۔ پیپل ۱ تولہ۔ بادیان ایک تولہ۔ مصطگی رومی ۳ تولہ۔ لوبان کوڑیہ ۱ تولہ۔ تخم
دھتورہ سیاہ ۸ تولہ۔ زعفران ایرانی ۱ ماشہ۔ مشک خالص ۱ ماشہ۔ ان سب کو کوٹ
پیس کر شہد میں ملا کر گولیاں بقدر چنہ سیاہ بنا دیں اور حسب طاقت ایک یا دو
گولیاں ہمراہ دودھ کھا دیں۔ تمام خرابیاں دور ہوں گی۔ (")

(۱۹۴) **بد عادت کے سبب دھات پتلی** { کتیرا گوند ۶ ماشہ۔ موصلی سفید ۶ ماشہ۔ تقلب ۶ ماشہ۔ طرقہ ۶ ماشہ۔ تخم
دھنیا ۶ ماشہ۔ کنول گٹہ ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۶ ماشہ۔ تمام کو کوٹ پیس کر
دودھ بڑھ میں مخلوط کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی صبح دودھ گائے
کے ساتھ کھایا کریں۔ (")

ہر وبا لہر کا اور کوئی نام نہیں ہے۔ یہ صرف ہندوستان میں ہی ہوتا ہے اور
بالکل بلدی کی قسم کا۔
(ج) شیولنگی کو لنگنی یا شیو لنگنی بھی کہتے ہیں۔ فارسی عربی میں اس کا کوئی نام نہیں
انگریزی میں سکوریڈ سیلہ نیو سا کہتے ہیں۔ ہندوؤں میں شیو کی تصویر جس طرح ہوتی ہے
اسی طرح کا اس کا پھل ہوتا ہے۔ (")

(۱۹۵) **بوجہ غلط کاری دماغ، آنکھیں، خون، جسم، نیند، ہاضمہ وغیرہ کمزور ہو**
سونف کے چاول ۱۰ تولہ۔ دھنیا کے چاول ۱۰ تولہ۔ طباشیر سماقی ۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد
۲ تولہ۔ موصلی سفید اعلیٰ ۲ تولہ۔ بہمن سفید ۱ تولہ۔ بہمن سرخ ۱ تولہ۔ چار مغز ۱ تولہ۔ مغز

بادام مقشر ۱ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۱ تولہ۔ تخم خشخاش ۵ تولہ۔ گوند کتیرا ۲ تولہ۔ گوند ککر ۲ تولہ
سونٹھ ۱ تولہ۔ پیپل ۶ ماشہ۔ پوست درخت کنیر ۲ تولہ۔ ورق چاندی ایک دفتری۔ ورق سونا
ایک دفتری۔ کشتہ فولاد ۱ تولہ۔ کشتہ قلعی ۱ تولہ۔ گوندوں کو گھی میں بھون کر رکھیں۔ ۱ سیر
مصری اور آدھ سیر شہد کا قوام۔ لعاب بہیدانہ ایک تولہ۔ لعاب پوست خشخاش ۲ تولہ
اور رس صندل سفید ۲ تولہ اور عرق کیوڑہ ۵ تولہ ملا کر گرم کریں اور تمام ادویات کو کوٹ کر
ڈال دیں۔ پھر ملا کر چولہے سے اتار کر ورق ہائے کشتہ جات داخل کریں۔ اوراق کو پہلے
تھوڑی کھانڈ بعد قند نبات مصری میں کھرل کر لینا چاہیے ورنہ ایک ہی جگہ رہ جاتی ہے۔ (ایڈیٹر)

(۱۹۶) **مجلوق کو سوزاک کا مادہ** { ہر وقت چھٹانک سنگرف ۲ تولہ کی پوٹلی باندھ کر ایک تنگ گلی کو نصف پانی سے بھر دو۔ ایک سوراخ
کردہ سرپوش اوپر دے دو۔ پوٹلی کو دھاگہ سے باندھ کر اس طرح لٹکاؤ کہ پوٹلی پانی سے دو انگشت اوپر رہے
اور سوراخ میں سے دھاگہ کو نکال کر سوراخ کو بند کر دو۔ اور سرپوش کو اوپر گل حکمت کر کے
اس پر ۵ سیر بوجھ بھی رکھ دو۔ ساتھ ہی آنچ پر رکھو۔ جب معلوم ہو کہ قریب ۴ سیر کے پانی جل
گیا ہو گا۔ ٹھنڈے کر کے اتار لو۔ پوٹلی کی دوائی پاس رکھو۔ خوراک ایک رتی مکھن میں ملا کر
کھلاؤ۔ (ایڈیٹر)

(۱۹۷) ہڑتال ورقیہ ایک پاؤ۔ دودھ آک (مدار) ۲ پاؤ میں کھرل کرے۔ پھر ۲ پاؤ
تھوہر کے دودھ میں کھرل کرے۔ پھر پتلی پتلی ٹکیاں بنا کر دھوپ میں سکھا دے۔ ایک
ہنڈیا گلی میں پاس تھی پھیچرہ کی راکھ بھر دوے۔ ٹکیاں درمیان میں رکھ دینی چاہئیں۔
دوسری ہنڈیا کے منہ کے ساتھ منہ ملا کر گل حکمت کر دیوے۔ تمام ہنڈیا پر کپڑ مٹی ہونی
چاہئے۔ پھر ۲ سیر کی نیچے آگ کرے۔ مگر چولہا حلوائیوں کی طرح ہونا چاہئے۔ ٹھنڈا ہونے
پر نکالے۔ آگ پر ذرا ڈال کر امتحان کر لیوے۔ اگر دھواں دیوے تو خام ہے۔ بارہ پہر کی
پھر اسی طرح کی آگ دینی چاہئے۔ خوراک ایک رتی پان میں ڈال کر کھا لیوے۔ قوت باہ بیشمار
ہو وے۔ اگر امساک کی ضرورت ہو تو جائفل ایک رتی اس کے ساتھ ملا لیا کرے۔ آتشک
کے واسطے بھی پان میں دیوے۔ خوراک ۱/۲ چاول۔ (")

(۱۹۸) **دو سال سے نزلہ بہا ہے اور درد سر وغیرہ بھی ہے** { ایک رتی ہینگ کو پانی میں
رگڑ دیا اور چمچہ میں ڈال دیں۔ ایک چارپائی پر سر نیچا کر کے لیٹ جاویں۔ دھڑ آدھی آدھا
اس طرف اور آدھا اس طرف ناک میں ڈال کر اوپر سے پھونک مار دے۔ ۵ منٹ ویسے
ہی منہ بند رہے کہ گلے میں نہ اترے اور پانی وغیرہ بہنے دیں۔ دو چار دن ایسا کرنے سے
نزلہ دور ہو کر سردرد کافور ہو گی۔ (")

(۱۹۹) **برس سے زکام کی شکایت**۔ اوپر والی ترکیب بھی کریں اور بعد

تریاق الانزلہ استعمال کریں۔

نسخہ تریاق الانزلہ خشخاش سفید نیم کوفتہ ۶ تولہ۔ پوست خشخاش ۴ تولہ۔ عناب ۲۰ عدد۔ تخم خرفہ سفید ۴ تولہ۔ تخم کاہو مقشر نیم کوفتہ ۶ تولہ۔ گل گاؤ زبان گیلانی ۱ تولہ۔ تخم مرو نیم کوفتہ ۱ تولہ۔ دھنیا خشک ۱ تولہ۔ اسطوخودوس ۹ ماشہ۔ ان سب کو ۴ سیر پانی میں بھگو کر ظرف قلعی دار میں جوش دیں۔ جب چہارم رہے چھان لیں اور ۵۰ تولہ مصری کا قوام کریں۔ اور گل سرخ ۹ ماشہ۔ دھنیا مقشر ۹ ماشہ۔ رب السوس ۹ ماشہ۔ نشاستہ ۹ ماشہ۔ کتیرا ۹ ماشہ۔ صمغ عربی ۹ ماشہ کو باریک کر کے قوام میں ملا دیں۔ خوراک ۹ ماشہ سے ۱ تولہ تک ہمراہ عرق گاؤ زبان وغیرہ کے۔ (ایڈیٹر)

(۲۰۰) قلی بوٹی اس کو یونانی میں سلاب کہتے ہیں۔ پنساریوں کی دکانوں پر عام ملتی ہے۔ گیہوں کے کھیتوں میں ہوتی ہے۔ گھاس کی قسم ہے۔ گیہوں کے کھیت کو خراب کر دیتی ہے۔ (")

(۲۰۱) ہچکی اگر رس کو لونگ کے جوشاندہ یا ادرک کے پانی یا سونٹھ کے جوشاندہ یا صرف گرم پانی سے دیں۔ (")

(۲۰۲) آم پاک عمدہ پکے ہوئے اور میٹھے آم کا رس۔ رس کا ½ حصہ کھانڈ دیسی سفید کھانڈ کا نصف گائے کا گھی۔ اور گھی کی چوتھائی سونٹھ اور سونٹھ سے نصف کالی مرچ۔ کالی مرچ سے نصف فلفل دراز۔ چیل لینی چاہئے۔

ایک صاف برتن میں ان تمام اشیاء کو ڈالے اور کھانڈ کے برابر صاف پانی بھی ڈال دے بعد ازاں آنچ پر رکھے اور کسی لکڑی سے ہلاتا جاوے حتیٰ کہ قوام بن جائے۔ بعد ازاں مندرجہ ذیل ادویات کو باریک کپڑ چھان کر کے ڈال دیوے ہر ایک دوائی فلفل دراز کی ½ حصہ ہووے بیلا مول۔ ناگرموتھا۔ چب۔ دھنیا۔ زیرہ سیاہ و سفید۔ سونٹھ۔ ناگ کیسر۔ دارچینی۔ تالیس پتر۔

ان ادویات کو الگ الگ پیسنا چاہئے۔ اور بعد ازاں قوام میں ڈالتے وقت ملا لینا چاہئے۔ پھر تیار کر کے ٹھنڈا کر کے اس میں آم کے رس کا سولھواں حصہ شہد ڈال دیوے۔ پھر خوب ملا کر چوڑے برتن میں قوام کو ڈال دیوے اور چاہے برفی یا لڈو بنا لیوے۔ خوراک اس معجون کی ایک چھٹانک ہے صبح کے وقت کھانی چاہئے اور اوپر سے دودھ پینا چاہئے۔ اس کے کھانے سے کھانسی۔ دمہ۔ تاپ تلی۔ سنگرہنی۔ نصوت دل و دماغ۔ سینہ و معدہ کی امراض دور ہوتی ہیں۔ خون صاف ہوتا ہے جن عورتوں کو اسقاط ہو جاتا ہے یا جن کی اولاد مر جاتی ہو ان کو اس کا کھلانا نہایت مفید ہے بقیہ عورتوں کو بھی فائدہ مند ہے اس سے قوت باہ و بدن بڑھتی ہے۔ اگر یار بڑھا جوان ہوتا چلا جاتا ہے۔ کئی قسم کی امراض کو رفع کر دیتی اور دق بھی اس سے دور ہوتے ہیں۔ (ایڈیٹر)

(۲۰۳) انگلیوں میں پھنسیوں کا ہونا نیم کی نبولی کی گری کا پتال جنتر کے ذریعے تیل نکالیں۔ یا اگر یہ نہ ہو سکے تو نیم کی نبولی کے مغز کو نصف وزن سرسوں کے خالص تیل میں پکا دیں جب مغز لیا احمر ہو جاوے تیل کو ٹھنڈا کر کے چھان رکھیں۔ اور ایک پارچہ تر کر کے انگلیوں پر ہیئے کو خارش پارچہ تیل سے تر رہے۔ ۵ - ۷ دن ایسا کرنے سے آرام نظر آوے گا۔ اور پھر تھوڑی تھوڑی دیر میں پھنسیاں نابود ہونی شروع ہو گی۔ (ایڈیٹر)

(۲۰۴) جلاب ٹھیک نہ ہونے کے سبب معدہ کا بھرا رہنا گردہ املتاس۔ پیپلا مول۔ ناگرموتھا۔ سنگی جنگ ہڑ۔ ہر ایک سے تولہ تولہ لیوے اور جوشاندہ کر کے پیوے۔ دو تین دن یہی جوشاندہ کو پی کر چوتھے دن خوب گھی پیوے اور پانچویں دن عمدہ جلاب کسی حکیم یا وید سے لیوے اس جلاب کے ہو جانے سے تمام امراض دور ہونگی۔ بدن ہلکا ہو جاوے گا اور قوت ہاضمہ کو ترقی ہوگی۔ (")

(۲۰۵) مسوڑھوں سے خون کی کثرت مازو ۱ تولہ۔ پھٹکڑی ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ دکھنی سپاری ۸ ماشہ۔ مصطگی رومی ۲ ماشہ۔ پوست بیخ مغیلاں ۱ تولہ۔ کتھ پاپڑیا ۱ تولہ۔ سپاری ۱ تولہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور دانتوں پر مالش کیا کریں۔ مسواک نیم کی ٹہنی۔ مولسری کی ٹہنی یا مہوہ کی ٹہنی بہت مفید ہے۔ (")

(۲۰۶) منجن جو دانتوں کو صاف کرے سرمہ سفید ۱ تولہ کو ایک کوزہ گلی میں بہمراہ آب تانبہ ۲۰ تولہ کے ڈال کر گل حکمت کر کے ۱۰ سیر اپلوں کی آنچ کے درمیان رکھیں اور باریک پیس لیں اس میں کوئلہ ۲ تولہ مشک کافور ۲ تولہ چینیکر ملا دیں۔ یہ منجن صفائی دنداں کے واسطے نہایت ہی اعلیٰ ہے۔

(۲۰۷) آنکھوں سے پانی جانا جست ۲ تولہ کو کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ اور ہلا دیں۔ جب خاک کر راکھ ہو جاوے کانسی کے برتن میں ڈالیں اور عرق گلاب ۲ تولہ ڈالیں اور کئی کے ٹھنڈے سے رگڑیں جب نہ سرمہ ہو جاوے نگاہ رکھیں اور ہمیشہ لگایا کریں۔ (")

(۲۰۸) برہمی بوٹی کا استعمال یہ بوٹی کئی طور پر استعمال کی جا سکتی ہے۔ دماغ اور دق کی امراض وغیرہ کیواسطے مندرجہ ذیل طریقہ سے مفید ہے۔ اول برہمی کو اگر وہ سوکھی ہو تو پانی میں بھگو دیں کہ نرم ہو جاوے پھر کپڑے سے پونچھ کر پانی پتوں پر سے خشک ہو جاوے گھی میں بھونیں۔ بھونتے ہیں

(۲۰۹) مجرب المجرب نسخہ رطوبت...

(۲۱۰) جلن پوست...

(۲۱۱) کشتہ فولاد...

(۲۱۲) جلندھر کا علاج...

(۲۱۳) جذام...

(۲۱۴) جسم ٹھنڈا ہو گیا...

ہوشیاری درکار ہے جل گئی تو اثر نہ رہے گا۔ پھر نکال کر پیس کر رکھیں۔ یہ ربھی بوٹی ۱۰ تولہ مغز بادام ۵ تولہ مغز پستہ ۵ تولہ۔ چار مغزہ تولہ۔ چاول دھنیا ۵ تولہ ۔ الائچی خورد ۲ تولہ سب کو باریک پیس کر رکھیں۔ خوراک ۶ ماشہ دودھ تازہ کے ہمراہ کھاویں۔ دودھ گھی کا زیادہ استعمال رکھیں کیونکہ یہ بوٹی خشک بہت ہوتی ہے ۔ (ایڈیٹر)

(۲۰۹) مجرب المجرب نسخہ سطوبت زناں} پارہ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ قلعی ۱ تولہ قلعی کو گچھا کر پارہ میں ڈالے اور فوراً کھرل کرے اور پھر قدرے پانی میں ۲ تولہ لیا ہوا ڈالکر قریب ۲۰ منٹ کے کھرل کرے دھلائی تھا روئی اسطرح ۲۰ منٹ کھرل کرے اور پھر پانی ڈالکر اسی طرح صاف کرے بعد ازاں گندھک آملہ سار و نوشادر ملاکر خوب کھرل کرے اور ایک کپڑ مٹی شدہ آتشی شیشی میں ڈال کر شیشی مذکور سات سیر کوئلوں کی آگ کے درمیان رکھیں منہ کھلا رکھ کوئلوں سے باہر رہے۔ نالی میں کوئی سیخ بھی پھیرتے رہیں تاکہ دھواں منہ پر جم کر منہ بند نہ کر لیوے۔ ۲ پہر کی آگ کافی ہے۔ بس ٹھنڈا ہونے پر آتشی شیشی کو توڑ کر دوائی نکال لے۔ خوراک ایک رتی پھیل کیلے میں ڈالکر یا ہم ملا کے پانی کے ساتھ دیوے۔ سات دن میں آرام ہو۔ جریان منی کیو۔ سطے مکھن میں دیوے۔ اور قوت باہ کیو اسطے بھی مکھن میں (۔۔)

(۲۱۰) جلن پوست} مہندی کے پتے ۲ تولہ چھلکا گندم ۲ تولہ چھلکا چنا بریاں ۲ تولہ چھلکے کی سرخ مٹی ۲ تولہ۔ دیرہ سفید ۸ ماشہ۔ ایک کوزہ گلی ڈالکر اچھا ایک پانی کیساتھ کھلی ہوا میں رکھے۔ صبح مل چھان کر ۲ تولہ پانی لیوے اور اس پانی کے ساتھ ایک رتی کشتہ قلعی کھاوے۔ کشتہ قلعی کی ترکیب پیچھے درج ہو چکی ہے۔ (۔۔)

(۲۱۱) کشتہ فولاد} مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ خون پیدا کرتا ہے۔ امراض جگر مثل حبس یرقان کمی خون۔ اسہال کبدی۔ سوء القینہ وغیرہ میں مفید ہے امراض منی میں بھی برتا جاتا ہے۔ اور قوت باہ کیو اسطے بھی۔ خوراک اس بات پر منحصر ہوتی ہے کہ کشتہ کس چیز میں کیا گیا ہے۔ عام طور پر ایک رتی ہے بکھن میں ڈال کر کھلایا جاتا ہے امراض جگر میں شربت انار کے ساتھ دیتے ہیں۔ اسہال وغیرہ میں آب انار دیتے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ ۔ (۔۔)

(۲۱۲) جلندھر کا علاج} سورنجاں شیریں مصبر ایلوا برابر وزن ایک ان درک کے پانی میں کھرل کرکے گولیاں بمقدار بیر باندھیں۔ اور ایک گولی ادھنی پاجھنے کے دودھ کے ساتھ کھلایا کریں پہلے ایک عمدہ جلاب دیں آزمودہ ہے۔ (۔۔)

(۲۱۳) جذام۔ بہگوٹ کی چھال کو کوٹ چھان کر ہر صبح ۱ تولہ ہمراہ آب دو خشک بنگ کھایا اور ترشی بادی رنگ سے پرہیز ۔ (بابو بچو رام)

(۲۱۴) جسم ٹھنڈا ہو گیا ہے بسنگرن رومی ۱ تولہ لے کر اس کو باریک کپڑا میں

باندھ کر پوٹلی بنا دیں پھر ۲۴ تولہ سرکہ انگوری کسی آہنی برتن میں ڈال کر اس کو دیگدان پر رکھیں اور شنگرف کی پوٹلی سرکہ کے عین درمیان رکھ کر جوش دیں لیکن برتن کے تلے کو شنگرف نہ لگے۔ ورنہ سب عمل خراب ہو جاوے گا۔ جب ۲۴ تولہ سرکہ تمام خشک ہو جاوے تو شنگرف کو پوٹلی سے نکال لیں۔ بعد ازاں ایک پیاز سفید رنگ لے کر اس میں سوراخ کرکے وہ شنگرف اس میں رکھیں اور اوپر سے گل حکمت کرکے کوئلہ کی آگ پر بھونے۔ یہاں تک کہ پانچ منٹ تک اوپر نیچے کرتا رہے۔ پھر آگ میں سے لاکر شنگرف کو اسی طرح دوسرے پیاز میں ڈالکر گل حکمت کرکے بھونے اسی طرح ۴۰ عدد پیاز میں شنگرف کو پکانا ہوگا۔ بعد ختم ہونے عمل مذکورہ کے کھرل میں ڈالدیں اور ۲ تولہ بکری کی نلی کا مغز کھرل میں ڈالکر سحق کرنا شروع کریں۔ ۲ گھنٹہ کھرل کرنے کے بعد چھوٹی چھوٹی گولیاں بنالیوں اور باریک کپڑے میں باندھ کر رکھیں پھر دیگ گلی کلاں لیکر اس میں بکری کا گوشت چھوٹا چھوٹا کرکے ڈالدیں اور ۱ سیر پانی اور ۳ تولہ نوشادر بھی گوشت کے ساتھ ڈال کر دیگدان پر رکھ کر نیچے آگ جلا دیں۔ اور شنگرف کی پوٹلی کو پانی کے ۸ انگشت اوپر رکھیں کر جوش ہونے میں شنگرف کو پانی نہ لگے فقط بھاپ لگنی چاہیئے۔ جس وقت تمام پانی سوختہ ہو جاوے تو فوراً شنگرف کو علیحدہ کرلیں اور ایک شیشی میں رکھ لیں۔ بقدر نصف چاول مکھن میں ڈالکر کھلادیں۔ انشاء اللہ بہت جلدی طاقت آوے گی اور چلنے پھرنے کے لائق ہوں گے۔ مجرب بارہا کا آزمودہ ہے۔

(سید غلام علیشاہ از کراچی)

(۲۱۵) ریگ گردہ و مثانہ} معجون سنگ یہود کا استعمال کرنے کا نسخہ یہ ہے:۔ کشتہ سنگ یہود ۱ تولہ مغز تخم خربزہ ۱۵ تولہ۔ گوکھرو ۱۰ تولہ تخم تخم کھیرا ۱ ماشہ گلکھتی ۸ ماشہ۔ بادیان ۶ ماشہ۔ اجمود ۴ ماشہ۔ گوند ببول زنگیر ۲۴ ماشہ شہد خالص ۲۰ تولہ حسب دستور معجون کرکے اور بقدر ۸ ماشہ نہایت ۱۵ ماشہ ہمراہ جوشاندہ تخم گکے کھایا کریں۔ غذا۔ شوربہ نخود۔ دال کلتھی۔ نان گندم ۔ (حکیم سید لعل عرف جمار تمسافر)

دیگر کشتہ کانچ سفید ۳ ماشہ۔ سنگ سرماہی ۴ ماشہ حجر الیہود ۶ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر سفوف کریں اور ایک رتی برابر شربت مندرجہ ذیل ایک تولہ میں ملا کر کھاویں اور اس کے سفوف ترتیلی ۴ ماشہ ایک تولہ شربت کے ہمراہ کھاویں ایسی ہی صبح و شام دو دوپہر کو کھاویں بعد طعام ۴ ماشہ سفوف کھاویں اگر کسی وقت سوزش یا گرمی محسوس ہو تو ناریل دریائی عرق گلاب میں گھس کر پیویں۔ ترکیب شربت کی یہ ہے۔ گل سرخ مویز منقہ۔ گاؤزبان ہر ایک دس دس تولہ۔ مصری سفید ایک سیر۔ بدستور شربت تیار کریں۔ ترکیب کشتہ کانچ کی یہ ہے کانچ کو عرق مولی میں اس قدر آگ میں تپاکر بجھاویں کہ کانچ ٹوٹنے لگے۔ بعد مولی کے ٹکڑے میں کر پاؤ سیر ہو رکھ کر دو پیالوں میں بند کرکے پانچ سیر اپلوں کی آگ میں جلا دیں۔

(حکیم رشید پال طوطہ)

خربزہ گرم تر ہے۔ اس کے بعد سرد خشک شربت پینا چاہیئے۔ آم گرم خشک ہے
(ایڈیٹر)

اس کے بعد سرد تر لسی پینی چاہیئے۔

(۲۱۶) تلی کا بڑھ جانا مرتگ لیکر سکورہ گلی آب نار سیدہ میں بند کرکے آم پلوں کی آگ دیکر سفید کر لو۔ اور کھرل کرکے کشتہ مذکورہ ۱ ماشہ، کتیرا سفید ۱ ماشہ، کھانڈ دیسی عمدہ ۳ ماشہ ملا کے کھلا دیں اور اوپر سے عرق بہار نیم گل نار یخ کا عرق ۱۲ تولہ پیا کریں۔ اور تمد رعاری کو سرکہ انگوری سے گھس کر تلی پر لگایا کریں۔ اور ادیات صنف کریں۔ ہر قسم کی دال اور تیل اور آچار وغیرہ سے پرہیز کریں۔

غذا۔ پتلا، مولی کی تجاجی۔ زرشک کی چٹنی چاول کے اوپر دیسی کھانڈ کی شکری اور بہت تھوڑا دودھ بکری کا ڈال کے یا ایک خوراک کی مقدار ہے اسی طرح دو ہفتہ کریں
(حکیم تند لعل بجارت سافر)

یاد رہے کہ مولی کا ہلکی ہو۔

دیگر۔ سہاگہ بریاں۔ پھٹکڑی سفید بریاں۔ نوشادر بریاں۔ تخم خرہ تلخی۔ سجی کھار۔ جوکھار۔ بادرنگ۔ کلونجی۔ نرکچور۔ دار فلفل۔ نمک سیاہ۔ نمک سنگ۔ خاکستر تخم ڈنگا۔ سادی الوزن۔ لعاب گھیکوار (کنوار گندل) میں کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک ایک صبح و شام پانی کے ساتھ کھایا کریں۔ اگر گرمی معلوم ہو تو آدھی آدھی اس وقت کر دیں۔
(ایڈیٹر)

(۲۱۷) آتشک ایک ہفتہ میں دور ہو۔ کالا دانہ ۲ تولہ۔ گل گلاب کابلی ایک تولہ کھانڈ دیسی ۲ تولہ۔ باریک پیس کر سفوف کر لو اور نگاہ رکھو۔ رات کو سوتے وقت غذا کے بعد ۳ ماشہ نیم گرم پانی سے کھاؤ۔ پھر صبح کو نہار بقدر ۱ ماشہ آب گرم سے کھاؤ۔ ۳ چار دست ہونگے۔ آتشک کا مواد نکل جاویگا۔ بعد اسہال قدرے سونف اور مصری چبا کے دم پھوڑی کھالو۔ ایک یا دو روز وقفہ دے کر پھر بقدر مذکورہ رات کو پھر صبح کو کھا کر جلاب کرو تاکہ بدن پاک ہو جائے۔ پھر یہ گولیاں:۔

مردار سنگ اصلی ۱ تولہ۔ گیرو ۲ تولہ۔ تخم و بریاں قشر ۲ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۴ تولہ۔ کوٹ چھانکر بقدر جنگلی بیر کے گولیاں بنا کے پاس رکھو اور ہر روز ایک گولی صبح بالائی میں لپیٹ کر دو ہفتہ کھایا کرو۔۔۔۔ غذا نان گندم، چپڑ کے چنے کی روٹی یا نخود بریاں بغیر یا چوری کھاؤ۔
(حکیم تند لعل عرف بجارت مسافر)

دیگر۔ جو مریض کہ آتشک میں مبتلا ہے اور سستہ معالج تاہے کہ ایک ہفتہ میں صحت ہو جاوے۔ چاہیئے کہ اس ترکیب کو عمل میں لاوے۔ یہ ہے نسخہ آتشک کا جو مجرب سالہا کا ہے ام الادویات یعنی دیسی ۱ درم، معجون ۱ درم، پارہ ۱ درم، گندھک سیاہ ۱ درم، عقاقرقرحا ۱ درم، قند سیاہ کہنہ ۱۰ درم
ترکیب۔ مہلا ایں قدر بکوبند کہ ذات شوند۔ در قند سیاہ گولی برابر کنار سوائی چند در یک گولی در دہن کشیدہ در حلق گبذا رند۔ و غذا اول ماش و نان گندم

دہا ہی دیلنگن روغن زرد ہر قدر کہ تحمل شود بخورد سوائے ایں غذا دیگر ہر گز نخورد نہ بہ وہی گیرد نہ بدست دو پیچ گرمی میکند۔ اگر زخم باشد در دہ روز بالکل خشک و بیخ اہند شد و باز تمام عمر عود نخواہد کرد۔ مجرب است۔
(حکیم بشیر احمد از خیر آباد)

دیگر۔ مندرجہ ذیل نسخہ آتشک کیواسطے تیر بہدف ہے:۔۔

رسکپور ۱ تولہ۔ دار چکنا ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۱ تولہ۔ سنکھیا سفید ۶ ماشہ ان سب ادویات کو باریک کرکے شراب میں ٹکیہ بنا کر ۲ مٹی کے سکوروں میں رکھ کر خوب گل حکمت کرکے بعد ازاں چولھے پر چڑھا کر نیچے بیر کی لکڑی کی نرم آنچ چار گھنٹہ تک دیوے بعد اس کو تا سرد ٹھنڈا ہونے پر بالائی سکورے کے اوپر جو جوہر اڑ کر لگ جاوے اس کو کھرچ کر ایک انڈے کی زردی میں حل کرکے (سفیدی نکال ڈالے) انڈے کے منہ کو بند کرکے اوپر اسکے تمام چاروں طرف لپیٹ دے۔ گولا سا بنا کر اوپلے گرم راکھ میں چھوڑ دیوے۔ جب آٹا اوپر سے سرخ ہو جاوے تو انڈے سے دوائی معہ زردی نکال کر ۱ پاؤ شراب بانڈی میں حل کرکے خشک کرے۔ جب سرمہ سا ہو جاوے تو اس کو استعمال میں لاوے۔ خوراک ۱ چاول تا ۶ میں ڈال کر روزانہ کھاوے۔

غذا۔ صرف دال مونگ دھوئی ہوئی اور خشک پھلکا۔

نوٹ۔ جب روز کے تجنا گھی استعمال کیا جاوے کرے۔ مگر ایام استعمال دوائی گھی کا استعمال منع ہے۔ آتشک خواہ کسی قسم کا ہو جڑ سے اکھڑ جاتا ہے۔ نہ منہ آتا ہے۔ نہ قے ہوتی ہے اور نہ کسی قسم کی تکلیف۔ یہ دوائی علاوہ آتشک کے نامردی میں نہایت مفید ہے۔
(جگدیش رام میڈیکل آفیسر)

دیگر۔ پوست بیخ آک (مدار) سایہ میں خشک کرکے عرق چوکا میں تر کرکے خشک کریں۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ سلم دونوں کو ظرف گلی میں گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں میں جلا دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھیں۔ مقدار خوراک ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک پان یا مصالحہ میں صبح و شام کھا دیں اور ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔
(حکیم سعید پال ملہوترہ)

دیگر۔ رسکپور ۱ تولہ لے کر کے باریک کپڑا میں باندھ کر پوٹلی بنا لیویں اور ۲۰ تولہ شیر آک کا دودھ ایک کڑاہی میں ڈال کر حسب دستور پکاویں۔ پھر ۲۰ تولہ عرق لیموں میں رسکپور کو کھرل کریں۔ جب تمام عرق جذب ہو جاوے تو چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر ایک کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کریں اور خشک ہونے کے بعد گڑھا کھود کر ۲ سیر اپلہ دشتی کی آگ دیں تو رسکپور عمدہ تیار ہو گا۔ خوراک بقدر دانہ رائی مسکہ میں۔ ۲۰ روز میں مرض کا نام و نشان نہ رہے گا۔ بلکہ سوزاک کے لئے بالکل ہی مفید ہے۔
(حکیم غلام علی شاہ)

دیگر۔ پھٹکڑی۔ سہاگہ۔ عاقرقرحا۔ مازو۔ ہر چہار ہموزن لے کر باریک کرکے اس طرح پر استعمال کریں کہ اول حلیم گرم گرمی رکھیں اس پر تھوڑا سا قباب کرکے شیدانی رکھ کر قدرے یہ

سفوف رکھیں۔ بعدازاں پھر ترپا کو رکھیں اور آگ رکھ کر نوش فرماویں۔ ۳ روز میں آرام ہوگا۔ مگر ایک ہفتہ تک استعمال کرنا لازم ہے۔ پرہیز ترشی۔ بادی۔ نمک و گوشت ؛
(شیخ محمد صدیق از ضلع آرہ)

دیگر۔ رسکپور کو اول ایک من پانی میں پکا لیویں۔ دوسری دفعہ رسکپور معمولہ کو عرق کنوار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیویں۔ پاؤ کے آدھ سیر گندھک میں رکھ کر مضبوط کپڑ مٹی کر کے ۵ سیری آنچ دیں۔ رسکپور کا کشتہ ہوگا۔ جناب سات نہیں بلکہ پانچ ہی خوراک میں آتشک کا نمود نہیں رہے گا۔ خوراک ایک چاول مکھن میں ؛
(حکیم دوست محمد خاں)

(۲۱۸) ہجیلاں خنازیر } رسکپور۔ دار چکنا۔ بلی کی ہڈی برابر وزن لیکر خوب باریک کر کے گائے کے پیشاب میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا رکھیں اور ایک ٹکی کو گائے کے پیشاب میں گھس کر اس کا لیپ کیا کریں ؛ (ایڈیٹر)

دیگر۔ تخم بادیان ۶ ماشہ۔ تخم اجوائن ۶ ماشہ ملیٹھی ۶ ماشہ۔ تخم کاسنی ۶ ماشہ۔ اسطوخودوس ۴ ماشہ۔ سنبل جاپی ۳ ماشہ آدھ سیر پانی میں جوشاویں کہ ایک پاؤ رہ جاوے۔ اوپر روغن بید انجیر یعنی شیشی کا عنی ارنڈ کا تیل قسم اول ۲ تولہ ملاکر پلاویں۔ اگر ایک دن میں بدن پاک نہ ہو تو دوسرے دن پھر دیویں۔ بعدازاں آملہ سار گندھک خوب باریک کھرل کر کے اس کی تین تین ماشہ کی پڑیاں باندھ لیں اور روزانہ ایک پڑیہ کو آدھ سیر دودھ کے ساتھ ماوا میں ملا کر کھایا کریں۔ اور اسی طرح دو ہفتہ تک کھاویں ؛

غذا۔ دودھ چاول و دودھ روٹی اور سانپ کی چربی اوپر لگایا کریں ؛
(حکیم نند لعل عرف تجارت مسافر)

(۲۱۹) سوج جھلی عضو تناسل } برگ نیم کو گائے کے موت میں جوشا کر اس سے عضو کو دھویا کریں۔ اگر کچھ کسر رہے تو روغن گل ۱ تولہ۔ موم ۱ تولہ باہم پگھلا کے اس سے چرب کیا کریں۔

دیگر۔ برگ نیم ۲ تولہ۔ کوکنار نیم کوفتہ ۲ تولہ۔ چوب چینی ۲ تولہ ان تینوں کو جوش دے کر جھو پلا دیویں اور نیم گرم پانی سے دھوویں مجرب ہے۔ (لالہ لاجپت رائے)

(۲۲۰) جلنے سے سفید داغ } نک مکھن میں گھس کر مالش کیا کریں ؛ (ایڈیٹر)

دیگر۔ ایک عرصہ میں خود درست ہو جاوے۔ بیگے ببلا ببلا یہ زمینوں کر پانی میں جوش دے کر اس پانی سے نوشادر کو گھس کے ان داغوں پر لگایا کریں ؛ (حکیم نند لعل عرف تجارت مسافر)

(۲۲۱) بدن پر موسم برسات میں پھنسیاں } کا لا دانہ یعنی عشق پیچہ کا جلاب کریں حسب ترکیب مندرجہ پہلے

اور کافور ۱ تولہ کو روغن چنبیلی ۲ تولہ میں حل کر کے مقام خارش پر مالش کریں اور دو روز صبر کریں۔ بعدازاں حمام کریں اور پھر روغن کافور کو ملیں غذا لطیف کھاویں اور اگر کچھ کسر رہے ماہ چیت میں اطمینان کر کے اور معجون عشبہ کھاویں ؛
(حکیم نند لعل عرف تجارت مسافر)

دیگر۔ مسور سوختہ ۶ ماشہ آملہ سوختہ ۶ ماشہ طوطیا سبز بریاں ۱۰ تولہ مہندی ایک تولہ۔ کمیلہ۔ روغن تلخ میں رگڑ کر پھنسیوں پر لگاویں۔ ترشی و بادی سے پرہیز۔
(لالہ لاجپت رائے از دودھیالہ)

(۲۲۲) نقصان شہوت طعام } نمک سلیمانی کا آسان نسخہ جو کہ بہت ہی مفید ہے درج ذیل ہے:۔ نمک سنگ ۲ تولہ نمک سانبھر ۲ تولہ نمک سندھیا ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ جوکھار ۲ تولہ اجوائن ۱ تولہ نانخواہ (اجوائن دیسی) ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ۔ جاوتری ۱ تولہ سب کو نیم کوب کر کے ایک ظرف گلی یا آہنی کڑاہی میں ڈال کے سرکہ انگوری خالص ۳ تولہ ملاکر اس حد تک نرم آنچ پر پکاویں کہ سرکہ خشک ہو کر سب دوا یکذات ہو جاوے پھر کوٹ چھان کر نگاہ رکھیں۔ بقدر ۲ رتی سرخ یا ایک ماشہ کھایا کریں۔ یہ نسخہ تحلیل غذا میں عجیب ہے اور سب نسخوں سے بہتر ہے ؛ (حکیم نند لعل عرف تجارت مسافر)

دیگر۔ نمک ترب نمک اجوائن باہم ملاکر استعمال کریں۔ تھوڑے عرصے میں سب شکایت جاتی رہے گی۔ مجرب ہے ؛
(حکیم غلام علی شاہ)

(۲۲۳) مسوڑھوں کا گوشت کم وغیرہ } مازو سبز ۲ ماشہ۔ دم الاخوین۔ جوز السرو۔ گل ارمنی۔ طوطیا سبز بریاں۔ کشتہ مونگا کشتہ سیپ۔ پھٹکڑی بریاں مساوی الوزن لیکر سفوف بنا ویں۔ بوقت خواب دانتوں کی جڑوں پر لگاویں اور سو جاویں۔ بعدازاں پانی نہ پئیں۔ (لالہ لاجپت رائے از دودھیالہ)

(۲۲۴) خارش } گیرو گندھک۔ سہاگہ برابر پیسکر مکھن گرم کر کے اس میں ملالیں۔ بدن پر ملکر تھوڑی دیر دھوپ میں بیٹھو۔ بعدازاں گرم پانی سے نہالو ؛
(بابو چھجو رام)

(۲۲۵) تیل سم الفار } بوزن ۲ تولہ بوٹی لانہ جس کا چھتہ سرخ رنگ کا ہوتا ہے اور اس کو جلا کر سجی بناتے ہیں۔ بلکہ اونٹ اس کو بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ ہر ایک ملک میں عام ہے۔ کوٹ کر اس کا نغدہ بنا کر اندر ۲ تولہ سم الفار رکھیں اور گل حکمت کر کے خشک کرلیں۔ پھر ۳ سیر پاچک دشتی کو جلا کر کوئلہ کرلیں یعنی جس وقت جل کر دھواں نہ رہے اسی وقت وہ گولہ اس میں رکھ دیں اور اوپر نیچے آگ سے بند کردیں۔ تیس منٹ کے بعد فوراً گولہ کو نکال لیں اور سم الفار نکالکر ترکیب بالا سے

مطابق دوبارہ کریں۔ اسی طرح ۴۰ بار لانے میں آگ دینا ہوگا۔ بس ۴۰ آگ کے بعد سنبل الفار [illegible] ہو جاوے گا۔ پھر ایک پیالہ چینی میں ڈال کر رات کو شبنم میں رکھیں تو تمام تیل ہو جاوے گا۔ اور مجرّب ہے سنکھیا کو ہمراہ [illegible] ۲ تولہ (آک کا دودھ) کھرل کر کے گولیاں بنا کر بذریعہ پاتال جنتر تیل نکالیں تو صنعت اکسیر کا جزو اعظم ہے۔ استاد لوگ اسی طرح تیل بنا کر کام میں لاتے ہیں ۔

(حکیم غلام علیشاہ از کراچی)

ٹانگ میں درد } سم الفار سفید، جاگھل، عاقر قرحا، لونگ، جاوتری، میٹھا تیلیا مساوی الوزن عرق پان یا عرق ادرک میں کھرل کر کے بقدر ماش گولیاں بنا کر ایک گولی ہمراہ پانی روز کھاوے۔ ترشی و بادی چیزوں سے پرہیز۔ (حکیم شبدیال ملہوترہ)

(۲۲۶) **گردوں میں سرد پانی سے بخار دست و قے** } کشتہ شنگرف کا استعمال شروع ہوتے ایک ماہ کر چھوڑا کریں۔ ترکیب کشتہ شنگرف یہ ہے شنگرف ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۴ تولہ دونوں کو باریک پیس کر بکری کا دودھ تھوڑا تھوڑا ڈالتے جاویں اور ۴ دن تک کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں۔ اور ایک پاؤ روغن زرد میں بھونیں۔ یہاں تک کہ ٹکیاں سرخ ہو جاویں۔ ٹکیاں نکال کر سرد کر کے نگاہ رکھیں۔ خوراک ایک رتی مکھن میں یا کسی پان میں رکھ کر کھاویں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۲۷) **بلغم** } گوگل، گندھک آملہ سار برابر وزن دودھ بکری میں گھس کر [illegible] پر لگایا کریں ۔ (")

دیگر۔ پوست ترنج، زنجبیل، حب الطیب، سہجنہ ان چاروں چیزوں کو مساوی الوزن کوٹ پیس کر تھوڑا دہی ملا کر منہ پر ملیں اور آدھ گھنٹہ کے بعد دھو ڈالیں۔ ایک ہفتہ میں ایسا عمل کرنے سے دور ہو جاویں گے ۔ (گوبند داس حکیم)

(۲۲۸) **دل دھڑکا و دماغ کمزور** } کشتہ چاندی ایک رتی ہمراہ عرق کیوڑا کے کھایا کریں ۔

ترکیب کشتہ چاندی گھونگھی سفید ۱ تولہ، کونپل یا پوست درخت کریلا ایک تولہ اول گھونگھی کو پانی میں تر کر کے اس کا چھلکا دور کریں پھر دونوں کو باریک پیس کر ٹکیہ کریں۔ درمیان روپیہ کے ٹکڑے ۲ یا چاندی خالص جن کا وزن ۵ ماشہ ہو رکھ کر کسی گڑھے میں کسی محفوظ جگہ آگ دیویں۔ اپلے تھوڑے سے دونوں یا چاندی کشتی کے اردگرد لگا دیں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۲۹) **گلے میں خراش ہو کر کھانسی سے خون کا جانا** } برگ بانسہ خشک ۱ تولہ، گل سرخ ۲ تولہ، [illegible] ۲ ماشہ [illegible] گھنٹہ کے فاصلہ پر تین تین ماشہ سفوف دو ایک تولہ شربت انجبار، عرق گاؤزبان ۴ تولہ، عرق نیلوفر ۲ تولہ استعمال کریں۔ جب خون بند ہو جاوے [illegible] صبح و شام ایک ماہ تک دیتے رہیں۔ گرم و خشک اشیاء سے پرہیز ۔ (حکیم شبدیال ملہوترہ)

(۲۳۰) **مرگی کا علاج** } کچلہ ۲۱ دن گئو موتر میں تر کر کے اس کا چھلکا اور درمیان کے پتے کو دور کریں۔ یہ کچلہ مدبر ہے۔ کچلہ مدبر ۱ تولہ، مرچ سیاہ ۱ تولہ، افیون ۱ تولہ پہلے کچلہ اور مرچ سیاہ کو خوب باریک کریں بعدہٗ افیون داخل کریں اور باریک کھرل کریں۔ خوراک ایک رتی پانی میں ملا کر کھایا کریں۔ یا پہلے پانی سے کھا کر اوپر پان چبایا کریں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۳۱) **دل دھڑکن اور احتلام** } خشخاش سفید ۲ ماشہ، کشنیز خشک ۲ ماشہ، جوز بوا ۱، الائچی خورد ۱۰ عدد، کبابہ چینی ہر ایک ½ ۲ ماشہ سفوف کر کے ۶ ماشہ ہر روز بوقت صبح نوش کریں ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم ۔ (حکیم شبدیال ملہوترہ)

(۲۳۲) **نسخہ گولی ہاضمہ** } گندھک آملہ سار مصفّٰی ۲ تولہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ، نمک سیاہ ۱ تولہ، پیپلا مول ۱ تولہ، پیپل ۱ تولہ، برگ تلسی ۱ تولہ، سونٹھ ۱ تولہ، لیموں کی [illegible] میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دے۔ اگر کھانے سے گرمی معلوم ہو تو نصف اس وقت اور نصف اس وقت کھاویں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۳۳) **داد یا چنبل** } روغن تارپین ایک چھٹانک میں ۱ تولہ مشک کافور ڈال لیں تھوڑی دیر بعد یہ حل ہو جائے گا۔ اس کو دو تین بار دن میں لگایا کریں ۔

(۲۳۴) **دانتوں سے خون** } گیرو، سہاگہ، سونا مکھی، لوہ چون، الائچی خورد، پیپل، کتھ، تباشیر برابر وزن پیس کر بطور منجن کے استعمال کیا کریں ۔ (")

دیگر۔ مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کرنے سے دانت مضبوط اور خون بند ہو جاتا ہے۔ ٹنکچر آیوڈین ۱ ڈرام، ٹنکچر مائیر ۸ بوند، لیڈ اسٹیٹ ۲ ڈرام۔ پوٹاسی آیوڈائیڈ ۱ گرین، اکوا ادد ۴ اونس سے غرارہ کریں۔ بہت مجرب ہے ۔ (لالہ جگدیش رام میڈیکل آفیسر جیوں)

(۲۳۵) **تیل سنکھیا برائے جلاب** } ایک ہانڈی میں پانی بھرے، اس طرح کہ ہانڈی کے کناروں سے پانی ذرا نیچے رہے اور خوب تن کر ململ کا کپڑا باندھیں، اور سنکھیا سفید باریک کر کے بچھا دیوے۔ کناروں پر ۳ انگل بھر کا کاغذ گوند سے چسپاں کر دیوے اور ایک توا آہنی رکھ کر سوراخوں کو بند کرے تو اور پہلے سے کسی محفوظ جگہ میں رکھ دیوے۔ ٹھنڈا ہونے پر ہانڈی پر کی تمام اشیاء ہوشیاری سے اتاریں پانی پر ایک تہ گھی جیسی معلوم ہوگی۔ اتار کر شیشی میں [illegible] رکھیں۔ ایک تولہ [illegible] میں ملا کر گرم پانی سے کھلا دیں۔ دست آویں گے ۔ (ایڈیٹر)

دیگر روغن سیماب پارہ ۱ تولہ، تخم دھتورہ ۱ تولہ، روغن کنجد ۱۲ تولہ۔

ترکیب:۔ اول دھتورہ کو رگڑ کر چھان کر سیماب میں ملا دیں بعدہٗ روغن کنجد کو ایک برتن میں ڈال کر خوب گرم کریں۔ جب سرخ ہو جاوے تو نیچے اتار کر سرد کریں۔

جب سرد ہونے کے سیماب اور دھتورہ جو علیحدہ رکھا ہوا ہے ملا دیں اور کام میں لا دیں ۔
(لالہ لاجپت رائے)

(۲۳۶) سُرخی چشم } سرمہ ۲ حصہ ۔ مرچ سیاہ ۱۵ حصہ ۔ سوہاگہ نمک ۱ حصہ ۔ سمندر جھاگ ۱ حصہ باریک مانند سرمہ پیس لیں اور روز لگایا کریں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۳۷) بِن کیٹری ۔ ذنی کی جڑ ۔ بیج سہنجنہ کی چھال تلسی کے پتے ۔ سونٹھ ۔ کالی مرچ پیپل برابر وزن ۸ گنا پانی میں جوش دیں جب ۱/۴ حصہ رہ جاوے مل چھان کر کڑاہی میں ہمراہ چوگنے تلوں کے تیل اور ۲ گنا پانی کے ڈال کر نرم گرم آنچ پر پکاویں جب تیل ہی رہ جاوے نگاہ رکھیں اور اس کی نسوار روزانہ دیا کریں ۔ (")

(۲۳۸) روغن بنفشہ } گل بنفشہ ۲ تولہ کو ایک سیر پانی میں جوش دیں جب آدھا رہ جاوے مل چھان کر روغن بادام ۸ تولہ ملا کر نرم آنچ پر رکھیں جتنے کہ پانی جل جاوے اور تیل ہی رہ جاوے ۔ (")

(۲۳۹) پارہ کا جوڑوں سے نکالنا } پیٹھے کا پانی تمام بدن پر رات کو مل کر سو رہے ۔ تمام پارہ نکل جاوے گا ۔ کریلے کی ترکاری خوب کھایا کرے ۔ (")

دیگر ۔ چوہاں ایک بوٹی ہوتی ہے ۔ عام لوگ جانتے ہیں ۔ ایک من لا کر سایہ میں سکھا کر راکھ کریں اور راکھ کو بطور سسبہ ریتی چڑھا کر نچوڑ لیں ۔ جو پانی سفید نیچے رہ جاوے اس کو بوتلوں میں بھر کر رکھ چھوڑیں اول گندھک صاف شدہ ۲ ماشہ کھا دیں ۔ بعد اس کے پانی مذکور بقدر ضرورت پاؤ چھٹانک یا آدھ سیر پختہ پیویں ۔ ایک ہی ہفتہ میں پارہ تمام بدن سے بذریعہ پیشاب نکل جاوے گا ۔

(نوٹ) پارہ شناخت کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ ایک برتن میں پیشاب جمع کرتے جاویں ۔ چھ ماہ ہو گا وہ صاف آپ کو نیچے بیٹھا ہوا معلوم ہو گا ۔ (لالہ لاجپت رائے)

(۲۴۰) لڑکا باتیں نہیں کرتا } اگر پیدائشی گونگا ہے تو علاج بہت ہی مشکل ہے ورنہ بچہ تخمہ مانع بادام مقشر مکھن مصری گھوٹ کر کھلایا کریں اور بچ بقدر قدما ۔ رائی سعتر ۔ سونٹھ برابر کر کے کاڑھے کی کرلیاں کرایا کریں ۔

(۲۴۱) ایک لڑکی کی گال پر پھوڑا } روغن تارپین ایک چھٹانک ۔ مشک کافور ۲ تولہ ۔ کاربالک ایسڈ ۳ ماشہ ملا کر رکھیں ۔ اور پھوڑے پر لگایا کریں ۔ آرام آنے کے بعد بھی چند دن جاری رکھیں ۔ (ایڈیٹر)

دیگر ۔ نیلا تھوتھا ۴ رتی ۔ مرچ ۴ رتی ۔ آیوڈوفارم ۴ رتی ۔ گوا پوڈر ۴ رتی ۔ موم ۴ ماشہ ۔ تیل میٹھا ۱ تولہ ۔ مکھن ۱ تولہ مرہم بناؤ ۔ پھوڑے کو اول نیم کے پانی سے دھو کر ۲ دفعہ لگاؤ ۔
(دیوی چند ہیڈ کمپوڈر پٹیالہ)

(۲۴۲) وجع المفاصل (گنٹھیا) } ایارج فیقرا دس درم ۔ شحم حنظل ۵ درم ۔ تخم سوس ۵ درم ۔ بابونہ ۵ درم ۔ فرفیون ۱ درم ۔ جند بیدستر ۱ درم ۔ زنجبیل ۱ درم ۔ حلتیت یا ہینگ ۱ درم ۔ سکبینج ۱ درم ۔ مقل ۱ درم ۔ شیطرج ۱ درم ۔ بخور مریم ۱ درم ۔ فلفل سیاہ ۱ درم ۔ سب کو باریک کر کے شحم حنظل میں گولی بنا دے برابر کنار دشتی ۔ خوراک ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ شربت ۔ شربت یہ ہے ۔ پاؤ بھر شہد کو آدھ پاؤ پانی میں جوش دیں ۔ نصف جلا کر ہمراہ ایک گولی ۔ بقدر خشک چھلکا ہمراہ شہد مجرب المجرب ہے ۔ کوئی صاحب اس کو بنا کر فروخت کریں گے تو خراب ہو جاوے گا ۔ یہ نسخہ ایک سنیاسی مہاتما کا ہے ان کی نصیحت ہے کہ بلا قیمت تقسیم کرو ۔ ہزارہا مریض شفایاب ہو چکے ہیں ۔
(حکیم شبد یال ملہوترہ)

(۲۴۳) چہرہ پر بد نما داغ } کچا پانی میں گھس کر داغوں پر لگایا کریں اور بعد تھوڑی دیر کے مل کر دھویا کریں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۴۴) کھانسی خشک و تر } مغز بادام مقشر ۱ تولہ ۔ نشاستہ گندم ۱ تولہ ۔ رب السوس ۱ تولہ ۔ ترنجبین ۱ تولہ ۔ بہدانہ ۱ تولہ ۔ مویز منقہ ۲ تولہ ۔ سب ادویہ کو کوٹ پیس کر گولیاں بقدر نخود بنا دیں ۔ اور منہ میں رکھ کر چوسا کریں مجرب ہے ۔
(حکیم گوردھن لال راولپنڈی)

(۲۴۵) بچوں جن کے کھانے سے ایک دو دست ہو جاویں اور طاقت کم نہ ہو مفید خیال ہے
عشق پیچہ مدبر ۔ تربد (ترودی) ۔ سنا مکی ۔ پوست بلیلہ زرد ۔ نمک سرخ ۔ نمک سیاہ ۔ سونٹھ ۔ کتیرا سفید کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے سفوف تیار کر رکھیں ۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک ہمراہ شیرہ بادام یا شربت بنفشہ وغیرہ سے دیویں ۔ (ایڈیٹر)

دیگر ۔ ترپھلہ ۔ کٹکی ۔ ہر دو تین تین تولہ ۔ تربد ۔ دار چینی ۔ الائچی خورد ۔ الائچی کلاں ۔ چینیہ اجوائن ۔ دھنیا ۔ نمک ۔ سوہاگہ ۔ سنا مکی ۔ زیرہ سفید ۔ ملٹھی ہر ایک ایک تولہ ۔ انار دانہ ۵ تولہ ۔ سب کو کوٹ کر کام میں لا دیں ۔ خوراک ۶ ماشہ ۔ (بابو مجید دام)

(۲۴۶) جریان کی لاثانی دوائی } مغز سینگ ہرن ۔ مغز تخم تمر ہندی ۔ برابر وزن لے کر پیاز میں ہون کھرل کر کے گولیاں بمقدار جنگلی بیر برابر بنا دیں ۔ ایک گولی صبح دودھ کے ساتھ کھایا کریں ۔ دو دن میں ہی کلی صحت حاصل ہو ۔ (")

(۲۴۷) پیٹ درد کی گولیاں } ترپھلہ ۴ تولہ ۔ جرج ۴ تولہ ۔ دار چینی ایک تولہ ۔ اجوائن ۳ تولہ ۔ ہینگ ۲ تولہ ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ ۔ لیموں کا رس ½ سیر ۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر عرق لیموں میں کھرل کر کے گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنا دیں ۔ یہ نسخہ میرے اور دیگر والد صاحب مرحوم کے تجربہ میں کئی بار آ چکا ہے ۔
(حکیم گوردوارس لال)

(۲۴۸) **بوقت حیض درد** } مجیٹھ، کٹکی، برابر وزن پیس کر رکھیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ ۲ تولہ گرم کردہ گھی کے دیویں حیض کے دنوں میں اس دوائی کو کھلایا کریں۔

(ایڈیٹر)

(۲۴۹) **گرمی و ضعف باصرہ و نجار** } کشتہ قلعی ایک رتی ہمراہ شربت نیلوفر کھایا کریں۔ ترکیب کشتہ قلعی پیچھے درج ہو چکی ہے۔ (")

(۲۵۰) **ضعف دل** } کشتہ عقیق ۱ تولہ، کشتہ مرجان ۱ تولہ، کشتہ چاندی ۱ تولہ، دست گلو ۱ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ، گل گاؤزبان ۱ تولہ سفوف تیار کریں۔ خوراک ۲ رتی دودھ گائے کے ساتھ۔ مذکورہ بالا کشتہ جات کی ترکیبیں پہلے صفحات میں درج ہو چکی ہیں۔

(ایڈیٹر)

(۲۵۱) **خضاب کا نسخہ** } مازو ہریاں ۵ تولہ، نوشادر ۳ تولہ، ہلیلہ ۴ تولہ، مردار سنگ ۴ تولہ، ہڑ سیاہ ۴ تولہ، سنگ راسخ ۴ تولہ، نیلا تھوتھا ۳ تولہ، پوست ریٹھہ، انار، بہیڑہ کے ۵ ۵ تولہ، برادہ مس ۲ تولہ۔ ان تمام ادویات کو کوٹ کر ایک سیر پانی میں تر کرکے ایک ہفتہ تک گھوڑے کی لید میں دفن کر چھوڑیں۔ بعد ازاں پانی کو چھان کر ایک سیر روغن کنجد سیاہ ڈال کر یہاں تک جوش دیویں کہ پانی بالکل جل کر تیل باقی رہ جاوے۔ تو اس کو بالوں پر لگائیں۔ بال بالکل سیاہ ہو جاویں گے۔

(حکیم گوردا سنگھ ازرا ولپنڈی)

خضاب ۔ عرق جامن ۴ تولہ، مازو سبز ۲ عدد، تیل لیمی ۱ تولہ، مغز تخم اسپغول ۲ عدد، کسیس سیاہ ۱ تولہ، برادہ مس ۱ تولہ، رتن جوت ۶ ماشہ، آب جعفرات ۱ تولہ، عرق برگ حنا ۱ تولہ، روغن کنجد تازہ ۲۰ تولہ۔ جو دوائی پینے کے لائق ہو وہ پیس کر سب کو ملا کر حل کر لیں اور ایک کنٹر یعنی بڑی بوتل جس کا کاگ بھی شیشہ کا ہو اس میں بھر کر بند کریں۔ اور گڑھا کھود کر اس میں لید اسپ بھر دیں۔ درمیان شیشہ کو رکھ کر گڑھا مذکور کو اوپر سے مٹی ڈال کر بند کر دیں۔ بعد ۴۰ روز کے تیل کو چھان کر فقط ایک جوش دیدیں۔ اور رکھ چھوڑیں۔ بوقت ضرورت کنگھی سے لگایا کریں۔ میرا آزمودہ نسخہ ہے بنا دیں اور فائدہ اٹھا دیں۔

(حکیم غلام علیشاہ از کراچی)

(۲۵۲) **چہرہ پر گلٹی** } رسونت، صندل سرخ، گیرو، عرق گلاب میں گھس کر گلٹی پر لگایا کریں۔ امید ہے کہ بیٹھ جاوے گی۔ (ایڈیٹر)

(۲۵۳) **دودھ بڑھانے کا نسخہ** } برگ ارنڈ ½ پاؤ سیر ٹکڑے ٹکڑے کرکے ۲ سیر پانی میں جوش دیویں۔ جب ½ سیر پانی رہے صاف کرکے شیشہ میں رکھیں۔ اور زیرہ سفید یا سونف بقدر مناسب باریک پیس کر ملا دیں۔ زیرہ یا سونف جوشاندہ میں ڈالیں اور تین بار دن میں ہر مرتبہ ایک چھٹانک عرق مذکورہ میں ملا کر...

اور بر تی باشہ جو شیدہ کو گرم گرم نکال کر پستانوں پر باندھیں۔ تین چار روز میں ہی شیر بکثرت پیدا ہو جاوے گا۔

(حکیم سشید یال)

دیگر بستاور احتہ۔ سونف پھٹکڑی کو شکر ملائیں اور ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

(بابو پھوجو رام)

(۲۵۴) **چند پھلوں میوؤں کے نام جن سے منی گاڑھی ہوتی ہے:۔**

سنگھاڑا، بیول کی پھلی، آم، بادام، گوندنی، لسوڑہ، پستہ، چھوہارا، چلغوزہ، انجیر، کشمش، شلجم، حلوں، ناریل وغیرہ وغیرہ۔

(ایڈیٹر)

(۲۵۵) **اندھراتا** ۔ فلفل سیاہ، فلفل دراز، سونٹھ، نیم۔ باریک پیس کر سرمہ کے بنا دیں اور آنکھوں میں لگایا کریں۔

(")

(۲۵۶) **بغل گندہ** } طبیعت کو جوش دینے والی چیزوں مثلاً لہسن، پیاز اور کثرت جماع ہینگ، گرم مسالہ، مٹھی، ناریاتی دودھ سے پرہیز کریں اور بعد ایک مسہل کے مردار سنگ کو باریک کرکے گلاب میں گھس کر لگایا کریں۔

(۲۵۷) **آواز صاف ہو اور دماغ قوت پاوے** } بر ہمی بوٹی کو ایک رات دن ۸ گنا پانی میں بھگووے پھر جوش دیوے جب پانی چوتھائی رہ جاوے تو مل چھان کر چوگنے گھی اور ۱۶ گنے پانی کے ساتھ ظرف آہنی میں نرم آنچ پر پکاوے حتی کہ صرف گھی رہ جاوے حسب طاقت گھی میں گرم دودھ کو ملا کر نوش کرے۔

(۲۵۸) **بواسیر ناک** } گھر کا دھواں، فلفل دراز، دیودار، جوکھار، سنبھالو، نگ، پانچ کے بیج، کنگھی کی چھال برابر وزن ۸ گنا پانی میں جوش دیں۔ چوتھائی پانی رہنے پر مل چھان کر اس سے چوگنا تل کا تیل اور ۴ گنا پانی ڈال کر نرم آنچ پر پکا دیں۔ جب صرف تیل ہی رہ جاوے۔ اس تیل کی نسوار لیتے رہنے سے ناک کا مسہ گر پڑتا ہے۔

(")

(۲۵۹) **کشتہ تانبہ** ۔ اول ۳ تولہ مس کو گرم کرکے شیر مدار میں ۲۱ بار غوطہ دیویں پھر شیر اور ک میں ۱۲ بار اسی ترکیب سے بجھا دیں پھر برگ توت ۳ تولہ، برگ انگور سیاہ ۳ تولہ، برگ مرچ سرخ ۲۰ تولہ۔ سب کو ملا کر کچھوٹ کر نغدہ بنا کر درمیان پیسہ رکھ کر اور ۳ گل حکمت کرکے خشک کریں۔ اور گڑھے میں دس سیر اپلے دشتی کی آگ دیں کہ بہ رنگ سفید ہوگا۔ خوراک بقدر ½ چاول مسکہ میں کھا دیں تو قوت باہ از حد پیدا ہوگی۔ بلکہ بڑھتی عمر والے کو تو اکسیر کا کام دیتا ہے۔ میرا تجربہ ہے کہ اس سے بڑھ کر اور کوئی کشتہ جلد فائدہ کرنے والا نہ ہوگا۔

(حکیم غلام علیشاہ از کراچی)

دیگر ۔ پیسہ کے برادہ کو اول رس لیموں میں ایک پہر تک کھرل کریں۔ پھر بیس طابل

میں ایک پہر تک کھرل کریں۔ پھر رس گھیکوار میں ایک پہر تک کھرل کریں۔ پھر درخت آم کے رس میں کھرل کر کے سایہ میں خشک کریں۔ ایسی جگہ پر جہاں کسی کا سایہ نہ پڑے بعد خشک ہو جانے کے کسی موٹے کپڑے کی پوٹلی باندھیں اور پوٹلی کے گرد گرد مٹی کا انگشت برابر موٹا موٹا لیپ کریں۔ جب مٹی بالکل خشک ہو جاوے تب ۲۰ سیر آبلوں کی آگ کسی محفوظ جگہ پر دیویں اور بوقت سرد ہونے کے نکالیں اور باریک پیس کر شیشی میں ڈالیں۔ فوائد اس قدر مقوی کہ انسان جتاب ہو جاوے گا۔ ایک عجیب حیرت انگیز دوا ہوگی اور خوراک ایک چاول پان میں رکھ کر چباویں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۶۰) بایاں نل بڑھ رہا ہے } کشتہ ہڑتال ورقی ایک رتی مسکہ میں ملا کر کھایا کریں ۔ (")

(۲۶۱) عورت کے بائی گولہ } امرت دھارا مرض بائی گولہ کے واسطے نہایت ہی مفید ہے وجہ کہ ان کا رفع امرت دھارا سے مل سکتی ہے۔ مندرجہ ذیل نسخہ بھی مفید ہے: ترپھلہ۔ ہینگ بریاں۔ زیرہ سیاہ زیرہ سفید۔ چوک۔ رکھیک۔ بہارنگی۔ کتھہ۔ بائبڑنگ۔ املی۔ پوکر مول۔ سونٹھ۔ دیودار۔ جوکھار۔ [illegible] نمک سانبھر۔ نمک سوچر۔ سمندر نمک۔ سفوف تیار کریں پہلے دن ایک درم۔ دوسرے دن ۲ درم تیسرے دن تین درم گرم گرم پانی سے کھلاویں۔ اور پھر ۳ درم ہی کھلایا کریں۔ ۳۰ درم پورے ہونے تک بائی گولہ دور ہو جاویگا۔ (")

(۲۶۲) کشتہ روپیہ یا بوٹی } عمدہ روپیہ یا چاندی لیکر ایک صد مرتبہ عرق بادیان صراحی میں گرم کر کے غوطہ دیویں۔ مگر یاد رہے کہ دہ بار غوطہ دے کر پھر عرق جدید کر دیا کریں۔ بعدہ بادیان صراحی ۱۵ تولہ کا نغدہ گھوٹ کر بنادیں اور درمیان روپیہ رکھ کر [illegible] سیر اپلے گشتی کی آگ دیویں تو روپیہ پھول جاوے گا اگر ایک دفعہ نہ ہو تو دوسری بار اسی ترکیب سے کریں۔ مگر غوطہ دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ کشتہ ماشہ اتولہ سیماب کو بستہ کرتا ہے۔ میرا آزمودہ ہے۔ کیونکہ جب مجھے پارہ بستہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تو اسی کے ذریعہ کر لیتا ہوں اور قوت باہ کے لئے تو اس سے بڑھ کر شاید ہی کوئی چاندی کا کشتہ ہو۔

(حکیم غلام علیشاہ ۔ کراچی)

(۲۶۳) ذیابیطس اور اس سے کمزوری } کشتہ چاندی یا ورق کشتہ سونا یا ورق ۔ مروارید ناسفتہ ۔ سلاجیت شدھ کشتہ فولاد کشتہ ابرک سیاہ۔ سونا مکھی بلیٹھی مقشر۔ فلفل دراز۔ مرچ سیاہ سونٹھ ہموزن۔ ایک دن بھنگرہ کی رس میں کھرل کریں۔ بعدہ کو سیاہ ہو جاویں چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔ صبح و شام ایک گولی ہمراہ آب گلو کھایا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۲۶۴) کشتہ ہڑتال ورقی } ہڑتال ورقی ۱ تولہ کی ڈلی لے کر بوٹی ہرن کھری ۵ تولہ۔ بوٹی رتن جوت ۵ تولہ۔ دونوں کا نغدہ بنا کر درمیان ہڑتال رکھ کر ۳ سیر کی آگ دیں تو ہڑتال برنگ سفید تیار ہوگی۔ جو کہنہ بخار کے لئے اکسیر ہوگی۔ (حکیم غلام علیشاہ)

(۲۶۵) گنج کا علاج } پھول تیل۔ مغز بادام تلخ۔ سمندر جھاگ کو روغن سرسوں کہنہ میں کھسکر لگایا کریں امید ہے کہ آرام ہوگا۔ (ایڈیٹر)

(۲۶۶) ایسا کشتہ جو بڑھی ہوئی گرمی کو فی الفور ہٹا دیوے } ابرک سفید کو [illegible] پانی میں [illegible] دیں پھر اسی میں کھرل کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ بعدازاں نکال کر [illegible] کے پانی میں کھرل کر کے اسی طرح آگ دیں۔ اسی طرح پیٹھے کے پانی میں۔ سکھ چین کے پانی آملہ کے پانی کی پٹھیں دیویں جتنی کہ کشتہ ہو جاوے مناسب طریقہ سے استعمال کریں بخاروں کیواسطے اکسیر اعظم ہے۔ (")

(۲۶۷) درد گردہ } کلونجی ۱ تولہ۔ شہد ۲ تولہ۔ مصری ۵ تولہ۔ کلونجی کو ۲ تولہ سرکہ میں ایک دن اور ایک رات تر کریں۔ پھر خشک کریں ایسی ہوشیاری سے کہ [illegible] جل نہ جاوے بعد ازاں سفوف کر کے شہد مصری ملا کر رکھیں۔ ۱۰ تولہ روز عرق بادیان سے کھلاویں۔ (")

دیگر۔ ناٹی ایک بوٹی ہے اس کے پتے کوٹ کر باریک کریں اور ایک کنکر نمک کا ملا دیں اور چنے کے برابر گولیاں بنا رکھیں۔ روزانہ گولی صبح و شام مریض کو کھلائیں بفضل خدا درد گردہ دور ہو کر آرام ہوگا۔ اگر ریت بھی ہو تو دوائی مذکور کا استعمال نہایت ہی مفید ہے۔ (خواجہ محمد اکرام اللہ شاہ)

(۲۶۸) عرق مصفیٰ خون } عشبہ مغربی۔ [illegible] ایک پاؤ۔ چوب چینی نیم پاؤ۔ [illegible] ایک چھٹانک۔ [illegible] کلاں ایک چھٹانک۔ عناب تمعادی نیم پاؤ۔ کشنیز خشک۔ [illegible] ایک چھٹانک۔ [illegible] ایک چھٹانک۔ بادیان ایک چھٹانک۔ تمام ادویات کو کوٹ کر [illegible] کر کے ایک برتن قلعی شدہ میں ڈال دیں اس میں پانی ڈالکر [illegible] روز تک پانی میں رکھا جائے۔ بعدہ پنساری سے [illegible] عرق کھچوایا جائے [illegible] پنساری صبح سے شام تک [illegible] بوتل نکالے [illegible] ایک تولہ روزانہ پی کرے۔ صرف صبح کو۔

پرہیز۔ شراب۔ [illegible] لال مرچ۔ بادی اشیاء سے بھی پرہیز۔ دن میں ایک دفعہ غسل بھی ضرور کرے۔ کپڑے صاف رکھے۔ (ڈاکٹر [illegible] ایم ڈی)

(۲۶۹) سوتے وقت دانت کھلنا } قسط شیریں ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ عاقرقرحا ۱ ماشہ۔ جند بیدستر ۱ ماشہ۔ شراب انگوری ۱ پاؤ۔ روغن زیتون ۵ تولہ۔ قسط مرچ سیاہ عاقرقرحا کو [illegible] شراب میں بھگو کر [illegible] روغن زیتون

ڈالدیں، دوپہر تک چھوڑدیں کہ صرف تیل ہی رہ جاوے۔ تا کہ ٹھنڈا کرے۔ قرمین (؟) در چند بید ستر
باریک کر کے چھان کر ملاویں۔ دو اس تیل کی گردن پر مالش کیا کریں۔ مقوی دماغ ادویہ و اغذیہ کا
استعمال رکھیں۔ اگر پہلے تنقیہ دماغ کرالیں تو بہتر ہے۔ (ایڈیٹر)

(۲۷۰) گلہڑ دانہ کا علاج } گوگل ۶ ماشہ، ہردی عمدہ ۶ ماشہ، کمیلہ ۶ ماشہ، بابڑنگ ۱۳ ماشہ
سب کو کوٹ پیس کر شہد میں ملائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ رات کو بوقت سوتے کھلائیں۔ اور صبح اس دوائی کو بلا سونگھنے کے جھٹ پٹ مریض کو کھلائیں
اول تو ایک ہی دفعہ ورنہ زیادہ سے زیادہ ہفتہ بھر میں آرام آجاوے گا۔ (ل)

(۲۷۱) پیٹ درد قبض ریح } جولاب منڈی ۶ ماشہ، کمیلہ ۱ تولہ، نمک سرخ ۱ تولہ
رس نیم ۲ تولہ، تخم نیم ۱ تولہ، برگ نیم ۱ تولہ، بصیر ۱ تولہ
نشادر ۱ تولہ، کالا دانہ ۲ تولہ۔ تخم خطمی ۲ تولہ، اجوائن ۱ تولہ، سنامکی ۱ تولہ، وائڑنگ ۱ تولہ، ترودی
۶ ماشہ، مرچ سیاہ ۲ تولہ، سونف ۲ تولہ، آک (مدار) کے پھول ۲ تولہ۔
ترکیب: ان سب ادویات کو کوٹ کر لعاب کوار گندل میں ملا کر بقدر ۲ ماشہ کی
گولی بناویں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام بعد طعام خوردن آب نیم گرم سے نگل جاویں۔ کبھی
گرہ گرہ کی شکایت نہ رہے اور بھوک بھی لگے گی۔ نہایت ہی اکسیر ہے۔ (لالہ شیو رام ...)

(۲۷۲) رخساروں پر کیل } کیلوں کو حجام سے نشتر سے کٹوا دیں۔ خون نکلنے دیں اور
جوں جوں خون نکلتا رہے اس پر آک (مدار) کا دودھ
لگاتے جائیں آرام ہو گا۔ (موہن لال مجرد)

دیگر: رات کو سوتے وقت یہ مرہم لگا کر صبح ہی گرم پانی اور صابن سے منہ دھو ڈالا جائے
اور تھوڑی سی پوکلیٹس وسلین مل لو۔ نسخہ مرہم یہ ہے:
نسخہ: [illegible] ایک ڈرام۔ زنک اکسائیڈ ½ ڈرام، وسلین ½ اونس
(دیوی چند ہیڈ کمپوڈر)

(۲۷۳) تین سالہ بچہ کے پیشاب میں چھوٹے چھوٹے دانے برنگ سرخ
تخم کدو، مغز تخم خیارین، مغز تخم خربوزہ، کاہو [illegible] ۶ ماشہ، حجر الیہود [illegible] ۱ تولہ۔
کوٹ چھان کر شہد میں [illegible] ۳ ماشہ صبح کھلاویں۔ (ایڈیٹر)

(۲۷۴) چاقو کے لگنے سے پھولا [illegible] صبح و شام دو چار دن
تک لگا دیں۔ (ر)

(۲۷۵) [illegible] کسی حکیم [illegible] کو دکھلاویں اور [illegible] کرا دیں۔ (ر)

(۲۷۶) کثرت طمث: آپ کے دوست کی اہلیہ کے لئے میرا مجرب نسخہ بنا کر

استعمال کریں۔ زعفران ۱ تولہ، رائی سرخ لیکر اس کو پیس کر رکھ چھوڑیں۔ صبح و شام تھوڑا ایک ماشہ
تک دونوں وقت ہمراہ شیر گرم کے کھلایا کریں۔ بہت جلد مراد حاصل ہو گی، اور عمر بھر کے لئے یہ
شکایت جاتی رہے گی۔ (حکیم غلام علی شاہ، کراچی)

(۲۷۷) رمد چشم کا نسخہ } چاکسو کو کپڑے کی تھیلی میں باندھ کر گدھے کے گوبر پانی میں
ڈال کر پکائیں جب پھول جاویں تو نکال کر چھلکا اتار کر کوب
کر کے سہ گنا پانی ملا کر جوش دیں جب ½ رہ جاوے۔ اتار کر مل چھان کر نگاہ رکھیں۔ جوش
دیتے وقت اگر تھوڑا سا نیلا تھوتھا ملا لیں تو بہت اچھا ہے۔ اس کو سلائی سے لگایا کریں یا
ایک دو بوند ڈراپر سے گرا دیں۔ (ایڈیٹر)

(۲۷۸) ذکر پر پھنسیاں اور پیشاب میں سوزش } گوگل، گندھک [illegible] دودھ میں گھس کر لگایا کریں
اور یہ نسخہ کھائیں۔ مشک کافور ایک رتی، پیپرمنٹ ایک رتی، پانی ایک اونس سب کو
ملا کر صبح پی لیا کریں۔ (")

(۲۷۹) چہرہ صاف ہو اور خوبصورتی بڑھے } اول گندھک کو روغن زرد میں تلیں بعد
ازاں دودھ میں بجھاویں۔ بعدہٗ اسی
دودھ میں گندھک مذکور کو سفوف کر کے مخلوط کریں اور استعمال میں لائیں رنگ صاف ہو گا
(شیخ محمد صدیق)

دیگر: مغز بادام ۱ تولہ، نشاستہ ۱ تولہ، کستوری ایک رتی، امرت دھارا، صابون ۲ ماشہ
سوڈا ۱ ماشہ، سفوف نارنگی ۱ تولہ، ابٹن کی طرح استعمال کرو۔ بعد میں تھوڑا سا بادام روغن
مل کر گرم پانی سے منہ دھو کر صاف کرو۔ (دیوی چند ہیڈ کمپونڈر)

دیگر: لودھ پٹھانی، دارہلدی، زرد چوب ان تینوں چیزوں کو باریک پیس کر چھان کر کے
قدرے مسکہ گاؤ ڈال کر پانی ملا کر ابٹنا بنا دیں اور چہرے پر مالش کریں۔ یہی ابٹنا اگرچہ
تمام جسم پر ملیں اور سرتا پا سرخ و پیلا مانند ماہتاب [illegible] کے ہو وے۔ اگر
نہانے چاہا۔
(مقبول احمد خان)

(۲۸۰) فربہ کرنیکی دوائی } مغزیات و تر چیزوں کا خوب استعمال کیا کریں اور خشخاش
شکر و مکھن حسب طاقت صبح ہی کھایا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۲۸۱) منہ میں پانی بھر رہنا } گرمی و تری کے بڑھ جانے کا سبب ہے۔ سرد خشک
ادویات کا استعمال کریں۔ کاسنی کوٹ کر [illegible] ملا کر رکھیں
اور منہ میں رکھا کریں اور برگ نیم و تباشیر [illegible] کھا سکتے ہیں۔ (")
دیگر: [illegible] تولہ، اجوائن ۲ تولہ، پوست ہریڑ زرد ۳ تولہ، مصطگی ۲ تولہ، باریک کر کے دو چند [illegible]
ملا کے رکھیں، ایک ایک کف دست (ہتھیلی) صبح و شام کھائیں۔ (حکیم نور محمد اوکل)

ڈالدیں اور پھر چند دن کہ صرف تیل ہی رہ جاوے۔ تمام کر ٹھنڈا کرے۔ قرطون اور چند بیدستر
باریک کر کے چھان کر ملا دیں۔ اور اس تیل کی گردن پر مالش کیا کریں۔ تنوری دماغ اور یہ واقعہ یہ کا
استعمال کریں۔ اگر پہلے تنقیہ دماغ کرا لیں تو بہتر ہے ۔ (ایڈیٹر)

(۲۷۰) **گندو دانہ کا علاج** } گوگل ۷ ماشہ۔ قروی عمدہ ۷ ماشہ۔ کمیلہ ۷ ماشہ۔ باؤبڑنگ ۳ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا دیں۔ بیا یک خوراک ہے۔ رات کو ذرا مٹھی کھلائیں۔ اور صبح اس دوائی کو بلا سونگھنے کے جھٹ پٹ مریض کو کھلائیں۔ دل تو ایک ہی دفعہ ورنہ زیادہ سے زیادہ ہفتہ بھر میں آرام آجاوے گا۔ (")

(۲۷۱) **پیٹ درد قبض و ریح** } رس نیم ۲ تولہ۔ تخم نیم ۱ تولہ۔ برگ نیم ۱ تولہ۔ مصبر ۱ تولہ۔ جلاب منڈھی ۲ ماشہ۔ کمیلہ ۱ تولہ۔ نمک شورہ ۱ تولہ۔ تخم حنظل ۲ تولہ۔ اجوائن ۱ تولہ۔ سنا مکی ۱ تولہ۔ دار چکنی ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ کالا دانہ ۲ تولہ۔ ۲ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ سونف ۲ تولہ۔ نک (ملا) کے پھول ۳ تولہ۔
ترکیب۔ ان سب ادویات کو کوٹ کر عاب کوار گندل میں ملا کر بقدر ۲ ماشہ کی گولی بنا دیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام بعد طعام خوردن آب نیم گرم سے نگل جاویں۔ کبھی قبض کی شکایت نہ رہے اور بھوک بھی لگے گی۔ نہایت ہی اکسیر ہے ۔ (لالہ شیو رام مرحوم)

(۲۷۲) **رخساروں پر کیل** } کیلوں کو حجام سے نشتر سے کٹوا دیں۔ خون نکلنے دیں اور جوں جوں خون نکلتا رہے اس پر آک (مدار) کا دودھ لگاتے جائیں۔ آرام ہوگا ۔ (موہن لال محرر)
دیگر۔ رات کو سوتے وقت بہ ہمراہ صبح ہی گرم پانی اور صابن سے منہ دھونا چاہئے اور تھوڑی سی گلیسرین ملا لو۔ نسخہ مرہم یہ ہے ۔
نسخہ۔ سب ... ڈرام۔ زنک آکسائیڈ ½ ڈرام۔ ویسلین ... اونس (دیوی چند ہیڈ کمپونڈر)

(۲۷۳) **تین سالہ بچہ کے پیشاب میں چھوٹے چھوٹے دانے برنگ سرخ**
مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خربوزہ۔ کابلی ... ماشہ۔ ججر الیہود ... تولہ۔ کوٹ چھان کر شہد میں گولیاں بنا دیں۔ خوراک ۲ ماشہ صبح کھلا دیں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۷۴) **چاقو کے لگنے سے پھولا** ۔ داب آم کا چیپ صبح و شام دو چار دن تک لگا دیں ۔ (")

(۲۷۵) موتیابند معلوم ہوتا ہے۔ بہتر یہی ہے کہ کسی حکیم یا ڈاکٹر کو دکھلاویں اور تشخیص کرا دیں۔ (")

(۲۷۶) **کثرت طمث** ۔ آپ کے دوست کی اہلیہ کے لئے میرا مجرب نسخہ بنا کر

استعمال کریں۔ زعفران تولہ رائی سرخ لیکر اس کو پیس کر رکھ چھوڑیں۔ صبح و شام بقدر ایک ماشہ تک دونوں وقت بہمراہ شیر گرم کے کھلایا کریں۔ بہت جلد مراد حاصل ہوگی۔ اور عمر بھر کے لئے یہ شکایت جاتی رہے گی۔ (حکیم غلام علی شاہ ازکراچی)

(۲۷۷) **رمد چشم کا نسخہ** } چاکسو کو کپڑے کی تھیلی میں باندھ کر گدھے کے گوبر پانی ملا میں ڈال کر پکائیں جب پھول جاویں تو نکال کر چھلکا اتار کر جو کوب کر کے ۲۰ گنا پانی ملا کر جوش دیں جب ½ رہ جاوے اتار کر مل چھان کر نگاہ رکھیں۔ جوش دیتے وقت اگر تھوڑا سا شہد ملا لیں تو بہت اچھا ہے۔ اس کو سلائی سے لگایا کریں یا ایک دو بوند ڈراپر سے گرا دیں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۷۸) **ذکر پر پھنسیاں اور پیشاب میں سوزش** } گوگل۔ کتھ سفید۔ گلناریک ورشک کافور دودھ میں گھس کر لگایا کریں اور یہ نسخہ کھائیں۔ مشک کافور ایک رتی۔ پیپر منٹ ایک رتی۔ پانی ایک اونس۔ سب کو ملا کر صبح پی لیا کریں ۔ (")

(۲۷۹) **چہرہ صفا ہو اور خوبصورتی بڑھے** } اول گندھک کو روغن زرد میں تلیں بعد ازاں دودھ میں بجھا دیں۔ بعدہ اسی دودھ میں گندھک مذکور کو سفوف کر کے مخلوط کریں اور استعمال میں لائیں رنگ صاف ہوگا ۔ (شیخ محمد صدیق)

دیگر۔ مغز بادام ۲ تولہ۔ نشاستہ ۱ تولہ۔ کستوری ایک رتی۔ امرت دھارا۔ صابون ۲ ماشہ۔ سونٹھ ۱ ماشہ۔ سفوف نارنگی ۱ تولہ۔ ابٹن کی طرح استعمال کرو۔ بعد میں تھوڑا سا بادام روغن مل کر گرم پانی سے منہ دھو کر صاف کر لو ۔ (دیوی چند ہیڈ کمپونڈر)

مٹھا تیلیا ا تولہ۔ فلفل سیلہ ایک چھٹانک۔ انجیر ایک چھٹانک تینوں کو کونڈے ڈنڈے میں باریک کر کے اور نیم پاؤ شہد داخل کر کے خوب ہی کھرل کرو اور گولیاں دانہ مونگ کے موافق بنالیوے خوراک ا گولی صبح بہمراہ روغن زرد۔ (ایضاً)

نسخہ برائے دردہائے باردہ

(از بادا صاحب بد مزاج) کنجد سیاہ و بل بیوہ دونوں کو یہاں تک کھرل کریں کہ روغن نکل آوے اسکو درد کی جگہ پر مالش کریں اور باقی جو پھوک رہے وہ گرم کر کے اسجگہ پر باندھے پرہیز بادی اشیاء سے ضروری ہے (ایضاً)

نسخہ برائے دفعیہ جھولا

(از بادا کاہن گر صاحب) آب برگ مولی یک پاؤ۔ اجوائن نیم پاؤ۔ سم الفار سفید ۳ ماشہ۔ روغن کنجد سیاہ آدھ پاؤ تمام ادویہ کو ملا کر جوش دے۔ جب صرف روغن رہے اتار کر چھان رکھے اور آگ کے نزدیک بیٹھ کر مالش کر کے برگ دھتورہ یا برگ ارنڈ گرم کر کے باندھ دیا کرے۔ (ایضاً)

نسخہ دیگر برائے جھولا

سیاہ داند مالکنگنی باہم برابر وزن کوٹ کر ۳ ماشہ علی الصباح کھلایا کریں (ایضاً)

نسخہ برائے دھرنگ و جھولہ (رعشہ)

(از بادا بدھ گر صاحب) افیون ۳ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ روغن تل نیم سیر۔ آب برگ دھتورہ نیم سیر۔ آب بید انجیر نیم سیر۔ آب برگ اکسن (اسگندھ) نیم سیر۔ آب برگ بیو کڑ نیم سیر۔ ایک جگہ کر کے جوش دیوے جب صرف تیل رہ جاوے نیچے اتار کر افیون ۳ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ سونٹھ ۵ ماشہ۔ جائفل ۴ ماشہ کوٹ کر ڈالدیوے اور مالش کیا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے لنگی زبان از ریح۔

کرائتہ۔ لونگ پیسکر زبان پر ملا کرے تو آرام ہو۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ لقوہ۔ جھولا و قبضی اعضا

کلونجی۔ عقرقرحا۔ زرنباد۔ لہسن برابر وزن گائے کے دودھ میں جوشاندہ (نوٹ) ہر دوائی تقریباً ۴ ماشہ۔ جو کوب کر کے دودھ میں ڈالے اور دودھ گرم آنچ رکھے۔ جب دودھ گرم ہو جاوے تو اتار کر چھان کر کھانڈ ملا کر پلاوے۔ بستری میں اوپر کپڑا اوڑھکر لیٹ جاوے شاید کہ پسینہ آجاوے۔ اور اعضا کو لین (ایضاً)

نسخہ برائے بلغم و جھولا

(از بادا صاحب بد مزاج) معلوم ہوتا ہے کہ کوئی بادا صاحب انکے پاس اگر رہے یا وہ انکے پاس۔ بد مزاج وہ بہت ہونگے۔ پس انکے نام کی بجائے جہاں تہاں بد مزاج لکھا ہے اگر سادھو جن کے پاس کچھ گن ہوتا ہے کسی کے پرواہ نہ کرنے کے باعث بد مزاج ہی معلوم ہوا کرتے ہیں (ایڈیٹر)

ہی (پارہ) ا تولہ۔ عروس (گندھک) ا تولہ۔ سونٹھ اور فلفل دراز۔ مٹھا تیلیا۔ بابڑنگ۔ بہیڑہ۔ فلفل سیاہ ہر ایک ا تولہ۔ ا تولہ مٹھا تیلیا اور مرچ سیاہ کو اکٹھا کھرل

پھر سونٹھ و فلفل دراز۔ تھوڑے آب ادرک کے ساتھ کھرل کرے اور باقی اجزاء آب بھنگرہ کے ساتھ کھرل کر کے سب کو اکٹھا کر کے گولیاں موافق دانہ مونگ کے بناوے خوراک اگولی ہر صبح۔

(نوٹ) یہاں باقی اجزاء کو تو آب بھنگرہ کے ساتھ کھرل کرنا لکھا ہے اس طرح چاہیئے کہ اول پارہ اور گندھک کو آدھے دن تک خوب کھرل کریں جس سے وہ سیاہ کجلی ہو جاوے اس کے بعد بھیڑہ۔ باٹرنگ داخل کر کے آب بھنگرہ سے کھرل کریں اور پھر باقی کل اجزاء ڈالکر آب بھنگرہ ہی کی مدد سے گولیاں بناویں اور گولی بہمراہ آب دے سکتے ہیں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے نزول و بلغم

خشخاس سفید ۴ سیر۔ گوند بھولائی (بھبری گوند) ایک پاؤ۔ الاچی کلاں ایک پاؤ روغن گاؤ ۴ سیر۔ پوست خشخاش ان بجھہ ½ سیر۔ شکر تری (کھانڈ) ۳ سیر اور میدہ گندم ½ سیر۔ نشاستہ نیم سیر۔ پوست خشخاش بے ضرب کو ۴ دن تک پانی میں تر رکھیں۔ بعد ازاں کونڈے ڈنڈے میں ڈالکر خوب گھوٹے اور خشخاش سفید و نشاستہ کڑاہی میں ڈالے اور بھونے اور اس میں پوست کا پانی مذکور الصدر ملا دیوے پھر اس میں ۴ سیر روغن زرد ملا کر جوش کرے حتیٰ کہ تمام پانی سوکھ جاوے ½ سیر روغن زرد بقیہ میں میدہ گندم بھون کر اس میں داخل کرے اور باقی سب اجزاء ملا کر رکھے اور سوتے وقت ۳ تولہ کھاوے ترشی و بادی سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

نسخہ درد شکم از ریح و جمیع اقسام ریاح و بادی

(از بابا بُدھ گر صاحب) فلفل گرد اتولہ۔ فلفل دراز اتولہ۔ ستو اسونٹھ ایک تولہ۔ پپلا مول اتولہ۔ نشادر اتولہ۔ سہاگہ اتولہ۔ اجوائن اتولہ۔ اجوائن خراسانی اتولہ۔ اجمود اتولہ۔ سونچر نمک اتولہ۔ مصبر اتولہ۔ نمک ہندی اتولہ۔ سونف اتولہ۔ ہلیلہ اتولہ۔ بلیلہ اتولہ۔ آملہ اتولہ۔ پودینہ اتولہ۔ بسناکونڈ ۲ تولہ کوٹ چھان کر کے سفوف کر کے رکھے خوراک ہر ۶ ماشہ

بہمراہ آب گرم یا عرق بادیان وغیرہ وغیرہ اسکے چند روز کے ہی استعمال کرنے سے تمام شکایات دور ہو جاتی ہے (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے بادی

اک (مدار) کے برگ و پھول دودو دھ۔ وجرٹھ اتولہ۔ فلفل سیاہ (کالی مرچ) اتولہ۔ عقرقرحہ اتولہ مصطگی رومی اتولہ۔ زنجبیل (سونٹھ) اتولہ۔ کوٹر اتولہ۔ نمک سونچر اتولہ۔ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے سونف (بادیان) ۵ تولہ۔ گلاب کے پھول ۵ تولہ۔ سنا مکی ۵ تولہ۔ کراتیہ ۳ تولہ۔ چرائتہ ۳ تولہ۔ پوست بیخ بھولاہی ایک پاؤ۔ پوست نرم شلغ بھیلاوہ یک پاؤ۔ ستیارہ ۵ تولہ۔ ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ بلیلہ ۲ تولہ۔ آملہ ۲ تولہ۔ گندولی ۵ تولہ۔ اجوائن ۵ تولہ۔ شحم حنظل (تُمّہ کا گودہ) تمام کو جوکوب کر کے دیگ میں ڈالے اور ۲ سیر پانی ڈالے اور نیچے نرم آنچ کرے۔ جب ایک چھٹانک پانی باقی رہے نیچے اتار کر صاف کر کے کڑاہی میں ڈال کر اور پہلی ادویات باریک شدہ اس میں ملاوے اور نیچے آنچ کرے کہ گولی بنانے کے لائق ہو جاوے گولی بمقدار ۱ ماشہ کی بناوے خوراک ایک گولی رات کو سوتے وقت بہمراہ آب گرم۔ (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے درد ریح

انگوزہ ۳ ماشہ۔ قندسیاہ اتولہ۔ پوست ہلیلہ ۲ تولہ سب کو ایک سیر آب میں ڈالکر جوش دیوے جب ½ چھٹانک باقی رہے پلا دیوے (ایک قلمی کتاب)

برائے درد ہائے بائی

(از بابا صاحب بُدھ گر) تخم کاسنی ۳ تولہ۔ تخم سونف ۲ تولہ۔ بیخ سونف ۳ تولہ۔ تخم کرفس ۳ تولہ تخم کشوث ۲ تولہ۔ تخم خیارہ اتولہ۔ سب کو کوٹ کر ایک پیالہ پانی میں ۲ پہر تک رکھے اور پھر جوش دیوے جب ½ حصہ رہ جاوے مل چھان کر مصری آدھ سیر ملا کر شربت تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ علی الصباح (ایک قلمی کتاب)

عطوس برائے فالج ولقوہ ومسکن جمیع امراض باردہ

(از باوا بھگوان گر صاحب) نکچھکنی۔ کلونجی۔ فرفیون۔ فلفل سیاہ۔ جند بیدستر۔ زراوند۔ حب بلسان۔ مشک۔ عاقرقرحہ۔ جوکھار۔ مساوی الوزن کوٹ پیسکر رکھے اور بوقت ضرورت نسوار دیوے۔ (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے دفعیہ فالج ولقوہ۔

(از باوا صاحب بدھ گر) شنگرف ١ تولہ۔ اجوائن ایک سیر۔ زمین میں گڑھا کرکے آدھ سیر اجوائن بچھا کر اوپر شنگرف کی ڈالی رکھکر اوپر آدھ سیر باقیماندہ اجوائن بچھا دیوے اسکے اوپر چینا اوپلے لگا کر آگ دیوے جب اوپر سے اجوائن جل جاوے تو شنگرف کو نکال لیوے اور پھر پوٹلی میں باندھکر پکے ہوئے گوشت میں لٹکا دیوے خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن۔

(نوٹ) جو گوشت کھاتے ہوں انکو ایسی ضرورت نہیں ہے اجوائن میں اس طرح آگ دینے کی بجائے تو آنچ پہنچے ہی وہ اس طرح کہ آدھ پاؤ اجوائن نیچی رکھی اور آدھ پاؤ اوپر رکھکر درمیان ڈلی دیکر نیچے درمیانی آنچ دی جب اجوائن چوٹی تک جل گئی شنگرف کو اُسی وقت نکالکر دوسری اتنی ہی اجوائن کے درمیان توے پر ہی رکھا اس طرح ١٠ آنچ دینے کے بعد شنگرف آگ پر نہیں اُڑتا ہے بہتر ہے کہ بجائے اجوائن کے اجوائن اجمود برابر وزن لیے جاویں۔ (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے دفعیہ عرق النساء (رنگھن باؤ) وجھولا

(از باوا صاحب بد مزاج) افیون ١ تولہ۔ میٹھا تیلیا ١ تولہ۔ شنگرف ١ تولہ۔ فلفل سیاہ ١ تولہ۔ اول شنگرف و میٹھا تیلیا کو ملا کر خوب کھرل کریں پھر دوسری ادویہ داخل کرکے عرق ادرک میں کھرل کریں۔ گولی موافق ایک رتی کے باندھیں۔ اور ایک گولی منہ میں رکھکر اوپر سے گھی جس میں نصف لونگ بھی ڈالا ہو پی لیں۔ (ایک قلمی کتاب)

برائے دفعیہ سردی۔ لقوہ فالج و عرق النساء

رینگنی کا درد

(رنگھین باؤ) وجمیع امراض باردہ از باوا صاحب بدمزاج۔

پارہ ١ تولہ۔ رسم الفار ١ تولہ۔ دونوں کو عرق لیموں میں کھرل کرے جب یکجان ہو جاویں تو ایک پیسہ کے اوپر لیپ کرکے کپڑا اسفید اسقدر لپیٹے کہ مانند نارنگی کے ہو جاوے پھر ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیوے تا نبہ کشتہ ہو جاوے خوراک ایک سُرخ مکھن وغیرہ میں دیویں۔ (ایک قلمی کتاب)

گیہوں کے برابر

١ چاول

نسخہ برائے سن

بیر بہوٹی ١ تولہ۔ چاول ٢ تولہ دونوں کو ایک شیشی میں ڈال کر بند کرکے ٢٠ روز تک رہنے دیوے اور باہر نکالکر لونگ ٢ ماشہ۔ جائفل ٢ ماشہ۔ زنجبیل ٢ ماشہ۔ عاقرقرحہ ٢ ماشہ۔ فلفل سیاہ ٢ ماشہ۔ جلوتری ٢ ماشہ پیسکر داخل کرکے رکھے۔ خوراک ١ رتی۔ شکر سُرخ میں ملا کر دیوے۔

(نوٹ) یہ دوائی اس بیماری کیواسطے میری رائے میں اکسیر کا کام دیگی جسکا انگریزی میں ڈفتھریا Diphteria نام ہے۔

برائے دفعیہ بادی

کچلہ ٢ تولہ۔ گوگل ٢ تولہ۔ کچلہ کو دو سیر دودھ میں ڈالکر یہاں تک جوش دیوے کہ تمام دودھ جذب ہو جاوے بعد ازاں اسکا پوست دور کرکے درمیان سے پتہ نکالکر کوٹ کر گوگل کے ساتھ ملا کر خوب کوٹے اور شہد ملا کر برابر کنار دشتی کے گولیاں بناویں ایک گولی صبح و ایک گولی شام دیویں۔

ہر شخص نسخہ دیکھکر ہی کہہ سکتا ہے کہ بادی کو دور کرنے اور پٹھوں کو ابھارنے کیواسطے سادہ نسخہ بینظیر ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے فالج ولقوہ وسن

(از باوا صاحب بُدھ گر) بھلانوہ ۵ تولہ ۔ جما لگوٹہ ۵ تولہ دونو کو الگ الگ کرلے دو پیالہ لیکر ایک میں بھلانوے اور ایک میں جمالگوٹہ دیکر دونوں کے درمیان ایک پیسہ دیکر بند کر دیوے اور اوپر پرانا کپڑا اسفید رنگت بقدر آدھ سیر لپیٹ دیوے اور ۱۲ اسیر اوپلوں کی آنچ دیوے تانبہ کا کشتہ ہووے خوراک ایک رتی ہمراہ امراض کیواسطے شربت عسل (شہد) سے دیوے آرام ہووے ۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے درد ہائے امراض باردہ خصوصاً وجع المفاصل (گنٹھیا)

گوگل ۲ تولہ شکر تری (کھانڈ) ½ پاؤ ۔ روغن زرد پاؤ سب کو ایک کوزہ گل میں ڈال کر منہ بند کر کے بکری کی مینگنی یا پنجیر کی آنچ گڑھے میں دیویں اور بقدر ۳ ماشہ گھی سے کھاویں ۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے بلغم و نزلہ

(از باوا صاحب بدطبیعت) پوست درخت پھولاہی اسیر ۔ پوست درخت کیکر اسیر ۔ برگ بھنگرہ اسیر علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ایک گھڑے میں ڈال کر پانی سے پُر کردیں اور نیچے نرم آنچ دیں جب ڈیڑھ پیالہ کے قریب پانی رہ جاوے تو نیچے اُتار کر مل چھان کر مصری ایک سیر داخل کر کے شربت تیار کریں ۔ وُگنا وزن پانی ملا کر صبح دو تین تولہ پیا کریں (ایضاً)

نسخہ برائے ریزش

سہاگہ ۔ سم الفار ۔ نوشادر ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے ایک بوتہ یا پیالہ گل جس کا حجم ۱۶-۹-۹ گل چوڑا اور لمبا ہو نصف نیچے بچھا کر اوپر ایک تولہ کا اتنا پترا کرکے تانبہ رکھے اسپر باقیماندہ سفوف ڈالکر بند کر کے پانچسیر اوپلوں کی آنچ دیوے ۔

لیکن اوپلے نیچے کم اور اوپر زیادہ رکھے اور سرد ہونے پر نکال کر اس کے برابر رسکپور اور دونوں کے برابر تباشیر اور تمبنون کے برابر تخم الاچی خورد پیسکر ملا دیوے اور ۱ رتی کھانڈ یا چینی میں ۔ (قلمی کتاب)

(نوٹ) میری رائے میں رسکپور یا کشتہ مصنفے ڈالیں رسکپور ۲ پہر گھی میں ڈال کر آنچ پر رکھیں اور پھر گھی سے باہر نکال لیں صاف ہو گیا ۔ (مترجم)

نسخہ برائے ریزش و بلغم

(از باوا بدھ گر صاحب) سم الفار سفید ۱ تولہ ۔ دودھ برگ پھول آک (مدار) ہر ۲ ماشہ ۔ کنڈیاری کے پانی میں ۲ پہر کھرل کرے اور ٹکیہ بنا کر اسکو تابہ آہنی (توا) پر رکھے اور اوپر ایک پیالہ اوندھا کر منہ آٹے سے بند کر دیوے اور دو پہر آنچ بیری کی لکڑی کی نیچے کرے سنکھیا کا جوہر اُڑ کر اوپر کے پیالہ کو جا لگے گا اس میں تخم الاچی کلاں ۳ ماشہ مصری ۱ ماشہ کو ملا دیوے خوراک ½ رتی چاول یا ایک چاول مکھن میں غذا نان گندم یا روغن زرد بے نمک ۔

نسخہ برائے مرض جھولا

(از باوا صاحب کاہن گر) برگ آک (مدار) برگ دھتورہ ۔ برگ حرمل برگ ارنڈ ۔ برگ اکسن ۔ برگ کپاس ہر ایک ایک سیر لیکر تمام کا پانی نکالے اور کڑاہی میں معہ روغن تل نیم پاؤ کے ڈالے جب صرف روغن رہے تو نیچے آتار کر کٹھ ۱ تولہ ۔ عقر قرحہ ۱ تولہ ۔ زنجبیل (سونٹھ) ۱ تولہ ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ ۔ لونگ ۱ تولہ افیون ۱ تولہ ۔ پیسکر داخل کرے اور رات کیوقت آگ کے سامنے بیٹھکر مالش کر کے ارنڈ کے پتے گرم کر کے باندھے اور ہوا سے بچاوے ۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے ریزش و تنگی آواز از بلغم

سنا مکی ۱ تولہ کوٹ پیسکر شہد میں ملا دیوے اور ۳ گولیاں بناوے ہر ایک ایک گولی ۳ دن تک کھاوے ہمراہ آب گرم

گٹھیا

نسخہ برائے وجع المفاصل و عرق النسا

کیسر (زعفران) ۳ ماشہ۔ جائفل ۳ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ جلوتری ۳ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ فلفل گرد ۲ ماشہ۔ پپلامول ۳ ماشہ۔ گوگل ۳ ماشہ۔ گوگل لیکر دودھ آدھ سیر میں ڈالدیوے اور آنچ پر رکھے جب گاڑھا ہو جاوے نیچے اتار کر باقیماندہ ادویات کوٹ پیسکر داخل کر دے اور تمام ادویہ کے ۹ حصہ کریں اور خوراک ۱ حصہ۔ غذا صرف چوری نان گندم۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے برص و بہق

انار کے پھول ۱ تولہ۔ آملسار ۴ تولہ۔ باکچی سیاہ ۱ تولہ۔ دارچینی ۵ تولہ شیشہ ہلدی ۵ تولہ۔ پوست انجیر ۱ تولہ۔ دھنیا سیاہ ۱ تولہ۔ تخم بکائین آدھ پاؤ۔ کا چھیل ۲ تولہ سب کو جو کوب کرکے ۱ سیر پانی میں ڈالکر ۸ پہر تک رکھے بعد ازاں جوشش دیوے جب ایک پاؤ رہ جاوے خالص شہد ایک چھٹانک داخل کرکے خفیف سا جوش دے۔ خوراک ۲ تولہ صبح و شام مچھلی بینگن۔ تیل وغیرہ سے پرہیز (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے ذات الجنب

سم الفار سفید ۱ تولہ۔ نمک تلخ (قلمی شورہ) ۲ تولہ۔ کڑچھے میں نیچے اوپر شورہ درمیان سنکھیا رکھکر آگ پر رکھے جب ادویہ پگھل کر تہ نشین ہو ویں۔ نیچے اتار کر ۔۔۔ خوراک بقدر ۱ چاول۔ در چینی۔ (ایک قلمی کتاب)

دوائی کہ آب دہن کو خشک کرے بھوک کو بڑھاوے سینہ کو پاک کرے

(از موتی رام صاحب) زنجبیل (سونٹھ) ۲ سرساہی۔ فلفلدراز (مگھ) ایک سرساہی۔ ۱۲ گھنٹے لگاتار ڈنڈے چوبی سے کونڈی میں گھوٹے اور ایک ماشہ ہمراہ پانی دیوے۔ (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے ریح جو سرد مزاج والوں کو موافق ہے

عقر قرحہ۔ سناکی۔ منقہ۔ الگ الگ پیسکر ایک جگہ کرکے برابر جنگلی بیر کے گولیاں بناوے اور سوتے وقت ایک گولی اور صبح ایک گولی ہمراہ پانی گرم دیوے (ایک قلمی کتاب)

برائے عرق النساء (رینگھن باؤ)

زعفران

کیسر ۲ ماشہ۔ جائفل ۳ ماشہ۔ لونگ ۱ ماشہ۔ جلوتری ۲ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۳ ماشہ فلفلدراز ۳ ماشہ۔ پپلامول ۳ ماشہ۔ گوگل ۱ ماشہ۔ اول گوگل کو آدھ سیر دودھ میں ڈال کر گرما ئے جب گاڑھا ہو جاوے تو دوسری ادویہ ڈال کر ۹ حصہ کرے خوراک ایک حصہ علی الصبح۔ (ایک قلمی کتاب)

جوڑوں کا درد = برائے عرق النساء و وجع المفاصل

مٹھا تیلیا ۱ ماشہ۔ ہڑتال ورقی ۶ ماشہ۔ پپلامول ۶ ماشہ۔ اجوائن تینوں اقسام ۶-۶ ماشہ۔ عقر قرحہ ۶ ماشہ۔ فلفلیں ۶-۶ ماشہ۔ خرمہرہ سوختہ ۶ ماشہ۔ سوہاگہ ۶ ماشہ کل ادویہ کو کوٹ پیسکر ادرک یا سہانجنہ کی رس سے ایک دن کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنادیں خوراک ۱ گولی بہمراہ شیر گاؤ جس میں گرم ہوتے وقت سونٹھ ڈالدی ہو۔ ترشی و بادی سے پرہیز۔ (ایک قلمی کتاب)

معجون کوار برائے وجع المفاصل و وضع الورق و عرق النسا

خرفہ ۱ تولہ۔ سمبھالو ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ سہاگہ ۵ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۶ ماشہ۔ چترا ۱ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ سورنجان ۹ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ پوست ترب سفید ۳ ماشہ۔ عود ۶ ماشہ۔ روغن بادام ۵ تولہ۔ شکر تری (چینی) ۳ پاؤ۔ آب کنوار گندل ۳ پاؤ تمام ادویہ کو کوٹ پیسکر اور کنوار گندل اور چینی کو آنچ پر رکھ کر قوام پر لا کر تمام ادویات [illegible]

نسخہ برائے جمیع امراض ریاح بارد

شنگرف ۱ تولہ۔ دل اجوائن آدھ سیر ایک پیالہ میں نیچے اوپر دیکر منہ بند کرکے آگ دیدے تو کشتہ ہو جائے خوراک ایک چاول بتاشہ میں۔ (ایک قلمی کتاب)

معجون کچلہ برائے امراض ریاح بارد

کچلہ ۴ عدد۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ زنجبیل (سونٹھ) ۳ ماشہ۔ دگھہاں ۳ ماشہ زعفران ۱ ماشہ۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ جاوتری ۵ ماشہ۔ جائفل ۵ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ عناب ۹ ماشہ۔ الائچی کلاں ۱ عدد۔ شہد ۱ پاؤ۔ مصری آدھ پاؤ۔ کچلہ کو دودھ میں مدبر کرکے اور تمام ادویہ کے ساتھ پیکر شہد اور مصری کا قوام کرکے سب ادویات اسمیں ڈال دے اگر کستوری زاید کرے قوت زیادہ ہووے خوراک ۲ ماشہ سے جہاں تک موافق ہو بڑھاوے۔ ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے بادی و سردی و دردہائے بلغمی

انگوزہ (ہینگ) ۴ ماشہ۔ سجی کھار ۴ ماشہ۔ ہلیلہ زرد ۴ ماشہ۔ بابڑنگ ۴ ماشہ نمک سنگ ۴ ماشہ۔ فلفلدراز (مگھاں) ۴ ماشہ۔ سمندر پھل ۴ ماشہ۔ جواکھار ۴ ماشہ اجوائن ۴ ماشہ۔ پیسکر گولیاں برابر جنگلی بیر کے بناویں۔ خوراک نصف یا ایک گولی حسب مزاج۔ (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے آماس و ورم بدن

قند سیاہ ۴ تولہ۔ ادرک ۲ تولہ کوٹ کر ایک جگہ کرکے تین حصے کرے اور ایک حصہ ہر روز صبح کھاوے مذکورہ بالا تمام شکایت دور ہو (ایضاً)

برائے درد دل

افسنتین ۱ تولہ۔ املی ۴ تولہ۔ گل گلاب ۱ تولہ۔ پوست بیخ کبر ۹ ماشہ۔ تخم خیارین ۱ تولہ۔

بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ بیخ بادیان (سونف) ۲ تولہ۔ تخم خربزہ ۱ تولہ۔ گاؤزبان ۹ ماشہ۔ کشوث ۱۱ ماشہ۔ گل بنفشہ ۱ تولہ۔ نیلوفر ۱ تولہ۔ مصری پاؤ۔ موافق دستور شربت تیار کریں (ایضاً)

برائے فالج و لقوہ و قوت

جست ۴ تولہ ایک کڑچھے میں ڈالے اور اسپر ایک مٹی کا پیالہ الٹا کر رکھ دیوے اور نیچے آگ دیوے جب ایک پہر گذر جاوے تو پیالہ اٹھا کر ۲ تولہ پارہ اس میں ڈالے اور آنچ بدستور رہے۔ پھر ایک پہر گذرنے کے بعد شنگرف ۲ تولہ۔ ہڑتال ۳ تولہ سنکھیا ۳ ماشہ ویسے ہی ڈالے اور پانچویں پہر گندھک پیسکر تھوڑی تھوڑی ڈالتا جاوے اور آنچ تیز رکھے۔ یہانتک کہ ۷ تولہ گندھک خرچ ہو جائے اور اتار کر پیس لیوے۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن سرد مزاجوں کے لئے اکسیر ہے (ایضاً)

کشتہ شنگرف

شنگرف ۱ تولہ بینگن کلاں میں سوراخ کرکے شنگرف درمیان میں رکھے اور اوپر بینگن سے نکلا ہوا گودہ دیکر کپروٹی کرکے ۲ سیر بکری کی مینگنی کی اندر رکھکر آنچ لگا دے تاکہ پختہ ہووے۔ تیز آنچ نہیں ہونی چاہیے اسی طرح ایک سو بینگن کے اندر پختہ کرے اور پیسکر رکھے کل امراض بادی اور بلغمی کے لئے اکسیر اور قوت باہ کے لئے بے نظیر ہے۔ خوراک ایا ۲ چاول مکھن یا برگ تلسی یا پان میں

کشتہ شنگرف

ہینگ خالص ۲ ماشہ پانی کے ساتھ پیسکر ٹکیہ بنا کر درمیان ۳ ماشہ شنگرف دیکر پیاز سفید کلاں کے اندر دیکر کپروٹی کرکے بدستور آنچ میں بھرتا کرے۔ اسی طرح ۲۵ بار کرے۔ خوراک ۲ چاول پان میں۔ قوت باہ کے لئے اکسیر اور (بھوک) بڑھانے کے لئے بینظیر ہے

(ایک قلمی کتاب)

کشتہ شنگرف

شنگرف ۱ تولہ - افیون ۱ تولہ - پانی کے ساتھ افیون کو کھرل کر کے شنگرف پر لیپ کر کے خشک کرے پھر بھلانوہ ۴ سیر کوٹ کر کڑاہی کے اندر نیچے اوپر ڈلی شنگرف کی دیکر نیچے آنچ کرے جب خوب ہی گرم ہووے تو ملا کنگنی ۱ سیر - شہد ایک سیر گھی ۱ سیر - دل اجوائن ۱ سیر - اجوائن دیسی آدھ سیر - کوٹ کرا سکے اوپر ڈالدیوے اور آگ میں لکڑی کی رکھے یہاں تک کہ دو تین دن کے اندر گھی خشک ہو جاوے سرد کر کے شنگرف نکال کر رکھیں - خوراک ۱ چاول یا دو چاول - ۵ روز تک منیظر ہے استسقا کی بیماری کو دور کرے - (ایک قلمی کتاب)

کشتہ شنگرف برائے فالج ولقوہ وقوت ممساک و مداو

مرطوب مزاجوں کو خاصکر موافق ہے - شنگرف ۱ تولہ شہد میں ڈبو کر کے سم الفار پسے ہوئے میں غلطان کر کے جتنا کہ اسے لگ جاوے پھر ایک بوتہ گلی میں زنجبیل (سونٹھ) چند پیسکر نیچے اوپر دیکر بند کر کے کپروٹی کر کے ایک سیر اوپلوں کو ریزہ ریزہ کر کے آگ دیوے یہاں تک کہ سونٹھ ہی جلے اس طرح سات بار کرے پھر شنگرف لیکر ایک پوٹلی میں باندھکر دیگ میں لٹکا دے - شیر بادہ گاؤ ایک سیر داخل کر کے خفیف آنچ کرے سات دفعہ ایسا کرے پھر ایک سیر آب لیموں ڈالکر آنچ دیوے پھر ایک من آب بصل سفید (سفید پیاز کا پانی) دیگ میں ڈال کر جوش دیوے - پھر اس پوٹلی کو گڑھے میں رکھکر ایک سیر شراب ۱۲ آتشہ مقطر کرے بعدہ شہد میں آلودہ کر کے سنکھیا سفید میں غلطان کر کے ۲ تولہ سونٹھ پانی میں پیسکر اسپر لیپ کرے اور مندرجہ بالا طریق سے آنچ دیوے کہ زنجبیل (سونٹھ) جل جاوے پس شنگرف کو نکالکر پیسکر رکھے (ایک قلمی کتاب)

کشتہ شنگرف

شنگرف ۱ تولہ - سمندر جھاگ ۵ تولہ - بیضہ مرغ ۲۱ عدد میں ملا کر خمیر کرے اور

شنگرف کی ٹکی پر لیپ کر دیوے پھر بوتہ گلی میں بند کر کے کپروٹی کر کے پھر زمین میں گڑھا کر کے قریب نکالے اور اوپر نیچے رکھے اوپر بالو ریت ڈالے یہاں تک کہ ایک انگل بوتے کے اوپر ہے اور اسکے اوپر دو سیر اوپلے ڈال کر آنچ دیوے جب سرد ہو جاوے دو سیر اور ڈال دیوے تاکہ پہر آنچ رہے ان کو آنچ نہ دے اور صبح بوتہ کو الٹا دیوے یعنی اس کا نچلا حصہ اوپر اور اوپر کا نیچے ہو جاوے اور بدستور آنچ کرے چنانچہ بوتہ سرخ ہو جاویگا نکال کر پیس رکھے - خوراک ایک رتی برگ پان یا برگ ملسی میں ۲۰ روز تک لیوے - اگر گستہ دی ملاوے اور بھی بہتر ہے اگر بہت ہی سردی ہو اور قوت کم ہو اور زمانہ زیادہ ہو پرہیز بادی اشیاء سے - (ایک قلمی کتاب)

کشتہ ہڑتال

ہڑتال کو اندر گندل کے گودے میں ہوا تک کھرل کرے پھر دودھ آک (مدار) سے ۳ دن کھرل کرے پھر ٹکیہ بنا کر ۴ سیر ہرمل کوٹ کر نیچے اوپر ایک ہانڈی گلی میں رکھکر سر پوش سے بند کرے اور پھر آنچ دے سفید کشتہ برآمد ہوگا (در)

کشتہ ہڑتال ورقی

ہڑتال ورقی ورق ورق کر کے آک (مدار) کے دودھ میں ۱ یوم تر رکھے پھر گرم پانی سے ۲ پہر کھرل کر کے دگنا وزن پھٹکڑی سفید ایک پیالہ میں نیچے اوپر دیکر بند کر کے آنچ دیوے - خوراک ایک رتی - (در)

دوائی برائے عرشہ

مٹھا تیلیہ ۱ تولہ - فلفلین ۱ تولہ - سیسہ (سکہ) ۱ تولہ - سہاگہ (بلودہ) ۱ تولہ ۴ پہر تک اس طرح کھرل کرے کہ ۴ پہر میں ایک دفعہ بھی یہ عمل بند نہ ہو - خوراک خشخاش بھر پان یا بتاشہ میں دیوے کل امراض بلغمی و بادی کو مفید ہے (در)

کشتہ شنگرف

شنگرف ۱ تولہ رافیون ۱ تولہ کا لیپ کر کے خشک کر کے پھر رنگ بیلے ازاں جمال گوٹہ کا لیپ کر کے خشک کر کے اور اسے ایک پیاز کے اندر دیکر اوپر آرد گندم لیپ کر کے خشک کر کے روغن زرد گرم کردہ میں چھوڑے - جب تک سرخ ہو جاوے اسی طرح ۷ بار کرے پھر نکال کر شراب ۱۲ آتشہ میں کھرل کرے بعدہ ۲-۳ روز تشنہ کر کے اسکو شنگرف خشک کو ایک کوڑی چینی ملی ہوئی کانچ امیں ڈال کر ایک گڑھے میں رکھ کر اوپر ۲ انگل نمک بہت ڈال کر ۲ سیر اوپلوں کی آنچ دے آخر کار سفید ہو جاوے گا - (در)

جمیع امراض ریاح

بلیلہ سیاہ ۱ سیر - لسن مقشر ۱ سیر - نانخواہ - راجاری ۱ سیر - بلیلہ سیاہ کو گئو گھر

اور دیگر ادویات ملا کر ایک کانسی کے برتن میں پانی اس قدر ڈالے کہ بھر ڈالنے کی حاجت نہ ہو پس بند کر کے گھوڑے کی لید میں دفن کر دے اور ۱۰ یوم کے بعد نکال کر بمقدار کیو اور موافق مزاج کے کھاوے باد کو دور کرے اور بھوک بڑھاوے۔ سردی۔ وجع المفاصل اور زردی رنگت کو دور کر کے سرخی دیوے۔ (ایک قلمی کتاب)

برائے وجع المفاصل

پوست بلیلہ ۱ ماشہ۔ پوست بلیلہ ۱ ماشہ۔ آملہ مقشر ۱ ماشہ۔ چترا ۱ ماشہ ایلوا زرد ۱ ماشہ۔ لونگ ۴ ماشہ۔ فلفلیں ۴ ماشہ۔ گوگل ۳ ماشہ۔ نمک سنگ ۴ ماشہ شاخ حنظل ۲ ماشہ۔ نسوت (تربدی) ۸ ماشہ۔ سرنجاں ۲۰ رتولہ۔ مصری ۲ تولہ۔ پوست بیخ سہانجنہ کے پانی کے ساتھ کھرل کر کے گولیاں بنا دیں خوراک ۲ ماشہ علی الصباح کھائیں +

طلائے وجع المفاصل

گندھک ۱ تولہ۔ ہڑتال ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ دھتورہ کے ۴۰ تولہ پانی کیساتھ کھرل کر کے خشک کر کے روغن تلخ ایک سیر میں ڈالکر دو تین جوش دیوے پس سرد کر کے رکھے درد ہائے بدن و فالج میں تمام بدن پر مالش کرے (ایضاً)

سفوف وجع المفاصل و عرق النسا

سرنجاں سفید ۱۰ درم۔ برگ سنا ۱۰ درم۔ پوست بلیلہ زرد ۳ درم۔ مغز بادام ۳ درم زعفران نیم درم۔ اور اگر مادہ بلغمی ہو تو تربد (تربدی) سفید ۱۰ درم اضافہ کر کے رکھے خوراک ۲ درم تا ۲ مثقال + نوٹ:۔ درم ۳ ماشہ اور مثقال ۴ ماشہ کا ہوتا ہے +

برائے وجع المفاصل جو رفع قبض بھی کرے

دیگر امراض کو جو امتلائے بدن سے ہوں مفید ہے۔ املتاس کا گودہ ۶۰ تولہ

تربد موصوف (نسوت) ۲ تولہ۔ ریشہ خطمی ۴ ماشہ۔ تخم خشخاش ۹ ماشہ۔ ملٹھی ۷ ماشہ۔ زیرہ سفید ۷ ماشہ۔ سرنجاں ۱ تولہ۔ خلنجاں ۱ تولہ۔ سنا ۱ تولہ۔ روغن بادام ۱ تولہ۔ ترنجبین ۱ تولہ زنجبیل (سونٹھ) ۱۔ پاؤ بدستور معجون تیار کرے خوراک ۱ تولہ بلغم اور صفراء کو دور کرے (ایک قلمی کتاب)

برائے عرق النسا

اجوائن ہر قسم۔ تخم سوئے۔ مالکنگنی۔ اسگندھ۔ موصلی سیاہ مساوی الوزن اول موصلی کو تر کپڑے میں باندھکر اور خاکستر کے اندر رکھکر اسکے اوپر پیالہ اُلٹا دیوے بعد ساعت کے نکالے تمام دوائیاں کوٹ پیسکر رکھے اور خوراک ۲ ماشہ صبح و شام

برائے بہق ابیض (سفید داغ)

تخم مولی ۵ ماشہ۔ باوچی ۳ ماشہ۔ قنداسہ ۱ ماشہ۔ طوطیا ۴ رتی۔ مجیٹھ ۳ ماشہ چھاچھ ترش میں ۲ پہر جوش دیکر کھرل میں ڈالکر کھرل کریں اور ۳ روز تک ضماد کریں

کشتہ ہڑتال

نمک طعام ایک چھٹانک لیکر ایک بڑے اوپلے میں گڑھا کر کے نصف نمک نیچے بچھا دے اور اسپر ۳ ماشہ لاجونتی اور اسکے اوپر ۶ ماشہ ہڑتال بعدہ لاجونتی ۶ ماشہ اسکے اوپر نمک ڈالکر اور اس اوپلے کے نیچے اوپر ایک سیر اوپلے لگا کر آنچ دیوے تو سفید رنگت کا کشتہ ہو جاوے۔ خوراک ۲ چاول (ایک قلمی کتاب)

برائے دفیعہ درد ریاح

افیون ۱ ماشہ۔ کیسر ۱ ماشہ۔ منقہ ۵ ماشہ۔ گوند کیکر ۱ ماشہ۔ مغز بادام ۵ ماشہ اول مغز بادام کو کوٹے اور جو رطوبت پیدا ہو اس میں گوند ڈال دیوے پھر کیسر افیون کوٹی ہوئی اور منقہ داخل کر کے کوٹ کر موافق چنے کے گولیاں بنائے۔ خوراک ۱ یا ۲ گولی۔

(ر)

برائے وجع المفاصل

تھوہر کا دودھ آدھ پاؤ۔ تلوں کا تیل آدھ پاؤ۔ ہر دو کو کڑاہی میں آنچ پر رکھے جب صرف روغن رہ جاوے تو نیچے اُتار کر رات کیوقت آگ کے سامنے بیٹھکر مالش کر کے اسکے اوپر برگ بڑ (بوہڑ) اسی تیل میں چرب کر کے چند روز تک باندھیں مجرب ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

شربت برائے دفعیہ بلغم و فضلہ بلغمی

عناب ۵ اعدد۔ سپستان ۲۵ عدد۔ انجیر ۲ ماشہ۔ بنفشہ ۱۰ ماشہ۔ خطمی ۱۰ ماشہ خبازی ۱۰ ماشہ۔ پرسیاؤشاں ۲ تولہ۔ ملٹھی ۱۰ ماشہ۔ زوفا ۲ تولہ۔ خشخاش ۳ تولہ۔ بادیان ۲ تولہ۔ نیلوفر ۲ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ۔ مصری ۲ چند کل اجزاء کے۔ ادویات جوکوب کر کے رات بھگو کر جوش دیکر مل چھان کر مصری داخل کر کے بدستور شربت تیار کر لویں۔ (ایک قلمی کتاب)

(ایضاً)

بنفشہ ۱ تولہ۔ نیلوفر ۱ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ۔ تخم خیارین ۱ تولہ تخم کاسنی ۱ تولہ۔ بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ مویز منقہ ۲ تولہ۔ آلو بخارا ۱۵ اعدد۔ سناء ۱ تولہ مصری ۳ چھٹانک بدستور بہ طریق معروف شربت بناویں + (ایک قلمی کتاب)

برائے درد چشم

مغز کنوار ۳ ماشہ۔ کوکنار (پوست خشخاش) ایک عدد۔ زرد چوب ۱ ماشہ افیون ۱ رتی۔ پھٹکری سفید ۱ ماشہ۔ لونگ ۱ عدد سب کو کوٹ کر اس میں تھوڑا گندم کا میدہ ملا کر اسقدر کہ پوٹلی سخت ہو جاوے ملا کر پوٹلی بنا کر ٹکور کریں اور سوتے وقت ٹکیہ بنا کر مریض کی آنکھوں پر باندھیں۔

[illegible]

پھولا چشم

سمندر جھاگ۔ کشتہ تانبہ۔ زیرہ سیاہ۔ چاکسو۔ نیلا تھوتھا۔ گھونگچی سفید۔ مساوی لیکر آب لیموں میں دوپہر کھرل کر کے رکھے اور سلائی سے آنکھ میں ڈالا کرے +

غدود و خارش چشم

رسونت ۲ ماشہ۔ فلفلدراز ۲ ماشہ۔ توتیا سبز ۳ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ پھٹکری ۲ ماشہ۔ سونٹھ ۲ ماشہ۔ جدا جدا پیسکر ایک جگہ کر کے ذرا پانی ڈال کر گولیاں بنا دیں اور بوقت ضرورت ذرا سا پانی سے گھسکر آنکھ میں لگاویں + (ایک قلمی کتاب)

برائے دفعیہ غبار چشم

سکہ (دسیہ) کو تھالی میں ڈالکر گلاوے۔ گندھک آملہ سار ۲ حصے لیکر پیسکر رکھے اور تھکی تھکی ڈالتا جاوے اور ایک آہنی سیخ سے ہلاتا جاوے حتیٰ کہ سکہ خاکستر ہو جاوے پس اُتار کر باریک کر کے رکھے اور بوقت دوپہر کے آنکھ میں لگاوے اور سو رہے +

علاج بھنی اور پلکوں کے گرنے کا

گولی سکہ کی جو ہم بار بندوق سے نکالی گئی ہو لیکر تیرہ کر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیوے اور فلفل سیاہ لیکر ملا کر خوب کھرل کرے حتیٰ کہ سرمہ ہو جاوے اور سوتے وقت سلائی سے لگایا کرے۔ (ایک قلمی کتاب)

برائے دفعیہ درد چشم

کالی مرچ ۴ عدد۔ کف دریا ۱ ماشہ۔ سفیدہ چینی ۲ ماشہ۔ سکہ (دسیہ) ۲ ماشہ اول سکہ کو تیز اکر کے اور چھوٹے چھوٹے ریزے قینچی سے کتر کر اس میں ڈالے اور [illegible] سلائی سے لگایا کرے +

نسخہ جو کہ جمیع امراض چشم کو مفید ہے

پھلانوہ سوختہ ۴ عدد۔ پھٹکری سفید ۲ تولہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ اول پھٹکری کو توا آہنی پر ڈالکر آنچ پر رکھے جب گل جاوے تو افیون ڈال دیوے اور نیچے اتار کر پھلانوہ کی راکھ ڈال دے اور عرق لیموں ڈال کر دو پہر تک کھرل کرے پھر سرمہ کی طرح یا لیپ کیطرح بنا کر نگاہ رکھے اس کو آنکھ میں لگانے سے اکثر امراض دور ہو جاتی ہیں

برائے دفیعہ سفیدی چشم

زنگار۔ سفیدہ۔ چاندی کی میل (کٹھالی زرگروں سے لیویں) برابر وزن باریک کرکے اور تھوڑا پانی ڈال کر گولیاں بنا کر خشک کرکے رکھیں اور تھوڑی سی چھاچھ میں گھسکر لگایا کریں + (ایک قلمی کتاب)

نسخہ جو کہ دھند۔ جالا غبار۔ نیا پھولا وغیرہ کو مفید ہے

رنگ لاہوری ۳ ماشہ۔ پھٹکری سفید ۳ ماشہ۔ سنگ بصری ۳ ماشہ۔ مرد اسنگ ۱ ماشہ۔ سرمہ سفید ۳ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۵ عدد۔ تمام ادویہ کو باریک مانند سرمہ کرکے رکھے اور سلائی سے لگایا کرے + (ایک قلمی کتاب)

برائے دفیعہ درد چشم

طباشیر۔ مصری۔ قندھاری۔ دونوں کو پانی ہلیلہ زرد میں ۳۰ یوم تک کھرل کریں پھر خشک کرکے مانند سرمہ کے پیسکر سبز رنگت کی شیشی میں نگاہ رکھیں۔ اور سلائی سے لگایا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)

برائے دفیعہ پانی جالا و درد چشم

طباشیر ۲ ماشہ۔ الائچی کلاں ۲ ماشہ۔ گل سرخ ۶ ماشہ۔ عرق لیموں ایک چھٹانک

میں کھرل کرے اور خشک ہونے پر نگاہ رکھے اور سلائی سے لگایا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے گل چشم

نیلا تھوتھا ۴ ماشہ۔ کف دریا ۴ ماشہ۔ سفیدہ ۴ ماشہ۔ زنگار ۴ ماشہ۔ پھٹکری بریان ۴ ماشہ۔ رسونت ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۵ ماشہ۔ سہاگہ ۵ ماشہ۔ سفال چینی۔ (چینی کا ٹکڑا) ۲ ماشہ۔ کچ سبز ۴ ماشہ۔ مصری کالپی ۴ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۴ ماشہ۔ سرمہ سفید ۶ ماشہ نوشادر ۵ ماشہ۔ تبر سیاہ ۴ ماشہ۔ صدف سوختہ ۴ ماشہ۔ افیون ۱ تولہ۔ چاندی کی میل ۴ ماشہ۔ سرمہ چینی ۲ تولہ۔ اول نسخہ کو رات کیوقت ۴ تولہ پانی میں تر کریں اور صبح کپڑے سے چھانکر مصری و افیون اس میں ڈالکر آنچ پر رکھیں حتیٰ کہ گاڑھا ہو جاوے باقی اجزا باریک کرکے عرق لیموں یا عرق انار دانہ میں خوب کھرل کرکے اس میں ملاویں اور چنے کے برابر گولیاں بناویں اور حسب ضرورت تھوڑی سی سرد پانی میں گھسکر صبح و شام لگاویں (ایک قلمی کتاب)

آنکھ سے پانی جانا

ثانیہ ۱ تولہ۔ سیسہ ۱ تولہ۔ رومی ۱ تولہ۔ تمام کو پگھلا کر یکجا کرکے مرچ سیاہ ۳ عدد۔ فلفل دراز ۳ ماشہ۔ سفال چینی ۱ ماشہ ملا کر لیموں کے پانی میں باریک کرکے خشک مانند سرمہ کے کریں اور آنکھ میں لگایا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)

نوٹ:۔ ثانیہ سے مراد جست ہے رومی سے مراد پارہ اور سیسہ سے مراد سکہ ہے۔

آنکھ سے پانی جانا

پھٹکری بریان اور کشتہ جست ہر دو کو کٹورہ میں ڈالکر ایک نیم کے ڈنڈے کے نیچے ایک تانبہ کا پیسہ گاڑ دیوے اور اس ڈنڈے سے ہر دو اشیاء کو رگڑے اور تھوڑا تھوڑا صاف رس لیموں کا بھی ڈالتا جاوے۔ حتیٰ کہ چالیس لیموں کی رس ختم ہو جاوے تب خشک کرکے رکھے اور سلائی سے لگایا کرے اکسیر ہے (ایک قلمی کتاب)

بیاض چشم

شورہ سفید۔ پھٹکری۔ زنگار۔ نوشادر۔ ایک کانسی کے کٹورے میں ایک کیکر کے ڈنڈے کے نیچے ایک پیسہ تانبہ کا رگڑ کر اس ڈنڈے سے کھٹی بوٹی کے رس میں کھرل کرے ۳ دن پھر خشک کرکے رکھے مفید ہے (ایک قلمی کتاب)

برائے دفعیہ درد چشم

فصد سیر کو کڑچھہ میں آنچ پر پگھلاوے تھوڑا تھوڑا آب گل چنبیلی ڈالتا جاوے اور ہلاتا جاوے حتےٰ کہ کشتہ ہو جاوے (اگر کشتہ جست آنکھوں کی امراض کے نسخہ جات میں جو ڈالنا لکھا ہو تو اس کو ڈالنا بہتر ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ درد و پانی چشم وغیرہ

(۱) رسونت۔ افیون۔ پھٹکری۔ مصری کالپی۔ نیلا تھوتھا مساوی الوزن لیکر گھیکوار کے گودے میں ملا کر اور لیموں کی رس میں کھرل کرکے گولیاں بناوے اور وقت ضرورت کانسی کے کٹورے پر لعاب سے رگڑ کر سلائی سے آنکھ میں لگاوے

(۲) نوشادر ایک چھٹانک۔ نمک شیشہ ایک چھٹانک۔ نمک کو باریک کرکے توا آہنی پر بچھاوے اسپر نوشادر باریک بچھاوے اور اس میں چند دانہ فاصلہ فاصلہ کے علیحدہ علیحدہ رکھدیوے اور ایک پیالہ اس پر اوندھا کر منہ بند کر دیوے نیچے نرم آنچ بیر کی لکڑی کی کرے اور ۲ پہر برابر آنچ دیوے۔ جوہر نوشادر کا اڑ کر اوپر جالگیگا اور پھر اس نوشادر کے ساتھ ویسا ہی عمل کرے تو اکسیر ہو وے دھند۔ جالا۔ پھولا۔ سرخی کو نافع ہے اور اکثر امراض چشم کو مفید ہے ایکبار کا جوہر بہت ہی مفید ہے +

(۳) رس کپور۔ کافور برابر وزن کیلے کے پانی میں ایک پہر کھرل کرے پھر ٹکیہ بنا کر اور توا پر ڈالکر سرپوش دیکر مثل جوہر بالا اڑ کر جوہر لیوے یہ جوہر دھند جالا پھولا کو مفید ہے

(۴) برگ حنا۔ انار دانہ۔ رسونت۔ شورہ سفید ایک ایک تولہ ایک پاؤ پانی میں تین دن تک کھرل کرے پھر مل چھان کر کانسی کے پیالہ میں ڈالے۔ ہلیلہ ۱ تولہ۔ بلیلہ ۱ تولہ آملہ ۱ تولہ کو جلا کر۔ پھٹکری ۱ تولہ بریان کرکے سب کو باریک کرکے عرق مندرجہ بالا میں ڈالکر جست کے دستہ سے کھرل کرے جب گاڑھا ہو جاوے بتیاں بنالیوے اور وقت ضرورت پانی میں گھسکر لگایا کرے۔ سرخی چشم۔ درد آنکھ و پانی جانا۔ نیز جالا پھولا اور دھند وغیرہ کو نافع ہے +

(۵) نوشادر ۹ ماشہ ایک کڑچھہ میں رکھکر اور رس لیموں کا اسقدر ڈالے کہ ۲ انگل اوپر رہے اور آنچ پر رکھے جب وہ بھی جذب ہو جاوے تو باریک پیسکر مصری کالپی ۲ حصہ داخل کرکے اور کھرل کرکے گولیاں موافق دانہ مونگ کے باندھیں خوراک ایک گولی ہمراہ آب گرم جانوروں کو کھلانے سے ان کی بھوک بڑھ جاتی ہے گھسکر آنکھ انسان کے اندر لگانے سے امراض آنکھ دور ہوتی ہیں۔ سرخی۔ دھند۔ جالا پھولا وغیرہ کو نافع ہے +

(۶) پھٹکری بریاں ۶ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۱ ماشہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ افیون ایک رتی تمام اشیاء کو کھٹی بوٹی کی رس میں کھرل کرکے بتیاں بنا رکھے اور اپنے لعاب دہن سے گھسکر حسب ضرورت لگایا کریں۔ درد آنکھ و سرخی آنکھ و دھند جالا وغیرہ کو مفید ہے

(۷) سفال چینی ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ۔ کانچ سبز ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ پھٹکری سفید ۱ تولہ۔ کف دریا ۱ تولہ۔ سرگین سیاہ ۶ ماشہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ تمام ادویہ کو پیسکر مانند سرمہ کے کرے اور یہ اکثر امراض چشم کو مفید ہے۔ دھند پھولا و جالا سب اس سے کٹ جاتے ہیں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دردہائے چشمان

زنگار ۲ ماشہ۔ سفیدہ ۲ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ سیسہ ۲ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۱ ماشہ جست ۸ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ آٹھ پہر کھرل کرکے سرمہ سا بنا کر رکھیں بہت ہی مفید ہے (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ غبار چشم

سیسہ ایک سرساہی۔ قلفلہ از ایک سرساہی۔ آنزادت ۴ رتی۔ سنگ بصری ۲ رتی باریک مانند سرمہ کے کرلیوے۔ سیسہ کو ریزہ ریزہ کرلینا چاہیئے تب کھرل ہوسکیگا۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ سرخی چشم وغیرہ

رسونت ۲ ماشہ۔ افیون ایک رتی۔ پھٹکری ۴ رتی ایک کڑچھے میں آنچ پر رکھیں جب یکذات ہوجاویں نیچے اتار کر بتی بناویں اور بوقت ضرورت لعاب دہن میں گھسکر آنکھ میں لگادیں (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ خارش و ظلمت چشم

تنج مرجان ۴ ماشہ۔ پوست بلیلہ زرد ۴ ماشہ۔ صبر سقوطری ۴ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۴ رتی۔ تمام ادویہ کو کھرل کرے اور بحفاظت شیشی میں رکھے اور بوقت ضرورت سلائی سے آنکھوں میں لگاوے بہت فائدہ مند ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے پانی جانا خارش غبار و گل چشم

بڑنمک یا معمولی نمک تھوہر کے ڈنڈے کے اندر داخل کرکے کپڑمٹی کرکے اسے جنگلی اوپلوں کی آنچ دیویں اور سرد ہونے پر نکال کر پیسکر رکھیں۔ بذریعہ سلائی حسب آنکھ میں ڈالیں۔ نیز بلغمی کھانسی وغیرہ کو بھی مفید ہے خوراک ۲ ماشہ بہمراہ کھانڈ۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ درد چشم وغیرہ

آملہ ۱۱ ایک سیر پانی میں تر کردیوے اور صبح اسکا مناسب پانی لے لیوے

اور کشتہ جست ۴ تولہ لیکر اس میں کھرل کرے حتی کہ پانی جذب ہوکر گولی بننے کے لائق ہوجاوے گولیاں بنا رکھے اور بوقت ضرورت پانی میں گھسکر آنکھوں میں لگاوے

نسخہ برائے دفیعہ غبار چشم

سیسہ کی گولی ۲ عدد لیکر کڑچھ میں ڈالکر پگھلاوے اور آنچ کوئلوں کی تیز رکھے اور جڑھ حرمل کی اس میں پھیرتا جاوے جب جڑھ حرمل ختم ہوجاوے تو آک کی جڑھ پھیرے اسکے جل جانے کے بعد پھر حرمل کی جڑھ اور پھر آک (مدار) کی جڑھ اس طرح پھیرے کہ سیسہ خاکستر ہوجاوے پس نیچے اتار کر اس میں فلفل سیاہ ۳ ماشہ داخل کرکے ۴ عدد لیموں کی رس میں کھرل کرلیوے اور مانند سرمہ کرکے نگاہ رکھے اور آنکھوں میں ڈالا کرے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ غبار و پڑبال

آرد زنجبیل (آٹا سونٹھ) نمک سنگ۔ پھٹکری بریان۔ قلمی شورہ۔ دودھ بھینس۔ نمک طعام سب برابر وزن اور سب کو کوٹ کر دودھ بھینس میں ڈالکر آنچ پر رکھیں جب دودھ جذب ہوجاوے تو باریک کرکے رکھے اور ۲ دن تک آنکھوں میں لگاوے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ وجع العین (درد آنکھ)

پھٹکری۔ سیاہ مرچ۔ سونٹھ مساوی الوزن کوٹ پیسکر مانند سرمہ باریک کرکے رکھیں اور کام میں لاویں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برای دفیعہ جریان غبار و خارش چشم وغیرہ

ایک ڈلی سرمہ سیاہ روغن سرسوں میں ڈالکر ایک ماہ برابر پڑا رہنے دیں پھر نکالکر تھوڑے سے پھول چنبہ کے لیکر کھرل کر رکھے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ دھند غبار چشم وغیرہ

نوشادر لیکر چند سفید کے عرق میں ڈبو دیوے یہانتک کہ عرق دو انگل اوپر رہے بعد ازاں خوب کھرل کرکے تھوڑی سی ٹاٹری ملاکر کھرل کرکے سرمہ دانی میں رکھے اور کام میں لاوے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ شلہ منقلب یعنے پڑبال

رسوت، تسمند رجھاگ، نیلا تھوتھا، مصری، افیون ہر ایک ۱ ماشہ۔ مرغ نر کا پر چراغ کی لو پر جلایا ہوا ایک عدد۔ مرغ مادہ کا پر چراغ کی لو پر جلایا ہوا ایک عدد کھرل کرکے رکھے اول بالوں کو اکھاڑ لو اور پیچھے اسے لگایا کرو۔

گل چینیہ ۳۲ عدد۔ گل کنجد ۱۰۰ عدد کھرل کرکے گولیاں بنا رکھے۔ غبار کیواسطے پانی میں گھسکر اور خارش و گل چشم کے واسطے عورت کے دودھ میں گھسکر اور پڑبال کیواسطے بکری کے پیشاب میں گھسکر آنکھوں میں لگایا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)

ایک کپڑے کو پانی میں بھگو کر صابون اچھی طرح لگا کر اسکو سکھا لیویں بعد ازاں نیلا تھوتھا پانی میں پیسکر اس کپڑے کو اس میں ڈال دیویں پھر نکال کر خشک کرے پس اس کپڑے کو جلا دیوے اور اس کی خاکستر کو سرمہ کیطرح پیسکر رکھے اکثر امراض کو مفید ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ گل چشم

سرمہ سفید ۱ تولہ۔ برادہ تانبہ ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۵ ماشہ۔ نوشادر ۵ ماشہ۔ پھٹکری زرد کے پانی میں ۶ پہر کھرل کرکے ایک ہلیلہ زرد کے پانی میں ایک پہر لیموں کی رس میں ایک پہر اور گھیکوار کی رس میں ایک پہر کھرل کرکے خشک کرکے مانند سرمہ کے کر لیوے اور سرمہ دانی میں رکھے اور سلائی سے لگایا کرے۔ تمام شکایات [illegible] + ایک قلمی کتاب)

نسخہ دیگر برائے دفعیہ گل چشم

تشیشہ نمک ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۲ تولہ۔ نمک کو باریک کرکے ایک پیالی میں رکھے اور اسپر نوشادر و نیلا تھوتھا جو کوب کرکے بچھا دیوے اور پر دوسرا پیالہ اوندھا کر دونوں کا منہ مٹی سے بند کرکے نیچے بیری کی لکڑی کی آنچ دو۔ ۲ پہر تک [illegible] آگ جلاوے اسکا جوہر اوپر کے پیالہ کو جا لگیگا جوہر لیکر آنکھ میں ڈالے۔ پھولا دھند۔ جالا۔ غبار کو مفید ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ آشوب چشم (درد آنکھ)

رسوت ۲ ماشہ۔ پھٹکری ۱ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ایک عدد ہلدی ایک گانٹھ۔ ماجو ایک عدد۔ ایک لوہے کے چمچے پر تمام چیزیں گھسکر آنکھ میں لگا دیوے اور ذرا اوپر آنکھ کے لیپ کیا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ غبار چشم اندھیرا آنا

نوشادر ۴ تولہ۔ گل کنجد ۴ تولہ۔ گل چنبہ ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ فلفلدراز ۶ ماشہ۔ عرق لیموں ۲۵ عدد سحق کرکے گولیاں بنا رکھے وقت حاجت کے تھوڑا سا پانی میں گھسکر لگا دے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ اکثر امراض چشم

نوشادر ۷ ماشہ۔ پھٹکری سفید ۴ ماشہ۔ فاطون (نوشادر) ۴ ماشہ سب کو ملاکر آنچ پر رکھے جب پگھل کر ایک ٹکیہ سی بندھ جاوے تو اتار کر کھرل کرکے نگاہ رکھے اکثر امراض چشم مثل پانی جانا۔ دھند۔ جالا۔ غبار وغیرہ کو مفید ہے (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ امراض چشم سوائے موتیا بند } نوشادر، سہاگہ، پھٹکری تینوں ایک ایک [illegible] ایک پیالہ میں ڈالے

پیالہ اوندھا کر منہ کے ساتھ منہ ملا کر کپڑ مٹی کر کے آنچ پر رکھے۔ بیری کی لکڑی ڈیڑھ سیر آہستہ آہستہ جلا دے جو ہر اوپر کے پیالہ کو جو لگیگا اسکو لیکر نگاہ رکھے اور آنکھوں میں ڈالا کرے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ مجرب برائے سفیدی چشم و پتلی ضعف بصر و خارش چشم

مامیران چینی ۲ ماشہ۔ بال چھڑ ۲ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ۔ صبر سقوطری ۲ ماشہ سنگ بصری ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۲ ماشہ۔ خاکستر ۲ ماشہ۔ مغز بلیلہ زرد ۲ ماشہ۔ تخم گل سرخ ۲ ماشہ کافور ۲ ماشہ۔ مازو سبز ۲ ماشہ۔ لاہوری نمک ۲ ماشہ۔ دار چینی ۲ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ دار فلفل ۲ ماشہ۔ فیاز ماشیا ۳ ماشہ۔ پوست بلیلہ زرد ۳ ماشہ۔ کف دریا ۲ ماشہ۔ آملہ ۲ ماشہ پھٹکڑی بریان ۲ ماشہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ تمام اشیاء کو ملا کر کھرل کر کے سرمہ بنا دیں اور آنکھوں میں لگایا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)۔

نسخہ برائے دفعیہ غبار چشم و سرخی چشم

ٹاٹری۔ نوشادر۔ دونوں کو پیسکر برتن چینی میں رکھے کے برگ نیم کا پانی ڈال دیوے کہ ۲ انگل اوپر رہے جب پانی جذب ہو جاوے تو کھرل میں پیسکر مانند سرمہ کے کرے۔ (ایک قلمی کتاب)

سرمہ جو کہ نہایت مفید ہے

سرمہ سیاہ ۸ تولہ۔ سنگ بصری ۲ تولہ۔ لونگ ۱۶ عدد۔ دانہ الائچی خورد ۲۴ عدد۔ زیرہ سفید ۲ تولہ۔ پھٹکڑی بریان ۱ تولہ۔ کافور ۶ ماشہ۔ گل گلاب چھ چھٹانک۔ چینی (بورہ سفید ۶ ماشہ) طباشیر ۶ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ سہاگہ بریان ۶ ماشہ اول سرمہ کو ۳ پہر کھرل کرے پھر کافور کو کھرل کرے بعد ازاں سب ادویات کوٹ کر سرمہ میں ملا دو اور مانند الکحل کے باریک کر کے سرمہ دانی میں نگاہ رکھو + شکایات رسنا آنکھوں نہیں لگنے سے جملہ امراض چشم کو بہت فائدہ مند ہے۔

نسخہ قبض کشا و ہاضم

پوست بلیلہ زرد۔ بلیلہ سیاہ۔ نمک لاہوری۔ سناء مکی۔ برابر وزن پیسکر رکھے خوراک ۹ ماشہ بہمراہ آب گرم بوقت خفتن (قبض کشا ہے اور درد پیٹ و ریاح کو نافع ہے) (ایک قلمی کتاب)

قبض کشا و محلل ریاح

گل سرخ۔ سناء۔ بلیلہ زرد۔ سناء و بلیلہ زرد کو گھی میں بھون کر اور تینوں کو ملا کر شہد میں گولیاں بقدر بیر کے بنا دیں اور ایک گولی بوقت خفتن کھاوے۔

ہاضم

پوست بلیلہ زرد ۲ تولہ۔ پوست بلیلہ ۲ تولہ۔ آملہ ۳ تولہ۔ سونف ۱ تولہ۔ انار دانہ ۲ تولہ۔ پودینہ ۱ تولہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ نمک سونچر ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے گھیکوار (کوار گندل) کے لعاب میں ایک پہر کھرل کر کے گولیاں موافق بیر کے بنا دے۔ خوراک ایک صبح و ایک شام نیم گرم پانی سے سرد و دیر ہضم اشیاء سے پرہیز کرے۔ (ایک قلمی کتاب)

(ایضاً)

پودینہ ۱ تولہ۔ بادیان ۱ تولہ۔ بلیلہ زرد ۲ تولہ۔ بلیلہ سیاہ ۲ تولہ۔ نمک شیشہ ۲ تولہ۔ دار چینی (زنجبیل) ۱ تولہ۔ ترنجبد (تربد) سفید ۱ تولہ۔ دار فلفل ۱ تولہ۔ تمام ادویات کو کوٹ کر عرق لیموں میں تر کر کے کہ چار انگل اوپر آوے اور جب خشک ہو جاوے تیار کر خوراک ۳ ماشہ بعد از غذا شہد سے۔ (ت)

(ایضاً)

فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ ہر دو کو ۹ عدد لیموں کی رس میں کھرل کر کے

گولیاں ایک ایک رتی کے برابر بناوے اور دو گولیاں رات کو سوتے وقت کھاوے چھاچھ سے پرہیز کرنا چاہیے۔ (ایک قلمی کتاب)

ہاضم

پودینہ۔ سونف۔ اجوائن۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ آملہ۔ انگوزہ۔ ہینگ۔ اناردانہ۔ گل سرخ۔ سنائی۔ الائچی دانہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل گرد۔ بابونہ۔ نمک سونچر نمک سانبھر۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ۔ جڑ نمک ہر ایک ا تولہ۔ تلسی کے پانی کے ساتھ گولیاں موافق نخود کے باندھے خوراک ایک صبح و ایک شام بعد از غذا کے کھاوے۔ (ایک قلمی کتاب) +

(ایضاً)

املہ ترش ۴ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ۔ ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۴ تولہ۔ بلیلہ ۲ تولہ۔ نوشادر ا تولہ۔ سہاگہ ۴ تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ فلفلدراز ۴ تولہ۔ دارچینی ۴ تولہ۔ مصطگی ۴ تولہ۔ پودینہ ۲ تولہ۔ بادیان ۴ تولہ۔ سرکہ ½ سیر۔ تخم خربوزہ ۴ تولہ۔ الائچی کلان ۳ تولہ۔ نمک سونچر ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۴ تولہ۔ الائچی دانہ ۳ تولہ۔ مویز منقہ ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ اناردانہ ۴ تولہ۔ لونگ ا تولہ۔ ادرک ۳ تولہ۔ تخم ریحان ۴ تولہ۔ مرزنجوش ۴ تولہ۔ تمام اجزاء کو کوٹ میں سرکہ کے ساتھ خمیر کرکے اسقدر شہد کیساتھ ملائے کہ گولیاں باندھنے کے لائق ہو جاوے گولیاں ۴ ماشہ کی باندھے خوراک ا گولی بعد از غذا ہاضم ہے بھوک بڑھاتی ہے مقوی معدہ ہے اور دافع امراض معدہ وانتڑیاں ہے۔ (ایضاً)

دفعیہ خون آمدن از قے

بانسہ ایک سرساہی۔ سپاری ۲ ماشہ۔ شہترہ ۹ ماشہ۔ پانی کے ساتھ جوشاندہ کرکے پلاوے تو آرام آوے + (ایک قلمی کتاب)

جلاب کی دوائی تیز کھانیکے بعد اگر اسہال خونی آویں

گل ارمنی۔ کتھ ا۔ صمغ عربی ... زرد ... بریان کرکے کوٹ کر ۴ مغز

کے ساتھ پیکر ایک چٹکی ۱۲ گل کی خطمی کے شیرہ کے ہمراہ پلاوے (ایک قلمی کتاب)

دوائی دمہ

سرطان بحری کو اس طرح جلاوے کہ سرطان بحری ۲ تولہ۔ بیخ کوکنار ۳ تولہ۔ نوشادر ا تولہ۔ سپاری دکھنی ۳ تولہ ایک کوزہ گلی میں بند کرکے آنچ دیوے۔ پس باہر نکالکر پیکر طباشیر ۳ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ پیکر داخل کرے۔ خوراک ۲ ماشہ علی الصبح چھاچھ ترش کے ہمراہ اگر پیاس معلوم ہو تو چھاچھ ہی پیوے (ایک قلمی کتاب)

دوائی ضیق النفس

شنگرف رومی ۲ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ جائفل ۳ ماشہ۔ فلفلدراز ۳ ماشہ۔ بچھناگ ۳ ماشہ۔ خالص زعفران ا ماشہ۔ ان سب ادویات کو ظروف آہنی میں دستہ آہنی سے ہفتہ بھر تک کھرل کریں اور رکھیں اس دوائی میں سے ا ماشہ مروارید ناسفتہ ا ماشہ۔ دانہ الائچی کلان ½ ماشہ۔ مصری کوزہ ۲ ماشہ کو باریک کرکے رکھیں ۲ چاول بہمراہ بیڑی پان ہر قسم کے دمہ کو نافع ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

ترکیب دوائے بیہوشی

اسکو ہم ہو بہو انہی الفاظ میں درج کر دیتے ہیں اسواسطے بھی کہ ایک جملہ ہو کر اس میں سمجھ بھی نہیں آیا ہے اور اسواسطے بھی کہ ایسی ادویات بہت عام نہیں کرونی چاہییں۔ (ایک قلمی کتاب)

صفت:- افیون خالص ثمانیۃ حبۃ چرس۔ بزر الخشخاش الفقیر احلد بیخ نفاخ بزر الجوز ماثل بند کا ہو کلو احد منہا ثمانیۃ حبۃ جمع الاجزاء السحق و یجمع و یبل فی الماء لیلاً و اذا طلع الشمس و یطبخ فلما بقی نصف منی الماء و یبدل الثوب ثم یبل فضلۃ المکورۃ فی ملک الطبخ لیلاً ثانیا و یطبخ الصبح ہکذا ثلاث مراۃ ثم یدخلی فی تلک المطبوخ بزر البرسقدا خمسۃ دراہم ظما یشرب البز مطبوخ المذکورۃ و یجفف ثم یسحق یا کل منہا شاب القوی ثمانیۃ حبۃ

پس چوں خواہند کہ بہوش آرند یا فدجند بید ستر فرفیون زنجبیل مسادی وسبق ومنفخ منہ قدر قلیل فی الفہ عطس دان دخل ادویۃ الثلاثۃ المذکورہ فی الخلا و یصنع تحت قارورۃ فان الشیم فم القارورۃ المذکورۃ ای فم القارورۃ یصنع مقابل مسخرۃ الخ ندمہند۔ ہذا من عمل الحکما الوتگ ÷ (ایک قلمی کتاب)

دھوڑہ برائے زخم

مصبر سہاگہ سیاہ مردہ کندر۔ دم الاخوین مساوی لیکر باریک کے دھوڑہ بنا رکھیں۔ (رر)

دوائی سوختہ آتش کہ چھالا ظاہر ہوگیا ہو

چونہ قلعی لیکر دو، بار پانی سے دھوکر بعد ازاں روغن کنجد میں حل کرکے جب ایک ذات ہوجاوے تو روئی پرانی اس میں ترکر کے جلی ہوئی جگہ پر رکھے اسطرح کئی بار (ایک قلمی کتاب)

اگر گرم بادام روغن سے جلگیا ہو

سفیدی بیضہ کو روغن زیتون کے ساتھ ملا دیں۔ اور اسکو لگادیں۔ (رر)

مرہم برائے اندمال قروح وغیرہ

روغن تل ایک چھٹانک۔ برگ نیم ۳ تولہ۔ دوسری دوائی کو باریک کرکے ٹکیہ بنالیوے بعد ازاں روغن تل آنچ پر رکھیں جب خوب جوش آجاوے تو صرف نیم کو داخل کریں جب جل جاوے ٹکیہ نیم کو باہر نکال دیں اور بہروزہ تر ۳ تولہ داخل کریں جب گھلکر روغن کے ساتھ یکذات ہوجاوے نیچے اتار لیوے اور ذرا گرم گرم ہی کپڑے میں سے چھان لے اور پھر آنچ پر رکھے اور خالص تولہ داخل کرکے اور نیم کی سبز کرکے سانہ اتار لے جب مرہم تیل کر ایکذات ہوجاوے زنگار ماشہ پیکر حل کر کے اس پر کو اچھی طرح چھنے ہلاکر دیں

ہوجاویں تو اتار کر رکھے سرد ہونے پر جم جاویگا۔ تمام زخموں کو مفید ہے۔ (ایضاً)

دھوڑہ اقسام قروع کے لئے

روغن کنجد ایک چھٹانک۔ شمع کافوری ½ چھٹانک۔ سندور ½ چھٹانک اور سکا فور ۹ ماشہ (رر)

برائے جمیع قروع وناسور

برگ نیم۔ برگ زمرہ۔ برگ کنار شگوفہ نرم۔ بیدانجیر۔ ہر چہار کو عرق پیاز سفید میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر روغن السی میں جلاویں۔ جب ٹکیہ سیاہ ہوجاوے روغن نکالکر پھینک دو اور تیل احتیاط سے رکھے وقت حاجت تھوڑا سا کپڑا یا ٹکڑا تر کرکے رکھیں۔ (ایک قلمی کتاب)

مبثوں وپھوڑوں کو پکانے کے واسطے

تخم کونچہ تخم السی تخم ارنڈ تینوں کو پانی کے ساتھ پیسکر نیم گرم پھوڑوں کے اوپر ضماد کریں اور اس کے اوپر برگ پان گرم کرکے باندھ دیوے۔ چند بار کرنے سے سخت سے سخت پھوڑا پھوٹ جاتا ہے ÷ (رر)

پھوڑے پھنسی کا منہ ہوجائے اور مواد خارج ہوجائے

برگ سمبھالو۔ برگ نیم۔ برگ انار۔ برگ بکاین ہر چہار ادویہ مساوی الوزن تھوڑا کوٹ کر بھرتہ کر لیوے اور نکال کر گرم گرم پھوڑے پر باندھ دے دو تین روز ایسا ہی کرے۔ (رر)

آتشک درجہ دوم وفساد خون وجمیع امراض خون کو از حد مفید ہے

بادیاں دسولف ا سیر۔ ہڑ بیلہ زرد ا سیر۔ ہلیلہ سیاہ ا سیر۔ سنا مکی ا سیر۔ بابرنگ۔ شاہترہ۔ چرائتہ۔ بسپھنگ۔ برہم ڈنڈی۔ چھلکی۔ صندل سرخ۔ برگ جھاؤ۔ ہر ایک ا سیر۔ خولنجان۔ آملہ خشک۔ تخم بکاین۔ تخم جاسن۔ ثمر منیل۔ پوست کچنار۔ پوست خیار سبز۔ برگ حنا ہر ایک آدھ سیر۔ تمام ادویہ کو جو کوب کرکے دریا کے پانی ۱۲ سیر میں ۱۲ پہر تر رکھے۔

بعد ازاں دیگ گلی میں جوش دیوے جب دو سیر رہے تو اتار کر اچھی طرح صاف کر کے رکھے۔ خوراک ۵ تولہ ایک تولہ شہد ملا کر ۴۰ دن تک پیوے تو شفا ہووے۔ (ایک قلمی کتاب)

کشتہ مس یعنی تانبہ برائے مرض آتشک

بلا دو ۴ تولہ لیکر دو لوتہ بناوے۔ ایک میں پہلے ایک تولہ سونا مکھی بچھاوے اور ایک پیسہ رکھ کر اوپر باقی ماندہ سونا مکھی دے کر دوسرا لوتہ اوپر دے کر بند کر کے گل حکمت کرے اور خشک ہونے دے۔ اسیر اوپلوں کی آنچ دیوے خوراک ایک رتی کھانڈ میں ملا کر (ر ر)

دوائی آتشک (باوا کاہنگر)

سم الفار سفید ۱ تولہ کر چھ میں ڈال کر پاؤ دودھ آک (مدار) ڈالے جب جذب ہو جاوے ایک پاؤ اور ڈالے یہاں تک کہ پانچ پاؤ جذب ہو جاوے۔ پھر ۴ سیر لیموں لے کر ان کا عرق کھینچے اور کھرل کرے۔ جب یہ جذب ہو جاوے۔ پھر غنچہ چنبہ ہموزن سم الفار کے ملاوے جب خشک ہو جاوے تو رکھ لے۔ خوراک ایک خشخاش کھانڈ میں ملا کر اگر دوائی کے کھانے سے اسہال جاری ہوں تو مرغ کا شوربہ کھلاوے۔ (ر ر)

حقہ برائے آتشک

موصلی سفید ۱ تولہ۔ مائیں ۱ تولہ۔ ہڑتال ۱ تولہ۔ سیماب (پارہ) ۲ ماشہ اول ہڑتال و پارہ ملا کر کھرل کرے بعد ازاں باقی اشیاء کوٹ کر داخل کر کے چند قطرے پانی کے ملا کر ۴-۴ ماشہ کی ٹکیاں بناوے۔

حقہ جس کو کچھ بھی نیا لگا ہو لے کر اس میں ایک ٹکیہ بجائے تمباکو کے رکھ کر آگ اس پر رکھ کر مثل تمباکو کے پیوے۔ دن رات میں دو تین دفعہ اس عمل کو کرے چند ایام میں زخم خشک ہوں (ر ر)

حبوب برائے آتشک

رس کپور ۲ ماشہ شنگرف ۲ ماشہ۔ عقرقرحا ۲ ماشہ۔ سم الفار سفید ۴ رتی۔ مغز حب ۲ ماشہ

سب کو کوٹ چھان کر یک ذات کر کے لعاب دہن سے خمیر کر کے گولیاں موافق پنبہ دانہ کے بناوے اور سایہ میں خشک کر کے خوراک ایک صبح ایک شام گرم پانی سے دیوے۔ سرد پانی سے بالکل پرہیز رکھے۔ اور چری بلا نمک کے کھاوے۔ (ایک قلمی کتاب)

مرہم برائے دفعیہ قروح آتشک

مردار سنگ ۱ تولہ مسکہ گائے ۲ تولہ۔ ایک سو ایک بار پانی میں دھو کر مردار سنگ ملا کر روغن لگایا کرے تو آرام ہو۔ (ر ر)

ایضاً شنگرف ۲ ماشہ۔ مردار سنگ ۲ ماشہ۔ رال ۲ ماشہ۔ مازو ۲ ماشہ۔ کپور ۲ ماشہ خیار خام ۴ ماشہ سب کو کوٹ کر ایک سو ایک بار دھوئے مکھن میں ملا کر لگاوے (ر ر)

حبوب برائے دفعیہ آتشک

الائچی خورد ۳ ماشہ۔ کراتہ ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ پیپل ۲ ماشہ۔ گڑ پرانا ½۱ تولہ سب ادویات کو کوٹ کر بکری کے دودھ میں ڈال دے۔ جب خمیر ہو جاوے تو کونڈی میں پیس کر گولیاں موافق جنگلی بیر کے بناوے اور ایک گولی روز کھاوے۔ بہمراہ دودھ بکری ½ سیر۔ غذا نان گندم بے نمک یا روغن زرد۔ ۲۰ دن تک استعمال کرے۔ (ر ر)

نقوع دافع آتشک

ہلیلہ زرد ۹ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۹ ماشہ۔ بلیلہ ۹ ماشہ۔ آملہ ۹ ماشہ۔ کاسنی ۹ ماشہ۔ گاؤزبان ۹ ماشہ۔ الائچی خورد ۹ ماشہ۔ کشنیز ۹ ماشہ۔ بسفائج ۹ ماشہ۔ سر پھوکا ۹ ماشہ۔ مہندی ۹ ماشہ شاہترہ ۹ ماشہ۔ پودینہ ۵ ماشہ۔ نیم کوب کر کے ۳ حصے کرے ایک حصہ ہر روز رات کو بھگو دے اور صبح مل چھان کر شہد ملا کر پی لیوے۔ (ر ر)

جلاب برائے دفعیہ آتشک

مغز جمال گوٹہ ۷ عدد مردار سنگ ۷ ماشہ۔ دونوں کو باہم ملا کر کھرل کر کے قندیا

کے ساتھ ملا کر ۳ گولیاں بناویں۔ ایک گولی ہر روز ہمراہ آب سرد صبح کھا لیا کریں (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے دفیعہ آتشک

شنگرف ۵ ماشہ۔ پارہ ۳ ماشہ۔ بسکپور ۲ ماشہ۔ بسم الفار ۱ ماشہ۔ طوطیا ۲ ماشہ۔ لیموں کی رس میں ۲ پہر کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بناویں۔ ملائی یا مکھن میں لپیٹ کر نگل جاوے۔ اس طرح کہ دانتوں کو نہ لگے۔ غذا دال نخود۔ نان گندم۔ روغن زرد چاول و چھاچھ اور ترش اشیاء سے پرہیز کرے۔ (د ر)

دھونی برائے دفیعہ آتشک

مردار سنگ ۲ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ رال سفید ۳ ماشہ باریک کر کے ایک تولہ رانگ کڑاہی میں پگھلا کر کھرل شدہ ادویات داخل کر کے خوب ملا دیں۔ گولی برابر جنگلی بیر کے بنا کر ایک چارپائی پر بیٹھ جاوے اور کل کپڑے اتار دیوے اور ایک چادر اس طرح اوڑھے کہ سر صرف باہر رہے اور باقی کل جسم ڈھانپا رہے۔ ایک ٹھیکری پر کوئلے رکھ کر اوپر ایک گولی رکھ دیوے اور ٹھیکری چادر کے اندر کر دے۔ اس طرح کہ تمام دھواں بدن کو لگے۔ پھر کپڑا اوڑھ کر لیٹ جاوے۔ اسی طرح تین دن تک کرے (د ر)

گولیاں برائے دفیعہ آتشک

رس کپور ۳ ماشہ۔ مغز نخود ۱/۲ پاؤ۔ دونوں کو باریک کر کے تھوہر کے دودھ میں ایک پہر کھرل کر کے گولیاں برابر چنے کے بناوے۔ خوراک ایک گولی علی الصبح اس سے دست خوب آویں گے۔ جوں جوں مرض کم ہوتی جاوے گی۔ دست کم آیا کریں گے اور جب مرض بالکل جاتی رہے گی دست نہیں آویں گے۔ غذا نان گندم با روغن زرد بے نمک اور گولی گھی کے گھونٹ کے ساتھ کھانا اچھا ہے۔ مجرب ہے۔

دوائی برائے دفیعہ جذام آتشک و جمیع امراض بلغم و بارد اور ضعف باہ و ضعف ہضم

چونہ ۱/۲ پاسیر۔ گندھک ۱/۲ سیر دونوں کو کچی ہنڈیا میں داخل کر کے پانی مستعمل ان میں

ڈال کر کے منہ بند کر دیوے اور تین چار دن تک رکھے اور ہنڈیا کے باہر نچلی طرف چونہ تو بجی کا فضلہ باہر آوے گا۔ اس کو رکھتا جاوے۔ جتنے کہ تین پاؤ ہووے۔ باریک کر کے اسمیں نصف تو آہنی پر رکھے۔ اس پر ایک تولہ سنبل الفار زرد رکھ کر باقی نصف ڈالدے اور اچھی طرح دبا دیوے۔ نیچے ۲ چوبیاں جلاوے۔ ۲ پہر آنچ کرے۔ سنکھیا کا کشتہ ہو جاوے گا۔ خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن۔ (ایک قلمی کتاب)

بتی برائے تحلیل اورام

مغز نان گندم ۵ چھٹانک در شیر گرم تر نمودہ۔ جب پھول جاویں۔ خوب کوٹے پھر دم الاخوین ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ انزروت ۲ ماشہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ شہد خالص تولہ زردی بیضہ مرغ ۳ عدد سب کو باریک کر کے بتی بنا دے اور کام میں لاوے (د ر)

تراب کہ زخم تنگ کو کشادہ کرے

رس تھوم لہسن ۱/۲ تولہ۔ عرق لیموں ۱/۲ تولہ۔ سہاگہ چوکیا ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۱ تولہ باریک کر کے عرقوں میں ملا کر ۲ یوم دھوپ میں رکھیں۔ وقت مطابق اس میں سے ایک قطرہ زخم پر ڈالے تو زخم کشادہ ہو جاوے۔ بعد ازاں مرہم وغیرہ لگاوے یہ دوائی اسرار سینہ سے ہے۔ (د ر)

ایضاً پر بھوٹی ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۲ تولہ۔ پھٹکڑی ۲ تولہ۔ ہڑتال ورقی ۲ تولہ۔ باریک کر کے ایک کوزہ گلی میں ڈالے اور چھاچھ آدھ پاؤ داخل کرنے اس کے نیچے ایک چھوٹا سا سوراخ کرے اور اسمیں گڑا دے۔ نیچے کٹورا رکھے۔ یا جو کچھ گرے اٹھا کر رکھے ایک قطرہ زخم کے سر پر لگانے سے زخم کشادہ ہو جاتا ہے۔ (د ر)

ایضاً قلمی شورہ ۲ تولہ۔ داخ ابیض یعنی پھٹکڑی ۲ تولہ۔ قاطوس (نوشادر) ۲ تولہ سب کھرل کر کے پتال جنتر کے ذریعہ تیل نکالیں ایک قطرہ زخم کے سر پر رکھیں زخم کشادہ ہوگا (د ر)

مرہم برائے لوت

مردار سنگ کمیلا کتھ مساوی الوزن کھرل کر کے مکھن میں ملا کر لگا دیں۔ (د ر)

مرہم کہ گوشت مردہ کو کھاوے

اور زخم کو دور کرے۔ مردار سنگ ۱ تولہ۔ زخت رومی ۵ تولہ۔ خاک الطیم ½ ۱ ماشہ۔ روغن زیتون نیم چھٹانک۔ موم ۲ تولہ۔ اول موم کو روغن زیتون میں پگھلاوے۔ پھر باقی اشیاء داخل کرکے بدستور مرہم تیار کریں۔ (د۔ر)

مرہم زخم ہنجیر یعنی خنازیر

روغن مرغان ایک چھٹانک۔ کژدم ۲ عدد۔ چربی مار (سانپ) ایک چھٹانک ہر تینوں کو کڑاہی میں جلا دیں اور جلنے کے وقت تھوڑا تھوڑا چونہ اسمیں ڈالتے جاویں جب گاڑھا ہو جاوے تو مرغ کے پر پر لگا کر زخم پر لگا دیں۔ (د۔ر)

مرہم عام

رال۔ موم سفید۔ چونہ۔ مسکہ (مکھن) مکھن و موم کو آگ پر رکھیں جب مل جاویں دوسری ادویات پیسکر ملا دیں اور مرہم کی صورت بنا دیں۔ (د۔ر)

لیپ برائے خارش خصیہ

مردار سنگ۔ شنگرف۔ سپاری کاٹھی۔ ماجو سوختہ۔ کوڑی سوختہ۔ سب کو پیسکر مچھا چھ میں حل کرکے خارش کی جگہ لیپ کریں۔ (د۔ر)

مرہم برائے دھدرو دنبل تر

مردار سنگ ۲ ماشہ۔ شنگرف ۳ ماشہ۔ ماجو ۳ ماشہ۔ سیکھ ۲ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ سب ادویہ کو کوٹ پیسکر مکھن میں ملا کر دھدرو وغیرہ پر لگا دیں۔ (د۔ر)

لیپ برائے چنبل

نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ چترا ۱ ماشہ۔ جوا کھار ۳ ماشہ۔ مردار سنگ ۲ ماشہ۔ ہڑتال ۲ ماشہ۔ تخم

زرشاورد ۳ ماشہ۔ جمال گوٹہ ۳ ماشہ۔ سب ادویہ کو کوٹ پیسکر عرق لیموں میں ملا کر ۲-۳ دفعہ لیپ کیا کریں۔ (د۔ر)

مرہم خارش خصیہ

کتھہ سفید ۲ ماشہ۔ بہمن سفید ۶ ماشہ۔ مرسنگ۔ کافور ۲ ماشہ۔ مکھن ۵ تولہ ایک تھالی میں سب ادویات رکھ کر کٹورے کی پشت سے ۲ پہر تک رگڑے۔ تا کہ مرہم کی صورت ہو جاوے۔ (ایک قلمی کتاب)

سوختہ آتش

مردار سنگ۔ چاندی کی میل۔ سفیدہ۔ چونہ قلعی۔ روغن گل مساوی الوزن۔ سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر طیار کریں۔ (د۔ر)

الیضاً دریا کی کائی خشک۔ پوستہ رگ حنا۔ اول روغن تلخ کڑاہی میں ڈال کر آنچ پر رکھیں جب اچھی طرح جوش آجاوے ہر دو اشیاء کو کھرل کرکے داخل کریں اور صاف پتھر سے گھوٹ لیں۔ (د۔ر)

الیضاً کتھہ سفید۔ کافور۔ مردار سنگ پیسکر روغن گاؤ میں ملا کر ضماد کریں۔ (د۔ر)

مرہم برائے دانہائے غلیظ

مکھن۔ طیار خام۔ سہاگہ ہرا ایک نیم سیر۔ سیاہی دو ادویہ پیس کر مکھن میں ملا کر لیپ کریں۔ (د۔ر)

گوشت خورہ

قاطون زنگار (۱) کو ایک کپڑے میں رکھ کر آنچ پر رکھے۔ اس کے اوپر گندھک تصدیر ڈالے کہ زنگار پوشیدہ ہو جاوے۔ اس کے اوپر مکھن ڈال کر نیچے اتار کر مانند مرہم کے کرے۔ اگر اس آنکھ کے واسطے مطلوب ہو ایسا ہی رہنے دیوے۔ ورنہ تھوڑا زنگار اور ملا دیوے اور کام میں لاوے۔ (د۔ر)

مرہم برائے خنازیر یعنی ہیجراں۔ شنگرف۔ رال۔ ہڑتال۔ گندھک آملہ سار

ہر ایک ۱ تولہ سیماب (پارہ) ۴ ماشہ مردار سنگ ۱ تولہ کتھ سفید ۶ ماشہ سندور ۶ ماشہ
کنجد ایک چھٹانک۔ روغن کو کونڈے میں ڈال کر گرم کر کے اور باقی ادویہ پیس کر ملا دیوے
اور پرورش دیوے حتے کہ بصورت مرہم ہو جاوے۔ اسکو ہر روز گلبٹوں پر لگایا کرے + (م)

مرہم عام

سفیدہ ۵ تولہ سنگ جراحت ۳ تولہ گیرو ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۱ تولہ روغن کنجد
پاؤ۔ موم زرد ۳ تولہ برگ نیم سوختہ ۲ تولہ۔
اول روغن کو گرم کریں۔ پھر موم داخل کریں۔ جب موم پگھل جاوے۔ باقی اجزاء ملا کر
پیس لیویں اور مرہم بنادیں + (م)

مرہم برائے خنازیر مجرب

کلیار خام۔ نیم۔ مہندی۔ فلفل سیاہ۔ مردار سنگ۔ اجزاء مساوی پیس رکھے۔ صبح کو
اول زخم کو پیشاب گائے سے دھوویں۔ پھر ادویات لے کر مکھن گئی با پانی میں ملا کر
مرغ کے پر کے ساتھ خنازیر پر لگادیں۔ (م)

ایضاً شنگرف ۱ ماشہ۔ مردار سنگ ۲ ماشہ۔ رسکپور ۲ ماشہ۔ رسوت ۳ ماشہ۔ عقر
گجراتی ۲ ماشہ۔ سفیدہ ۳ ماشہ بسکہ گائے دھویا ہوا ۱ تولہ سب ادویات پیس کر
مکھن میں ملا کر زخموں پر لگادیں لیکن اول آب گرم و نمک سے بنجر یا پول گائے
دھو لینا چاہیے۔ (م)

دوائی کھانیکی جو اثر زخموں و زخمہائے آتشک کو خشک کرتی ہے اور امراض ریاح و بادہ کو مفید ہے نیز قوت کو نافع ہے۔

سنکھیا سفید ۱ تولہ کو گندہ گلی میں رکھ کر نیچے دو چولی آنچ کرے اور اوپر چھلکی چھلکی
پھٹکری ڈالتا جاوے۔ جب پہلی چھلکی اچھی طرح پگھل جاوے تو دوسری ڈالے یہاں
تک کہ پانچ چھٹانک پھٹکری اور پانچ سیر لکڑیاں ختم ہو جاویں۔ پھر سرد ہونے پر
نیچے اتار کر سنکھیا کی ڈلی نکال لیوے۔ سنکھیا کی ڈلی سے جو تھوڑی تھوڑی

پھٹکری لگی ہو۔ اس کے سمیت پیس رکھے۔ خوراک خشخاش بھر ہمراہ اجزاء مناسب
اور غذا مرغوب کھاوے یہ عمل سنیاسیوں و سیاحین کا ہے۔

دوائی برائے دفعیہ آتشک

دارچکنا ۱ تولہ۔ رسکپور ۱ تولہ۔ سنکھیا سفید ۱ تولہ۔ ہرتال ۱ تولہ۔ تنکار ایک تولہ۔
سفیدہ ۱ تولہ۔ آنولہ سار ۱ تولہ۔ سمندر سوکھ ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۱ تولہ۔ شورہ قلمی ۱ تولہ۔ لاچی
کلاں ۱ تولہ۔ ہر سہ اجوائن ایک ایک تولہ۔ فلفل سیاہ و فلفل گرد ایک ایک تولہ۔ زیرہ ائے
ہر دو ایک ایک تولہ۔ گیری ۱ تولہ۔ کتھہ ۱ تولہ۔ بہمن سفید ۱ تولہ۔ سونٹھ ستوا ½ چھٹانک۔
اول رات کو سونٹھ بے ریشہ کو پیس کر پانی میں بھگو دیوے۔ صبح صاف پانی اس کا
لے کر ادویات بالا میں تھوڑا تھوڑا ڈال کر ان کو کھرل کرے۔ جب جذب ہو جاوے۔
نصف چھٹانک اور سونٹھ لے کر اسیطرح اس کا پانی لے کر ان ادویات کو کھرل کرے
اسیطرح ۷ دن تک کرے بعدازاں گولیاں مطابق دانہ موٹھ کے باندھے۔ خوراک ۱ گولی
علی الصبح ہمراہ آب سرد۔ غذا نان گندم بے نمک بے روغن ۔ دن تک دوائی کھاوے
۱۲ دن پرہیز کرے غسل بھی منع ہے۔ آتشک کا نمود نہ رہے گا۔ (م)
(ہماری رائے میں ادویات مصفے ڈالے تو نقصان کا خطرہ نہ ہوگا اور بہت فائدہ ہوگا یاد رہے
جس دوائی میں زنگار ہو اس میں دال مونگ کا کھانا منع ہے)

مرہم برائے دفعیہ خنازیر

مرہم خراس کا اندرون صاف کر کے بادہ کر کے روغن تل میں پکا دے۔ پھر مرہم
میں ۴ تولہ سنکھیا ۱ ماشہ۔ مغز جمال گوٹہ ۱۰ عدد پیس کر ملا دے اور موم کر دیں ڈالکر
ملا دے پھر دیگر ادویات پیس کر ملاوے اور بار ترکیب مرہم بنا کر کام میں لادے (م)

دوائی برائے آتشک و زول

الفا سفیدہ ۱ ماشہ شنگرف ۲ ماشہ [illegible]

پیس لیوے اول پیالہ نو میں نصف پھٹکری اس کے اوپر نصف نیلا تھوتھا جنگوف اس کے اوپر
سنکھیا بعدازاں نیلا تھوتھا بقیہ بعدہٗ پھٹکری دیگر اوپر دوسرا پیالہ دے کر آٹے سے
منہ بند کرکے ۱۴ سیر نیچے نرم آنچ کرے پس باہر نکال کر مناسب بدرقہ سے برتے اکسیر ہے (د ر)

برائے زخمہائے بادفرنگ

مین پھل۔ مازو سبز۔ رسکپور۔ کافور۔ کوڑی زردہ دھوپ کتھہ سفید۔ سپاری کوفتہ
سب کو سفوف کرکے زخموں پر لگایا کرے خشک ہوں۔ (د ر)

مرہم برائے بادفرنگ

مکھن اچھا نمک کڑچھے میں گرم کرے۔ پھر مندرجہ بالا نسخوں کی ادویات باریک
پیس کر ملا دیوے اور بطریق معروف مرہم بنا دے۔ (د ر)

دوائی برائے دفیعہ آتشک

رس ۱۰ تولہ فلفل سیاہ ۴ تولہ۔ کتھہ سفید ۱ تولہ۔ سبز تخم کا گودہ ۲ تولہ۔ حمام دستہ
میں خوب کوٹیں تاکہ خشک ہوجاوے۔ خوراک ایک تلی (کفدست) بہمراہ دودھ
بکری ۳ دن تک اور ۷ یوم تک غذا نان گندم و روغن زرد۔ (د ر)

دوائی برائے آتشک و کوتہ دمی

پارہ مصفیٰ ایک حصہ۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ ۲ حصہ۔ پارہ کو ایک کڑچھے میں رکھ کر ایک
گول چولہے پر رکھ دیوے اور ایک پاؤ روغن کڑوا چراغ میں ڈال کر چراغ جلا کر کڑچھے
کے نیچے رکھ دیوے اور گندھک پیس کر تھوڑی تھوڑی اس پر ڈالتا رہے اور اندر کی
سبز لکڑی سے ہلاتا رہے حتیٰ کہ خاکستر ہوجاوے۔ خوراک آدھ رتی مسکہ وغیرہ میں (د ر)

ترکیب برائے چوٹ زدہ

گڑ و میدہ۔ پوست انار۔ ہلدی روغن کنجد میں پکا کر باندھیں ۔

دربیان سوزاک

(۱) سوہاگہ۔ پھٹکیا بریان ۱ تولہ پیس کر سات پوڑیہ باندھے۔ خوراک ایک پڑیہ علے الصبح
بہمراہ شربت مصری پینے سے آرام آجاتا ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

(۲) طباشیر ۱ تولہ۔ پھٹکری سفید بریان ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ گوند
کتیرا ۱ تولہ۔ ملٹھی ۱ تولہ۔ دھنیا ۱ تولہ۔ چوب چینی ۹ ماشہ۔ کندر ۹ ماشہ۔ صمغ عربی ۶ ماشہ۔
قلمی شورہ ۲ تولہ۔ آرد سنگھاڑا ۹ ماشہ۔ مرچ چینی ۱ تولہ۔ بروزہ یک عدد۔ بروزہ لگاکر
تمام ادویہ کوٹ پیس کر مصری ۵ تولہ ملاکر رکھیں۔ خوراک ۶ ماشہ صبح و ۶ ماشہ شام ہمراہ
لسی دودھ وغیرہ۔ (د ر)

(۳) نشاستہ ۱ تولہ۔ کمرکس ۲ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ۔ سپاری کاٹھی ۲ تولہ۔ الائچی
خورد ۴ ماشہ کو کوٹ پیس کر خوراک ۶ ماشہ بکری کے دودھ کے ساتھ علے الصبح پیشاب
کو جاری کرکے سوزاک دور کرتا ہے۔ (د ر)

(۴) قلمی شورہ ۲ تولہ۔ پھٹکری ۱ تولہ۔ سہاگہ ۹ ماشہ سب کو کوٹ کر ایک کوزہ گلی میں
بند کرکے ایک ڈرا تقریباً ۵ اسیر اوپلوں کی آنچ دیں اور سرد ہونے پر نکال کر رکھیں
رکھے۔ اول دن ۳ ماشہ۔ دوسرے دن ۲ ماشہ۔ تیسرے دن ۱ ماشہ کھاویں۔ بہمراہ لسی
دودھ۔ غذا نان گندم یا روغن بے نمک۔ (د ر)

کشتہ قلعی برائے سوزاک

قلعی ۴ تولہ۔ پارہ ۲ ماشہ باریک پترہ کرکے ناخن جیسے ٹکڑے کرکے کھرل میں ڈالے
اور ۲ ماشہ اس میں سیماب داخل کرکے اور تھوڑا آک (مدار) کا دودھ ڈالتا جاوے۔ اور
کھرل کرے کہ ٹکیہ بننے کے قابل ہوجاوے۔ پھر دو پیالوں کے اندر بند کرکے ۲ سیر اوپلوں
کی آنچ کرے۔ خوراک ۱ چاول پتاسہ میں ڈال کر دودھ یا دودھ کی لسی سے دیوے۔
سوزاک نئے و پرانے دونوں کو مفید ہے۔ نیز جریان و رعت وغیرہ کو اکثر امراض منی
کو بدرقہ مناسب سے فائدہ عظیم دیتا ہے۔ (د ر)

دیگر کشتہ قلعی

قلعی ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۲ تولہ۔ ایک کوزہ گل پختہ میں جس میں تقریباً ۲ سیر سما سکے کر قلمی شورہ و قلعی نیچے اوپر رکھ کر بند کر دیوے۔ مگر قلعی کو پترہ کر کے ریزہ ریزہ کرے اور علیحدہ علیحدہ رکھے۔ ۲ سیر آنچ دیوے اور سرد ہونے پر نکال کر پیس رکھے۔ خوراک ایک رتی بتاسہ میں دودھ وغیرہ سے کھاویں ؞

سکہ برائے سوزاک مجرب

سیسہ (سکہ) ۱ تولہ پترہ کر کے چھوٹے چھوٹے ریزے کر لیوے۔ کوزہ مصری ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ طباشیر ۲ ماشہ۔ تینوں کو ملا کر کھرل میں ڈال کر ۳ دن تک خوب اچھی طرح سے کھرل کرے۔ مصری کو جو سکہ بھی ساتھ ہی کشتہ ہو جاوے گا۔ پھر بہروزہ ۲ تولہ کپڑے میں باندھ کر پانی ایک سیر میں کڑاہی میں آتش پر رکھے۔ آنچ سے جب بہروزہ پانی کے اندر جاوے اسکو اتار لیوے۔ سرد ہونے پر بہروزہ نکال لیوے۔

بعد ازاں حسیشہ الفقرا د بھانگ اکو نیچے ڈنڈے میں خوب رگڑے ایک سیر پانی داخل کرے اور کپڑے سے چھان لے پس اس پانی کو کڑاہی میں ڈالے اور بہروزہ مذکور بھی داخل کر دے آنچ پر رکھے۔ جب پانی جذب ہو جاوے اور قدرے رطوبت باقی رہ جائے اگر سرد پانی ڈالدے جس سے بہروزہ جم جاوے گا۔ اسے دھوپ میں سکھا کر مندرجہ بالا کھرل شدہ سکہ کے ہمراہ ۲ پہر کھرل کرے۔ خوراک ۲ ماشہ تک ہے ہمراہ آب سعدی۔ خوراک نان گندم بروغن زرد بے نمک۔ لیکن اول اگر اندری جلاب کر لیوے تو بہت ہی مفید ہے۔ (در)

کشتہ قلعی و پارہ برائے سوزاک

قلعی ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ قلعی کو گھلا کر پارہ کو اسمیں ملا دیوے۔ مغز جمال گوٹہ آدھ پاؤ پیس کر قلعی پارہ کی ٹکیہ اس کے اندر لپیٹ دیوے۔ ایک ظرف اندر رکھ کر کپڑے کے اوپر

کو ٹے رکھ دیوے۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھے۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی یا بتاسہ کے اندر دودھ کے ساتھ مقوی باہ ہے۔ سرعت جریان وغیرہ کو بھی مفید ہے اور سرد مزاجوں کو زیادہ نافع ہے ؞ (در)

دیگر

اول اسہل اندری مندرجہ ذیل دیوے۔ کباب چینی ۳ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ۔ مٹھی ۲ ماشہ سب کو کوٹ پیس کر ۶ پڑے بنا دیں اور ایک پڑیہ منہ میں ڈال کر اوپر سے لسی دودھ سے پیوے۔ پھر اور پڑیہ کھاوے اور لسی پیوے۔ ایک ہی دن میں ۶ پڑیہ ایک جوان شخص ختم کر سکتا ہے۔ مدت ۳۔۴ پڑیہ اور دودھ خام پیتا جاوے۔ ایک مجھری بھر پی جاوے اور تیسرے روز مندرجہ ذیل دوائی پیوے۔ ہماری رائے میں ایک تولہ شورہ ایک دن میں زیادہ ہو گا۔ تین دن کرنا چاہیے۔

گندہ بہروزہ ایک تولہ پوٹلی میں باندھ کر ایک مٹکے میں لٹکا دے۔ اس میں پانی ہو اور پوٹلی پانی سے اوپر رہے۔ نیچے آنچ کرے۔ دو پہر کے بعد اتارے۔ بہروزہ نیچے جلا جاوے گا اسکو لیکر الائچی خورد ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ پیس کر ۹ پڑیاں بناوے ایک پڑیہ ہر صبح بکری کے دودھ کی لسی سے کھاوے۔ (در)

برائے سوزاک

مغز تخم خربوزہ ۲ تولہ۔ مغز تخم خیارین ۱ تولہ۔ مغز تخم کدو ۱ تولہ۔ تخم خرفہ مقشر ۶ ماشہ خشخاش سفید ۱ تولہ۔ کتیرا ۶ ماشہ۔ رب السوس ۹ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۱ تولہ۔ کشتہ قلعی ۵ ماشہ۔ کشتہ سیسہ ۱ تولہ۔ شکر تری ۲ تولہ۔ نشاستہ ۹ ماشہ کوٹ پیس کر سفوف بنا دیں خوراک ایک تولہ صبح و ایک تولہ شام بہمراہ شربت بنفشہ۔ تین تولہ کھاویں۔ (در)

دیگر سفوف سوزاک

الائچی خورد ۱ تولہ۔ کتیرا ۱ تولہ۔ صمغ عربی ۱ تولہ۔ سنگ جراحت ۲ تولہ۔ طباشیر ۹ ماشہ کتھ سفید ۱ تولہ۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ دودھ کی لسی (در)

دیگر

سنگ جراحت ۱ تولہ ایک لوٹے میں بضعف برگ انار ترش پیکر رکھے اور اوپر سنگ جراحت رکھکر برگ انار کے نغدہ سے پُر کرکے اوپر دوسرا لوٹا الٹیکر منہ دونوں کا گلِ حکمت سے بند کردیوے۔ ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیوے۔ صبح نکال کر اسمیں کباب چینی ایک تولہ مصطگی ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ کابلی مصری ۱ تولہ۔ کافور ۱ تولہ۔ ریوند ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ باریک کرکے ملا کر رکھے۔ خوراک ۳ ماشہ بہمراہ دودھ۔ غذا نان گندم بروغن زرد و ناخوردن ادویہ دریک جا لشاندہ۔ (ر ر)

دیگر

چونہ جو عمارت ایک سو سالہ (۱۰۰) یا اس سے زیادہ سے اترا ہوئے کر رات کو پانی میں تر رکھے اور صبح آگ پر خشک کرے اور سنگ ریزہ وغیرہ سے پاک کرکے ۱ تولہ لیوے اس میں طباشیر ۳ ماشہ۔ ست گلو ۳ ماشہ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ کباب چینی ۳ ماشہ کوٹ پیکر ۳۔۳ ماشہ کی پڑیہ بنا دے۔ خوراک علے الصبح بہمراہ آب شگفتہ گیا رہ یا اس کے نقوع کے ۔ (ر ر)

دافع درد سوزاک

گاجنی مٹی سبز رنگ رات کو پانی میں تر رکھے صبح اس کا صاف پانی پیوے چند روز متواتر عمل کرے اور غذا معقول کھاوے (ر ر)

برائے سوزاک

گود ماشہ ۲ تولہ۔ زیرہ سفید ۲ تولہ۔ شکر سفید ۲ تولہ کونڈے ڈنڈے میں گھوٹ کر ایک پیالہ پانی کے ساتھ پیکر صاف کرکے پیوے ۔ (ر ر)

سفوف مجرب برائے سوزاک

مغز تخم خرمہندی۔ مغز تخم ببول۔ مغز تخم بکاین۔ مغز تخم لسوڑہ۔ مغز تخم کرنج۔ مغز تخم انگن

تخم تال مکھانا ہر ایک ۶ ماشہ۔ نبات سفید ۳۳ درم سب کو علیحدہ علیحدہ کھرل کرکے رکھے۔ خوراک ۶ ماشہ صبح بہ شیر بز سیاہ یک ہفتہ از ترشی و بادی پرہیز۔ (ر ر)

سوزاک قرحہ و سوزش کو مفید ہے

سنگ جراحت ۲ تولہ۔ رال ۲ تولہ مصری ۲ تولہ۔ تال مکھانا ۱ تولہ۔ گوکھرو خورد ۱ تولہ۔ تخم سرو انی ۱ تولہ سفوف بنا دیں۔ ۲۰ خوراک ہیں۔ ایک حصہ لسی یا دودھ کے ساتھ۔ (ر ر)

نسخہ دافع سوزاک

پوہکر مول ۱ تولہ۔ برادہ شاخ بھینسا ۱ تولہ۔ روغن مادہ گاو یا نیم پاؤ اول روغن مذکورہ موٹے کپڑے پر لیپ کرے۔ بعد ازاں سفوف دودھ بعد ازاں روغن باقیہ ڈال کر فتیلہ بنا دے اس کے سر پر آگ لگا دے اور کاجل اتارے اور روزانہ آنکھ میں ڈالے مجرب ہے (ر ر)

دوائی سنگ گردہ و مثانہ

پھٹکڑی سفید بیضہ مرغ میں ڈال کر پرزی کرکے ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیوے۔ پھر نکال کر پیکر رکھے۔ اول شورہ قلمی ولسی خام کا اندری جلاب دے کر دو سکر ان سے آدھی رتی دوائی ایک چھٹانک مکھن میں ہر صبح کھلایا کرے ۔ (ر ر)

برائے کنکری

ترہنگ بوٹی جو کہ نمناک زمین پر پیدا ہوتی ہے ۲ تولہ بھر لیکر ۵۔ مرچ سیاہ داخل کرکے کونڈا ڈنڈے میں ایک پیالہ پانی کے ساتھ گھوٹ کر پرچھان کرکے ایک ہفتہ تک پیوے (ر ر)

دیگر

ماش سیاہ ایک پاؤ لیکر ۳ پیالہ پانی میں جوش دیوے۔ جب نصف رہے نیچے اتار کر چھان کرکے آدھ پاؤ گھی۔ ۴ رتی پھٹکڑی سفید اور ایک چھٹانک مصری کابلی داخل کرکے پی جاوے۔ چند یوم کے استعمال سے شکایت دور ہوگی۔ (ر ر)

دوائی نمبر ۵

دوائی برائے درد گردہ و سنگ ریزہ و حبس بول وغیرہ

اجوائن ۱ تولہ۔ تخم خرفا ۱ تولہ۔ شورہ ۳ ماشہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ برگ کو ۲ تولہ۔ گونڈے ونڈے میں گھوٹ کرکے ایک پیالہ پانی داخل کرکے آگ پر ذرا گرم کرکے کپڑ چھان کرے پھر کھڑا چڑھ کر پی لیوے ۔ (درر)

برائے کنکری و پتھری

سنگ یہود ۲ ماشہ۔ جوا کھار ۲ ماشہ پانی میں پیس کر پلاوے ۔ (درر)

برائے حبس بول

ریوند چینی۔ قلمی شورہ۔ جوا کھار پیسکر پانی ڈال کر حسب ضرورت پلاویں ۔ (درر)

برائے پتھری

بچھو کو جلا کر اس کی خاک تل کی لکڑی کی خاک میں ملا کر کھلایا کرے۔ وزن اسکا خود حکیم تجویز کرے۔ (درر)

شربت مدر بول

کاسنی ۵ تولہ۔ بیج کاسنی ۲ تولہ۔ نیلوفر ۱۰ تولہ۔ گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ گل گلاب ۱۰ تولہ۔ تخم کنوث ۱ تولہ۔ تخم خیارین ۵ تولہ۔ تخم خربزہ ۳ تولہ۔ ریوند خطائی ۱۰ تولہ۔ ترنجبین ایک پاؤ۔ مصری ۳ پاؤ۔ ترکیب معروف سے شربت بنا کر رکھیں۔ خوراک ۳ تولہ سے ۴ تولہ ۔

برائے دفع درد گردہ و اخراج پتھری و کنکر وغیرہ

جوا کھار ۱ ماشہ۔ شورہ قلمی ۱ ماشہ۔ تخم خیارین ۲ ماشہ۔ گوکھرو ۲ ماشہ۔ زیرہ سفید ۲ ماشہ۔ بادیان ۲ ماشہ۔ سنا مکی ۲ ماشہ۔ اجوائن ۲ ماشہ۔ شکر تری ۲ تولہ۔ پانی کے ساتھ گھوٹ کر ان کا شیرہ جلد سے پی جاوے ۔ (درر)

سفوف حجر الیہود برائے ایضاً

مغز تخم خربزہ ۵ ماشہ۔ تخم خیارین ۵ ماشہ۔ تخم خرفہ ۲ ماشہ۔ مغز تخم کدو ۳ ماشہ۔ نشاستہ ۱ ماشہ

تیرا ماشہ۔ کلتھی ۱ ماشہ۔ سنگ یہود ۱ رتی۔ مصری سب کے برابر کوٹ پیسکر ۳ ماشہ ہر روز نخود سیاہ کے پانی کے ساتھ کھاوے ۔ (درر)

ضماد

شورہ قلمی ۲ تولہ۔ گل گیرو ۳ تولہ۔ گل معصفر ۲ تولہ۔ دودھ بکری بقدر حاجت پیسکر نرم آنچ پر پکا کر تمام مثانہ پر لیپ کرے۔ یہ ضماد پیشاب کو جاری کرتا ہے اور کنکر خارج کرتا ہے ۔ (درر)

سفوف برائے اخراج پتھری مثانہ

سنا مکی ۳ ماشہ۔ تخم خیارین ۳ ماشہ۔ تخم کرفس ۳ ماشہ۔ گوکھرو ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ مصری ۲ تولہ کو ٹھنڈا ٹھنڈا میں پانی سے پیسکر بقدر ایک سیر کے شیرہ نکال کر رکھے۔ جوکھار ۳ ماشہ۔ قلمی شورہ ۳ ماشہ۔ فلفل دراز ۳ ماشہ۔ سفوف کرکے ۳ پڑیہ بناویں اور ایک ایک پہر کے گذرنے پر ایک پڑی مندرجہ بالا شیرہ سے کھلاوے ایک ہی دن میں اثر ہو ۔ (درر)

پتھری کو نکالے اور آئندہ پیدا ہونے کو منع کرے

مغز تخم خلوزہ ۱ تولہ۔ خیارین ۱ تولہ۔ گوکھرو ۱ تولہ۔ ملٹھی ۱ تولہ۔ برگ ستار ۱ تولہ۔ سنگ یہود ۲ ماشہ۔ تخم کرفس ۲ ماشہ۔ مصری ۶ تولہ۔ سب کو پیسکر ۱۲ پڑیہ بناویں اور ایک پڑی ہر روز کسی شربت سے دیں ۔ (درر)

دوائی برائے ریاح و حبس بول

بادیان ۵ تولہ۔ نیلوفر ۵ تولہ۔ گاؤزبان ۵ تولہ۔ الائچی کلاں ۵ تولہ۔ پودینہ باغی ۵ تولہ۔ کاسنی ۵ تولہ۔ زیرہ سفید ۳ تولہ۔ کاہو ۳ تولہ۔ گل سرخ ۳ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ عود ۱ تولہ۔ دارچینی ۳ تولہ۔ بسفائج ۲ تولہ۔ آگ بھگو کر ۲ سیر بدستور عرق کھینچ لے اور کام میں لاوے (درر)

برائے درد گردہ و ریح

پوست بیلہ زرد۔ سنا مکی۔ بادیان۔ فلفل سیاہ۔ مغز تخم کرتم۔ انجیر زرد ہر ایک دو دو تولہ

مصری کالپی ۴ تولہ۔ خوراک ۱ تولہ۔ (ر ر)

دوائی باؤگولہ

حنظل (تمہ) ۱۲ عدد۔ سناکی ۳ تولہ۔ اجوائن ایک پاؤ۔ منقہ ۵ تولہ۔ تمہ کو چاقو سے ٹکڑے ٹکڑے کرکے اور باقی اجزا کوٹ لیوے۔ کڑاہی میں ڈالے اور نرم آنچ پر رکھیں اور پانی ۱۲ پاؤ داخل کرے۔ جب ۳ پاؤ پانی رہ جاوے تو شکر تری ۲ چھٹانک الائچی خورد ۲ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ مغز بادام ۵ تولہ پیس کر داخل کر دیوے اور تھوڑی سی آنچ پر پکاوے۔ جب بصورت حلوا کے ہو جاوے۔ اتار لیوے۔ خوراک ۱ تولہ گرم پانی سے بادی و ترشی سے پرہیز کرے۔ (ر ر)

دوائی طحال

فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ بابچی ۱ تولہ۔ مصبر ۱ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۱ تولہ ادویات کوٹ پیس کر گڑ میں ملاکر اور تھوڑا سا گھیکوار کا گودہ ملاکر گولیاں بیر کے برابر بناویں اول روز ایک دوسرے روز ۲ تیسرے روز ۳ ہر صبح پانی سے کھاوے۔ اور بعد تیسرے دن کے ۳ گولی پانی سے کھاویں ترشی اور بادی سے پرہیز کرے۔ (ر ر)

نسخہ برائے طحال۔ دمہ وضعف ہضم

نمک ہر قسم ایک ایک تولہ۔ صراف ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ برادہ آہن ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ جواکھار ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ پھٹکری ۵ ماشہ۔ تراب الہالک سم الفار ۲ ماشہ۔ گوگرد گندھک ۱ تولہ سب کو آک کے دودھ میں ۲ پہر کھرل کریں اور پیالی خورد میں ڈال کر منہ بند کرکے ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیوے۔ پھر نکال کر رکھے۔ خوراک ۲ رتی طحال کے واسطے ادھر کا یا عرق سولف کے ہمراہ اور دمہ کے واسطے کھانڈ میں ملا کر رات کے کھانے کے بعد ضعف ہضم کے واسطے آب گرم سے۔ تپ بلغمی کے واسطے مصری کے شربت سے اور تپ صفراوی کے واسطے کاسنی سے گھوٹے کے ساتھ۔ (ر ر)

نسخہ مفید پارو گ ہر قسم و ورم و صلابت معدہ و طحال و باؤ گولا بدہضمی و درد شکم وقراقر و قبض شکم و ریح رودہ مجرب و آزمودہ

پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ۔ پوست بلیلہ ۴ تولہ۔ آملہ مقشر ۴ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۴ تولہ۔ انار ترش ایک پاؤ۔ کابچ پاچ ایک پاؤ۔ دستیادہ ۴ تولہ۔ حنظل ۱ عدد۔ تردی ۲ تولہ۔ سونٹھ ۳ تولہ۔ سولف ایک پاؤ۔ پودینہ ۴ تولہ۔ زیرہ سفید ۳ تولہ۔ اجوائن ہر قسم ۳-۳ تولہ۔ گل سرخ نیم پاؤ۔ گھیکوار ۲ تولہ۔ بیخ ترٹھ ۲ تولہ۔ سب کو جوکوب کرکے ایک کڑاہی میں بھر پانی میں بھگو دے۔ سہاگہ ۲ تولہ نوشادر ۳ تولہ۔ مصبر ۲ تولہ۔ نمک سنگ ۳ تولہ۔ نمک شیشہ ۳ تولہ۔ نمک سانبھر ۳ تولہ۔ بیر بجل ۲ تولہ۔ نمک اندرانی ۲ تولہ۔ لوٹ کھار ۲ تولہ۔ قلمی شورہ ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ فلفل گرد ۲ تولہ آخری ۱۲ ادویات کا نصف حصہ علیحدہ رکھے بقیہ نصف سے کر نیم کوب کرکے کڑاہی میں ڈال کر سارا دن دھوپ میں رکھے۔ بعدہ جوش دیوے جب نصف رہے۔ نیچے اتار کر مل چھان کر اس کاڑھے کو ادویات والی کڑاہی میں ڈالے اور جوش دیوے اور آہنی چمچے سے ہلاتا جاوے۔ جب گاڑھا ہو جاوے نیچے اتار کر باقی نصف ۱۲ ادویات کو پیس کر داخل کرے اور دو دو تین تین روز دھوپ میں رکھے کہ خشک ہو جاوے۔ خوراک ۱ ماشہ ہمراہ آب سولف صبح و شام۔ (ر ر)

نوٹ:- اس نسخے کے اعلیٰ و مفید ہونے میں شک نہیں ہے۔ مگر نہ جانے کیا الفاظ رہ گئے ہیں کہ عبارت مہمل ہو گئی ہے۔ اور ترکیب کا ٹھیک پتہ نہیں ملتا۔ اتنے معنے اسکے ہو سکتے ہیں:-

اول بارہ ادویات کو نصف پانی میں بھگو دیا جاوے ۲ دن بعد اس کا جوشاندہ دوسری ادویات کی کڑاہی میں ملا کر جوش دیا جاوے۔ دوسرا ۱۲ ادویات کا نصف پہلی ادویات کے ساتھ ہی پانی میں ملا دیا جاوے اور ۲ دن بعد جوش دیا جاوے۔ سوم بارہ ۱۲ ادویات کا نصف کڑاہی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں اور دیگر ادویات کا جوشاندہ کرکے مل چھان کر اس کڑاہی میں ڈال کر پھر جوش دیویں۔

سوچنے سے ہمیں تو یہی بہتر معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲ ادویات کا نصف ادویات دیگر

کے ہمراہ کڑاہی میں ڈال دیا جاوے اور ان کے لعب کا جوشاندہ اکٹھا کیا جاوے
اس جوشاندہ کو پھر جوش دیکر گاڑھا کیا جاوے۔ یہی معنے عبارت سے نکلتے ہیں اگر
چلی بار جوش دیکر ل چھاننے کے بعد الفاظ نہ ہوتے تو اس جوشاندہ کو ادویات
والی کڑاہی میں ڈالنے کے ادویات کا جب جوشاندہ ہوگا۔ تو اد کونسی ادویات ہیں
معلوم ہوتا ہے کہ ادویات والی کڑاہی غلطی سے لکھی گئی ہے۔ یا لکھنے والے کا مطلب
ہے کہ جس کڑاہی میں ادویات ہیں۔ پھر اسمیں ڈال کر جوش دیوے۔ بجاۓ معنے
ایسے معلوم ہوتے ہیں لکھنے والے کا نہ جانے کیا مطلب ہے۔ اس دوائی کی تیاری
ہم نے شروع کردی ہے امید ہے جلد تیار ہو جاوے گی۔

براۓ طحال (تلی)

اسد (قلمی شورہ) ۱ تولہ۔ تاجون (زونشادر) ۱ تولہ۔ مصبر ۱ تولہ۔ جوا کھار ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ فلفل گرد ۱ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ ریٹھا ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ چونہ نیا ۱ تولہ۔ نمک لاہوری ۱ تولہ۔ سب ادویات کو گھیکوار (گھیکوار) گندل کے رس میں کھرل کرکے گولیاں بمقدار جنگلی بیر بناویں۔ خوراک گولی علے الصبح دو اسی پانی کے ساتھ۔ (د، ر)

براۓ طحال و باؤ گولہ

نمک شیشہ ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۱ ماشہ۔ انگوزہ ۱ تولہ۔ اول انگوزہ ایک پیالہ میں رکھے اوپر پلوطیا اس کے لب تک ڈال کر بند کرکے ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیوے۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ عرق سولف (د، ر)

براۓ دفع طحال

چارہ لوہا ۱۰ تولہ زہرہ گاؤ میں داخل کرکے بند رکھیں حتے کہ خشک ہو جاوے۔ پس نکال کر شورہ قلمی ۲ تولہ جوا کھار ۲ تولہ نوشادر ۲ تولہ ہمراہ مذکور کے ساتھ کھرل کرکے ۲ سیر گھیکوار کے رس سے حل کرکے گولیاں ہوائی دانہ چنا کے بنا دیں۔ خوراک ایک گولی علے الصبح۔ (د، ر)

کشتہ خبث الحدید (منور)

منور پرانا آگ میں سرخ کرکے آک (مدار) کے دودھ میں بجھاوے حتے کہ پارہ پارہ ہو جاوے۔ پھر باریک کرکے کوزہ گلی میں ڈال کے اوپر آک مدار کا دودھ اس قدر ڈالیں کہ دو تین انگل اوپر رہے۔ منہ بند کرکے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیوے۔ اس طرح ۳ آنچ دیوے پھر تین آنچ چھاچھ میں دیوے۔ پھر تین آنچ لیموں کے پانی میں۔ سفید رنگ کشتہ تیار ہوگا۔ پیکر برابر وزن مرچ سیاہ داخل کرکے رکھے۔ خوراک دو چاول اگر دن کھاوے ۱۴ دن پرہیز رکھے۔ غذا نان گندم روغن بے نمک ❊ (د، ر)

کشتہ منور براۓ خون سوختہ

منور پرانا آدھ پاؤ لیکر آگ میں سرخ کرکے گائے کے بول میں بار بار بجھاوے کہ ریزہ ریزہ ہو جاوے۔ بس پیکر پانی سے دھوکر ایک کڑاہی میں ڈال کر اور تھوڑا تھوڑا چھاچھ اس میں ڈال کر کھرل کرے ۲ پہر تک اسی طرح کرے۔ پھر گھیکوار کے لعاب میں دو پہر کھرل کرکے کڑاہی کو آنچ پر رکھے کہ خشک ہو جاوے۔ پھر روغن زرد ½ پاؤ۔ گڑ پرانہ ½ پاؤ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ پوست بلیلہ ۲ تولہ۔ آملہ مقشر ۲ تولہ۔ مجیٹھ ۱ تولہ سب کو یکجا کرکے سفوف بنا کر رکھے۔ خوراک ۲ ماشہ۔ ادھ رڑکے کے ساتھ صبح کے وقت کھاوے غذا چاول روغن زرد ۴۰ یوم تک غسل سے پرہیز چاہیے ❊ (د، ر)

منجن براۓ درد دنداں و ورم دنداں وغیرہ

نمک ہندی ۱ چھٹانک۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ عقرقرحا ۱ تولہ۔ دودھ آک (مدار) ۵ تولہ پہلے نمک کو پیکر لوہے کے چمچے میں ڈال کر آک کا دودھ داخل کرکے آنچ پر رکھے حتے کہ دودھ جذب ہو جاوے۔ نیچے اتار کر باقی اجزا شامل کرکے پیکر رکھے اور بوقت ضرورت دانتوں پر مالش کرکے لعاب کو نکلنے دیوے۔ مجرب ہے ❊ (د، ر)

کشتہ خبث الحدید (منور) برائے خون سوختہ و طحال

منور بارہ آگ میں سرخ کرکے چھ بار گائے کے بول میں بجھاوے۔ پھر دو بار دودھ آک (مدار) میں بجھاوے۔ اس کے بعد ویسے ہی دو چھ کچلا کے پانی میں دیوے۔ پھر ۲ یوم بڑھ کے دودھ میں رکھے۔ حتے کہ خشک ہو جاوے اور پیس کر چار مغز داخل کرکے رکھے خوراک حسب مزاج ۔ (د رر)

ایضاً منور آگ میں سرخ کرکے گائے کے بول میں بار بار بجھاوے کہ ریزہ ریزہ ہو جاوے پھر پانی سے دھو کر کھرل میں ڈال کر اور تھوڑی تھوڑی چھاچھ ڈال کر دوپہر تک کھرل کرے پھر اس میں آملہ بہیلہ زرد بہیلہ پیس کر اس کے اندر داخل کرے۔ خوراک تقریباً ایک ماشہ چھاچھ کے ہمراہ اور چھاچھ زیادہ پیوے۔ عمل بالکل ٹھیک ہے ۔ (د رر)

ایضاً منور کو پانچ سیر لیکر کوٹ پیس کر کئی بار دھووے جس سے کہ میل نکل جاوے اور خالص منور تقریباً ایک پاؤ رہ جاوے۔ اس میں سے نیم پاؤ لے کر کڑاہی میں ڈال کر آنچ پر رکھے اور روغن زرد ایک پاؤ، قند سیاہ ایک پاؤ داخل کرکے آہستی کڑچھی سے ہلاتا جاوے۔ حتے کہ دھواں نہ رہے۔ اور نیچے اتار کر پیس کر رکھے۔ خوراک تقریباً ۲ ماشہ ہمراہ چھاچھ ۔ (د رر)

ایضاً منور خالص ایک چھٹانک۔ روغن گاؤ ایک چھٹانک دونوں کو کڑاہی میں ڈال کر آنچ پر رکھے۔ قند سیاہ ایک پیالہ میں دودھ میں گھول لیوے اور تھوڑا تھوڑا منور میں داخل کرکے چمچہ آہستی سے ہلاتا جاوے۔ حتے کہ تقریباً نیم پاؤ شربت موصوف ختم ہو جاوے پھر جب دھواں موقوف ہووے نیچے اتار کر پیس رکھے اور ایک چٹکی چھاچھ کے ساتھ روزانہ کھاوے ۔ (د رر)

ایضاً۔ منور گھیکوار کے لعاب میں تین پہر کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر ایک سیر اوپلوں کی آنچ دیوے۔ اس طرح سات آنچ دیوے۔ خوراک ۲ ماشہ مکھن میں ۔ (د رر)

ایضاً۔ منور کو باریک کرکے سرکہ خالص میں پیسے کہ خوب باریک ہو جاوے۔ پھر خشک کرکے ایک کوزہ گلی میں داخل کرے اور اس پر آک کا دودھ اس قدر ڈالے کہ ۲-۳ انگل اوپر

رہے جب خشک ہو جاوے اور ڈالے۔ اس طرح سے ۱۲ دفعہ کرے پھر چھاچھ گاڑھی لے کر اس پر ڈالے حتے کہ تین چار انگل اوپر آوے۔ جب خشک ہو جاوے اور ڈالے اس طرح سے ۲ یوم تک پھر نکال کے کڑاہی میں داخل کرکے تھوڑی تھوڑی چھاچھ ڈال کر کھرل کرے۔ دو دن تک جب مثل غبار کے ہو جاوے نگاہ رکھے۔ خوراک ۱ ماشہ ہمراہ چھاچھ ۔ (د رر)

نسخہ برائے دفعیہ طحال و یرقان و ریاح بدن وغیرہ

کاسنی ۲ تولہ۔ بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ نیلوفر ½ تولہ۔ گاؤزبان ½ تولہ۔ بادیان ½ تولہ بیخ بادیان ½ تولہ۔ تخم خیارین ۲ تولہ۔ تخم خربوزہ ۲ تولہ۔ بسفائج ۹ ماشہ۔ افستیمون ۱ تولہ۔ تخم سنبھالو ۵ ماشہ۔ گل سرخ ½ تولہ۔ تخم کشوث ۱ تولہ۔ منقہ ۳ تولہ۔ ریوند چینی ½ تولہ مصری سب سے ۳ گنا بدستور شربت تیار کریں ۔ (د رر)

نسخہ برائے دفعیہ اورام طحال

خاکستر درخت ببول نیم پاؤ۔ نمک شور نیم پاؤ۔ نوشادر دو دام کوٹ پیس کر رکھے۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ تازہ پانی۔ غذا روغن و میٹھی۔ (د رر)

ایضاً شورہ قلمی ۵ حصے۔ کاہی زرد ۳ حصے۔ سفید پھٹکری ۲ حصے۔ نوشادر ۱ حصہ نمک سنگ ایک حصہ۔ نمک شور ایک حصہ۔ کف دریا ایک حصہ۔ نمک سانبھر ایک حصہ۔ نمک سونچر ایک حصہ۔ سہاگہ ایک حصہ۔ کچلونہ ایک حصہ۔ جو کھار ۱ حصہ سب کو لیکر ان میں سے لفظ کا تیزاب کھینچے۔ پھر مغز کرنجوہ ایک تولہ۔ انگوزہ، بھنگ ۱۵ تولہ۔ مرچ و نیم بیابان باریک پیس کر تیزاب مذکورہ داخل کرکے کھرل کرکے خشک ہونے پر گولیاں موافق چنے کے بنا لیوے۔ ایک گولی سرکہ یا لیموں کے پانی سے کھاوے گولی کھانے کے بعد گرم پانی سے منہ کو صاف کرکے چند دانہ الائچی خورد کے کھانا اچھا ہے۔ اور کوشش کرنی چاہیے کہ گولی دانتوں کو نہ لگے ۔ (د رر)

ایضاً سہاگہ۔ شورہ قلمی۔ شورہ قلفل۔ نوشادر برابر وزن کوٹ کر سرکہ ڈال کر ایک کوزہ گلی میں بند کرکے جو کے ڈھیر میں دفن کرے۔ تاکہ سکو میں تمام چیزیں حل

ہو جاویں۔ وہ دوام ولایتی انجیر کے ساتھ کھاویں ۔ (د)

برائے دفعیہ طحال

گائے کا دودھ ایک سیر رات کو جاگ لگا کر صبح اس کی چھاچھ بناوے۔ مگر مکھن نہ نکالے پس ہلیلہ زرد نیم پاؤ۔ آملہ نیم پاؤ۔ بلیلہ نیم پاؤ۔ نمک سونچل نیم پاؤ سب کو کوٹ پیس کر چھاچھ مذکور میں داخل کرے اور منہ بند کر کے ۴۰ یوم تک آفتاب میں رکھے اور ہر روز اسکو لکڑی سے ہلاتا رہے۔ بعد ازاں ایک پیالہ صاف کر کے پیا کرے اور نان روغنی خوب کھاوے (د)

ایضاً

برگ آک (مدار) زرد جو کہ خود بخود گرے ہوں ۱۰۰ عدد۔ نمک سنگ ۵ تولہ۔ سجی ۵ تولہ سہاگہ ۵ تولہ۔ ہلدی ۵ تولہ۔ نمک سیاہ ۵ تولہ۔ نمک سفید ۵ تولہ۔ جوکھار ۵ تولہ۔ نوشادر ۵ تولہ انگوزہ (ہینگ) ۵ تولہ سب کو پیس کر دس درم روغن سرسوں اور دس درم دودھ آک (مدار) میں ملا کر آک (مدار) کے پتوں کے ہر دو طرف لیپ کرے۔ دیگ گلی میں تہ بتہ داخل کرکے اور منہ اس کا برابر کسی دیگر گلی ظرف سے بند کر کے گجٹ کی آنچ دیوے۔ جب سرد ہو جاوے تو باہر نکال کر پیس کر رکھے۔ خوراک ایک چٹکی ہمراہ باسی پانی کے اور ترشی و بادی سے پرہیز کرے ۔

دیگر برائے دفعیہ طحال

انگوزہ (ہینگ) ۱ ماشہ۔ صبر ایلوا زرد ۱ ماشہ۔ نوشادر ۱ ماشہ۔ ریوند ۱ ماشہ۔ ان تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر آب مکو میں خمیر کر کے برابر چنے کے گولیاں باندھیں اور ایک گولی روزانہ ایک ہفتہ تک کھاتا رہے ۔ (د)

نسخہ برائے بواسیر

پھٹکری سفید کو آک کے دودھ میں تر کرے۔ یعنی جب وہ اس پر اتنا دودھ ملا کرے

کر غائب ہو جاوے نیچے درخت ببول میں سوراخ کرکے اسکو داخل کر کے بند کر دیوے بعد ۴۰ یوم کے باہر نکال کر پیس کر رکھے تین چار قطرے آک کے دودھ کے داخل کرکے مسا پر لگایا کرے ۔

ایضاً گائے کا دودھ ۳ پاؤ۔ چاکسو ۱ تولہ۔ کباب چینی ۲ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ دانہ ریٹھوں کا مغز ۲ تولہ ان سب اشیاء کو باریک پیس کر اور ایک حقہ بمعہ چلم سامان متعلقہ نیا لاوے اور جب اسمیں نصف سیر تمباکو پیا جاوے تو حقے کو توڑ کر اس کے اندرونی جگہ کو بھی مذکورہ بالا داخل کی ہوئی ادویہ میں ملا کر کھرل کرے اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر صبح و شام ایک ایک گولی کھاویں۔ غذا خشکہ ہمراہ روغن زرد۔ لیکن نمک سے پرہیز کرنا چاہیے ۔

نسخہ برائے بواسیر خونی

مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ کتھہ سفید ۲ تولہ۔ رسونت ۴ تولہ پہلے رسونت کو کسی کوزے میں آدھ پاؤ پانی ڈال کر بھگو دیں۔ پھر صبح کے وقت باقی دواؤں کو اس پسی ہوئی اے پانی میں کھرل کر کے گولیاں بنالیں جن کی مقدار نصف دانہ نخود جتنی ہو اور ہر روز علی الصبح ایک گولی کھاویں اور غذا میں روغن زرد استعمال کریں اور نمک سے پرہیز کرنا چاہیے ۔ (د)

ایضاً مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ مرچ سفید ۱ تولہ۔ بلیلہ سیاہ ۲ تولہ۔ چاکسو ۲ تولہ۔ رسونت ۲ تولہ پوست تخم بکاین ۲ تولہ۔ نیل وسمہ ۱ تولہ۔ آملہ ماشہ۔ ہلیلہ سبز ۲ تولہ۔ آملہ مقشر ۲ تولہ ان سب کو ہاون دستہ میں کوٹ پیس کر اس میں کچھ پانی ڈالیں اور کھرل میں خوب پیس لیں اور خشک ہونے پر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنالیں۔ اور صبح و شام ایک ایک گولی کھاویں۔ ہمراہ آب اطریفل

آب اطریفل ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ۔ بہیڑہ۔ سب کو جو کوب کر کے مٹی کے برتن میں پانی ڈالیا جاوے اور صبح کو قریب آدھ پاؤ دوا کھانے کے بعد پیا جاوے۔ اور گرم اشیاء مثلاً مسل (پیاز) گوشت وغیرہ سے پرہیز کریں۔ غذا میں گندم کی روٹی روغن زرد کے ساتھ۔ دال مونگ۔ ماش و چنا کا استعمال کریں ۔

ایضاً برائے بواسیر خونی فلفل سیاہ ۳ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ چاکسو ۲ تولہ۔ تخم خرفہ ۲ تولہ مغز تخم بکاین ۲ تولہ۔ شکر تری ۱۵ تولہ۔ ان اشیاء کو خوب پیس کر اکٹھا کریں اور

بعد نہار منہ صبح تھوڑا تھوڑا کھایا کریں اور ترشی اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ (ر)

نسخہ مخصوص برائے بواسیر خونی

نیل وسمہ ۲ تولہ۔ سرمہ سفید ۲ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ۔ چاکسو ۲ تولہ۔ رسونت ۲ تولہ۔ آملہ سار ۲ تولہ۔ آرد تخم بکائن ۲ تولہ۔ ان سب اشیاء کو باریک کر کے پانی کے ساتھ تر کر کے ۴، ۴ رتی کی گولیاں بنالی جاویں اور ہر صبح سویرے کھا کر اوپر سے اکاس بیل ۶ ماشہ کو تھوڑے پانی کے ساتھ ملا کر نوش کریں۔ (ر)

ایضاً۔ ریٹھہ ۱ تولہ کو دو گھڑی شہد کے ساتھ کھرل کر کے ۶ گولیاں بنالیں اور ہر روز علی الصبح سرد پانی کے ساتھ ایک ایک گولی کھاویں۔ غذا حلوا، گوشت اور روغن زرد کا عام استعمال رکھیں۔ (ر)

نوٹ: ایک تولہ کی ۶ گولیاں بہت بڑی ہیں۔ بہتر یہی ہے کہ کم از کم ۱۲ ہونی چاہئیں۔

ایضاً۔ نوشادر ۲ ماشہ، بسم الفار سفید ۱ ماشہ کو باریک کر کے صدف میں ڈال رکھیں اور کھرل شدہ ادویہ میں سے تھوڑی مقدار لعاب گھیکوار میں ملا کر پانچ چھ روز مسوں پر لگاویں۔ اگر سوزش معلوم ہو تو اس پر پنیر ملیں۔ (ر)

ایضاً۔ سنہ سعو ۱ تولہ، رال سفید ۱ تولہ، مکھن ۱ تولہ کو پیس کر پانی میں دھو کر اور بعد ازاں رال کو باریک کر کے اور سنہ سعو میں ملا کر مرہم بنالیں اور پھاہا پر لگا کر زخم پر مرہم لگاویں۔ (ر)

مخصوص برائے بواسیر خونی

نیلا تھوتھا ایک رتی پیس لیں اور ہر صبح مسکہ میں ملا کر کھاویں۔ غذا گندم کی روٹی گھی کے ساتھ اور نمک نہ کھاویں۔ (ر)

مجرب برائے بواسیر ہر قسم

۶ ماشہ تخم [illegible] پیس کر اس میں سفید کھانڈ ملا لیں۔ اور ہر روز علی الصبح استعمال کریں۔ (ر)

برائے خونی بواسیر

دو تولہ ایک چھٹانک تخم بکائن کا آٹا آدھ پاؤ کو کوٹ کر باریک پیس کر سفوف بنا لیں اور ہر روز علی الصبح ۳ انگلی بھر چٹکی کھا لیا کریں مگر ہر قسم کی بد پرہیزی سے بچنا چاہئے۔ (ر)

مخصوص برائے بواسیر خونی

کھانڈ ۱ حصہ، سیب کنج ایک حصہ ان کو باریک کر کے ۲ عدد گولیاں بنا دیں اور ہر روز ایک گولی علی الصبح کھا لیا کرے۔ نوٹ: اظہار نہیں ہو سکا کہ کتنے وزن کی گولیاں [illegible]

ایضاً۔ سم الفار ۳ ماشہ، کتھہ سفید ۱ تولہ، شنگرف ۱ ماشہ، آملہ سار ۶ ماشہ، سم الفار زرد ۳ ماشہ، سیماب (پارہ) ۳ ماشہ، سجیل ۳ ماشہ، سنگ جراحت ۳ ماشہ، ہلیلہ ۱ تولہ، الائچی کلاں ۱ تولہ۔ ان سب کو کوٹ کر شبنم کے پانی سے ۴ پہر کھرل کرے۔ بعد ازاں نصف سیر عرق لیموں میں کھرل کریں اور فلفل سیاہ جتنی گولیاں بنالیں اور ہر روز ایک گولی گرم پانی یا گائے کے دودھ یا کھانڈ کے شربت کے ساتھ کھاویں۔ (ر)

برائے مسہ ہائے بواسیر

آک ۲ ماشہ، زنگار ۲ ماشہ، شنگرف ۲ ماشہ، سنکھیا سفید ۲ ماشہ، سیندور ۲ ماشہ، دار چکنا ۲ ماشہ، سیماب ۲ ماشہ، [illegible] ۲ ماشہ کو ہم پیس کر ان کا جوہر نکال لیں اور تھوڑا سا مسوں پر مالش کریں تین روز۔ گرم غذاؤں سے قطعی پرہیز کریں۔ (ر)

کشتہ فولاد برائے بواسیر بادی و قوت

برادہ فولاد کو کھٹل زرد (بوٹی) کے پانی میں دو روز کھرل کریں اور اس کی ٹکیاں باندھ لیں یعنی ٹکیاں بنالیں اور سایہ میں خشک کریں۔ بعد ازاں ایک پاؤ بھر سرگین کی آگ دیں۔ خوراک ایک خشخاش مسکہ میں ملا کر کھاویں۔ (ر)

ایضاً۔ یکشنبہ یعنی اتوار کے روز پہلی گھڑی گیارہ چاول اور ایک پارہ ...

کے نیچے رکھ دیوے اور کہے کہ میں تمہیں تو پیلا دیتا ہوں۔ اور اٹھ کر چلا جاوے۔ اور پھر
دوسرے اتوار کو جلی گھڑی میں اس طرف سے کہ سایہ اس پر نہ پڑے۔ سارے درخت کو بے
لیوے۔ اور اس کی جگہ پر سپاری دبا دیوے۔ بعد ازاں اس کی جڑ علیحدہ کر کے کپڑے میں
سوت کے ساتھ لپیٹ دے جس کو کنواری لڑکی نے کاتا ہوا اور اپنے دائیں بازو سے باندھے
یہ آزمودہ ہے ۔ (ر ر)

مخصوص برائے بواسیر خونی

نصف پاؤ سرہ ایک پاؤ دہی کے پنیر میں کھرل کرے۔ اور جب جذب ہو جاوے۔ تو
برتن میں ڈال کر گڑھے میں پانچ سیر سرگین کی آنچ دیوے۔ خوراک ایک رتی مکھن گائے میں ملا کر (ر ر)

برائے مسہ بواسیر مجرب

افسنتین ۲ ماشہ۔ صابن ۲ ماشہ دونوں کو گھس کر تھوڑا پانی ڈال لیں اور ترب کلاں یعنی
بڑی مولی لیکر اسکو درمیان سے کھود دیں۔ بعد ازاں ان دو تو پسی ہوئی دوائیوں کو مولی میں
لیپ کر کے سم الفار سفید اسمیں داخل کر دیا جاوے۔ اور مولی سے جو نکلے اُس سے
پُر کر کے بشش کا آٹا اوپر لیپ کرے۔ جب خشک ہو جاوے اُسے گل حکمت کرے۔ اور
زمین میں گڑھا کھود کر ۲ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ جلاوے اور جب شعلہ نکل کر بند ہو جاوے
تب مولی کو اس گڑھا میں دبا دیوے۔ اور سرد ہونے پر نکال لیوے اور سنکھیا شگفتہ
شدہ کو محفوظ کرے۔ تھوڑا تھوڑا تحمہ بواسیر پر مالش کرے مجرب ہے ۔ (ر ر)

ایضاً سم الفار سفید ا ماشہ جب الملوک (جمال گوٹہ) ۲ دانہ ان دونوں کو اکٹھا پیکر
برتن میں بند کر کے سرگین بھر کا کی آنچ دیں بعد ازاں گھیکوار (ریندال)
کے پانی میں پیکر تحمہ بواسیر پر مالش کریں ۔ (ر ر)

نسخہ دافع بواسیر ہر قسم

پنج عشر کلاں کو ایک گڑھے میں جلا دیں جب سب جل جاوے اور ٹھنڈا ہو جاوے

تو اس تمام خاک کو رکابی وغیرہ میں لیکر ملا دے اور اس کے کوئلے لیوے اور پھر درخت
کنار کی ٹہنیاں جن پر عنکبوت کے جالے لگے ہوں پہلے کیطرح جلا دیں اور اس کے بھی کوئلے
لے لیں۔ بعد ازاں ان دونوں کوئلوں کو ہموزن کر کے جمع کر رکھیں اور پیس لیں اور وقت ضرورت
استعمال کریں۔ خوراک ۲ ماشہ گائے کے مکھن میں صبح و شام کھاویں۔ انشاء اللہ تمام
اقسام کی بواسیر کو فائدہ دیوے گا ۔ (ر ر)

نسخہ مجرب برائے بواسیر ہر قسم

قلمی سکہ۔ گندھک آملہ سار۔ گندھک برابر ہموزن لیکر کشتہ بنا لو اور بعد میں
کھرل کر کے ۲ رتی خوراک گائے کے مکھن یا دہی کی ملائی میں رکھ کر صبح و شام کھاویں (ر ر)

نوٹ:۔ میرا خیال ہے کہ زرشک اسمیں اور داخل کر کے مرکب بنا لینا
چاہئے۔ یہ بواسیر کو مجرب ہے ۔

ایضاً رسونت۔ ۲ تولہ۔ گیرو ۲ تولہ۔ کو ٹمکر بیر ۲ تولہ۔ مولی دھر یک ۲ تولہ۔ نیم ۲ تولہ
الائچی خورد ۲ تولہ۔ جو اکھار ا تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ۔ عرق مولی ۱۲ بوتل۔
ترکیب۔ عرق مولی میں ۲ یوم رسونت کو بھگو چھوڑے۔ بعدہٗ تمام ادویات ملا کر پیکر
اور چھان کر عرق مولی میں حل کر لیوے۔ اور برابر دانہ نخود کے گولیاں بنالے۔ اور ایک
گولی پانی کے ساتھ کھا لیوے۔ اور قدرت کا تماشہ ملاحظہ فرماویں۔ پرہیز بادی اشیا
سے لازمی ہے ۔ (ر ر)

نسخہ برائے سرفہ سرد

ورق الغوز برگ آک ۱ پختہ یک عدد۔ فلفل سیاہ ۱۰ عدد اس حساب سے لیکر باہم
پیس چھان کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالے۔ علی الصبح ایک گولی کھاوے۔ (ر ر)

سرفہ بلغمی و دمہ۔ اشتہا آور مقوی معدہ جمیع امراض بلغمیہ

ورق طلا ۱ تولہ۔ پارہ مصفیٰ ا تولہ۔ پوست کچنال کے پانی میں ۲ پہر تک کھرل کر کے

بعدہ سہاگہ ۲ ماشہ، مروارید ناسفتہ (اَن چھدے موتی) ۲ تولہ اور سب کے برابر بیر بہوٹی ٹکیا ملا کر دو پہر کھرل کریں اور عنسلا بنا لیں۔ اور برگ اڑوسہ اس کے اوپر لپیٹ کر مٹی کے برتن میں ڈال کر کپر مٹی کرکے اوپلوں کی آنچ دیں اور سرد ہونے کے بعد پھر ۶۶ دس پہلے جتنا ہی ڈال کر کھرل کریں اور پھر مذکورہ بالا آنچ اسی طرح دیں۔ خوراک ۲ رتی ۲ عدد فلفل سیاہ کے سفوف میں ملا کر اور اگر بیمار کی مزاج صفراوی ہو تو شربت نیلوفر کے ساتھ کھلاویں (ر ر)

برائے کھانسی بلغمی

نعنعہ ۲ ماشہ، ملٹھی مقشر ۲ ماشہ، پرسیاوشاں ۲ ماشہ، تخم کرفس ۲ ماشہ، پوست بیخ بادیان ۲ ماشہ، انجیر ۲ ماشہ، فراسیون ۲ ماشہ ایک پیالی میں جوش دے کر بعد ازاں مل چھان کر شربت تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ۔ (ر ر)

سرفہ بلغمی

ستیارہ ۵ تولہ، ملٹھی ۵ تولہ، گلو ۵ تولہ، میوہ کشمش ۵ تولہ، زنجبیل (سونٹھ) ۳ تولہ۔ دوائیوں کو کوٹ کر دو سیر پانی میں جوش دے۔ جب آدھ سیر رہ جاوے نیچے اتارے اور مل چھان کر اسمیں ڈیڑھ پاؤ مصری ملاوے اور شربت بنا کر بوتل میں ڈالے۔ خوراک ۲ تولہ شربت میں ۲ تولہ پانی ملا کر علی الصبح پیوے۔ (ر ر)

برائے کھانسی کہنہ و نزول

(پرانی) (نزلا)

(چھلکا)

پوست کیکر ایک پاؤ، پوست پھلاہی ایک پاؤ، ہلیلہ زرد ۵ تولہ، بانسہ کے پتے ۲ تولہ سب کو کوٹ کر دو سیر پانی میں جوش دیوے۔ جب آدھا رہ جاوے تو نیچے اتار کر مل کر صاف کرے اور ایک پاؤ گھی اسمیں ڈال کر مل کرے۔ بعدہ ایک پاؤ کھانڈ ملا کر قوام کرے۔ کرڑہ ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ ریچ میں ڈالے۔ خوراک ۲ ماشہ سوتے وقت۔ (ر ر)

سرفہ بلغمی و طحال و باؤ گولہ۔

نمک نیم سیر، تاملون زرشت ۵ ماشہ نیم پاؤ۔ دونوں کو دودھ آک (مدار) میں کھرل کرکے

۵۰ عدد برگ آک (مدار) میں لپیٹ کر ایک کوزہ گلی میں بند کرکے ۲ سیر اوپلوں کی آنچ دیں اور پیس کر نگاہ رکھیں۔ خوراک ایک رتی۔

سرفہ بلغمی

(کھانسی)

مکھن نیم چھٹانک، مصری نیم چھٹانک ملا کر علی الصبح کھاوے اور شام کو ایک گولی کھاوے جو کہ حب ذیل طریقہ سے بنائی گئی ہو۔

ترکیب تیاری: جوکھار ۱۰ ماشہ، انار دانہ ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۲ ماشہ، پیپلاں زرد ۲ ماشہ، قند سیاہ ۲ تولہ کو ملا کر موافق چنے سیاہ گولیاں باندھ لیں۔ غذا خشکہ دروغ خام (ادھ رڑکے) کے ساتھ کھاویں۔ (ر ر)

الیضاً فلفل سیاہ، سہاگہ، مصبر مساوی الوزن لیکر ہر ایک کو گھیکوار کے لعاب میں کھرل کریں۔ اور بعد ازاں دانہ نخود کے برابر گولیاں باندھیں۔ خوراک سوتے وقت ایک گولی منہ میں رکھے اور رس چوستا رہے۔ (ر ر)

سرفہ بلغمی و ضیق و طحال

گل عشر آک (مدار) کے پھول ۵۰ عدد، قرنفل (لونگ) ۵۰ عدد، دونوں کو سونٹھ کے پانی میں کھرل کرکے ۵۰ گولیاں باندھے اور علی الصبح ایک گولی گرم پانی کے ساتھ کھاوے۔ نمک اور ترشی وغیرہ سے ۷ یوم تک پرہیز کرے۔ (ر ر)

سرفہ (کھانسی) جملہ اقسام

گوند کیکر ۱ ماشہ، کتیرا ۱ ماشہ، نشاستہ ۱ ماشہ، مغز تخم بہیدانہ ۲ ماشہ، خشخاش سفید ۴ ماشہ، شکر سفید ۲ تولہ، مغز تخم خربوزہ ۲ ماشہ، مغز بادام ۲ ماشہ، مصری ۲ تولہ، پتاسہ ۲ تولہ کوٹ کر اسپغول کے لعاب میں گولیاں باندھ لیں۔ بقدر دانہ نخود۔

اگر مزاج بلغمی ہو تو ست ملیٹھی ۴ ماشہ، منقہ ۴ ماشہ، زعفران (کیسر) ۱/۲ ماشہ، ازاد کرکے حسب مناسب ایک گولی سے ۴ گولی تک روزانہ کھا سکتے ہیں۔

کاہو ۵ ماشہ خطمی ۵ ماشہ خبازی ۵ ماشہ گل نارہ ماشہ۔ دم الاخوین ۵ ماشہ۔ سلاجیت ۱ ماشہ
جگر بڑ سوختہ (جو نہ کھاتے ہوں نہ ڈالیں) ۹ ماشہ کشتہ فولاد ۹ ماشہ بست گلو ۹ ماشہ کشتہ
نقرہ ۳ ماشہ۔ اس کے بعد شربت انجبار بھی تیار کریں:۔

حب الآس (ملٹھی) ۱۲ تولہ عناب ۲ تولہ۔ لسوڑیاں ۲ تولہ بنفشہ ۲ تولہ۔ زوفا ۲ تولہ
ملٹھہ ۲ تولہ الائچی خورد ۲ تولہ خشخاش ۶ تولہ خبازی ۲ تولہ مصری ۳ پاؤ۔ ادویہ کو جوشاندہ
کرکے مل چھان کر مصری ملا کر شربت بنالیں۔

ترکیب کھانے کی۔ ۲ تولہ شربت میں ۳ تولہ عرق ڈال کر ۳ ماشہ سفوف منہ میں
ڈال کر اوپر سے شربت پی لیں ۔ (م ر)

برائے سرفہ کہنہ (پرانی کھانسی)

تربد سفید یعنی ترکوی۔ اصل السوس (ملٹھی) رب السوس۔ غاریقون۔ ایارج فیقرا
تخم حنظل (گودہ تر) بنفشہ محمودہ۔ فلفل سیاہ۔ سولف۔ انار دانہ۔ جو کھار۔ گل گسنگی۔
افیون۔ ریوند۔ ایلوا۔ سہاگہ۔ پودینہ۔ کرفس۔ گل سرخ۔ گل ارمنی کو سادی کوٹ کر
نصف کو شہد میں اور نصف کو آب ترنج میں ملالیں اور ۲ ماشہ کی گولیاں باندھ
لیں۔ اور صبح کو ایک گولی آب ترنج والی اور رات کو سوتے وقت شہد والی گولی شربت
ذیل کے ساتھ کھادیں: (م ر)

نسخہ شربت

مغز بادام۔ مغز پستہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ چھوہارا۔ الائچی خورد۔ زنجبیل۔ خرفہ۔ حب الآس
بہیدانہ۔ خشخاش سفید۔ میتھی۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم کاہو۔ خطمی۔ خبازی۔ عقرقرحہ
چلغوزہ۔ طباشیر۔ اذخر۔ سنبل۔ تخم کتان۔ تخم ریحان۔ تخم خیارین۔ انجیر۔ منقیٰ۔ اشنہ
برابر وزن اور سہ چند مصری ڈال کر معمولی طریقہ سے شربت نکال لیا جاوے اور منہ میں
گولی لیکر اوپر سے ۲ تولہ شربت میں ۲ تولہ پانی ڈال کر پی جاویں۔ ترش اور بادی اشیا
سے پرہیز کریں ۔ (م ر)

دوائی برائے کھانسی بچگان

جس سے بچوں کو بدخوابی ہوتی ہے۔ اور کبھی تے بھی ہو جاتی ہے۔ نیز نزول کو نافع ہے
نشاستہ گوند کیکر ملٹھی خشخاش سفید افیون ہموزن کوٹ کر اسپغول و بہیدانہ کے
لعاب میں ملا کر دانہ نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور سرد پانی کے ساتھ ایک ایک
گولی کھادیں ۔ (م ر)

برائے سرفہ بلغمی

عناب ۳۰ دانہ۔ لسوڑیاں ۳۰ دانہ۔ بنفشہ ۲ تولہ ملٹھی ۲ تولہ۔ زوفا ۲ تولہ پرسیاؤشاں
۲ تولہ۔ خبازی ۱ تولہ خطمی ۱ تولہ۔ تخم کرفس ۱ تولہ۔ سولف رومی ۱ تولہ۔ تمام ادویہ کو ڈیڑھ سیر
پانی میں جوش دیوے جب نصف رہ جاوے تو مصری ڈال کر قوام کرے
اور صبح و شام ۲ تولہ شربت میں ایک تولہ پانی ملا کر شیر گرم کرکے نوش کریں (م ر)

نسخہ برائے نفث الدم یعنی خون کا آنا اور سل:۔

مغز کدو ۵ تولہ۔ مغز بہیدانہ ۵ تولہ۔ مغز تخم خرفہ ۱ تولہ۔ مغز تخم خربوزہ ۱ تولہ۔ گلو ۵ تولہ
برادہ صندل سفید ۱ تولہ۔ کشنیز (دھنیا) ۵ تولہ۔ انجبار ۱ تولہ۔ تخم خیارین ۱ تولہ۔ نیلوفر ۲ تولہ
کاہو ۱ تولہ۔ گل سرخ ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ تخم بالنگو ۵ تولہ۔ کاسنی ۲ تولہ جنس ۱ تولہ
بادیان ۱ تولہ۔ ملٹھی ۲ تولہ۔ ورشک ۲ تولہ۔ مربہ آملہ ۱ تولہ۔ مربہ سیب ۱ تولہ۔ مربہ ہلیلہ زرد
۱ تولہ۔ مربہ بہی ۱ تولہ۔ بکری کا دودھ ایک سیر
گاؤ زبان کا پانی ایک سیر ان کا عرق بطریق مشہور نکال لیا جاوے۔ اور مندرجہ ذیل کا
سفوف بنادیں۔

طباشیر ۵ ماشہ۔ الائچی خورد ۵ ماشہ۔ گل بنفشہ ۵ ماشہ۔ گل مختوم ۵ ماشہ۔ گل سرخ ۵ ماشہ
عرق ۵ ماشہ۔ شادنج ۵ ماشہ۔ لبہ (تخم ریحان) ۵ ماشہ۔ کتیرا ۵ ماشہ خشخاش ۵ ماشہ۔
رب السوس ۵ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ مغز کدو ۹ ماشہ۔ مغز کھیرا ۵ ماشہ۔ صمغ عربی ذرا گوند کیکر

نسخہ برائے سرفہ

مٹھا تیلیا ۲ ماشہ۔ تخم دھتورہ ۶ ماشہ۔ سیماب مدبر ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۲ ماشہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ خرمہرہ سوختہ ۱ تولہ۔ سہاگہ بحری ۲ تولہ۔ آملہ سار ۲ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ عقرقرحا ۱ تولہ۔ تمام اجزا کو چار پاؤ عرق لیموں یا عرق زنجبیل میں کھرل کریں اور کھانڈ میں ایک رتی بھر کھاویں۔ اوپر سے بکری کا دودھ پیویں ۔ (د ر)

نسخہ کھانسی بلغمی

برگ مدار (آک) فلفل سیاہ۔ نمک سانبھر کو برابر مقدار میں کوٹ کر فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنالی جاویں اور علی الصبح ایک گولی سرد پانی کے ساتھ کھاویں ۔ (د ر)

ضیق و سرفہ (کھانسی و دمہ بلغمی)

زنجبیل (سونٹھ) نمک سونچل برگ آک۔ نمک سنگ۔ تخم خارزد گوند (چھکنڈہ) تخم کنڈیاری ہم وزن پیس کر ایک سیر آک (مدار) کے دودھ میں کھرل کریں۔ قرص بنا کر خشک کر کے برتن میں بند کر کے آگ دیں جب جل جاویں تو خوراک ۱ رتی علی الصبح ہمراہ شہد ۔

برائے نفث الدم

براوہ صندلین سرخ و سفید ایک ایک تولہ۔ انجبار ۴ تولہ کو کوٹ کر ۳ پیالہ پانی اور آدھ سیر مصری ملا کر شربت بنالیں اور صبح و شام ۲-۲ تولہ پیا کریں ۔

ایضاً

گل ارمنی۔ کہربا۔ صمغ عربی۔ دم الاخوین۔ طباشیر۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ اقاقیا۔ گلنار۔ ریشہ برگد کو ساوی مقدار میں کوٹ لیں اور خرفہ کے پانی میں ملا کر ٹکیاں بنالیں جن کا وزن تین تین ماشہ ہو۔ خوراک علی الصبح ایک ٹکیہ روزانہ ۔ (د م)

دوائی سرفہ بلغمی جو سینہ کو اخلاط سے پاک کرتا ہے اور ضیق کو مفید ہے

عناب ۲۰ عدد۔ سپستان ۵۰ عدد۔ انجیر سفید ۲۰ عدد۔ بنفشہ ۶ ماشہ۔ پرسیاوشاں ۶ ماشہ۔ تخم خطمی ۳۰ درم۔ خبازی ۳۰ درم۔ اصل السوس ۶ درم۔ زوفہ ۶ درم۔ اس کو جوشاندہ کر کے موافق شربت بنالیں ۔ (د ر)

نسخہ برائے سرفہ بلغمی

ہلیلہ زرد ۱۰ عدد۔ بلیلہ ۱۰ عدد۔ سرد چینی ۱ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ایک چھٹانک کوٹ کر اور کھانڈ کو کڑاہی میں ملا کر اس کا شیرہ رکھ لیوے اور چاروں دوائیں کو جو کہ پیسی جا چکی ہیں۔ اس میں ڈال دے اور نیچے اتار کر خوب ملانے کے بعد چھوٹی مرچ کے برابر گولیاں باندھ لے۔ خوراک ایک گولی علی الصبح ہمراہ عرق گاؤزبان ۔ (د ر)

نسخہ برائے قے خون

برگ آس۔ گلنار۔ پھٹکڑی۔ ماجو۔ وغیرہ قابض اشیاء سے غرارے کراوے اور اگر خون دماغ سے جاتا ہے تو فصد سرارو کراوے اور جوشاندہ قابض مثل سابقہ کے غرارے کرے اور قرص نفث الدم منہ میں رکھنا بہت مفید ہے ۔ (د ر)

قرص نفث الدم

گل ارمنی۔ کہربا۔ صمغ عربی۔ دم الاخوین۔ طباشیر۔ اقاقیا۔ نشاستہ۔ گلنار۔ ریشہ برگد برابر وزن۔ بارتنگ اور خرفہ کے پانی میں ملا کر اس کا خمیر بناویں۔ اور بعد ازاں ٹکیاں بنا کر استعمال کرے۔ ۲-۲ ماشہ کی ٹکیاں بناویں ۔

نسخہ برائے کھانسی جس کی زیادتی سے طعام قے ہو جاتی ہے

فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ۔ انار دانہ ترش ۲ درم۔ قند سیاہ ۴ درم۔ جوکھار ۱ درم کوٹ چھان کر کھانڈ یا شہد میں ملا کر دانہ نخود کے برابر گولیاں بنادیں۔ (درم ۳ ماشہ کا جانو) (د ر)

بعد ازاں ان دونوں ادویہ کو خاکستر مذکور کے ساتھ ملائیں اور ایک چٹکی صبح اور ایک چٹکی شام کو استعمال کریں ۞ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ خضاب مجرب حکیم سیرام بٹالہ شریف

تھوڑا سا مقناطیس منہ میں اس طرف رکھے جس طرف وسمہ ملا گیا ہو اور وسمہ یا مہندی میں برادہ ادلہ چوب اڈال کر دھوپ میں رکھیں اور وسمہ ملنے کے تھوڑی دیر بعد دھو دے مجرب ہے ۞ نوٹ یہ نسخہ حکیم صاحب نے یہاں لکھا ہے۔ ہم نے بھی لکھدیا ہے (ایڈیٹر)

نسوار برائے دردسر و نزلہ

تمباکو اتولہ۔ لونگ ۴ عدد۔ زعفران ۱ ماشہ کستوری ۱رتی کپڑ چھان کر رکھیں۔ ۲ بار نسوار لیویں جب نسوار لی جاوے ایک پہر تک پانی نہ پینا چاہئے۔ اگر وقت رات کا ہے۔ تمام شب پانی نہ پینا چاہئے۔ (د)

طلا شقیقہ عصاب

دارچینی ۱ ماشہ۔ کتیرا ۱ ماشہ۔ گوند کتیرا ۱ ماشہ۔ تخم کاہو ۱ ماشہ۔ کیسر ۲ رتی پیسکر درد کی جگہ پر لگاوے (د)

دافع دردسر

گاگر دیل کپڑ چھان کرکے ناس لیوے۔ گاگر دیل بندال کو کہتے ہیں۔ (د)

ایضاً اوپلوں کی خاک آک (مدار) کے دودھ میں تر کرکے دودھ قدرے اوپر رہے۔ جب خشک ہو وے نسوار لیوے دنزلہ و زکام و دردسر بلغمی کو نافع ہے ۞ (د)

ایضاً نسوار چاول کے دانے آک (مدار) کے دودھ میں تر کریں جب خشک ہو جاویں پیسکر نسوار لیں (ہماری بھی مجرب ہے) خوب چھینکیں آتی ہیں۔ (ایڈیٹر)

ایضاً گندھک آملہ سار۔ چھکنی۔ برگ کشمیری۔ گل انار۔ گل ہوکڑی۔ گاگر دیل فلفل سیاہ برابر وزن پیسکر رکھے اور بوقت ضرورت نسوار لیوے ۞ (د)

نسخہ جوشاندہ برائے کھانسی دمہ اور نوازل و بحتہ الصوت

بنفشہ ۱ ماشہ۔ زوفا ۱ ماشہ۔ بادیان ۱ ماشہ۔ خشخاش ۱ ماشہ۔ اصل السوس (ملٹھی) ۱ ماشہ۔ انجیر ۲ دانہ۔ مویز منقے ۱۰ دانہ۔ ابریسم ۲ ماشہ۔ بادام مغز ۹ ماشہ۔ اسطوخودوس ۲ ماشہ دارچینی ۲ ماشہ بصری ۲ تولہ جوشاندہ کریں ۞ (د)

نسخہ برائے سرفہ و ضیق

پارچہ باریک کو سات بار دودھ آک (مدار) میں تر کرکے خشک کرے اور سات مرتبہ آب نیم میں تر کرکے خشک کرے پس فتیلہ کرکے مکھن میں تر کرکے بتی بنا کر آگ لگا دے جو روغن اس سے ٹپکے اسکو سنبھال رکھیں۔ ۲ رتی اس روغن میں سے پتاسہ میں رکھکر کھلا دے۔ غذا روغنی کھانی چاہئے ۞ (د)

نسخہ برائے ڈبہ اطفال

طوطیا سفید بریان یک جزو۔ سہاگہ بریان نیم جزو۔ ان دونوں کو بکری کے دودھ میں حل کریں اور دانہ باجرے کے برابر گولیاں باندھیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ شیر مادر۔ نوٹ:۔ ڈبہ اطفال کے لئے نیلا طوطیا کی آمیزش سے ایک نسخہ حافظ رحیم بخش صاحب چھاونی جالندھر والے جو ایک بار یہاں تشریف لائے تھے بتلا گئے تھے اور اس موذی مرض کے واسطے مجرب بتلاتے تھے۔ وہ بھی یہاں لکھ دیا جاتا ہے:۔

نسخہ

عصارہ ریوند ایک جزو۔ طوطیا ایک جزو۔ گیرو ۲ جزو۔ تمام ادویہ باریک کرکے گولی برابر موٹھ کے بنادیں لعاب کے دودھ سے ایک گولی دلویں تو یادست ہو کر آرام آجاریگا ۞

نسخہ برائے دمہ و ضیق

نوشادر۔ نمک سنگ پیسے اور لسوڑی کے پتے پر کچھ جوائن رکھ کر جلادیں۔

برائے دردِ شقیقہ:۔ لنگ در کاغذ سیاہ کوفتہ نسوار گیرد۔ (ایک قلمی کتاب)

عطوس:۔ برگ کشمیری۔ چھکنی۔ کائپھل۔ لونگ۔ تمباکو تلخ پیس کر نگاہ رکھیں۔ بوقت ضرورت نسوار لیں۔ نزلہ۔ زکام۔ درد سر کو اکسیر ہے۔ (د.ر)

برائے شقیقہ دموی

عناب ۱۰ عدد۔ آلو بخارا ۱۰ عدد۔ بنفشہ ۲ تولہ۔ گل سرخ ۱ تولہ۔ صندل سفید ۱ تولہ۔ کاسنی ۱ تولہ۔ کاہو ۱ تولہ۔ زرشک ۱ تولہ۔ مصری ۳ گنا۔ بدستور شربت تیار کریں اور عمل میں لاویں۔ (د.ر)

دوران سر

تخم خشخاش ۱ تولہ۔ مغز بادام ۱ تولہ۔ آرد پنبہ دانہ ۱ تولہ۔ مصری ۴ تولہ۔ کشنیز ۱ تولہ پیس کر ایک قلمی خوراک بنا کر کھایا کریں ہمراہ دودھ۔

برائے نزلہ و زکام

تخم گندہ باری ۱ ماشہ۔ سمندر پھل ۱ ماشہ۔ تمال تیر ۱ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۱ ماشہ۔ الائچی خورد ۱ ماشہ۔ کبابہ ۱ ماشہ۔ کٹھ ۱ ماشہ۔ چھکنی ۱ ماشہ۔ زرنباد ۱ ماشہ۔ سونٹھ ۱ ماشہ۔ لونگ ۱ ماشہ۔ عقرقرحا ۱ ماشہ۔ تخم کنائی ۱ ماشہ۔ تخم شنگندلہ ۱ ماشہ۔ کائپھل ۱ ماشہ۔ گل سرخ ۱ ماشہ۔ کشمیری پترج دو چند کل کے کوٹ پیس کر عمل میں لاوے بوقت ورپہود (د.ر)

برائے ڈنگ سانپ حقہ کی چیگ کو روغن تل میں بھون کر نیم گرم ہو جانے مقام ڈنگ پر باندھے۔ (د.ر)

علاج کوری شکم جو سانپ کے کاٹنے سے ہو۔ بیخ جواہاں پانی میں گھسا کر آنکھ میں لگاوے (د.ر)

ضیق الفرج مرد و مفضی شنگرف ساوی در اندرون نماند، ایک دو ساعت برابر خادرہ بالان بالا بعد یکے دو ساعت مجامعت کنند (د.ر)

ترکیب مرگانگ

قلعی اترار۔ پارہ ۹ ماشہ۔ اول قلعی کو پگھلا کر روغن تل میں تین بار بجھاوے۔ پھر

پگھلا کر ساتھ پارہ ملاوے پھر اسمیں ایک تولہ گندھک آملہ سار ملاوے اور کھرل کرے۔ پھر نوشادر ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۱ تولہ ڈال کر کے کھرل کر کے آتشی شیشی کھلے منہ والی میں ڈال کر کوئلوں کی آنچ پر رکھے۔ جب دھواں موقوف ہووے نکال لیوے۔ (د.ر)

ترکیب ساختن شنگرف رومی

پارہ ۱۲ جزو۔ گندھک ۸ جزو دونوں کو خوب کھرل کرے اور آتشی شیشی بڑی گردن والی میں کہ نصف ادویہ سے بھر جاوے اور نصف بلکہ نصف سے بھی خالی ہے ڈال دیوے اور اسکا منہ بند کر کے اس شیشی پر گل حکمت کر کے خشک کر لیوے۔ ایک مٹکے میں ریت بھرے درمیان اس آتشی شیشی رکھ دیوے اور منہ اس کا باہر رہے۔ ایک پہر نرم آگ کریں اور ۳ پہر آگ تیز کریں پھر سرد کر کے توڑ کر اوپر سے رنگا شنگرف لیوے۔ (د.ر)

ترکیب دور نمودن داغ سیاہی

اول روغن تل سے چرب کرے پھر آب گرم سے دھووے۔ (د.ر)

ترکیب سیاہی

ہیرا کسیس (کاہی) ۱۲ ماشہ۔ گوند کیکر ۱۲ ماشہ۔ مازو ۲ ماشہ۔ اخیری دوائی کو جو کوب کر کے اور باقی دونوں کو باریک کر کے ملاوے اور پیچھے دودھ (دھواں پھول سیاہی) ۳ ماشہ ملا کر لوہے کے برتن میں ڈالے پانی صاف ملا دیوے اور تیار کرے اگر سیاہی غلیظ القوام ہووے تھوڑا عرق لیموں ڈالنا چاہیے اور اگر رقیق القوام ہووے قدرے پتاسہ ڈالنا چاہیے

ترکیب صابون

سجی ۱۰ سیر۔ قلعی چونہ ۵ سیر۔ ہر دو کو علیحدہ علیحدہ برتنوں میں بھگو دیوے۔ سجی میں پانی ایک من اور چونے میں پانی ۲۰ سیر ڈالے خوب ملا دیوے۔ دوسرے دن ان کا مقطر پانی اوپر سے نتھار لیوے اور دیگ آہنی میں ڈال کر روغن سرسوں ۱۰ سیر چربی ۵ سیر مخلوط کر کے نیچے آنچ کرے جب جوش آجاوے کفچہ سے حرکت دیتا

رہے جب قوام پر آجاوے یعنی گاڑھا ہو جاوے تو اُتار کر سانچوں میں بھر لیوے سرد ہونے پر سخت ہو جاویگا۔ اگر چاہیں تو اُتارنے کے وقت عطریات وغیرہ خوشبو کے واسطے ملا سکتے ہیں۔ (ایک قلمی کتاب)

ترکیب صابون دیگر

سجی ۵ سیر۔ آہک ۵ سیر دونوں کو دس دس سیر پانی میں علیحدہ علیحدہ بھگو دیوے بعد ایک دن کے اسکو خوب ملا دیوے۔ پھر رہنے دیجیے۔ دوسرے دن اس کا آب زلال نتھار کر علیحدہ رکھے اور دونوں کے پھوک کو باہر نکال کر ایک گزی کپڑے میں ڈال کر کپڑے کے علیحدہ علیحدہ چار پایوں سے باندھ دیوے۔ نیچے گھڑا رکھ کر اس کے اوپر ڈھائی سیر پانی ڈالے۔ جب عرق نیچے بخوبی چلا جاوے تو پھر اسکو چونہ و سجی کے پھوک پر ڈالیں تیسری دفعہ کا جو عرق نکلے اسکو پہلے زلال کے ساتھ ملا کر روغن ۱ سیر ارجون سا بھی تیل ہو مگر کل ایک قسم کا ہو ڈال کر حل کر کے نیچے آنچ کرے۔ اور لکڑی سے ہلاتا رہے جب قوام غلیظ ہو جاوے۔ تھوڑا سا امتحان کے طریق پر سرد کرے۔ اگر منجمد ہووے تو نیچے اُتار کر جما لیوے۔ اگر چاہے تو مناسب عطریات ڈالے۔ اگر رنگ میں زردی منظور ہو تو زعفران پیسکر اگر سرخی منظور ہو تو شنگرف پیسکر ملا دیویں +

(ایک قلمی کتاب)

ترکیب روغن چرس

چرس کو لیکر دودھ گائے میں ڈالکر اُبال کر بدستور مکھن بنا وے۔ اس مکھن کو آنچ پر رکھے اور چرس کی بُو کو مٹانے کے واسطے اس میں لونگ۔ برگ تنبا کو۔ جائفل۔ بالچھڑ وغیرہ ذرا ذرا ملا دیوے اور جب اچھی طرح جل جانے پر گھی کو علیحدہ کر لیوے (ایک قلمی کتاب)

کتا یا گیدڑ دیوانہ

ایک پرندہ سبز رنگ کا بھڑ کے قد کا جس پر نقطہ ہا سفید ہوتے ہیں ماہ ہاڑ میں

گل ہا جو انہہ پر ہوتا ہے اسکو لیکر ایک کوزہ گلی میں مضبوط بند کر کے رکھیں خشک ہو جاوینگے اسکا سر و پر و دم دور کر کے اس میں سے ۲ عدد ۳ ماشہ حرمل کے ساتھ پیسکر مکھن میں لپیٹ کر کھلاویں۔ بول جب جب آوے ایک برتن میں کریں گیند ٹیاکتے کی شکل کی چھوٹی چھوٹی اشکال خارج ہونگی خوف نہ کریں تمام زہر دور ہوگا۔ (ایضاً)

نسوار برائے مار گزیدہ

کتھ۔ کبابہ۔ لونگ۔ چھکنی۔ الائچی خورد۔ تلخ (دبو) مساوی الوزن لیکر نلی کے ذریعہ ناک میں چڑھاوے + (ایک قلمی کتاب)

نکتہ۔ اگر شک ہو کہ مارگزیدہ ہے یا نہیں۔ تو نیم یا کچے لیموں پیسکر ڈنگ کے مقام پر ملے۔ اگر آبلہ ہو جاوے سانپ نے کاٹا ہے۔ ورنہ نہیں + (ر ر)

شربت زوفا برائے دورہ سینہ و نزلہ و کھانسی کہنہ و صلابت معدہ وسدہ

مویز منقّٰی دانہ بر آوردہ ۳ درم۔ اسپوٹریاں ۱۰ درم۔ عناب ۱۰ درم۔ بیخ سوسن ۱۰ درم۔ ملٹھی ۱۰ درم۔ انجیر زرد ۱۰ درم۔ پرسیاؤشاں ۱۰ درم۔ زوفا خشک ۱۰ درم۔ زازیانہ ۵ درم۔ انیسون ۵ درم۔ بہیدانہ ۵ درم۔ تخم خیارین ۳ درم۔ تخم کرد ۳ درم۔ تخم خربوزہ ۳ درم۔ مغز پستہ ۳ درم۔ حب الصنوبر ۳ درم۔ سنبل الطیب ۳ درم۔ اذخر ۳ درم۔ تخم خطمی ۳ درم۔ تخم کتان ۳ درم۔ سب کو جوکوب کر کے جوش دیوے۔ ۱۲ رطل مصری کے ساتھ قوام کر کے اور مغزہائے کو کوٹ کر داخل کریں (ایک قلمی کتاب)

(نوٹ) درم ۳ ماشہ کا اور رطل آدھ سیر کا جانو) +

نسخہ مار گزیدہ از مولوی حق نواز مسجد خیر پو

پوست ریٹھہ پیسکر ۳ پوڑیہ تین تین ماشہ کی بنا وے اور پانی خالص کے ہمراہ تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد کھلاوے مجرب ہے۔ (ایک قلمی کتاب)۔

احتباس خون حیض

کتیرا ۱ تولہ۔ بیخ مغیلاں ۲ تولہ۔ کرکس ۳ تولہ۔ موچرس ۳ تولہ۔ رال سفید ۱ تولہ۔ کتھ سفید ۱ تولہ۔ سپاری ۱ تولہ۔ سفیدہ ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ سمندر جھاگ ۱ تولہ۔ خون سیاوشاں ۱ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ۔ گل انار ۲ تولہ۔ اقاقیہ ۱ تولہ سفوف بناوے خوراک ۳ ماشہ چھاچھ یا دودھ بکری مصری ڈالے ہوئے کے ساتھ صبح و شام کو کھلائے۔

ترکیب مار گزیدہ

نوشادر ۹ ماشہ۔ پانی میں حل کر کے اسی وقت پلادیں بعد ازاں ۴ ماشہ ۳ وقت اور پلانا۔

ترکیب موم

رال سفید۔ چربی گاؤ ہر دو یکجا۔ اول رال کو آنچ پر نرم کرے بعد ازاں چربی داخل کر کے پگھلا دے۔ جب دونوں یکذات ہو جاویں نیچے اتار کر چھان کر رکھیں۔

دافع بواسیر

سنگ بصری ۱ درم۔ رسونت ایک درم۔ دونوں کو پانی میں حل کر کے صاف کر کے سنگ بصری داخل کر کے خشک ہونے پر گولیاں بقدر چنے کے بنائیں۔ خوراک ۲ ماشہ علی الصبح با آب تازہ۔ (ایک قلمی کتاب)

کشتہ سنکھیا

سم الفار ۱ تولہ۔ بیر بہوٹی سوختہ ۴ تولہ۔ ایک کوزہ گلی میں نیچے بیر بہوٹی اوپر بیر بہوٹی درمیان سنکھیا رکھ کر گل حکمت کر کے ایک من آتش سرگین دیوے خوراک ایک خشخاش۔ اشتہا پیدا کرے۔ مقوی باہ ہے اور مفاصل بلغمی اور امراض بادی کو نافع ہے۔

برائے دفعیہ ہیضہ

انار دانہ ترش ۴ تولہ۔ الائچی کلاں ۱ تولہ۔ پودینہ ۲ تولہ۔ طباشیر ۲ ماشہ۔ مصری سب کے برابر کوٹ پیس کر سفوف بنا دیں اور مریض ہیضہ کو کھلانا شروع کریں۔ کوئی ایسا جزو نہیں ہے دو چار ماشہ جتنا مریض کھائے عرق پودینہ وغیرہ سے مناسب وقفہ کے بعد دیا جا سکتا ہے۔

برائے عورت جس کا حمل خام جاتا رہتا ہو

بہمن سفید۔ زعفران۔ بیر ہبا (بیخ بنفشہ) اسلیخہ (لاتج) سنبل الطیب۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربا شمعی۔ یشب سبز۔ عود صبر ایک ۹ ماشہ۔ آشنہ ۱۰ ماشہ۔ زرنباد ۶ ماشہ درونج عقربی ۶ ماشہ۔ سب کا سفوف کرے۔ عرق بید مشک آدھ سیر۔ قند سفید نیم پاؤ۔ شربت انار شیریں سوا سیر پس قوام معجون بنا ہیں خوراک ۶ ماشہ پیچھے عرق بید سادہ پون چھٹانک۔ شربت انار شیریں ۱ تولہ۔ آمیختہ پیا جاوے۔

معجون تولید منی

ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ قسط شیریں۔ تخم زردک۔ تخم بلبون۔ خولنجان۔ کچور۔ سنبل الطیب۔ بہمن سرخ و سفید ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ دار فلفل۔ کباب چینی۔ جوزبوا۔ تودری ہر دو ہر ایک ۹ ماشہ۔ جوزبوا۔ جلوتری۔ کیسر (زعفران) مصطگی ہر ایک ۹ ماشہ مشک عنبر اشہب ہر ایک ۳ ماشہ جملہ ادویہ کو سفوف کر کے آب انگور کے اندر ملا کر معجون بنا دے خوراک ۹ ماشہ۔ علی الصباح بعد ازاں دودھ پیوے (ایک قلمی کتاب)

منجن استحکام دندان

طباشیر خام بریاں۔ پھٹکڑی سفید۔ زیرہ سفید۔ کتھ سفید۔ الائچی کلاں۔ مروارید۔ سنگ مساوی الوزن پیس کر دانتوں پر ملا کرے۔ اس کے بے شمار فوائد ہیں (ایضاً)

حکیم دوست محمد خانصاحب مرحوم کے مجربات

(اس سے پہلے مجربات ۔۔۔ میں درج ہو چکے ہیں)

کشتہ چاندی

کاتھیل اچھٹانک ـ عقرقرحا اچھٹانک ـ ریوندچینی اچھٹانک ـ سب کو پیس کر درمیان ایک تولہ چاندی کے کرٹ میں گوندھ لیویں۔ اس کے اوپر برگد کا پان جو کہ سیاہی مائل رنگ کا چارپایاں بننے کے کام آتا ہے اسپر لپیٹ کر ایک گڑھے میں ۸ سیر اوپلے نیچے اور ۸ سیر اوپر دے کر آگ دیدے۔ ۔۔۔ چاندی کا کشتہ برآمد ہوگا

(حکیم دوست محمد خان)

دوائی اختلاج القلب (دھڑکن)

داخل کرکے ۔۔۔ ۔ دانہ الائچی خورد ۔ برگ نیم ۔ گیرو ۔ برابر وزن سفوف بنا کر رکھے ۔ صبح ۔۔۔ پانی سے کھلایا کریں ۔ یوں تو نسخہ معلوم معمولی ہوتا ہے ۔ مگر میں نے خود اس کو آزمایا ہے ۔ بہت ہی اچھی چیز ہے ۔ (ایڈیٹر)

ہاتھ پاؤں سے پسینہ آنا

اطبائے ہند اس مرض کا نام سیت رکھتے ہیں ۔ اس کی تشریح اور وجہ تسمیہ ایک طویل بحث کے متعلق ہے ۔ مگر یونانی اس کو سیت کے قریب قریب جانتے ہیں اگر کسی قدر بقراط نے فرق بھی کیا ہے ۔ مگر ہمیشہ کثرت رائے بحال ہوتی ہے ۔ اسی لئے اس کا علاج وہی ہونا چاہیے جو مرض سیت کا ۔ مثلاً اونٹ کٹارہ کی جڑ خشک پیس کر شہد میں ملا کر سات روز تک غایت چودہ روز تک کھلاویں ۔ شہد تقریباً ایک تولہ تک ہونا چاہیے اور جڑ ۳ ماشہ کافی ہے ۔

داخلی علاج

شنگرف ۳ ماشہ ۔ مغز تخم ۔۔۔ ۳ ماشہ ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ ۔ کوڑی زرد سوختہ ۹ ماشہ

خوشبو کی لپٹیں نہ آئیں ۔۔۔ صفت میں کمال ہے ۔ اکسیر ہے بے نظیر ہے ۔ اسرار ۔۔۔ کے جنگلی بیر کے برابر ۔۔۔ نسخہ ناظرین ہے :-

عنبر ۳ ماشہ ۔۔۔ ۔ زعفران ۶ ماشہ ۔ بیر بہوٹی ۔ دریائی ۔۔۔ درروغن زرد ۔۔۔ ۲ ماشہ ۔ کافور ۲ ماشہ ۔ سہاگہ ۲ ماشہ ۔ عطر گلاب ۲ تولہ ۔ عطر کیوڑہ ۲ تولہ ۔ عطر خس ۲ تولہ ۔ عطر موتیا ۲ تولہ ۔ قیمہ ۔۔۔ ۲ تولہ ۔ خوب کھرل کریں تاکہ باریک ہو جاوے ۔ بس تیار ہے شیشی میں رکھیں ۔ کام میں لاویں ۔

نسخہ برائے گوشتخورہ

یہ نسخہ اگرچہ کم قیمت ہے لیکن مجرب ہے ۔ الائچی خورد ۲ ماشہ ۔ طباشیر ۲ ماشہ ۔ بورہ صندل سفید ۳ ماشہ ۔ کشنیز ۳ ماشہ ۔ کافور ۱ ماشہ ۔ باریک کرکے تمباکو کی طرح رکھیں ۔ یا امرت دھارا کی ۲ بوند روئی کے ذریعہ سے لگاویں ۔ (جیا رام دیو بیداس)

نسخہ برائے خارش کھجلی جسم

گندھک آملہ سار مصفیٰ ۶ ماشہ ۔ مردہ سنگ ۶ ماشہ ۔ سنگ جراحت ۳ ماشہ ۔ سہاگہ ۲ ماشہ ۔ نیلا تھوتھا ۲ رتی ۔ ان کو خوب باریک کریں حتٰی کہ میدہ کی مانند ہو جاوے اور پھر آدھ چھٹانک تیل ڈال کر جسم پر اس کی مالش کریں ۔ اور سویرے کاربالک صابون سے دھو ڈالیں ۔ اگر پہلے گوبر بھینس مل کر اوپر سے دھوئیں تو زیادہ مفید ہوتا ہے ۔

کھانے کی دوائی :- نیم کے پتے ۳ ماشہ ۔ پت پاپڑہ ۳ ماشہ ۔ ۔۔۔ ۱ ماشہ ۔ عناب ۵ دانہ ۔ چرائتہ ۲ ماشہ ۔ اجوائن ۱ ماشہ ۔ ۔۔۔ ان سب کو کوٹ کر آدھ پاؤ پانی میں بھگو دیں سویرے چھان کر اور شربت ملا کر پیویں ۔ اور ترشی سے پرہیز کریں ۔ اس کے پینے سے بے شمار فائدہ ہوگا ۔ (۔۔۔)

۔۔۔ سے ۔۔۔

جوب دافع تپ

حضرت ... مرحوم کے مجربات

سرنجاں شیریں ا تولہ۔ دانہ ۴ ماشہ۔ بچھناگ مدبر کیا ہوا ۳ ماشہ۔ گولیاں بقدر ۳ مرچ بنا کے ۲ صبح کے وقت اور ایک شام کے وقت شہد خالص ۲ تولہ میں نیم گرم پانی ملا کر دونوں وقت کھایا کریں اور روغن ذیل بنا کر مالش کیا کریں آزمودہ ہے۔

تیل اجوائن دیسی ا تولہ۔ رتن جوت ا تولہ۔ لونگ ا تولہ۔ جائفل ا تولہ۔ ریٹھا ا تولہ۔ سونٹھ ا تولہ۔ بیخ کنیر ۳ تولہ۔ بیخ سنبھالو ۲ تولہ۔ بچھناگ ۶ ماشہ۔ روغن کنجد ۲۴ تولہ تمام اشیاء کو نیم کوفتہ کر کے ۴ سیر خام پانی میں جوش دیں جب سیر خام رہ جائے تو چھان لیں اور بعد ازاں تیل ڈال کر پانی کو جلا دیں۔ جب صرف تیل ہی رہ جاوے اتار لیں روغن تیار ہے مالش کیا کریں۔ (حکیم نانک چند عطار)

نسخہ علاج گوشت خورہ

قلمی شورہ۔ کباب چینی۔ آملہ۔ بیج ببول۔ الائچی خورد۔ کتھ سرخ۔ ناگرموتھا۔ پھل گلاب۔ طباشیر۔ سب اشیاء ہموزن لے کر کوفتہ بیختہ کر کے دانتوں پر ملیں دن میں دو دفعہ کرنے سے آرام ہوگا۔ (ر ر)

برائے دانت بھربھرے اور کمزور ہونیکے

گلنار۔ زیرہ سفید۔ گل سرخ۔ مجوپھل۔ سپاریاں چکنی۔ کتھ۔ الائچی دانہ۔ کافور۔ سرد چینی۔ سب اشیاء ہموزن لے کر منجن بنا لیویں اور دانتوں پر دونوں وقت ملا کریں۔ ایک گھنٹہ تک ملا رہنا چاہئے پھر کلی کر ڈالیں چند روز ایسا کرنے سے آرام ہوگا۔ اور ساتھ ہی دو وقت مربہ ہلیلہ کھایا کریں۔ ترشی لال مرچ تیل دال اشیاء سے قطعی پرہیز کریں۔ (ر ر)

نسخہ برائے کھجلی و چھیپ

عشبہ مغربی ۶ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ برگ سنا مکی ۱ تولہ۔ چوب چینی ۱ تولہ۔ برادہ صندل ۱ تولہ۔ گل نیم ۱ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ سب اشیاء کو باریک کوٹ سفوف

ایک ایک دن کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔ صبح ایک شام ایک ہمراہ مکھن یا دودھ کھایا کریں۔ (ر ر)

کشتہ فولاد

ایک روز فولاد وقت ضرورت لیکر شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دو سیر چونہ آب نارسیدہ کے اندر ٹکیہ مذکورہ دے کر اور اُس برتن کا منہ بند کر کے پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں دوسرے روز ٹکیہ مذکورہ کو عرق کنوار میں کھرل کر کے بدستور سابق آنچ دیں بس وہی آنچ میں میں نے کشتہ کیا ہے۔ (ر ر)

ایک خط ہو بہو نقل کیا جاتا ہے:-

جناب بھائی صاحب! آداب عرض۔ برکت شاہ کو پرسوں ارنڈ سرخ کے لئے بھیجا گیا تھا۔ وہ بیچارہ کل پانچ سات کوس تک ریل کی سڑک کے گرد اگرد تلاش کر کے چلا آیا اگرچہ پودے ارنڈ سرخ کے یہاں ریل کی سڑک کے گرد اگرد بہت تھے۔ مگر بحکم سرکار آجکل سب کاٹ دئے ہیں۔ ابھی ساگ وغیرہ بھی نہیں نکلا جب شاخیں دیر تک نکل آویں گے پانی بھی اور برگ وغیرہ بھی ایک بیج بھرا بھیجدی جاوے گی۔ کل ... سے ملا گیا تھا اس سے کافور بنانے کی ترکیب دریافت کی گئی وہ حسب ذیل ہے:-

کافور ایک چھٹانک۔ پھٹکڑی ۲ چھٹانک۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ اول پھٹکری اور مرچ سیاہ کو کیلے کی رس میں تین روز تک کھرل کریں۔ بعدہ کسی تانبہ یا پیتل کی ڈبیہ میں کافور ایک چھٹانک کے نیچے اوپر پھٹکری مذکور دے کر ڈبیہ کا منہ ایسا مضبوطی کے ساتھ بند کریں کہ پانی اندر نہ جا سکے اور ڈبیہ اس قدر حجم میں تیار کرانی چاہئے کہ درمیان اسکے تمام دوائی آ جاوے۔ خلا نہ رہے۔ بعد ازاں کسی کڑاہی آہنی میں پانی بیس سیر ڈال کر درمیان میں ڈبیہ چھوڑ دے اور دیگدان پر رکھ کر نیچے آنچ جلانی شروع کریں جب اس پانی میں بکس کے دانے گل جاویں تو آنچ بند کر دیں۔ ڈبیہ سے جب وہ نکالی

ی سب کا فو۔ عیوب و پیشاب۔ ہیر صاحب نسخہ یہ بھی کہتا ہے۔ کہ اس کا فور کو
ں کے ست ہیں رشمل کیا جاوے تو وہ تیل ہو جاوے گا۔ قرحہ و سوزاک والے
ندے قطعی آرام ہو جاتا ہے ؛ (دوست محمد خاں)

نوٹ :۔ اس خط میں پیارے دوست محمد خاں صاحب مرحوم نے ارنڈ سرخ کا ذکر کیا ہے۔ اس کے متعلق عرض کردوں کہ ارنڈ سرخ کے پتوں کی رس میں ابرک سیاہ کھرل کرکے پندرہ سیر کی آنچ دو تین بار دیتے ہی کشتہ بر رنگ سرخ نہایت عمدہ تیار ہوتا ہے۔ حکیم صاحب کے مجربات میں سے ہے اور میرا آزمودہ ہے ؛

دوسرا نسخہ کافور قایم النار کا ہے جو ایک پنڈت صاحب کو معلوم تھا اور میں نے حکیم صاحب سے درخواست کی تھی کہ جس طرح ہو سکے ان سے یافت کرکے مجھے لکھیں واقعی بے نظیر ہے ؛

کشتہ شنگرف

شنگرف پاؤ بھر۔ بھوبھلی کا پتہ پاؤ بھر۔ بھوبھلی کا لندہ کرکے درمیان شنگرف دیکر اچھی طرح کپڑ وٹی کرکے اور جب خشک ہو جاوے تو پانچ سیر اوپلوں کے درمیان رکھ کر آنچ لگا دیوے۔ جب کل کے کل اوپلے جل جاویں تو بکری کا دودھ لے کر اس میں تھوڑا پانی ملا کر اس آگ پر چھینٹا دیوے۔ اور کچھ دیر کے بعد اور چھینٹا دیوے اسی طرح تین بار چھینٹا دیوے کہ گرم ہی باہر نکالے۔ جب سرد ہو جاوے تو اسکو توڑ کر شنگرف کو نکالے کشتہ برآمد ہوگا ؛ (د ر ر)

کشتہ چاندی

دو چھٹانک ... دو درم ہڑتال کے نیچے اوپر پترہ چاندی کے دیکر گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آنچ چند بار دینے سے کشتہ ہو جاتا ہے۔ نیز روپیہ پر سن یوسف کا لیپ کر ... کشتہ ہو جاوے ؛ (د ر ر)

کشتہ ہڑتال

قلمی چونہ ان بجھ کوٹ کر پاؤ۔ آب گل عباسی پاؤ۔ شہد پاؤ۔ گودہ گھیکوار پاؤ۔ ہڑتال ورقی ۵ تولہ ایک ہنڈیا میں ڈال دیوے اور اوپر سے درجہ بالا کل اشیاء ملا کر ڈال دیوے۔ اور منہ بند کرکے نیچے بیری کی لکڑی کی ۲ پہر درمیانی آنچ دے۔ پھر سرد ہونے پر نکالے اگر ہڑتال کچی ہے تو پھر اسی طرح آنچ دیوے۔ (د ر ر)

خون تیرہ کی ایک نہایت ہی آسان ترکیب

آج یہاں حاجی موسےٰ صاحب ساکنہ حیدرآباد سندھ جن کی عمر قریب ۸۰ سال کی کی ہوگی سیاحت کرتے کرتے دفتر الکیمیا میں تشریف لائے۔ انہوں نے نوشادر قایم النار کرنے کے بعد تیل نکالنے کی خود آزمودہ حسب ذیل ایک ترکیب بیان فرمائی جو آپ کو لکھتا ہوں ؛

جست پھول آدھ سیر خام (کشتہ جست) عموماً کسیروں کے گھروں سے مل سکتا ہے۔ نوشادر ۴ تولہ کشتہ جست میں دے کر کسی کوزہ گلی میں بند کرکے ۴ پہر بالو جنتر کی نیچے سے آنچ دیں اور بعد سرد ہونے کے نکالیں۔ نوشادر قایم النار ہوگا۔ اس نوشادر قایم النار کے زیر و بالا ۲ تولہ بھنگ خشک ۱ ایک دیکر بذریعہ پتال جنتر تیل نکال لیں۔ یہ تیل رنگ سرخ نکلے گا اور خون تیرہ کا کام دے گا۔

اس تیل کو میں نے تجربہ کر لیا ہے۔ خواہ کسی اپدھات کے کشتہ کو اس تیل میں کھرل کرکے کلیہ میں بند کرکے نرم نرم آنچ دیں۔ پانچ سات دفعہ کے عمل سے ہر اپدھات کا کشتہ سویہ ہو جاتا ہے۔ لیکن تشویہ بھوبھل کی آنچ کا ہو۔

نوٹ :۔ اس کے بعد حکیم صاحب کا ایک خط آیا تھا یا کسی وقت انہوں نے زبانی فرمایا تھا کہ تجربے نے بتلایا ہے کہ خون تیرہ کا اس سے کام نہیں نکل سکتا ہے ویسے چند امراض میں یہ روغن کام آتا ہے۔ اس میں بھانگ کا بھی حصہ ہوتا ہے ؛

بھائی صاحب کیا آتشک اب بھی نہیں دفع ہوگا

طوطیا (نیلا تھوتھا) ۱ تولہ۔ کافور ۲ تولہ۔ دو سکورہ گلی میں آدھا کافور نیچے اور نصف اوپر بطور زورش لحاف دے کر منہ بند کر کے دو سیر پاچک دشتی کی آنچ دیں طوطیا برنگت سرخ زردی مائل کشتہ بر آمد ہوگا۔

خوراک ایک رتی۔ پانچ خوراک میں آتشک کا نام و نشان نہ رہے گا۔ (ر)

نوٹ: مندرجہ بالا خط بڑی جلدی میں لکھا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ حکیم صاحب نے ریش ایکارک میں اس نسخے کے متعلق مجھے یاد ہے کہ ایک بار لکھدیا کہ ۲ گھنٹے میں آرام آجاتا ہے۔ شاید حکیم صاحب کے کسی ایک مریض آتشک کو آگیا ہوگا اور حکیم صاحب نے اپنے تجربے کو لکھدیا۔ جہاں اس خط میں پانچ دن لکھا ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں ہے کہ نسخہ اچھا ہے میں نے بھی بنا کر رکھا ہے۔ مگر اس قدر عرصہ نہیں رہا کہ وثوق سے اسکے متعلق کچھ کہہ سکوں (ایڈیٹر)

حکیم دوست محمد خاں صاحب ایک بار لاہور میں تشریف لائے اور ذکر کیا کہ ایک سادھو نے وہاں ایک آدمی کو ۴ خوراک ایک کشتہ کی دیں جس سے اس کو اس قدر قوت ہوئی۔ کہ الامان میں نے انکو معلوم کرنے کے واسطے تاکید کی کیونکہ اگرچہ حکیم صاحب کو سادھو صاحب پہلے بھی بتا چکے تھے مگر یاد نہ رہا اس کے جواب میں جو خط وصول ہوا وہ بجنسہ نقل کیا جاتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ کشتہ سنکھ شیشہ ۲ اکسیر چیز ہے اور دو میں نے انہی دنوں میں تیار کیا۔ مگر کشتہ مذکور گل اوپلوں میں مل گیا تھا۔ چاہئے یہ تھا کہ لکڑی کو کپڑ مٹی نہیں کیا جاتا اور جو کچھ تھا اس کے اندر رہتا میں نے پھر نہیں بنایا ہے۔ آج کا خط دل میں یہ خط ملا۔ پھر خواہش ہوئی ہے سردیوں میں تیار کرنے کی کوشش کی جاوے گی ناظرین اگر تیار کریں تو میرے تجربے۔ فائدہ اٹھاویں۔ اسمیں کس حد تک طاقت ہے یہ نہ میں اور حکیم صاحب مرحوم وثوق سے کچھ کہہ سکتے ہیں۔ یہ سادھو صاحب کی زبانی انہوں نے لکھا ہے۔ جو کہ ان کے ذریعہ موصول ہوا۔ میں نے ان کے مجربات میں لکھ دیا ہے۔

اب ناظرین کے سامنے ہے۔

۲۴ دسمبر ۱۹۰۵ء وقت ۴ بجے شام۔

بھائی صاحب! میں جب آپ سے رخصت ہو کر اسٹیشن لاہور پر مع چوہدری ہزارہ خاں کے پہنچا تو ڈاک گاڑی تیار تھی۔ لیکن ٹکٹ میرے پاس درمیانہ درجہ کا تھا جب گاڑی نہ ملی۔ پھر اسی وقت سیکنڈ کلاس کا ٹکٹ بھی لیا۔ لیکن سیکنڈ کلاس میں بھی جگہ نہ تھی۔ بالآخر مجبوری ٹرین پر ہی ۲ گھنٹے وقت بسر کیا۔ ہزارہ خاں میاں میر چھاؤنی تک میرے ساتھ باتیں کرتا گیا پھر وہ میاں میر اتر گیا اور میں بخیریت تمام آج صبح مالیر کوٹلہ میں پہونچ گیا ہوں۔ سالار صاحب کی معرفت ایک سوار کو بھیج کر بابا صاحب کو بلا لیا اور انہوں نے اپنی سابق ترکیب کی دوبارہ اسی طرح تصحیح کی جیسا کہ وہ پہلے لکھا چکے تھے اور بڑے دعوے سے فرماتے تھے کہ کشتہ ہذہ صفت موصوف ہے۔

نسخہ ہڑتال

میدہ ہلدی ۱۵ سیر پختہ۔ ہڑتال ورقیہ (سرخ رنگ) ۴ تولہ۔ پیپل سوا پاؤ۔ شہد بقدر حاجت لکڑی پلاس ایک من ہلکہ کا پترہ کر کے اور پیپل کو شہد میں خوب حل کر کے ہڑتال کو پر ضماد لیپ کریں۔ ایک ہی ترا نہیں بنانا بلکہ چند چھوٹے چھوٹے پترے بنا دیں اور درخت پلاس میں استقدر گڑھا کھودیں کہ جسمیں یہ سب سامان بالا سما سکے مثلاً اول گڑھے میں میدہ ہلدی دو سیر بچھادیں اور اس کے اوپر پترا ضماد شدہ اور پلاس کے پھر دوسری ہلدی اور باقی خالی جگہ چورہ کیا ہے برادہ پلاس جو گڑھا کھودتے وقت برآمد ہوا تھا۔ منہ نہایت مضبوط کپڑ مٹی کر کے کپڑ وغیرہ ٹخت نک کریں۔ ازاں بعد پاتھیاں ونی جاوے ۲ من گجٹ کی آنچ دیں اور تیسرے یا چوتھے روز بعد نکالیں۔ لیکن نکالتے وقت خیال اور احتیاط سے کام لیں کہیں خاک ہڑتال اوپلوں وغیرہ کی خاک میں نہ مل جاوے۔ اس کشتہ کو نہایت احتیاط کے ساتھ شیشی پختہ میں بند رکھیں۔ اگر ایک رتی ایک تولہ نخاس یا ایک تولہ نقرہ پر ڈالیں تو مانند سونا ہوگا اگر چار رتی چار روز وقفہ کر کے کسی کمزور مرد کو مکھن میں رکھ کر کھلایا جاوے تمام عمر اس کی طاقت کم نہیں ہوتی۔ اور اگر اپنی جو ہر نکلنے کشتہ ہڑتال کو تھوڑے سے مولی کے پانی میں پکا کر کسی کمزور آدمی کو دیوے تو ایک چاول تمام عمر کے لئے کافی ہے۔ بابا صاحب فرماتے ہیں کہ غریب آدمی کو اس کشتہ کا استعمال کرانا گورو جی حرام کہا کرتے تھے۔ گورو صاحب یہ فرمایا کرتے تھے کہ کشتہ سوائے راجاؤں کے غریب آدمی کو کھلانا اسے حرام ہے کہ وہ عنا

نفیس کے علاوہ کئی کئی شادی کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ الداس رجہ باہ ہوتی ہے۔ کہ انسان مجبور ہوتا ہے۔ اور یہ بھی بابا صاحب نے کہا ہے کہ اگر ہلدی خام کٹی ہوئی سایہ میں خشک شدہ دستیاب ہو تو وہ اور بھی اعلیٰ ہے ۔ (در)

نسخہ برائے ہچکی

ملٹھی کا آٹا عناب کے شربت میں چٹانے سے بالکل آرام آجاتا ہے ۔ (در)

نسخہ آتشک درجہ دوم و سوم کیواسطے مجرب ہے اور قروح خبیثہ کو رفع کرتا ہے

بھائی صاحب نے جس کتاب کے حاشیہ پر وہ نسخہ نوٹ کر رکھا تھا وہ آپ کے بعد اتفاقیہ کتاب مل گئی۔ حرف بحرف نسخہ قلم بند کیا جاتا ہے ۔

واسطے زخموں اور قلاع دہن آتشک ناسور حلق کے لئے جو مادہ سوداوی ہو:۔

سم الفار سفید ۱ ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ۲ ماشہ تخم دھتورہ سیاہ ۲ ماشہ۔ کتھ سفید ۲ ماشہ۔ کافور خالص ۲ ماشہ۔ اول سم الفار کو خوب ہی کھرل کریں۔ پھر سب کو اکیاون (۵۱) عدد برگ پان میں سرمہ کی طرح حل کریں اور بقدر دانہ مونگ کے گولیاں بنا دیں۔ بوقت حاجت ۷ دن تک ایک گولی صبح کے وقت نگل جاویں۔ اور غذا نان بے نمک بہت سے گھی کے ساتھ کھاویں اور ایک ہفتہ دوسرے تک بھی پرہیز ضروری ہے۔ اور بعد گولی نگلنے کے ایک گلوری پان کی کھاویں اور اسکی پیک نگل جاویں۔ زمین پر نہ تھوکیں انشاء اللہ بالکل زخم اور چھالے دور ہو جاویں گے ۔ (در)

نسخہ مقوی باہ

(شکر قندی)

۲ تولہ سم الفار کو زمین کند کے پانی میں کھرل کر لیں اور درمیان ۴ تولہ شنگرف رکھ کر گولہ بنا لیوے۔ اور پھر آدھ پاؤ ہیراں دھتورے اچھی طرح سے لپیٹ کر گیند سا بنا لیویں۔ ۲ سیر پختہ کسنبہ کے بیج کا تیل ڈال کر کا تیل لے کر اس کے درمیان یہ گولہ چھوڑ دیں۔ اور سر پوش دے کر بہت مضبوطی کے ساتھ گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر چولہے پر رکھیں۔ اوپر دو سیر اپلے (۱۰ اپلو دندی) رکھ دیں اور نیچے ۴ پہر برابر دریائی آنچ دیں

اور سرد ہونے پر نکالیں سم الفار کانچ کی شکل کا نکلے گا۔ اور شنگرف کو درمیان سے نکالیں تو عنابی رنگت کا ہوگا بشنگرف درد۔ امراض بلغمی وغیرہ پر دیویں۔ نیز سم الفار قوت باہ کیواسطے ہے ۲۱ روز تک ایک چاول کھلادیں اور جماع سے پرہیز کریں ۔ (در)

سفوف برائے دفع رقت و سوزاک وغیرہ

ست گلو ۱ تولہ۔ خارخسک کلاں ۱ تولہ۔ خارخسک خورد ایک تولہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ اسبغول ۱ تولہ۔ اندر جو شیریں ۱ تولہ بشکر سفید ۵ تولہ۔ جملہ اجزا کو سفوف کرکے ۹ ماشہ روزانہ نہار منہ علے الصباح ہمراہ شیر بادہ گاؤ تا زمانہ صحت استعمال کیا کریں۔ پرہیز ترشی و بادی اشیائے سے ۔

سفوف قبض کشا اور دست آور مفید برائے بواسیر

برگ سنا مکی ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ ورق گل ۲ تولہ۔ بادیان د سولف ۲ تولہ باریک سفوف کرکے بوقت شب بعد تناول طعام کف دست پھانک کر دو گھونٹ پانی گرم پی لیں اور سو رہیں ۔ (در)

اکسیری نسخہ ۔ بال سیاہ

حکیم صاحب موصوف سنہ ۱۹۰۲ء میں جب پہلے پہل مجھے ملے تو یہ نسخہ خود اپنے ہاتھ سے لکھ کر میری کاپی میں رکھ گئے تھے۔ جو آج ہدیہ ناظرین ہوتا ہے:۔

ان کا بیان تھا کہ اس نسخہ سے نہ صرف کیمیا گروں کا مطلب حل ہوتا ہے۔ بلکہ اس کے کھلانے سے بال سفید سیاہ ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایک شخص کو یہ نسخہ کھلایا چند دنوں میں سفید بال گر گئے اور پھر سیاہ نکل آئے۔ مگر دانت سیاہ ہو گئے۔ انہوں نے ابھی دنوں میں پیسہ اخبار میں لکھا کہ ایک نسخہ سے بال سیاہ ہوتے ہیں مگر دانت بھی ساتھ ہی ہے کوئی نسخہ نہیں ہے۔ میں نے اسے آج تک نہیں بتایا ہے جس کا ترجمہ ناظرین ہے بمبئی کی صاحب دانتوں کو محفوظ رکھنے کی ترکیب بتادیں۔ تو نسخہ لکھا جاوے وہ در اصل

نمک ایک سیر، چوب آب نارسیدہ ایک سیر دونوں ہم وزن لے کر پانی میں بھگو دیں اور آٹھویں پہر ان کا آب مقطر بنا دیں جب نمک لسبتہ ہو جاوے۔ آنچ بند کریں۔ دوسری بار پھر یہی عمل کریں یعنی نمک جو پکایا گیا ہے۔ اسمیں تازہ چوب آب نارسیدہ بدستور شامل کر کے پانی میں بھگو دیں آٹھویں پہر محلول مقطر لے کر پکائیں علیٰ ہٰذا القیاس ۲۰ دفعہ یہی عمل کرنے کے بعد جو نمک بنے گا وہ قائم ہوگا۔ تب نمک قائم اور سیماب مصفیٰ ان ہر دو کو عرق خمیر سات آتشہ کہ جس میں کیا گیا ہو تمام دن کھرل کریں اور بعد ازاں کو نرم آنچ کلیہ کا منہ بند کر کے دیں چھ سات بار یہ عمل کرنے سے نمک سیماب کو مسیا ہو جاوے گا بشناخت یہ ہے کہ آنچ پر ڈالنے سے نہ اچھل جاوے یعنی قائم ہو جاوے تو سمجھو کہ وہ مسیا پر ترکیب پہنچ گیا۔

بال سیاہ

ترکیب عرق شیرہ کہ جسمیں نمک محلول کیا گیا ہو۔

دودھ گاؤ ۵ سیر۔ نمک لاہوری پسا ہوا ۵ سیر ملا کر ۴۰ دن گھوڑے کی لید میں دفن کریں ان ۴۰ دن کے بعد عرق کھینچیں۔ اس عرق میں اور اس قدر دودھ ڈالیں۔ کہ تمام پانچ سیر ہو جاوے پھر ۵ سیر نمک ڈالیں اور بدستور ۴۰ دن دفن کریں اور عرق کھینچیں۔ اسی طرح ۷ بار کریں اور ساتویں بار عرق بوتلوں میں بھر کر رکھیں۔ اس مویہ کی خوراک ایک دو چاول ہے۔ بکھن ملائی میں قوت باہ زیادہ ہو جاوے۔ اور تمام امراض بادی و بلغمی دور ہوں اور سفید بال گر کر سیاہ نکلیں کیمیاگر اتولہ سو تولہ چاندی پر طرح کرتے ہیں نتیجہ کی خبر نہیں ۔ (در)

نسخہ نرگنڈی پاک سنبھالو

مقوی باہ و حافظ اور باصرہ و دماغ مقوی معدہ اور مولد خون صالح مفرح و مقوی قلب دافع اخلاط فاسدہ عزیز جات

نرگنڈی، سنبھالو، بھانگرہ، آملہ، ستاور ہر ایک آدھ سیر، اسگندھ ناگوری، موصلی سیاہ تخم کونچ، گوکھرو کلاں، بہو چھلی، تال مکھانہ، اسگندھ بلا ہر ایک پاؤ سیر، مرچ پھل آدھ پاؤ سب کو نیم کوب کر کے آٹھ حصہ پانی میں پکاویں جب ایک حصہ پانی باقی رہ جاوے صاف کر کے مصری ایک سیر، شہد خالص ۱ سیر، روغن زرد ایک پاؤ اور کھویا آدھ سیر ملا کر پکا دیں جب کہ قوام ہو جاوے، زعفران، طباشیر، زرنگ، مصطگی، جاپھل، جاوتری، دارچینی، صندل

اگر، دانہ الائچی خورد و کلاں ایک ایک تولہ، بنسلوچن خالص ۶ ماشہ سفوف کر کے ملا دیں اور مغز بادام اور مغز چرونجی بھی چار چار تولہ شامل کریں۔ خوراک ۱ تولہ صبح و شام ۔ (در)

منجن برائے تمام امراض دنداں

پانچوں نمک، سونٹھ، مرچ، پیپل، نیلا تھوتھا، کتھا، بریان، مازو، ہائے بڑ، جنگ، ان تمام ادویہ کو لیکر برابر وزن خوب باریک پیسیں اور کپڑ چھان کر کے رکھ لیں اور مثل منجن کے استعمال کریں۔ یہ تمام امراض کو دور کرتا ہے حکیم صاحب کا آزمودہ و مجرب ہے ۔ (در)

دافعہ تپ بلغمی اور بخار ملیریا

کٹائی ۲ عدد، گلو سبز ایک تولہ، چرائتہ ایک تولہ، زنجبیل (سونٹھ) ۹ ماشہ ان کا مطبوخ بنا کر استعمال کریں اور غذا دال مونگ اور نرم روٹی ۔

نسخہ مقوی باہ

زعفران، دارچینی، جائفل، بہمن، مشک، عقرقرحا، شنگرف، قرنفل ہر ایک ایک ماشہ، مروارید ۳ ماشہ، روغن سم الفار ۲ ماشہ ایک ایک رتی کی گولیاں بنا دیں اور کھانا کھانے کے بعد ایک گولی نگل جاویں ۔ (در)

آتشک کا نمود نہیں رہتا!

حکیم صاحب کا یہ بڑے دعوے کا نسخہ ہے۔ شفاخانہ میں ہمیشہ اس نسخہ کو تیار کر کے رکھا کرتے تھے ۔

ریٹھہ جس سے کپڑے دھویا کرتے ہیں اس کا چھلکا دھوپ میں سکھاؤ اور باریک پیس کر کپڑے میں چھان لو اور پھر اسمیں تھوڑا سا پانی ملا کر مسور کے برابر گولیاں بنا دیں اور ایک گولی ہر وقت صبح نگل جایا کریں اور بعد ازاں دہی کچھ پانی ملا کر پی جایا کریں۔ غذا دودھ اور گھی۔ نمک مرچ سے پرہیز۔ ۱۲ روز میں بالکل آرام آ جاتا ہے ۔ (در)

دفعیہ تاپ تلی

۲۰ - ۴ سیر عمدہ سرکہ کے کر اسمیں مولیاں تراش کر ڈال دیں اور ہر روز اسے دھوپ میں رکھوا کریں۔ بعد ایک ہفتہ کے اسمیں سے پانچ چھ دفعہ دن میں کھا لیا کریں۔ اور اگر اسمیں نمک بھی ڈالدیں تو زود اثر ہوجاتا ہے۔ ایک ماہ تک کھانے سے بالکل آرام ہوجاتا ہے (۲۰)

ایک ہی عِلاج کئی امراض کیلئے

ہڑتال ورقی پاؤ بھر کو اول شیر مدار (آک) ۱۲ تولہ میں کھرل کریں۔ بعد ازاں شیر (تھوہر) (ڈنڈا تھوہر) ۱۲ تولہ میں پاؤ بھر چھلکے کر دو سیر پانی میں پکاویں جب ایک سیر پانی رہ جاوے تو بدستور ہڑتال میں جذب کریں۔ ازاں بعد افیون ۲ چھٹانک آدھ سیر پانی میں حل کرکے ہڑتال میں خشک کریں۔ اس طرح بھنگرے کا دو سیر پانی بھی اسمیں سوخت کریں اور یکے بعد دیگرے حسب ذیل بوٹیوں کا پانی ہڑتال میں جذب کرکے باریک ٹکیہ بناویں۔ عرق سنبھالو ½ سیر عرق ہاتھی سونڈھی ½ سیر عرق شاہترہ ½ سیر۔ پھر ان ٹکیوں کو ان سیپوں میں ... سیر میں دیگر سیپوں میں مضبوطی کے ساتھ گل حکمت کریں۔ جب خشک ہوجاوے اور دیگدان پر رکھ کر ۱۲ پہر تک نیچے تیز آنچ دیں اور بعد سرد ہونے کے نکالیں۔ ہڑتال بہ رنگت سفید کشتہ برآمد ہوگی۔ خوراک ایک برنج قوت باہ کے لئے بالائی میں رکھ کر سادہ پانی کے ساتھ جس عورت کا حیض نہ بند ہوتا ہو تو شہد کے ساتھ۔ امساک کے لئے جائفل کے ساتھ پرانے تپ کے لئے ست گلو کے ساتھ جریان کے لئے بھی ہڑتال کھائیں ہو عقرقرحا کے ساتھ پرانی آتشک کے لئے صرف پانی کے ساتھ۔ بواسیر کے لئے جو کھار ۲ ماشہ۔ قند سیاہ ۱ تولہ کے ساتھ۔ آنکھ کی درد کے لئے روغن زرد کے ساتھ (۲۱)

بیس۲۰ امراض کو مفید ہے

کستوری ۱ تولہ۔ زعفران (کیسر) ۱ تولہ۔ لونگ ۳ تولہ۔ جائفل ۴ تولہ۔ افیون ۵ تولہ

ان سب کو کوٹ پیس کر شہد خالص دو چند میں ملا کر بقدر دانہ مونگ گولیاں بناویں اور مندرجہ طریقہ سے استعمال کریں اور قدرت خدا مشاہدہ فرماویں ۔

برائے ضربال۔ پانی میں گھس کر آنکھوں میں لگایا کریں۔ امساک: شہد کے ساتھ ۲ گولی کھاویں اور ایک گھنٹہ قبل بھی کھائی جاسکتی ہے۔ ملذذ۔ ایک گولی لعاب دہن اسپغول میں گھس اور ساتھ ہی مشک کا نور بھی ڈالدیں اور طلاء کریں۔ برائے ہیضہ۔ ایک گولی پان میں کھاویں اسہال اور سنگرہنی۔ چھاچھ گاؤ یا آب انار دانہ یا دھوون چاول سے ایک گولی چار گھنٹے کے بعد کھاویں۔ برائے مار گزیدہ کھلاویں اور دودھ آک (مدار) میں گھس کر مقام ڈنگ پر لگاویں اگر پچھنا کرکے لگاویں تو اور بھی بہتر ہے۔ برائے نیش بھڑ، بچھو وغیرہ کے کاٹے ہوئے پر ریٹھہ کے ساتھ گھس کر پانی میں لگاویں۔ بدن میں جلن ہو تو آملہ کی رس کے ساتھ آنکھ میں معمولی سلائی سے لگاویں۔ سرعت انزال۔ صبح کے وقت موچرس ۳ ماشہ کے سفوف میں رکھ کر دودھ گاؤ سے کھایا کریں۔ جریان منی۔ مغز تخم املی ۱ ماشہ کے سفوف میں رکھ کر دودھ گائے سے کھاویں۔ منہ سے بدبو آتی ہو تو روغن خشخاش سے کھاویں۔ قوت باہ کے واسطے ایک گولی مکھن میں رکھ کر کھاویں۔ درد سر کے واسطے پانی کے ساتھ گھس کر لگانے سے آرام آتا ہے۔ بانجھ پن کے واسطے ایک گولی اور کشتہ سنگ یہود ۳ برنج میں رکھ کر تخم خربوزہ ۴ روز تک کھاویں۔ یرقان میں تربھلا کے سفوف ۳ ماشہ میں ایک گولی شہد کے ساتھ کھاویں۔ درد کان کے واسطے شیر عورت میں تھوڑی سی گھس کر کانوں میں کچھ عرصہ ڈالا کریں۔ شب کوری کے واسطے تھوک سے گھس کر سلائی سے آنکھوں میں لگاویں۔ پتھری کے واسطے شیر گرم گرم سے کھالیں۔ دمہ کے واسطے سفوف پیپل ایک ماشہ میں ملا کر شہد کے ساتھ۔ نزلہ زکام میں تھوڑے پانی میں پیس کر ناس لیویں۔ کھانسی کے واسطے پان کے ساتھ کھاویں۔ درد جوڑ وغیرہ کے واسطے جوشاندہ ہلیلہ زرد سے کھاویں۔

نسخہ طلاء مجرب المجرب

جونک خشک ۲ تولہ۔ گنڈوے یا خراطین خشک ۲ تولہ۔ بیر بہوٹی خشک ۲ تولہ۔

زنجفر زرد ۲ تولہ۔ زنجفر سیاہ ۲ تولہ۔ سہاگہ ۲ تولہ۔ چربی بطخ ۲ تولہ۔ چربی مرغ ۲ تولہ۔ چربی سانپ ۲ تولہ۔ چربی گوہ ۲ تولہ۔ سنڈھا تیل ۲ تولہ۔ چربی ریچھ ۲ تولہ۔ زرنیخ ۲ تولہ۔ چربی شیر ۲ تولہ ان سب کو ایک جگہ محلول کرکے بذریعہ پتال جنتر روغن نکالیں اور سیون و حشفہ کو چھوڑ کر طلا کریں۔ اوپر پان کا پتا باندھیں ٭ (د۔م)

سرمہ برائے دفعیہ بخار

سرمہ اصفہانی ۲ ماشہ، مرچ سیاہ ۱ تولہ، زہر گگ (گھیٹیا) ایک عدد، زہرہ خرگوش ایک عدد، زہرہ گاؤ ایک عدد، زہرہ بز ایک عدد، زہرہ ہرن ایک عدد، عرق کڑتونبہ [illegible] ہر دو مرچ کو زہروں میں کھرل کرکے اور برابر سرمہ اصفہانی کے یکجا کریں اس کے بعد عرق کڑتونبہ میں کھرل کریں۔ جب پانی خشک ہو جائے تب ایک شیشہ پختہ میں ڈال کر بہ طریقہ اسپ گڑھا کھود کر دو ہفتہ تک دفن کریں اور بعد دو ہفتہ کے نکال کر ہر ایک میں ۳ ماشہ شامل کرکے کھرل کریں۔ سرمہ تیار ہے۔ اور ہر قسم کے بخار کے لئے شفا ہے ٭ (رر)

امرت دھارا سے قلب ماہیت

شنگرف رومی خالص سالم ایک ڈلی ایک تولہ لیکر امرت دھارا میں تر کریں اور پانچ تولہ جوان آدمی کے سر کے بال میں، مگر بال کالے ہونے چاہئیں، لپیٹ کر دوہے کی چینی کی پیالی میں رکھ کر اور دوسری پیالی بطور سرپوش رکھ کر کوئلوں کی نرم نرم آنچ پر رکھ دیں۔ اور ۱۰۔۱۵ منٹ کے وقفہ کے بعد اوپر والی پیالی اٹھا کر دیکھ لیا کریں کہ بالوں کا تیل ہو گیا ہے یا کہ نہیں۔ جب بالوں کا تیل نکل کر شنگرف اسمیں پکاوٹ کھانے لگے اور پھر تمام عمل سیاہ ٹکڑی سی ہو جاوے تو پیالی کو آنچ سے علیحدہ کر لیں۔ سرد ہونے پر بتدریج شنگرف کی ڈلی کو باہر نکالیں اور جس قدر بالوں کے تیل کا فضلہ سیاہ رنگ شنگرف پر جم گیا ہو اسکو آہستہ سے دور کریں۔ دوسری بار پھر شنگرف مذکور کو امرت دھارا میں تر کرکے اور بدستور سابق ۵ تولہ بال سیاہ میں لپیٹ کر چینی کی پیالی

میں بند کرکے نرم آنچ پر پکا دیں۔ اس طرح امرت دھارا میں تر کرکے اور بال لپیٹ کر پکاوٹ دیتے جاویں۔ چوتھی دفعہ کے عمل کے بعد شنگرف عنابی رنگت کسی قدر سیاہی لئے ہوئے کشتہ ہو کر نکلے گا۔ اس کشتہ کو عرق دودھ گائے کے ساتھ ۲ دفعہ شقیقہ اور نرم تشویہ دیں۔ تو بس اکسیر اسی کا نام ہے۔ بعد تمام عمل کے یہ نسخہ [illegible] طرح کریں ٭

عرق دودھ کی ترکیب

دودھ گائے ۲ سیر میں لوبھی آدھ سیر حل کریں اور چونہ آب نارسیدہ پاؤ بھر اسمیں داخل کریں۔ بعد ازاں قرع انبیق عرق کشید کریں۔ بس وہی دودھ کا عرق ہے ٭

(رر)

برائے ضعف دماغ و جریان ضعف باہ و خشکی و گرمی دماغ و نسیان مجرب ہے

ایک سیر دودھ گائے کا لیکر آگ پر جوش دیں۔ جب جوش اچھا آجاوے تو روغن زرد تازہ دس تولہ ڈال کر جوش دیویں۔ جب وہ جوش اچھی طرح سے آجاویں۔ تو بعد میں ایک تولہ اسپغول عمدہ یعنی بزر القطونا اچھا صاف شدہ کو اس میں ڈال کر ملا کر دو جوش اور دیں۔ بعد میں مصری دیسی ۲۰ تولہ ڈال کر جوش دیں۔ جب تقریباً نصف حصہ کے وزن رہ جاوے بطور فرنی کے تیار ہو جاوے۔ تو اسمیں مغز بادام بیس عدد اور الائچی خورد ۲۰ عدد اور برنج سولف ملا کر اتار کر کے ورق نقرہ دس عدد ملا کر نکال کر کے نوش فرما دیں۔ (حکیم جواہر مل فیروزپور شہر)

نوٹ:۔ یہ رات کو تیار کرکے استعمال کریں اور غذا نہ کھائیں ٭

زہر سانپ دور

چھکنڈے کو جلا کر اس کی خاک کو گلی برتن میں ڈال کر پانی بھر دیں۔ جو کہ نیچے ایک سوراخ ہو جس سے پانی تھوڑا تھوڑا گرتا رہے۔ ایک کوڑے میں سنبل الفار رکھ کر اس کوڑے پر رکھ دو۔ نیچے آگ جلانی شروع کرو۔ اور چھکنڈے کی راکھ کے پانی والا گلی برتن ایک [illegible] پانی پر لیے انداز سے اس پر رکھو کہ پانی کی ایک ایک بوند پڑ رہے

اس ڈلی پر گرتی رہے۔ دو تین گھنٹہ میں سنکھیا گھل کر موم ہو جاوے گا۔ یہ سنکھیا موم بہت کام کی چیز ہے۔ اس کا ایک چاول بتاسہ میں کھلا کر اوپر سے دودھ گھی پلایا کریں تو قوت باہ ہوتی ہے۔ ایک چاول بتاسہ میں کھلا دیں۔ اور روٹی بلا نمک دیویں۔ گھی کا خوب استعمال رکھیں۔ تو آتشک دور ہوتا ہے۔ اگر اس پر ایک پاؤ برگ سہدیوی کے پانی کا چوبہ بھی دیتے ہیں تو اکسیر ہو جاتا ہے۔ کل جسم گل بھی گیا ہو تو بھی ۴۰ دن میں آرام آجاتا ہے۔ جذام تک کو مفید ہے۔ اگر اس موم سنکھیا کو لے کر اس میں ناریل دریائی ۱ تولہ۔ گھی کنوار سفید ۱ تولہ۔ سنکھیا ۱ تولہ۔ نوشادر ۲ ماشہ پیس کر ملا دیویں اور سب کو اول آدھ پاؤ آک کے دودھ میں اور پھر آدھ پاؤ برانڈی میں کھرل کریں۔ بعدہٗ دو بڑے سیپ کے کران کے درمیان بند کر دیں۔ اور ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیویں۔ سیاہی مائل کشتہ برآمد ہوگا۔ نکال کر ایک دن برانڈی شراب میں کھرل کر کے سکھا کر شیشی میں ڈال رکھیں۔ جہاں سانپ کاٹے دوا لگا کر مل دیں۔ اگر دیر ہو گئی ہو تو کسیقدر زخم کو چھیل کر یہ دوائی لگا دیں۔ اگر کسی سخت قسم کے سانپ مثلاً سنگ چور یا پھنیر وغیرہ نے کاٹا ہو تو قریب ۱ ماشہ کے روغن زرد میں ملا کر اور گرم کر کے اس کے حلق میں بھی اتار دیویں اور لحاف اوڑھا دیویں۔ اگر موسم گرما ہے تو کھیس کافی ہے۔ منہ بشیک ڈھانپ دو پسینہ آکر زہر نکل جاوے گا۔ پسینہ خشک ہونے کے بعد آہستہ آہستہ کپڑا اتار دیں۔ (گنڈا سنگھ انسپکٹر پولیس گوجرانوالہ)

سانپ کے کاٹے کا تیر بہدف علاج

سانپ کے زہر کو بے اثر کرنے کے واسطے ایک بوٹی ہے۔ جس کا نام ضلع لاہور وغیرہ و دریائی حصہ پنجاب میں پھکنڈہ۔ اضلاع انبالہ۔ کرنال وغیرہ میں پچھ کانڈا اور اضلاع گوڑگانوہ وغیرہ میں چرچٹا یا اونگھا بولتے ہیں۔ برسات میں یہ بوٹی بکثرت پیدا ہوتی ہے۔ بعض رقبہ جات پر بارہ مہینہ ہی سبز پائی جاتی ہے۔ پتا اس کا بیضوی شکل کے ہوتا ہے۔ اور بیج اوپر کو نکل کر اسی کے کانٹے لگے ہوتے ہیں۔ اس واسطے اس کا نام الٹا کانٹا مشہور ہے۔ ترکیب استعمال کی یہ ہے کہ جس کو سانپ ڈس جاوے

اس کو اس کے پتے کھلائے جاویں۔ مقدار یہ کہ جب مریض کو درخت نیب کا پتا کڑوا سواد آوے۔ تب کھلانا بند کر دیوے۔ اس وقت اثر زہر سانپ کا جاتا رہے گا۔ نیب کا سواد کڑوا محسوس نہیں ہوتا۔ اگر زہر ہو میرے اس لکھنے سے اگر صاحبان ناظرین اخبار کی سمجھ میں آجائے گا۔ میں نے یہ بوٹی بخدمت کرنل سرجن بھی بھیجی ہوئی ہے۔ کہ شاید صاحب ممدوح تجربہ کر کے اس کا عرق یا ست ہسپتالوں میں بھی داخل کر دیویں اور سرکاری ادویات میں بھی داخل ہو جاوے۔ یہ میری آزمائی ہوئی بوٹی ہے۔ (در)

نسخہ برائے رقت منی مقوی باہ اور امساک پیدا کرنے کے واسطے اکسیر ہے

گوند ڈھاک۔ گوند کیکر۔ پھلی کیکر۔ چھال کیکر۔ موصلی سفید و سیاہ۔ سنبل کی جڑ۔ تال مکھانہ۔ اندر جو شیریں۔ بہمن سرخ و سفید ہر ایک ۲ تولہ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف مذکورہ کے برابر مصری ڈال کر دیویں۔ ایک تولہ ہر روز وقت صبح شیر گاؤ تازہ سے کھانا چاہئے۔ (پنڈت امرناتھ حکیم)

نسخہ اختلاج چشم

علاج منقیہ بلغم کا کریں اور ایارجات کا استعمال کریں۔ تخم نیل شہد میں گھس کر آنکھ میں ڈالیں اور یہ نسخہ استعمال کریں۔

صدف ۴ ماشہ۔ توتیا کرمانی مغسول ۲ ماشہ۔ نبات سفید ۲ ماشہ ہمہ را کھرل کردہ خوب سائیدہ سرمہ کنند و بکار برند۔ (در)

گرم مصالحہ دال

زیرہ سفید و سیاہ۔ کشنیز سبز۔ مرچ سیاہ و سرخ۔ ہلدی۔ لونگ۔ دارچینی ۱ تولہ اگر بھاجی بنانی ہو تو اچھا ہے۔ اگر اس کو سبز پانی میں ملا کر کھٹکل زرشک ترش املی بعد اوپر کے مصالحہ کے چٹنی کریں۔ تو بہت لذیذ ہوگی۔

(پنڈت امرناتھ حکیم)

مجرب نسخہ واسطے بچوں کی کھانسی کے

صمغ عربی ۲ ماشہ۔ کتیرا ۲ ماشہ۔ نشاستہ گندم ۲ ماشہ۔ مغز ہیدانہ ۲ ماشہ۔ مغز کدو شیریں ۲ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۲ ماشہ۔ مغز بادام ا تولہ تخم خشخاش ۴ ماشہ۔ مصری تولہ۔ رب السوس ۴ ماشہ۔ بنسکر تیغال ۴ ماشہ۔ مویز منقہ ۴ ماشہ۔ زعفران ماشہ۔ بادام روغن ۳ ماشہ ہر دو ادویہ را کوفتہ بیختہ در لعاب اسپغول حبوب سازند و وقت ضرورت بکار برند (رد)

نسخہ شب کوری

مس سوختہ رسوت بیخ مغسول ہر یک ۵ درم فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ شحم حنظل و زعفران ہر یک درم مرزنگار نیم درم۔ بورہ ارمنی صبر سقوطری ہر ایک یک درم۔ سرمہ سلیمانی ۲ تولہ ہر یک ادویہ را سحق نمودہ در برتل انداختہ وقت ضرورت صبح و شام در چشم اندازند۔ اور غذا گھی۔ بادام روغن پرہیز اشیائے ترش و میٹھی و شیر و سرخ مرچ۔

نیز سفوف مرچ سیاہ۔ جند بیدستر۔ ایلوا۔ پھٹکڑی کا استعمال کریں۔ (رد)

نیز نرت دھاگا لگانے سے دو ایک روز میں آرام آجاتا ہے۔ (ایڈیٹر)

نسخہ ضماد تلی

انزروت۔ مصبر۔ تخم ترب۔ سہاگہ۔ چرکیہ موزون لے کر گھیکوار کے رس میں پیس کر سرکہ جامن ملا کر نیم گرم کرکے ایک پارچہ اس دوائی سے تر کر کے تلی کے اوپر رکھیں اور پارچہ کو تر رکھیں جوں جوں تلی کم ہوتی جائے گی۔ پارچہ اکھڑتا آئے گا۔ (رد)

نسخہ برائے بواسیر کھانے کیلئے

برج۔ رسوت گیندا۔ صبر برگ۔ ہر یک مساوی الوزن گرفتہ نصف حصہ منقا انداختہ و ریزہ ریزہ کردہ در حب بشیش ماشہ سازند و یک گولی ہمراہ باسی آب بخورند صحت یابند۔ (رد)

لیپ۔ مردار سنگ ۶ ماشہ۔ کافور ۶ ماشہ لیکر خوب باریک پیس کر گھی ملا کر لگائیں

مل کرکے اسمیں پیسہ اس قدر رگڑیں کہ سب کا رنگ سیاہ ہو جاوے۔ پھر لیپ کرنا شروع کریں دو تین دن میں آرام ہو جاوے گا (ایڈیٹر)

منجن دنداں

ناگرموتھا ۱ ماشہ۔ مال پھڑ ۱ ماشہ۔ پھٹکڑی بریان تولہ۔ صندل سرخ تولہ۔ کات سفید تولہ۔ گیرو تولہ۔ چھال ببول تولہ۔ پنبہ دانہ سوختہ ۲ تولہ۔ مغز کرنجوہ ۲ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔ ماٹ سٹ تولہ۔ تم تولہ۔ فلفل دراز تولہ۔ جڑ ارنڈ ۲ ماشہ۔ الائچی کلاں ۲ تولہ۔ مشک کافور ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر منجن بنا دیں۔ وقت ضرورت استعمال کریں۔ (رد)

لیپ تلی

انزروت تولہ۔ گوگل تولہ۔ گوند ببول تولہ۔ گل بابونہ تولہ۔ نوشادر ۲ ماشہ۔ رائی چینی ۲ ماشہ مصبر یعنی ایلوا ۱۰ ماشہ۔ ان سب ادویہ کو یا یک پیس کر اسمیں ملا کر گرم کرکے ایک پارچہ پر لیپ کر کے پلاستر بنا لیویں۔ اور جب پلاستر گرم ہووے۔ تلی کے برابر کپڑا تراش لیویں اور تلی کے مقام پر چپکا دیں جس قدر کپڑا خود بخود چھٹ جاوے۔ اسیقدر روزانہ قینچی سے کاٹ دیا کریں۔ جب تلی بالکل جاتی رہے گی۔ باقی کپڑا خود بخود چھوٹ جاوے گا۔ پرہیز دودھ اور گوشت کا ضروری لازم ہے۔ کھٹائی اور مرچ کا پرہیز گو معمول ہے۔ (بچے رام داس ہیڈ کلرک ڈسٹرکٹ بورڈ)

نسخہ مہارس یعنی اکسیر اعظم

چنتامن وید نے اپنے مجربات میں اس رس کی تعریف زیادہ قیاس کی ہے۔ یعنی وہ کہتا ہے کہ جس نسخہ میں یہ پرسراشیا موجود نہیں ہیں وہ مطلق اکسیر کہلانے کے مستحق نہیں ہے۔ کیونکہ یہ جلد تمام امراض کو دور کرکے حرارت غریزی یعنی روح پیدا کرتا ہے۔ الماس عمر کو دراز کرتا ہے اور سونا قوت اعضائے رئیسہ میں پیدا کر کے ان کو ہر ایک آفت سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور چاندی کی قدر ائل شدہ تقویت اعضائے دیگر کو

واپس آتی ہے۔ اور ضعف باہ و رقت و سرعت اور جریان خواہ کیسا ہی کیوں نہ ہو برطرف ہو جاوے گا۔ نیز امراض دماغی دور کر کے عقل اور حافظہ کو سہ چند کر دے گا۔

صفت

کشتہ الماس یعنی ہیرا ڈیڑھ ماشہ کشتہ سونا ایک تولہ کشتہ چاندی ۲ تولہ کشتہ پارہ ڈیڑھ تولہ۔ ہر چہار کشتہ جات کو کھرل میں ڈال کر ہمراہ آب برگ ریحان سبز کے چہار یوم سحق کر کے آتشی شیشی میں بند و گل حکمت کر کے ایک کوری ہانڈی میں نصف ریت بھر کر اوپر شیشی جما کر نصف ریت اور ڈال کر ہانڈی کو دیگ دان پر رکھ کر نیچے دوپہر تک خفیف سی آتش کریں۔ بعدہٗ آتش تیز کر دیں حتےٰ کہ تمام دن ختم ہو جاوے۔ پھر نیچے اتار لیں کہ دوا اب تیار ہے۔ مقدار خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک۔

ترکیب کشتہ پارہ

پارہ ۳ تولہ لیکر پہلے اینٹ خام کے برادہ میں کھرل کریں۔ تاکہ کچلی دور ہو۔ پھر ایک تولہ گلو ایک تولہ فلفل دراز ایک تولہ گل سرخ ایک تولہ تخم سنیا ناسی کے ہر چہار کو ہاون کوب کر پاؤ پختہ پانی میں رات کو بھگو کر صبح خفیف جوش دے کر پارہ کو کھرل میں ڈال کر بذریعہ آب طیار کردہ میں تین یوم سحق کر کے غلولہ بنا لیں اور خشک کریں۔ پاؤ پختہ کھٹ کھٹے سبزہ کا نغدہ بنا کر درمیان میں غلولہ رکھ کر دے کر ایک ۲ من پختہ پاچکہ دشتی آگ دے کر بنا کر غلولہ رکھ کر بند کریں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ پارہ کشتہ ہو کر بہ رنگ سفید برآمد ہو گا۔

ترکیب کشتہ الماس

الماس لیکر روپا کھی کی ایک ڈلی سفید چار تولہ لے کر اس میں سوراخ کر کے ڈال دیں اور جو روپا کھی بوقت سوراخ نکلے اس کو باریک پیس کر سفیدی بیضہ مرغ میں لت کر کے سوراخ کو بند کریں۔ سادہ انگارہ آگ میں سرخ کر کے آب برگ مدار میں ایک سو ایک دفعہ سرد کریں۔ بعد ازاں بعد ہر طریق ایک سو ایک دفعہ آب سرخ گھی میں سرد کریں۔ اگر بالفرض روپا کھی کی ڈلی ٹوٹ جاوے تو دوسری ڈلی میں سوراخ کر لیں۔ بعد ازاں ۲۱ دن دستہ آہنی سے پیس جس قدر ہیرا کشتہ ہوا ہو گا پس جاوے گا۔ باقی ماندہ کو بدستور مذکور عمل کریں۔ حتےٰ کہ تمام ہیرا کشتہ

ہو کر پس جاوے۔

ترکیب کشتہ سونا چاندی

سونا خالص ا تولہ سوہن سے برادہ کر لیں اور دس تولہ آب برگ لاجونتی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور اس ٹکیہ کے ۱۵ تولہ گلمدی بند و گل حکمت کر کے ۱۵ سیر دشتی اوپلوں کی آنچ دیویں۔ اس طرح سات بار۔ پھر چاندی خالص ۵ تولہ کو برادہ کر کے آب برگ ستی جوت دس دس تولہ میں بدستور کھرل کر کے ۲۰۔۲۰ سیر اوپلوں کی سات آنچیں دیں۔ دونوں نیم کشتہ ہو جائینگے۔

بچھو کا ڈنگ

چرچٹہ یا بھکنڈہ کی جڑھ پانی میں گھوٹ کر کاٹی ہوئی جگہ پر لگانی چاہیے۔ یا جیسا کہ پیچھے لکھا گیا ہے اس کے پتے کھلانے چاہئیں حتےٰ کہ نیم کی کڑواہٹ یا انہی پتوں کی اپنی کڑواہٹ ہی معلوم ہو۔ نیز جڑھ کو پانی میں گھس کر بھی ذرا پلاتے رہیں۔

چوہے کا زہر

چرچٹہ کی دم کو بل کا رس نکال کر ایک ماشہ شہد میں سات دن تک کھلانے سے چوہے کا زہر جو جسم کے اندر اثر کر چکا ہو دور ہو جاتا ہے۔ یا چرچٹہ کے بیج ۲ ماشہ شہد عمدہ میں پیس کر چٹایا کرے۔ اس ترکیب سے خیال پڑتا ہے کہ پیگ کو بھی شاید مفید ہو۔

باولے کتے کے کاٹے پر

چرچٹہ کی جڑھ اڑا کر کوٹ پیس کر شہد میں ملا کر چٹاوے اور گھیکوار کا پتہ بسینہ حانگ چیر کر کاٹی ہوئی جگہ پر باندھ دیوے تو تین دن میں زہر اتر جاتا ہے۔

جلودھر (استسقاء)

بھکنڈے کے پانچوں اجزا کی راکھ ۲ ماشہ پانی میں گھول کر قند سیاہ ملا کر پلانے سے

جلد دھر کا سوجن رسوہ القینہ جاتا رہتا ہے)

چوتھیہ بخار

سنا اور پڑھا بھی گیا ہے کہ کنواری لڑکی کے ہاتھ سے کاتے ہوئے سوت کے ساتھ پھٹکنڈہ کی جڑھ باندھ کر اتوار کو مریض کے ہاتھ میں باندھ دینے سے چوتھیہ بخار جاتا رہتا ہے۔ میرے خیال میں کنواری لڑکی کے لکھنے سے یہ مطلب ہے کہ اسکو حیض نہیں آیا ہوگا۔ حیض آنے سے عورت ویسی پاک نہیں سمجھی جاتی ہے جیسی کہ اس سے پہلے پاکی اور نیکی کا اثر ضرور ہوتا ہے اور اتوار کا لکھنا بھی پتہ نہیں کیوں ہے۔ بہرحال چاہیے کہ معمولی سوت سے باندھ کر کسی اور دن باندھ کر بھی آزماویں اور جیسا کہ لکھا ہے ویسا بھی آزماویں پھر دیکھیں کیا اثر ہوتا ہے۔ ہمیں ابھی اس کے آزمانے کا موقعہ نہیں بنا جو صاحب آزماویں اطلاع دیں ۔

نسخہ برائے مائی گرین یعنی درد شقیقہ

کیفاین سٹراس - - - - - - - ۵ گرین

اینٹی پائرین - - - - - - - ۵ گرین

اس کی ایک پڑیہ بنا کر کھلانا چاہیے۔ بہت نفع ہوگا۔ (حکیم و ڈاکٹر ناظر حسین)

نسخہ برائے پی لیپسی یعنی مرگی

پٹاسیائی برومائیڈ - - - - - - ۲ ڈرام

لیکوار آرسنی کیلز - - - - - - ۲ ڈرام

سوڈیائی برومائیڈ - - - - - - ۲ ڈرام

سیرپ آرنشیائی - - - - - - ۲ اونس

ایکوا کلوروفارمائی ایڈ - - - - - - ۲۰ اونس

ڈوز [illegible] غذا کے بعد - - - ½ اونس (د۔د)

بادی۔ باؤگولہ۔ بدہضمی کا ایک سہل علاج

فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ بادیان۔ بادیان رومی۔ چرک سنہ سی۔ تخم متھی۔ سہاگہ خام۔ سناء مکی۔ پودینہ۔ اجوائن دانہ دار۔ اجمود۔ کرفس۔ انار دانہ۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ نمک لاہوری۔ ہینگ ۱ ماشہ۔ تر دیگر ۱ تولہ۔

یہ تمام اشیاء ایک ایک تولہ لے کر خوب باریک کریں اور سفوف بنا دیں۔ پھر اس کو ہمراہ رس ادرک و لیموں کے گھوٹیں۔ اتنی رس میں جتنی میں کہ حل ہو جاویں۔ پھر حب مانند کنار دشتی کے بنا دیں۔ دو گولی صبح دو گولی شام ہمراہ آب کے کھا دیں۔ یا اس طرح کھا دیں۔ اس سے کلی بھی شرطیہ دور ہو سکتی ہے ۔ (دھیا رام ودیدیا اس حکیم)

دمہ کا مجرب علاج

برگ مدار آدھ پاؤ۔ نوشادر ٹھیکری آدھ چھٹانک۔ نمک لاہوری آدھ چھٹانک۔ روغن زرد آدھ چھٹانک۔ برگ مدار لے کر اسکو خوب کپڑے سے صاف کریں۔ پھر اسکو روغن زرد چوپڑیں اور اوپر نوشادر و نمک جو پیشتر سے باریک کر کے رکھا ہو ڈالتے جاویں اور ایک ہانڈی نئی لے کر اس میں تہ بہ تہ رکھیں۔ پھر اس کا منہ چینی سے بند کر کے آگ پر رکھیں اور نیچے آگ جلاویں جب برگ جل جاویں اتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر ان کو باریک کر کے شیشی میں رکھ دیں اور ایک ماشہ دوائی اور اس کے برابر کھانڈ دیسی ملا کر صبح و شام سانس و دمہ والے مریض کو دیویں۔ شرطیہ آرام ہو جاوے گا۔ میرا مجرب و آزمودہ ہے ۔ (د۔د)

میرے ایک دوست کا نسخہ آزمودہ برائے پلیگ

پربھوج۔ مینگھ کبوتر جنگلی۔ گوگل۔ ہینگ۔ سفیدی بیضہ مرغ۔ ٹکیہ بنا کر اوپر باندھ کر اور برگ مدار آگ اگر گرم کر کے باندھیں گلٹی بہت جلد پھوٹ جاوے گی۔ (ڈاکٹر صاحب)

داد کا مجرب علاج

گندھک آملہ سار۔ رال سفید۔ سہاگہ۔ نوشادر۔ گوگل۔ پارہ۔ اول پارہ اور

گندھک کو کجلی کریں بعد ازاں سب کو بھیڑ کے دودھ میں خوب کھرل کریں اور گولیاں بناویں اور وقت ضرورت پانی میں گھسکر داد پر خوب ملیں تین یا چار روز میں درد جاتا رہتا ہے۔ (پیارے لال ویش)

طلا برائے لیپ

پرہوتی ۲ تولہ ہڑتال ایکتولہ۔ عاقر قرحا ایکتولہ۔
ریگ ماہی ایکتولہ تیل سیاہ ایکتولہ سم الفار سفید ۲ ماشہ سیماب ۶ ماشہ گندھک ۲ ماشہ روغن کنجد ۱۰ تولہ۔ پہلے سیماب اور گندھک کو کھرل میں ڈالکر سحق کریں بعد ازاں سب دواؤں کو کھرل میں ڈال کر کجلی کریں جب بخوبی یکساں ہو جاویں ان کی گولیاں بناکر پتال جنتر کے ذریعہ تیل کشیدہ کریں اور ایک ماہ جو کے غلہ میں دفن کریں بعد ازاں نکال کر کام میں لاویں استعمال کی یہ ترتیب ہے اس روغن سے قدرے پان کی پتی یا انڈے کی پتی پر لگا کر عضو پر لپیٹ کر کپڑا باندھ کر چھوڑ دیں۔ رات کو یہ عمل کریں صبح کو گرم پانی سے دھو ڈالیں اس طرح ایک ہفتہ تک کریں ان دنوں مندرجہ ذیل معجون کا استعمال بھی کریں۔

نسخہ معجون سنگھاڑا خشک ۱ تولہ موصلی سفید سیاہ ۱ تولہ تعلب مصری ۱ تولہ۔
بہمن سرخ و بہمن سفید ہر ایک ۹ ماشہ کشتہ قلعی ۹ ماشہ، ثعلب ۱ تولہ۔
الائچی ان سب دواؤں کو کوٹ اور کپڑے میں چھان کر سہ چند عسل مصفےٰ ملا کر معجون بنا کر ۲۰ عدد ورق نقرہ بھی شامل کریں مقدار خوراک ۱ تولہ رات کو دودھ سے اور ایک تولہ صبح کو شربت بنفشہ کے ساتھ کھایا کریں۔ بادی ترشی اور گرم اشیاء سے پرہیز امید قوی ہے کہ ضرور فائدہ ہوگا۔ (راڈیٹر شمس الحکمت سندھ)

نسخہ برائے ذیابیطس

اٹروپین سلف ۱/۲۰۰ گرین۔ اسٹرکنیا سلفا ایک گرین۔ الومنی سوا ائی ۱ء اونس بنے کچے ملا کیا ایک چائے کا چمچہ خوراک بھر کر کھانا کھانے سے ڈیڑھ گھنٹہ پہلے دیں۔ (از میڈیکل ورلڈ)

نسخہ برائے عسر الحیض

فلوئڈ ایکسٹراکٹ اوٹ سامس ۲ ڈرام۔ فلوئڈ ایکسٹراکٹ کینی بس انڈیکا ایکڈرام۔ فلوئڈ ایکسٹراکٹ

سمی سی فیوگا ۲ ڈرام۔ اسپرٹ کیمفر ایکڈرام۔ اسپرٹ ایتھر کمپونڈ اس قدر ملا دیں کہ تین اونس ہو جاوے۔ اس میں سے ایک ٹی اسپونفل لیکر قدرے پانی میں ملا کر دن میں تین خوراک دیں تشنجی و عصبی عسر الحیض میں مفید ہے۔ ایام معمولی سے کچھ دن پہلے دینا شروع کریں اور ایام حیض میں بھی دیں۔ (از میڈیکل نیوز)

سفید داغ

پھٹکنڈہ کی کھارہ تولہ۔ پانی ۱۵ تولہ میں گھول دیوے تیل ملکنگنی ۵ تولہ میں ملا کر نرم آنچ پر رکھے جب تیل رہ جائے اتار لیوے اس تیل کے لگانے سے سفید داغ جاتے رہتے ہیں۔

چوتھیہ بخار

چوتھیہ بخار کے واسطے یہ ترکیب بھی اچھی ہے کہ اتوار کے دن چرچٹے کے پتے لاکر پیس کر برابر وزن گڑ ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا رکھیں اور بخار آنے سے پہلے ایک گولی پانی سے دیوے۔

طحال تلی

اونگا کی کھار قند سیاہ میں ملا کر کھلایا کرے ۲ رتی کی خوراک۔

تلی کے نسخے

نسخہ نمبر ۱۔ آملہ سار۔ نوشادر۔ سہاگہ ہر ایک ۶ ماشہ پھٹکڑی۔ مائیں خورد ہر ایک ۲ تولہ سرکہ انگوری میں کھرل کر کے ۲ ماشہ کی گولیاں بناویں۔ چار تولہ مولی کا پانی لیکر اس سے ایک گولی ہر روز صبح کو نگل لیا کریں۔

نسخہ نمبر ۲ نیلے سوسن کی جڑھ۔ تخم کشوث۔ افسنتین ہر ایک ۱ تولہ۔ ریوند چینی چھلکا بیخ خشخاش دو دو تولہ لیموں کے رس میں کھرل کر کے ۱۲ رتی کی گولی عرق کاسنی ایکتولہ سے کھا دیں۔ اگر بیمار ضعیف اور تلی بڑھ چکی ہے۔ تو یہ سفوف شروع کرا دیں

نسخہ نمبر ۳:- دزنک۔ تخم خرفہ۔ مغز تخم خربوزہ۔ تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ صمغ عربی بہمن سفید طباشیر ہر ایک ۲ تولہ تخم کاسنی۔ پوست بیخ بجاؤ ہر ایک ۵ تولہ تمام چیزوں کا سفوف بنا کر ہر روز ۶ ماشہ سے ۱۲ ماشہ تک حسب مقدار عمر و طاقت کے ہمراہ شربت سکنجبین بزوری ۲ تولہ کے دیں گدھے کا سم خاکستر کرکے ساتھ اس کے ہموزن رائی خطمی لکو ریو۔ اقاقیا رسوت میں پیکر جائے ورم پر ضماد کریں اور مریض کی آب و ہوا تبدیل کریں۔ غذا نہایت لطیف اور زود ہضم دیا کریں۔ سیر و تفریح کا بھی اعلیٰ انتظام کریں۔ ہلکی ریاضت بھی کریں

نسخہ تلی انگریزی پینے کا

کونین سلفاس ۱۲ گرین۔ ایسڈ سلفیورک ڈل ۲۰ بوند۔ فیری سلفاس ۱۰ ڈرام مگنیشیا سلفاس ۴ ڈرام ٹنکچر نکس وامیکا ۱ ڈرام۔ ایکوا سومیانی (?) ۷ اونس ٹنکچر کارڈیم ۲ ڈرام۔ تمام ادویات بوتل میں بھر لیں اور ایک دن میں تین دفعہ چار چار گھنٹے کے بعد نصف اونس دوا میں نصف اونس ہی پانی ملا کر پلاویں +

لیکن دوا سے آدھا گھنٹہ پہلے کچھ غذا یا پھل روز وٹ (?) تھوڑا بہت کھا لینا چاہیئے کم از کم پندرہ دن تک یہ نسخہ استعمال کریں بعد ازیں مندرجہ ذیل گولیاں بنا کر ہر روز صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ تازے پانی کے دیں

ہرتال ورقی کا کشتہ

ہرتال ۱ تولہ۔ تھوہر کا دودھ ۲ تولہ دونوں کو آدھے گھنٹے تک کھرل کرے اور ٹکیہ بنا لیوے اور سایہ میں خشک کرے پیپل کے درخت کی لکڑی ایک گز لمبی اور ڈیڑھ (?) ایک فٹ موٹی لیکر اس کو بیچ میں سے کھود کر ہرتال کی ٹکیہ کو رکھ دیوے اور پھر وہ سوراخ پیپل کی لکڑی سے ہی بند کر دیں اور ہوا کے نکلنے کا کوئی راستہ نہ رہے اس کے اوپر گاچنی وغیرہ کا خوب لیپ کر دیوے تاکہ ہوا نہ نکلنے پاوے۔ بعد ازاں لکڑی کے دونوں سروں کی طرف آگ لگا دیں جب یہ تمام لکڑی جل کر راکھ ہو جاوے اور سرد ہونے پر

کشتہ نکالے رنگت سفید ہوگی روشن ہو (اس خریدار اخبار)

دھات پشٹ کرنے نیز قوت باہ و جریان منی کو نافع دوائی کا نسخہ

پارہ سیماب ۱ تولہ قلعی رانگا ۱ تولہ ان دونوں کو چہل دیا کریں۔ نگدہ گلو ایک پاؤ پختہ کے بیچ رکھ دیویں اور اس کے اوپر بقائن کا نگدہ ایک پاؤ پختہ چڑھا دیں بعد ازاں گاچنی کی دو تہ کپڑ مٹی کی کر دی جائے اور اس کو خشک کیا جائے دو سیر اوپلے لیکر ان کے بیچ میں سے کھود کر یہ گولا بنا کر رکھ دیوے کر اوپر نیچے برابر اوپلے آجاویں اور ان کو اندر کوٹھری میں کسی کڑاہی وغیرہ میں ان اوپلوں کو چاروں طرف سے آگ دیکر جب اوپلے جل کر سرد ہو جاویں بڑی ہوشیاری سے کشتہ نکالے پارہ بالکل سفید نکلیگا۔ خوراک نصف رتی ملائی میں یا مکھن میں ملا کر کھائے فائدہ ہوگا (ایضاً)

کھجلی

آملہ سار گندھک ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ کتھ سفید ۹ ماشہ۔ مردار سنگ سفید ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۱ ماشہ سب اشیاء کو باریک پیس لیں اور ایک تولہ روغن زرد میں خوب ہی آمیز کرکے تمام بدن میں خاصکر جس جگہ خارش زیادہ ہو ملیں اور کم از کم آدھا گھنٹہ دھوپ میں بیٹھیں بعد ازاں تازہ گوبر بھینس کا اس جگہ پر مل کر پندرہ منٹ کے گرم پانی سے نہا کر کپڑے اور ملیں جب پسینہ آن کر بدن سرد ہو جاوے کپڑے پہن لیں انشاء اللہ ۳ یوم کے استعمال سے کلی آرام ہو جائیگا +

(ب) نیز اگر مناسب سمجھیں آملہ سار گندھک صاف شدہ جو کہ انگریزی دوا فروشوں سے اس بحساب ۵ پائی فی تولہ مل سکتی ہے۔ رات کو سوتے وقت دودھ شیریں کے ہمراہ ۳ یوم متواتر نوش کریں پرہیز شراب۔ گوشت۔ لال مرچ۔ اچار ہر قسم (حکیم … سنگھ)

کدو دانہ

برگ افسنتین رومی ۴ ماشہ۔ بائبڑنگ کابلی ۴ ماشہ۔ پانی ۵ تولہ صبح کے وقت آدمی

اس کو شروائی کے طور پر رگڑ کر اور چھان کر مریض کو پینے کے لئے دے اور مریض ناک پکڑ کر اسے نوش کرے مگر جس دن دوائی شروع کرے شام کو چاول شیریں پہلے کھا دے مہینہ میں چار دفعہ ایسا کرنے سے کرم پیدا نہیں ہو سکتے نیز یہ نسخہ جوان کے لئے ہے بچے کے لئے آدھی خوراک مدد کار ہے۔ مجرب بہت (ایضاً)

دست و کمزوری معدہ

بادیان (سونف) ۱ تولہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ کاسنی ۳ ماشہ۔ دھنیا ۳ ماشہ مروڑ پھلی ۴ ماشہ۔ بلگری ۶ ماشہ۔ کباب چینی ۲ ماشہ۔ پہلے سونف اور زیرہ سفید کو کچا بھنا کر لویں اور بعد ازاں تمام اشیاء ملا کر اس کا سفوف کریں اور بعد ازاں ۶ ماشہ لیکر چھٹانک عرق بادیان جس میں ۲ بوند امرت دھارا ڈالی ہو پہلے پڑیہ کھا کر اوپر سے پیویں اگر عرق سونف نہ ہو تو پانی کے ہمراہ دے سکتے ہیں۔ غذا ایک ہفتہ دال چاول آرام ہو جاوے گا۔ (چھبیار ام یوی داس حکیم)

ناسور کا نسخہ

سنگ جراحت ایک چھٹانک پھٹکری ایک چھٹانک سیندور ۳ ماشہ نیلہ تھوتھا ۳ ماشہ۔ ترکیب: ایک ہانڈی کوری لیکر پھٹکری اور سنگ جراحت ڈال کر آگ پر رکھیں جب وہ تو ابال کھاویں تو سیندور و نیلہ تھوتھا جو پہلے سے باریک کر رکھا ہو تھوڑا تھوڑا ڈالتے جاویں جب پھلا ہو جاوے تو سرد کر کے باریک کر لیویں۔ خوراک ۴ رتی سے ۱۰ ماشہ مکھن میں مجرب ہے (ایضاً)

احتلام

کشتہ سا مینی ۱ تولہ تخم بھنگ تولہ دونوں کو پیکر پانچ حصے کر کے پانچ پڑیہ بنا دیں اور پانچ روز تک برابر شام کو ایک ایک پڑیہ پھانکتے رہیں انشاء اللہ احتلام صاحب کا نام بھی نہ رہیگا کئی مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔ (نظر حسن از بھوپال)

نوٹ:۔ مقدار بھنگ کی اس میں ۲۔ ماشہ فی پڑیہ آ جاویگی جو کہ عوام کیواسطے زیادہ ہے ۵ کی بجائے ۸ پڑیہ بنا دیں تو بہتر ہو گا۔ (ایڈیٹر)

برائے سل

سرطان محرق ۱۰ ماشہ۔ صمغ عربی ۵ ماشہ۔ گل ارمنی ۵ ماشہ خشخاش سیاہ ۲ ماشہ خشخاش سفید ۲ ماشہ کتیرا ۳ ماشہ سب کو کوٹ پیسکر ملا کر ۲ ماشہ شربت عناب یا شربت خشخاش سے دیا کریں۔

برائے تپ بلغمی

حی (پارہ) ۱ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۱ ماشہ میٹھا تیلیہ ۱ ماشہ تخم دھتورہ سیاہ ۲ ماشہ فلفل سیاہ ۴ ماشہ فلفل دراز ۴ ماشہ سونٹھ ۴ ماشہ۔ اول پارہ اور گندھک کو ۴ پہر کھرل کریں پھر باقی ادویات کپڑ چھان کر کے ملا کر ۱۶ پہر کی گلگل کے عرق سے کھرل کر کے خشک مانند سرمہ کے پیس لیں خوراک ۲ رتی عرق ادرک کے ساتھ کھانسی و تپ ہر قسم کو مفید ہے

جمیع اقسام بخار کو مفید ہے اور مقوی ہے

علم اصغر ۴ درم۔ سل بارد ۴ درم دونوں کو بچھکنی کے رس میں ۲ یوم کھرل کر کے پھر دو یوم ...... آک (مدار) کے دودھ میں کھرل کر کے ہر چیز کی ۴ پھیں ویسی چاہئیں گویا ۴ ...... دن تھوڑا رس یا دودھ ڈال کر کھرل کرنا چاہئے۔ گلی بوتہ یا دو چھوٹی پیالیوں کے اندر اسے بند کریں اور گل حکمت کریں اور ایک دیگ میں باریک ریت نصف ڈال کر اوپر اس بوتہ کو رکھ کر ریت سے اس کو بھر دیں اور منہ اس کا بند کر کے نیچے درمیانی آنچ ۴ پہر کریں اور پھر سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھیں خوراک صرف ایک چاول بخار کے واسطے کھانڈ یا بتاسہ میں ڈال کر کسی عرق کے ساتھ یا دیں وافع بادی کے واسطے لونگ فلفل دراز کے سفوف کے ساتھ بنگ ...

میں جائفل کے ہمراہ اور اطحال و کھانسی میں فلفل دراز کے سفوف کے ہمراہ دہر ایک چیز کی مقدار مناسب وزن سے زیادہ نہ ہونی چاہیئے)

(نوٹ) علم اصغر سے مراد ہڑتال ورقی ہے اور اصل بار دو پارہ کو کہتے ہیں۔ درم تین ماشہ کا ہوتا ہے۔

تپ بلغمی مرکب کے واسطے

ہڑتال ورقی ا تولہ۔ مرچ سیاہ ا تولہ فلفل دراز ا تولہ۔ اجواین دیسی ا تولہ الاچی خورد ا تولہ طباشیر ا تولہ جلوتری ا تولہ۔ آردگو ا تولہ تمام ادویا کو باریک کھرل کریں۔ خوراک ½ رتی تپ آنے سے قبل۔ دودھ و گوشت سے پرہیز ہے۔ (اس نسخہ میں بھی ہڑتال ڈالی گئی ہے پس اس کو صاف کر لینا چاہیئے)۔

نزلہ

سرعت و زکام

افیون ۵ ماشہ تخم دھتورہ ۵ ماشہ کیر و ۲ ماشہ۔ ریوند چینی ۵ ماشہ زعفران ۲ ماشہ۔ گل سرخ ۲ ماشہ سونٹھ ۲ ماشہ سب کو باریک کر کے آب شیر خشت کے ساتھ حل کر کے گولیاں بمقدار چنے کے بنا دے۔ خوراک اگولی تپ سے پہلے گرم پانی کے ساتھ کھا دے۔

سفوف مغلظ و ممسک

تخم کونچ ۲ تولہ تالمکھانہ ۲۔ تولہ بہمن سرخ و سفید ۲۔۲۔ تولہ۔ تودری زرد و سفید ۲۔۲۔ تولہ ثعلب ۲۔ تولہ جلوتری ۲۔ تولہ۔ جوز لویہ ۴ عدد۔ خرماسنگ کسنی پاؤ پختہ۔ گوکھرو پاؤ پختہ تخم سرپالا ۵ تولہ۔ تخم اٹنگن ۲۔ تولہ خشخاش پاؤ پختہ عقرقرحا تولہ۔ سونٹھ ا تولہ ابستادر ۲۔ تولہ شقاقل ۲۔ تولہ بسپاری ۳ تولہ گل پستہ ۲ تولہ۔ کوٹ پیس کر سب کے دو چند شکر تری (کھانڈ) ملا کر صبح و شام ایک کف دست تازہ دودھ کے ساتھ کھایا کریں بادی و ترشی سے پرہیز کریں۔

نسخہ ملذذ

اس نسخہ کو مجھے ایک بڑے تجربہ کار طبیب نے عنایت فرمایا ہے۔ کہ جنہیں اب تک مطب کرتے ۶۰ برس ہو چکے ہیں مجرب ہے:۔ روغن بلسان ۲ ماشہ عطر گلاب ۲ ماشہ۔ قضیب خرشش ۲ ماشہ۔ کافور بھیم سینی ۳ ماشہ باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنا رکھیں۔ جب ضرورت ہو پانی میں گھس کر طلا کریں بعد خشک ہونے کے مشغول ہو جاویں۔

نسخہ جریان

عاقرقرحا ا تولہ تخم ریحان ۲ تولہ۔ سبوس اسپغول ۲ تولہ۔ مصری تمام باریک پیس کر سفوف بناویں خوراک ا تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر یا آب سرد۔ اگر ایک نسخہ سے مطلب حاصل نہ ہو تو دوسرا بنا کر استعمال کریں انشاءاللہ پھر ضرورت نہ ہوگی۔

نسخہ گل گند و سلاق نہایت مجرب

طوطیا ۲ ماشہ۔ شورہ ۲ ماشہ خوب باریک پیس کر ½ گرین صبح و ½ گرین شام کو قدرے پانی میں حل کر کے پپوٹوں اور پلکوں پر لگا دیں۔ اور ہر شب سوتے وقت شربت اطریفل کشنیزی ا تولہ یا ۹ ماشہ کھا دیں۔ (ڈاکٹر نظیر حسین)

کشتہ تانبہ

تانبہ مصفا ا تولہ حسن و صوف ۲ تولہ حسن و صوف پیس کر تانبہ کے پتر پر لیپ کر دو خشک کر کے ایک اوپلہ میں بقدر ضرورت گڑھا کھود کر درمیان رکھ دیں اور اوپر دو سیر اوپلہ دے دیں پس سیر پختہ آگ گڑھے میں دے دیں کشتہ رنگ سیاہ ہو جاوے گا مگر ہاتھ سے مل لو۔

کشتہ چاندی از حد مقوی و جاذب پارہ

چاندی مصفےٰ ایک تولہ یا ایک روپیہ پترہ بنا کر اوّل صاف کریں بعد ازاں مال کنگنی یا ذیحجتہ کوٹ کر پانی میں نغدہ بنا کر پترہ چاندی یا روپیہ کو درمیان رکھ کر اوپر سے گل حکمت کر دیں اور خشک کر کے ۵ سیر بحجتہ آگ دیویں یعنی ۵ سیر بحجتہ اپلے یا اوپلوں کی آگ دیویں۔ اس طرح ۲ آگ میں کشتہ سفید ہو جاویگا۔ یہ کشتہ ۱۱ تولہ پارہ جذب کرتا ہے۔ خوراک ایک چاول مکھن میں نہایت مقوی باہ ہے۔

نسخہ برائے کدو دانہ یعنی کرم امعاء

زخم حیات ۱ تولہ بطور سردائی گھوٹ کر پلاویں۔ روز اول ۱ تولہ۔ روز دوم ۲ تولہ۔ روز سوم ۳ تولہ۔ بتدریج بڑھاتے جاویں مگر جس روز دست آجاویں اور مادہ کرم جسے تیلی کرم کہا جاتا ہے لمبی سی آنت کی طرح ہوتی ہے نکل جاوے بند کر دیں ورنہ ایک ۲ دن اور دیں میرا کئی بار کا مجرب ہے دوسرے تیسرے دن دست آجاتے ہیں۔ اور اس طرف ملک سندھ میں زخم حیات کو چوکن کہتے ہیں۔ اور حلیہ یہ ہے کہ یہ بوٹی زمین پر بچھی ہوئی ہوتی ہے گول گول پتے چونی دونی برابر ہر ایک پتے یا کانٹے پر دو تین چار بلکہ ۱۰ تک چھوٹے چھوٹے دانے سے بیج نوکدار ماش جامن بوٹی کا رنگ قدرے سفیدی مائل بمقدار جگہ زیادہ ہوتی ہے

زخم حیات اصل نام اس بوٹی کا معلوم نہیں ہوتا ہے (ایڈیٹر)

نسخہ برائے مرگی یعنی صرع

مرچ سیاہ ۱۰ تولہ پیشاب ہاتھی نر ایک بوتل مرچوں کو باریک کر کے کھرل میں ڈالو پیشاب تھوڑا تھوڑا قدرے قدرے ڈالتے جاؤ جب تمام پیشاب جذب ہو جاوے خشک کر کے شیشی میں رکھ لو۔ اور دورہ کے وقت اور چند روز بعد نسوار دو یار و چھینکیں آوینگی۔ اور مادہ مرض خارج ہوگا۔ ایک کرم ہوتا ہے بس

جب کرم نکل جاوے اللہ کا فضل ہے۔ یہ نسخہ بندہ کا مجرب نہیں ہے۔ مگر ایک سنیاسی صاحب کا عطیہ ہے۔ نسخہ عمدہ معلوم ہوتا ہے۔ اگر اس کے اجزاء سند ہیں تو درج اخبار فرماویں (حکیم غلام محمد از چک غلام محمد ٹھواری والہ)

صابون کا قائم مقام اُبٹنہ

انگریزوں سے پہلے کوئی صابون ہاتھ منہ دھونے کے کام میں نہ لاتا تھا۔ اس کی جگہ طرح طرح کے غازے اور ابٹنے تیار ہوتے تھے جن سے جسم صاف رہتے تھے اور خوشبو کی لپٹیں آتی تھیں۔ آج کل صابون کی ایسی ہوا چلی ہے کہ ادنےٰ اور اعلےٰ سب صابون ہی استعمال کرنے لگا ہے حالانکہ صابون اتنے گھٹیا قسم کے ہوتے ہیں کہ الٹی چہرہ کی رونق کو کھو دیتے ہیں اور موڈے اور تیزاب کی کھاری جلد ہو جاتی ہے۔ اس لئے میں اپنی عزیز دار بہنوں کو نصیحت کرتی ہوں کہ وہ بجائے صابون کے اپنے پرانے قسم کے ابٹنے کام میں لایا کریں۔ اس سے کفایت کے علاوہ فائدہ بھی ہے کیونکہ اعلےٰ درجے کے صابون جو ولایتی ہوتی ہیں وہ ناپاک جانوروں کی چربی سے بنائے جاتے ہیں۔ فی الحال ایک نسخہ ندر ناظرین ہے۔ بنا کر دیکھ لیں۔

نسخہ اُبٹنہ موٹھ بریاں مقشرہ ۵ تولہ سرسوں پانچ تولہ۔ سفید تل ۵ تولہ۔ زیرہ سفید ۵ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۵ تولہ۔ دال مسورہ ۵ تولہ۔ گائے کے دودھ میں بھگو کر خشک کر لیں اور باریک پیس کر اس میں چرپلا ۲ ماشہ۔ بالچھڑ ۲ ماشہ۔ ناگر موتھ ۲ ماشہ۔ کچور کچری ۲ ماشہ۔ کلجن ۲ ماشہ۔ نرکچور سب باریک پیس کر سفوف بنا کر ملا دو۔ (پردہ نشین)

مقوی اور خوراک بڑھانے والا بلوان چورن

تز کٹا ۱ تولہ بنت پشاد سونف) ۱ تولہ۔ پودینہ ۱ تولہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ ہرڑ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ چترا ۱ تولہ۔ جڑ مٹال پترا تولہ۔ ڈارما ۱ تولہ۔ اہل بید ۱ تولہ۔

شیشہ لون ۱ تولہ ست لیموں ۹ ماشہ سونچر نمک ۹ ماشہ۔ آنولہ ۹ ماشہ۔ ست پیپرمنٹ ۳ ماشہ۔ سب ادویات کوٹ چھان کر سفوف بنادیں۔ ۳۰ ماشہ باسی پانی کے ہمراہ روزانہ کھاوے مجرب ہے (لالہ رام سرن داس حکیم)

گلے پڑنا

پوٹاس کلورس منہ میں رکھنا مفید ہے اور گلے کے نیچے روئی کے پھاہے کے ساتھ ٹنکچر آیوڈین لگاویں نسخہ بارہا کا مجرب ہے (ایضاً)

دانت ہلنا

میرے خیال میں رات کو سوتے وقت دانتوں کو سرسوں کا تیل ملا کریں اور صبح کو ہلدی کے اوٹے ہوئے پانی میں ببول کی مسواک بھگوئی ہوئی جو کہ اس پانی میں تمام رات بھیگی رہے سب سے پہلے صبح کو اس مسواک سے دانت صاف کیا کریں مجرب ہے۔ دانتوں کو مستحکم کرنے والی ترکیب ہے۔ (حکیم محمد سعید احمد)

برائے اسقاط حمل

معجون تیار کریں اور روزمرہ کھلاتے رہیں بچہ صحیح وسالم پیدا ہوگا۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربا شمعی۔ بسد محرق۔ مغسول۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ طباشیر سفید۔ عفص اصفر۔ درونج عقربی۔ عود صلیب ہر ایک ۲ مثقال۔ مغز تخم [illegible] تخم خرفہ مقشر ہر ایک پانچ مثقال۔ ورق طلا بیس عدد۔ ورق نقرہ بیس عدد۔ ابریشم مقرض سے باریک تراشی ہوئی۔ بیخ اعنیاب۔ گل ارمنی ہر ایک ۲ مثقال عنبر اشہب دو دانگ۔ شراب نمورہ ۵ مثقال۔ مصری ۱۰۰ مثقال شہد ۵۰ مثقال بدستور معروف معجون بنادیں اور ساڑھے چار ماشہ روزانہ بوقت نہار کھلاتے رہیں (ایضاً)

ضعف بصارت

منڈی یہ بوٹی جنگل میں ہوتی ہے اور اس کو گھونڈی بھی کہتے ہیں گھونڈی معہ پتے اور جڑھ کے خشک کر کے کوٹ پیس کر اور چھان کر منڈی سے نصف حصہ شکر سفید ملا کر تیار رکھیں اور علے الصبح نہار اپنے دوست کو بلا ناغہ کچے دودھ یا تازے پانی کے ساتھ کھلا دیں۔ (ایضاً)

احتلام وغیرہ

کشتہ چاندی و شنگرف ۳ تولہ۔ کشتہ طلاء ۴ ماشہ کشتہ فولاد ۳ تولہ۔ ہر چہار کشتہ جات کو بذریعہ آب لیموں ایک پہر کھرل کر کے آتشی شیشی میں چار پہر بالو تیز کی آنچ دیں اور بعد سرد ہونے کے نکالیں کشتہ بہ رنگت سیاہ برآمد ہوگا۔

ترکیب کشتہ چاندی بہ شنگرف رومی

شنگرف بار ایک قدر کر کے ۲ تولہ برادہ چاندی میں کوزہ گلی کے درمیان بند کر کے نیم آثار پختہ کی آنچ دیں شنگرف قائم ہوگا ازاں بعد ہر دو کو بذریعہ آب گھیکوار دو پہر کھرل کر کے غلولہ بنا کر دو تولہ سوت دیسی لپیٹ کر گل حکمت کے بعد پندرہ آثار اوپلوں کی آنچ دیں ہر دو بہ رنگت سفید کشتہ ہو کر برآمد ہونگے۔

ترکیب کشتہ طلاء

سونا بقدر ۶ ماشہ لیکر باریک پترہ کر کے اس کو ایکدفعہ آب چولائی خاردار میں گرم کر کے سرد کریں اور چولائی مذکورہ کے پاؤ پختہ نغدہ میں بند اور گل حکمت کے بعد دس آثار اوپلہ کی آنچ دیں اور بدستور ۳ مرتبہ عمل کریں۔

ترکیب کشتہ فولاد

برادہ فولاد ۳ تولہ سیماب ۳ ماشہ ہر دو کو بذریعہ آب گھیکوار پندرہ روز کھرل کر کے غلولہ بنا کر گل حکمت کے بعد ۵ آثار اوپلہ کی آنچ دیں اور سرد ہونے کے بعد نکال لیں

طریق ایک ایک دفعہ بدستور سابق یہ عمل کریں مگر ہر عمل میں سیماب ۴ ماشہ جدید ہونا چاہئے
اعلےٰ کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک ۱ رتی سے ۲ رتی تک بالائی مسکہ گاؤ پانچ تولہ پرہیز از اشیاء ترش
و بادی وغیرہ سے کرنا چاہئے۔

معجون قبض کشا و سست آور دافع قولنج وغیرہ و مجرب آزمودہ

سنبل الطیب ۵ ماشہ۔ قرنفل ۳ ماشہ۔ زرنباد ۴ ماشہ۔ بیرہ عدد۔ الاچی کلاں ۳ ماشہ۔ نسوت
سیاہ مقشر ۹ ماشہ۔ سقمونیا ۳ ماشہ۔ منقی بغیر بیج ۲۰ دانہ۔ سنا ۳ تولہ۔ مصری ۱ تولہ۔ شہد ۱۲ تولہ
تمام ادویات کوٹ کر شہد میں ملاویں برائے دفع قبضیت معمولی طور پر ۳ ماشہ شب کو
ہمراہ آب گرم یا دودھ کے کھاویں صبح بافراغت دست ہوجاویگا قولنج وغیرہ کے واسطے
۲ ماشہ سے ۹ ماشہ تک حسب طاقت و موقع نہایت اعلےٰ چیز ہے۔ اور آزمانے سے تعلق
رکھتی ہے (بابو چنہ ریر کاش)

مجرب نسخہ نسوار برائے زکام و درد سر وغیرہ

ولایتی اپکارک میں اکثر نسواریں مروج ہوچکی ہیں آج اور ایک بے ضرر مفید سادہ صرف
جڑی بوٹیوں سے مرکب ہدیہ ناظرین ہے۔ اس میں تمباکو یا دودھ آک وغیرہ تیز زہریلی چیز یا
نشی چیز شامل نہیں ہے۔ ۱ - اسطوخودوس۔ گل بنفشہ۔ کاشمیری پتہ ہموزن قدرے مرچ
سفید بھی شامل کریں تو بہتر ہے خوب باریک کر کے رکھیں۔ بڑی اعلےٰ چیز ہے۔ خوب چھینک
بھی آتی ہے (نسوار جوہری یہی ہے)

علاج آتشک

موچ رس ۱ تولہ۔ کتھہ سفید ۲ ماشہ۔ طوطیا مدبر ۱ تولہ۔ کمیلا ۱ تولہ۔ گلی سپاری ۲ تولہ۔ تخم گشنیز
۲ ماشہ۔ شنگرف مصفا ۱ تولہ باریک کر کے عرق لیموں کاغذی ۵۰ عدد میں کھرل کر کے گولیاں
بقدر کنار دشتی بناویں بوقت صبح ایک گولی تازہ پانی سے کھاویں۔ ماش کی دال بغیر
مقشر اور نان گندم گھی حسب رغبت خوب کھاویں اچھی نمک مرچ گھی سے میٹھی روٹی کھاویں
تو ٹھیک ہیں دیکھنے میں خواہ سادہ اور کم قیمت معلوم دیتا ہے لیکن استعمال کرنے پر معلوم ہوگا

کہ یہ کس قدر سریع التاثیر اور قیمتی نسخہ ہے۔ جذام تک کو مفید ہے نہایت اعلےٰ چیز ہے
صدری نسخہ ہے اور میرے استاد صاحب کا بڑی دقت سے بتلایا ہوا نسخہ ہے۔ جو کہ ہر
آتشک کے واسطے تو غایت درجہ مفید ہے جسم پر جو بھی پڑ گئے ہوں صاف ہو جاتے ہیں اور
عرق لیموں میں گھس کر گولی لگائی بھی جاتی ہے۔ زخم فوراً صاف ہو جاتے ہیں جسم پر بھی نیز
آلت پر بھی جہاں بھی داغ خواہ زخم ہو اسی طرح لگاویں اور پاؤ بھر سپاری گلی ہوئی کوٹ کر ایک
گھڑے میں ڈال دیں اور پانی سے بھر دیں اور ایک گلاس اس کا سپہر کو پی لینا چاہئے بہت
جلد انشاء اللہ آرام ہو جاویگا۔ معمولی نہ سمجھیگا سو روپے کا نسخہ ہے۔ (ایضاً)

دیگر مجرب برائے بواسیر ہر قسم

رسونت۔ ایلوہ۔ گل ارمنی۔ کڑے کی چھال۔ مرچ سیاہ۔ تخم بکائن۔ مغز نبولی ہموزن
باریک کوٹ کر اور عرق مولی سے تر کر کے گولیاں برابر کنار دشتی کے طیار کریں صبح شام
ایک گولی عرق مکوہ سے کھاویں ایک ہفتہ میں آرام ہو جاویگا۔ اور ۴۰ یوم استعمال کرنے سے
پھر عارضہ نہ ہوگا۔ بواسیر خواہ بادی ہو یا خونی سب کو مفید ہے۔ اگر ہلیلہ سیاہ و گوگل اور شامل
کریں تو اچھا ہے (ایضاً)

حب دافع تپ نوبتی

تخم دھتورہ سیاہ ہو تو بہتر ہے ۳ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ گوند کیکر ۱ تولہ
کوٹ کر گولیاں برابر مرچ سیاہ تیار کریں (پانی سے بناویں) یہ گولیاں نوبتی بخاروں کے
واسطے اکسیر و بے نظیر ہیں۔ درد سر اور قبض کو فائدہ کرتی ہیں۔ نجیب آباد میں ایک پرانا
عطار جاڑے بخار کی گولیوں کے واسطے مشہور تھا۔ اس نے مہربانی سے مجھے بتلایا اور
کہا کہ عرصہ سے ہم اس کو بنا کر تقسیم کرتے ہیں اور تقریباً ہر فصل میں یہ ۴ - ۵ بار بنانی
پڑتی ہیں۔ ہم نے بھی اسے برتا اور مفید پایا۔ اور ان کا بنانا ہی ان کی ہر دلعزیزی کا ثبوت
ہے۔ یہ دوا فی الحقیقت عجیب ہیں خوراک ۳ گولی خواہ ایک دفعہ ایک ایک کر کے وقفہ سے
مگر جاڑے کے وقت سے ایک گھنٹہ پیشتر پانی سے اگر دیسے ہی نگل جائیں تو بہتر ہے

سر و پانی سے اکثر جاڑا آ جاتا ہے۔ یہ گولیاں مشہور سا پیدا کرتی ہیں۔ اور بھوک لگاتی ہیں۔ کم خرچ ہیں اگرچہ علاج الغربا میں یہ نسخہ حب شفا کے نام سے درج ہے۔ مگر چونکہ مجرب و آزمائش بندہ ہے۔ لہذا کتابی جان کر بے قدری نہ کریں بلکہ بنا کر دیکھیں کہ یہ ظاہرا معمولی چیزیں کیا اثر ظاہر کرتی ہیں (ایضاً)

منجن برائے دفعیہ تمام امراض دندان مسوڑہ وغیرہ

الم ۲۰ گرین۔ بورا کش ۱۰ گرین۔ کلورٹ آف پوٹاس ۲۰ گرین۔ کریوازوٹ ۱۰ بوند۔ آئل یوکلپٹس ۱۰ بوند۔ کاربالک ایسڈ ۵ بوند۔ آئل لونگ (تیل قرنفل) ۵ بوند۔ چاک ایک اونس سب کے برابر خاکستر تنبولہ (تنبول کو کوزہ مٹی میں بند کر کے آگ پر جلا دیں) اور سب کو ملا کر باریک کریں اور روزمرہ دانتوں پر مالش کریں مثل موتی کے چمکتا ہے میل نام نشان کو نہیں رہتا ہے۔ اسکروی (مسوڑھوں کا اسفنجی ہونا) کو نہایت مفید و اکسیر ہے۔ نیز دیگر امراض مسوڑہ و دندان کو فائدہ کرتا ہے۔ درد ہونا اور پانی لگنا بند ہو جاتا ہے (یہ نسخہ جناب بھائی صاحب ڈاکٹر کشوری لال صاحب اسسٹنٹ سرجن لکھنؤ کا عطیہ ہے۔ نیز وہ کہتے تھے کہ یہ ایک مشہور بمبئی کی ایک خاص پیٹنٹ کمپنی کا نسخہ ہے جو کہ کسی نہ کسی طرح انہیں پہنچا تھا۔ اس میں کل اجزاء جو کہ دانتوں اور مسوڑھوں کے واسطے انگریزی میں معتبر ہیں شامل ہیں۔ نیز خوشبودار ہے۔ اگرچہ انگریزی ہے تاہم عمدہ ہے

طلسم برائے نیش عقرب

برگ و چھال درخت کیکر ۲ ماشہ چلم میں بجائے تمباکو کے رکھ کر پیتے ہی فوراً آرام آ جاتا ہے۔ بس دم کھینچنے کی دیر ہے۔ آزمودہ ہے۔ نیز زیادہ زود اثر ہے۔ تاہم برسات میں تھوڑی چھال سکھا کر رکھ چھوڑنی چاہئے۔ تاکہ وقت پر کام آوے (〃)

دیگر لگانے کا

دودھ گھوڑ [illegible] کی جگہ پر ذرا سا لگا دیجئے گا۔ بس لگاتے ہی یہ معلوم ہوتا ہے کہ بس کوئی [illegible] ہی نہیں ہے چاہے کتنی ہی تکلیف ہو مجرب ہے۔ دیکھئے صاحب

ان کو آزما کر دیکھئے اور غلط ثابت کیجئے گا۔ سر مو فرق ہو تو کہنا۔ یہ نسخہ جات یونہی سنے سنائے یا دیکھے ہوئے نقل نہیں کر دئے گئے ہیں۔ بلکہ اسرار سینہ اور ساتھ ہی مجرب ہیں سہل اور کم خرچ اور زود اثر ثابت ہوں گے (ایضاً)

کان سے ریم بہنا

مولی کھار۔ سجی کھار۔ جو اکھار۔ سیندھا نمک۔ سونچر نمک۔ سمندر نمک۔ بڑ نمک۔ باجرگھار۔ ہینگ۔ پوست سہنجنہ۔ سونٹھ۔ دیودار۔ سونف۔ بچ۔ رسونت۔ پیپلا مول۔ ناگر موتھا۔ ہر ایک۔ ایک ایک تولہ ۱۶ گنا پانی ملا کر پکا دے حتے کہ چوتھائی پانی رہ جاوے اس سے ۴ گنا تلوں کا تیل لیوے۔ اور اس تیل سے ۴ گنا کیلے کے کند کا رس۔ بجورا لیموں کا رس اور مدھو سوکت ملا کر تمام اشیاء ایک کڑاہی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکاوے جب تیل رہ جاوے اتار کر رکھے۔ یہ تیل کان میں ڈالنے سے پیپ بند ہو جاتی ہے۔ اور بہرہ پن کو بھی مفید ہے۔

مدھو سوکت کا نسخہ یہ ہے۔ کاغذی لیموں کا رس ۱ کسیر۔ شہد پاؤ۔ پیپل کا سفوف ۴ تولہ مٹی کے برتن میں منہ بند کر کے دھان کے ڈھیر میں ایک ماہ تک رکھ کر نکال لیوے۔ مدھو سوکت تیار ہے (ایڈیٹر)

کشتہ طلاء

از حد مقوی باہ ہے۔ پارہ مصفے ۱ تولہ۔ گندھک ۱ تولہ۔ دونوں کو کجلی کر کے کچنار کے رس میں کھرل کر کے ۲ تولہ سونے کے پترے پر لیپ کر دیں اور کچنال کی چھال کوٹ کر دو پیالیاں بنا کر اس کے اندر اس پترے کو دے کر کپروٹی کر دیوے۔ پھر ایک من ایرنے اوپلے کے درمیان رکھ کر آنچ دیوے پھر نکال کر نیا پارہ و گندھک کچنال کی رس میں گھولا ہوا لیپ کر کے اس طرح آنچ دیوے اس طرح کی ۳ آنچ میں کشتہ ہو جاتا ہے۔ خوراک خشخاش سے چاول تک زیادہ سے زیادہ مکھن میں ڈال کر دیوے مقوی اعضا رئیسہ ہے (〃)

ذیابیطس

کشتہ عقیق ۲ رتی صبح و ۲ رتی شام بہمراہ سفوف گلو ۱ ماشہ [illegible]

اماشہ ملاکر پانی سے کھلایا کریں +

عقیق تولہ کو گرم کرکے ۱۰ بار عرق بید مشک میں بجھاویں پھر پوست بیضہ کا سفوف کرکے ایک بڑے اوپلے میں نیچے اوپر اس عقیق کے دیکر اور اوپلے اس کے ساتھ لگاکر (تقریباً اوپلے ۵ اسیر ہوں) آنچ دیں کشتہ ہوگا۔ (اڈیٹر)

درد حیض

بس ساری خرابی ہی خون حیض کی بندش ہے حیض کھلنے سے یہ تکلیف جاتی رہیگی سونف سوئے میتھرے۔ گاؤزبان گیلانی تخم کرفس تخم خطمی تخم خربوزہ ہر ایک اپاؤ۔ ۔ اسیر پانی میں بھگو کر جوش دیکر قرع انبیق کے ذریعہ عرق کھینچ لیں صبح وشام ۵ تولہ ایک ماہ تک پلاویں۔ اگر امرت دھارا ۳ بوند ملا لیا کریں تو اور بھی مفید ہوگا (ایضاً)

ہیضہ

اگر پوست بیخ آکھ فلفل گرد کے ساتھ مساوی لیکر آب ادرک میں کھرل کرکے بقدر فلفل حبوب بناویں اور ایک حب صاحب ہیضہ کو دیں بحالت مرگ بھی فائدہ دیتی ہے۔ (حکیم رفیق احمد)

سرفہ تپ بلغمی

آک کی جڑھ جلاکر ایک رتی بتاشہ میں رکھ کر کھلاویں صاحب سرفہ اور تپ بلغمی کو مفید ہے (ایضاً)

تپ لرزہ

اس کی جڑھ یکدرم۔ فلفل گرد یکدرم جڑھ کے دودھ میں سحق کرکے چنے کے برابر گولیاں بناویں اور ایک گھنٹہ قبل نوبت کھلاویں لرزہ دور ہوجاوے۔

ایک عدد گل آک قند سیاہ میں گولی بناکر ۳ روز کھاوے بے نظیر علاج ہے (ر)

فالج ولقوہ وخدر

اس کی جڑھ وپتے وغیرہ روغن کنجد میں جلاکر مالش کریں بہت مفید ہے اور اگر عورت بیخ آک اپنے پیشاب میں گھسکر فرزجہ کرے اس کا شوہر مطیع ہوجاوے

صرع مرگی

بیخ آک شیر زن میں گھسکر صاحب صرع کی ناک میں ٹپکاویں صرع کو مفید ہے (ر)

قولنج

پوست بیخ آکھ پانی میں پیس کر شکم پر طلا کرنا نافع قولنج ہے (ر)

مارگزیدہ

آک کی جڑھ اور کپاس کی جڑھ دونوں کو پانی میں پیس کر تھوڑی سی مارگزیدہ کو پلاویں نہایت مفید بتلاتے ہیں اگر دوسری نہ ملے تو تنہا بیخ آک ہی کافی ہے (ر)

درد پہلو

پوست بیخ آک تازہ بھی لوٹہ کے ساتھ لڑکے کے پیشاب میں پیسکر پہلو میں طلاء کریں نہایت ہی مفید ہے (ر)

استسقاء لحمی

برگ آک سبز ایک پاؤ زرد چوب یکدرم اول پتوں کو مثل بھنگ گھوٹیں بعد ازاں زرد چوب ملالیں جب گولیاں باندھنے کے قابل ہوجاوے تو ماش کے برابر گولیاں بناویں ۴ گولیاں تازہ پانی کے ساتھ کھاویں اور ہر روز ایک ایک گولی بڑھاتے جاویں گولیاں تک بڑھاویں اور چند روز تک گولیاں کھاویں۔ مجرب اور سہل الحصول علاج ہے (ر)

ضیق النفس

اگر اس کے پتے لے کر ایک پر کتھہ مہندی پانی میں پیس کر لگادیں اور دوسرے پر روغن زرد تیسرے پر چونہ اور ظرف گلی میں رکھکر بھون لیں اور ایک رتی پان میں رکھ کر کھاویں ضیق النفس کو ازحد مفید ہے اور دوسرا طریق ضیق النفس کے واسطے یہ ہے کہ برگ آک چھوٹے نئے اگے ہوئے موسم سرما میں چونہ یا پان یا کاتھ مہندی کیساتھ اول روز ایک برگ دوسرے روز ۱½ تیسرے روز دو۔ چوتھے روز ۲½ پتے پانچویں روز ۳ پتے۔ انتہا ۴ روز تک ۴ پتے کھاوے نہایت ہی مقوی ہے ترشی اور بادی اور شیرینی اور چربی سے پرہیز چاہئے۔ (ر)

عرق مدنی

کے واسطے برگ آکھ روغن زرد میں چرب کرکے تکمید کریں اور گرم گرم
پر باندھیں بہت نافع ہے (م)

کرمی گوش

برگ آکھ زرد آگ پر گرم کرکے نچوڑیں اور عرق اس کا کان میں ٹپکاویں
یہ عمل دو ہفتہ کریں۔ کرم کو زائل کردے گا۔ برگ اس کے محلل اورام اور منضج
اورام ہیں۔ (م)

بواسیر

بجائے مٹی کے ڈھیلوں کے اس کے پتوں سے مقعد صاف کریں
کو نافع ہے۔ (م)

درد شقیقہ

اس کے زرد پتے لیکر دونوطرف روغن زرد لگاویں اور گرم توے
رکھیں اس کے بعد نچوڑ کر کان میں ٹپکاویں۔ مانع درد شقیقہ ہے اور
تسکین دیتا ہے۔ (م)

رمد چشم

اگر رمد چشم راست میں ہو تو ناخن پائے چپ اگر چشم چپ میں ہو
پائے راست میں شیر آک (مدار) لگاویں +

بواسیر

شیر آکھ (مدار) مقعد میں لگانا مفید بواسیر ہے (م)

عقرب گزیدہ

شیر آکھ جائے نیش عقرب پر لگاویں فوراً ہی تسکین دیتا ہے (م)

چھاجن

شیر آکھ (مدار) میٹھے تیل میں مساوی الوزن ملا کر دست و پا پر
میں نہایت نافع ہے (م)

مار گزیدہ

شیر آک (مدار) مار گزیدہ کے زخم پر لگاویں جذب ہوتا جاویگا۔ جب تک
جذب ہونا بند نہ ہو موقوف نہ کریں جب موقوف ہو جائے تو زہر اُتر جاویگا +

سلاق چشم

شیر آک (مدار) سے چراغ پُر کریں اور فتیلہ نو تر کریں جب خشک ہو جاوے۔
تو ہر روز میٹھے تیل سے چراغ روغن کریں اور سیاہی اوپاڑ لیں اور آنکھ میں لگاویں
[illegible] گھاس کے پلکیں جم آتی ہیں (م)

مجلوق

شیر آک (مدار) برابر اس کے روغن گاؤ ملا کر ۱۲ گھنٹے کھرل کریں اور بقدر ضرورت
لیکر قضیب پر طلاء کریں نہایت مجرب و بےبدیل ہے (م)

ضماد شیر آک (مدار) دافع باد مفاصل و صلابت طحال و گولہ و مسقط دانہ
بواسیر ہے۔ (م)

اگر شیر آک (مدار) جا کر روغن تلخ میں جلاویں اور خارش پر ملیں دو روز
میں آرام آجاتا ہے (م)

آتشک

چوب [illegible] آک (مدار) کا کوئلہ کرکے اور برابر وزن شکر ملا کر ۲ ماشہ کھاویں [illegible]
[illegible] دلیہ گندم بے نمک کھاویں مصری آک (مدار) سے صمغ آک (مدار)
کہتے ہیں نہایت مفید ہے +

ایک کیڑا [illegible] رنگ کا درخت آک (مدار) پر رہتا ہے یہ اڑ نہیں سکتا۔ اسکو
خشک کرکے نصف [illegible] وزن اس کے فلفل گرد لیکر کوٹ چھان کر صبح کے وقت
ناک میں پھونک [illegible] ویں مجرب علاج ہے

اگر کوئی عورت اس کی جڑھ یکمثقال آب بھنگرہ سے کھاوے بانجھ ہو جاوے
اور [illegible] بیخ آک (مدار) پانی میں پیکر [illegible] کے بازو پر باندھیں تو آسیب جن چھوٹ [illegible]
[illegible] رہیں +

اور جو اس کی جڑھ بکری کے خون اور سنگ گاؤ میں ملا کر آنکھ میں لگا دیں پھر چار پہر کے بعد دودھ بدلتے ہیں پس کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بناویں

تیزی نظر میں زیادہ اثر کرتی ہے اور ایک یا دو گولی مکھن وغیرہ میں کھلاویں اعصابی کمزوری و ضعف باہ و جریان

اور جو اس کی جڑھ شیر شتر میں ملا کر مہرہ کر کے کمر میں باندھیں امساک [illegible] مرعت کو مفید ہے و افیون کی عادت اس سے بفضلہ تعالیٰ ہٹ جاتی ہے اور نزلے

میں بے نظیر ہے (م) [illegible] بیماری کو بھی نفع بخشتا ہے اور غذا اس کے ساتھ مرغن ہونی چاہئے (م)

چرس نوشی

کافور ابھرتی کستوری [illegible] ارقی۔ زعفران [illegible] تی یہ ایک خوراک ہے۔ [illegible]

میں ایک دفعہ کلفتہ میں ملا کر کھایا کریں جب کہ خواہش چرس کی معلوم ہو [illegible]

چرس نوشی کا ایک ایک وقت ہر چوتھے دن کم کرتے جاویں۔ امرت دھارا [illegible]

بھی اس طرح چھوڑا سکتے ہیں ایک سیر دہی کا پنیر بنا کر کھانے سے اکثر وہی نشہ [illegible]

ہو جاتا ہے جو چرس کے نشے سے۔ چرس کو چھوڑ کر کچھ مدت اس کو جاری رکھ [illegible]

کر پھر اس کو چھوڑایا جا سکتا ہے۔ کل نشوں کو چھوڑنے کے واسطے دل کی

طاقت ضروری ہے (ایڈیٹر)

حب مقوی باہ و ممسک

(مرسلہ حکیم [illegible] محمود [illegible])

حرمل کسن بیج نیم بیباں (نیم خام) [illegible] تولہ کونکہ [illegible] ماشہ۔ تل [illegible] ماشہ۔ قند سیاہ

[illegible] تولہ کوٹ کر حب کے ساتھ غلولہ بنا لیں اور صحبت سے کچھ [illegible]

کھاویں اس سے نکان بھی دور ہو جاتی ہے

بھلا ایسا ہی ہے اور میں نے بنایا بھی ایسا ہی ہے۔ لیکن

معلوم ہوتا ہے صحیح نیم [illegible] ہے یعنی کسی قدر بھنے ہوئے [illegible]

مفید مقوی باہ ہے پورا ابھرنے پر جل نہ جائے (ایڈیٹر)

حب افزائی

جب الغراب یعنی کچلوں کو پانی میں بھگو کر نرم کر لیں

[illegible] ڈالیں پھر درمیان شگاف دیکر بار یک [illegible] ملا کر دست دیا [illegible]

[illegible] پھر [illegible] کے دودھ میں اتنا بھگو [illegible]

برائے حب الملک مقوی باہ

عاقرقرحا۔ جائفل۔ جاوتری۔ لونگ۔ شنگرف۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ [illegible]

[illegible] ۹ ماشہ۔ تمام ادویات کو باریک کر کے شہد کے ہمراہ چنے کے برابر گولیاں بناویں

اور اگر مصطگی ۲ ماشہ بھی بڑھا دیں تو گولیاں آسانی سے بندھتی ہیں اور کستوری ۱ ماشہ

بھی اضافہ ہو تو عجیب معطر ہوگی اور امساک سے غرض ہو تو افیون ۲ ماشہ بھی شامل کریں

اور بعض اوقات اس میں زیادہ تقویت کو بیر بہوٹی ۲ ماشہ بھی زیادہ کی جاتی ہے اور

[illegible] کے بعد اگر انہیں خوش منظر کرنا ہو تو تازہ تازہ گولیوں پر ورق [illegible] نقرہ کا غلاف چڑھا

لیا جاتا ہے اور خواہ ورق طلائے مہذب و زر آلودہ بنا لیں۔ خوراک ایک دو گولی اگر ذی [illegible]

[illegible] ورنہ صرف ایک گولی اس دودھ کے ساتھ کہ جس میں دو چھوہارے اور پون ماشہ [illegible]

[illegible] ثی الائچیاں سارا دن جوش کھاتی رہی ہوں اور دودھ پکتے پکتے بہت

[illegible] ہو شام کو نہار منہ اس کا استعمال چاہئے اور گرم مزاج کو خصوصاً موسم

[illegible] وسادوں کو میں نے میٹھی چھاچھ یا کچی لسی (یا) دودھ [illegible]

[illegible] اور کچھ برج نہیں دیکھا۔ اور میں نے ان حبوب سے کئی نامرد [illegible]

[illegible] اور ان میں تفریح اور تقویت قلب کا ایک خاصہ وصف ہے جس کی

[illegible] کے معالجہ میں حاجت دیکھی جاتی ہے۔ نیز عطریت کو جگر سے بھی

(م)

چوب [illegible] خشک [illegible] ایک کپڑا [illegible] خشک کر کے نصف [illegible]

لیمن دیتا ہے [illegible] ناک میں پھونک

اگر کوئی عورت

برائے شنگرف مدبر

[illegible] ورنج آک (مدار) [illegible]

اور صرف آپ سے [illegible]

[illegible] لئے میرا تیار آزمودہ اور بالکل بے مضرت ہے شنگرف [illegible]

۲ تولہ کو کھرل میں گھسا کر مرغی کے انڈے کی زردی اس میں ملا کر کھرل کریں جب خشک ہو جائے اور زردی داخل کر دیں اسی طرح قریب ۸ زردیاں ختم کریں پھر قرص بنا کر بالکل ایسے ہی اُسے گھی میں اتنا بھونیں کہ سیاہ نہ ہونے پاوے اگر موسم گرمی کا ہو تو بوجھ کا ڈر ہے جلد کھرل کرنا چاہئے اور بالفرض اگر کچھ عفونت بھی ہو جائے تو گھی میں بھوننے سے زائل ہو جاتی ہے پھر گھی سے نکال کر پیس لیں اور ایک ماشہ مکھن یا کھانڈ یا دیگر کسی مناسب بدرقہ میں روزانہ استعمال کریں۔

غذا مرغن کھاویں انشاء اللہ پوری تقویت ہوگی۔ وہ گھی بھی قوت رکھتا ہے اُسے بھی استعمال میں لاویں۔ (ر ۔)

برائے سرعت و جریان اگر جلد انزال ہو جاتا ہو

ثعلب مصری۔ تشقاقل۔ سنگھاڑا خشک ہر ایک ۵ ماشہ۔ تالمکھانہ۔ مازو سبز۔ تودری سرخ۔ تودری سفید ہر ایک ۴ ماشہ۔ موصلی سفید۔ تخم دانہ الائچی کلاں ہر ایک ۳ ماشہ رومی مصطگی ۲ ماشہ۔ نبات سفید ہموزن سب کا سفوف بنا کر بہ قدر ۹ ماشہ صبح و رات کو ہمراہ گرم دودھ جس میں میٹھا ڈالا ہو نوش کریں اور روز پرہیز جماع سے کریں لال مرچ اچار اور ۸ روز کے بعد اس کا تماشا دیکھیں خوبی یہ ہے کہ یہ دوا موسم برسات میں بھی کھائی جا سکتی ہے اور میں نے دو تین آدمیوں پر اس کا تجربہ کیا ہے بڑا عمدہ اور کم قیمت نسخہ ہے (رمیا رام دوید اس حکیم)

نسخہ طلاے مجرب برائے مجلوق

دارچینی ۴ تولہ۔ عقرطین خشک ۴ تولہ۔ بیر بہوٹی ۴ تولہ۔ کچلہ ۴ تولہ۔ میٹھا تیلیا ۴ تولہ۔ سیماب ۴ تولہ۔ عاقرقرحا ۱ تولہ۔ قرنفل ۱ تولہ۔ حب السلاطین ۱ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۱۸ عدد۔ سنبل خار ۱ تولہ۔ تمام اجزاء کو کھرل کر کے زردہ میں ملا دے اور آتشی شیشی میں تیل بذریعہ پاتال جنتر نکال لیں اور کام میں لاویں۔ (وزیر علی سیتاپوری)

نسخہ برائے طلاء دیگر

لیکن یہ مجرب نہیں ہے امید ہے کہ ناظرین تجربے سے مطلع فرماویں:۔

قرنفل۔ پوپکر مول۔ عاقرقرحا۔ مغز جمال گوٹہ۔ این ہمہ ادویات را کوفتہ و بیختہ و شراب در آمیختہ حل کنند عندالحاجات حشفہ و سیون را گذاشتہ طلا کنند و بالائش برگ پان بچلہ بہ بندد۔ مدت سہ یوم بعد بر زخم مالش مکھن کنند صحت یابد۔ (تعداد وزن نہیں لکھی تاہم مساوی ہوگی مجھے صاف نہیں بتلایا گیا) (وزیر علی سیتاپور)

نسخہ برائے دفعیہ زہرباد

برگ شوک۔ برگ کنیر ۱/۴ حصہ نمک لاہوری۔ ان تینوں کو ابال کر اور نمک لاہوری چھوڑ کر قلعی کرنی چاہئے۔ میرے ایک دوست کا بتایا ہوا ہے اور ان کا آزمودہ ہے مجرب ہے۔ (گوکل چند)

اکسیر نسخہ برائے ہیضہ

مجھے میرے استاد مسیح الزمان افلاطون دوران عالیجناب سلطان الاطبا حکیم سید عبدالغفور صاحب سے ایک نسخہ ہیضہ کا نہایت عمدہ مجرب المجرب جو حکیم صاحب قبلہ موصوف کے تجربے میں ۲۰۔ ۲۰ سال سے رہا ہے ملا ہے جس کو میں نے بھی چند مرتبہ اکثر مریضوں پر تجربہ کیا۔ اکثر عمدہ مفید بلکہ ہیضہ کا شرطیہ علاج ہے۔ اور ہر حالت میں اس کا جائز ہے:۔

رنگترہ یا نارنگی پختہ سرخ سایہ میں خشک کر کے کوٹ پیس کر پانی میں جھڑ بیری کے بیر کی برابر گولیاں بنا دیں اور چھ ماشہ گولیاں ہمراہ عرق گلاب کے کھلا دیں۔ واسطے فائدہ عام مخلوق درج اخبار فرما دیں۔ (حکیم محمد سعید احمد)

عرق برائے عارضہ خونی و جسمی سرخ مادہ و جذام و آتشک و دیگر ہمہ امراض دموی

ہفتہ ۲ تولہ۔ نیلوفر ۲ تولہ۔ گل سرخ ۸ تولہ۔ عناب ولایتی ۸ تولہ۔ برگ ۔۔ تولہ

صندل سفید ۸ تولہ۔ صندل سرخ ۸ تولہ۔ شاہترہ ۳۲ تولہ۔ چرایتہ ۸ تولہ۔ سرپھوکہ ۸
تولہ۔ برہمنڈنڈی ۸ تولہ۔ نیل کنٹھی ۸ تولہ۔ دھمان ۸ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۸ تولہ۔ پوست
بلیلہ ۸ تولہ۔ پوست آملہ ۸ تولہ۔ منڈی بوٹی ۴۰ تولہ۔ برگ نیم ۴۰ تولہ۔ پوست نیم
تولہ۔ برادہ شیشم ۸ تولہ۔ کاسنی ۴۰ تولہ۔ گل بکائن ۴۰ تولہ۔ گل نیم ۴۰ تولہ۔ گل بکائن ۴۰ تولہ
آلو بخارا ۴۰ تولہ۔ دھنیا ۴۰ تولہ۔ اسطوخودوس ۸ تولہ۔ بسفائج ۵ تولہ۔ چوب چینی
پیازی ۳۲ تولہ۔ عشبہ مغربی ۱۰ تولہ۔ پوست بکائن ۳۲ تولہ۔ بیخ خس ۳۲ تولہ۔

ادویہ مذکور نیم کوب کر کے شب در آب بارش باراں بہ قدر ۲۶ آثار پختہ حرفا[illegible]
صبح جوشدادہ عرق بطریق معروف بکشند عرق بہ قدر دس تولہ در شہد خالص
ساختہ بنوشانند عرق مذکور سہ بار بوزن مذکور بنوشند غذا دال مونگ مقشر و نان
گندم بخورند۔ (حکیم نانک چند عطار)

جوب ہاضم وخوش ذائقہ

گندھک پاؤ بھر۔ باؤبڑنگ نیم پاؤ۔ مرچ سیاہ چھٹانک۔ نمک لاہوری
چھٹانک۔ عرق لیموں آدھ سیر یا ست لیموں آدھ پاؤ میں کھرل کریں اور بعد
گولیاں برابر جنگلی بیر کے بنا دیں۔ (ایضاً)

سرمہ مقوی لبصارت

سرمہ سیاہ ۱ تولہ۔ سرمہ سفید ۱ تولہ۔ کشتہ جست ۱ تولہ۔ دانہ الاچی خورد ۳ ماشہ
مصری سفید ۳ ماشہ۔ تخم سرس ۴ ماشہ۔ تخم کھرنی ۴ ماشہ۔ صندل سرخ ۴ ماشہ۔ تخم
ایک عدد۔ پھٹکری بریاں ۲ ماشہ۔ صابون گلاب ۴ ماشہ۔ کل کو سبز پانی میں کئی
بھاگ خشک کیا ہوا ۱۲ ماشہ باریک مانند سرمہ کے پیسیں موٹا ہرگز نہ رہے۔ آنکھ
میں لگایا کریں تقریباً تمام عوارضات کو مفید ہے۔

درد سر صفراوی کا مجرب نسخہ

ٹنکچر آئرن سیاہ ۳۰ بوند۔ ٹنکچر لاونڈر کمپونڈ ۲۰ بوند۔ سپرٹ کلور[illegible]

۲۰ بوند۔ ایکوا ۱-۱ اونس۔ ایسی ایک خوراک ایک دن میں دو دفعہ روٹی
کھانے کے بعد دیں

سر میں چکر آنے کا نسخہ (ڈ۔ر۔ ٹی گو)

سپرٹ امونیا ایرومیٹک	۴ ڈرام
پیتھیائی سٹبراس	۱۵ گرین
کیفلین	۹ گرین
اسرپ آئرن شیائی	۱-۱ اونس
ایکوا کلوروافارم	۸-۱ اونس

کانوں کے عارضے سے یہ درد ہو تو یہ نسخہ بنا کر ایک اونس خوراک
تجویز کریں اور ایک گھنٹے کے بعد دیں۔

درد سر دموی یعنی کن جھٹو کا نسخہ

پوٹاسی برومائیڈ ۳۰ یا ۴۰ گرین ایک چھٹانک ۲-۱ اونس پانی میں
حل کر کے ماتھے پر استعمال یا لیپ لگا دیں (از رسالہ رہنما)

نسخہ برائے قوبا یعنی داد دھدری مجرب

بابچی۔ گیرو۔ گندھک۔ آملہ سار۔ مساوی الوزن گرفتہ کوفتہ بیختہ در عرق
دھرک گولی بہ قدر کنار بستہ خشک کردہ بر موقع ضماد کنند

دیگر نسخہ منجن نافع برائے درد دندان وجنبش

آن تا چہل روز برابر استعمال فرمانید و بالائے آن برگ تنبول بخورند

نسخہ منظوم

لون مرچ مجیٹھ آدھے
دودھ پٹھانی منتھ پاڑھ پا
منجن کر کے پان چبائے
نیلا تھوتھا آگ جلاوے
پیس پاس کے برابر کر
دانت کا پیڑ کبھی نہ پاوے

کالنج وغیرہ

صدف جس کو سیپی کہتے ہیں اس کو سوختہ کریں ۵ جو بریاں۔ طباشیر رنگ
جو بریاں۔ ان کو ہموزن کرکے سفوف کریں جس وقت کالنج باہر نکلے ایک
چٹکی بھر کالنج پر دھوریں اور کالنج کو ہاتھ سے اندر چڑھاویں اور دو تین منٹ
دبائے رکھیں ایک دو دفعہ لگانے سے کالنج نکلنی بند ہوجاویگی۔ اور کھانے کے
واسطے شربت بنفشہ ۶ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق کیوڑہ ۲ تولہ بھوسی اسبغول
۴ ماشہ ملا کر ایک پاؤ ان تمام کو ملا کر پیویں۔ خوراک کھچڑی و چاول بنا کر کھاویں
دودھ سے پرہیز ۵ یوم کے اندر آرام ہوگا۔ (حکیم جیا رام دیو بید اس)

عرق النسا یعنی رینگھن باؤ

الائچی کلاں ۴ عدد۔ دال چینی ۴ رتی۔ زنجبیل ۳ ماشہ فلفل دراز ۳ ماشہ
اسگندھ ناگوری ۳ ماشہ سنا مکی ۶ ماشہ۔ سرنجان شیریں تخم ۲-۳ ماشہ مغز بادام
۴ عدد۔ تمام کا سفوف کرکے بقدر ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں
اس سے قبض کھل جاویگی۔ یا کشتہ کچلہ کا استعمال کریں۔ کچلہ ۱ تولہ لے کر اس کو
پہلے ۷ یوم پانی میں تر رکھیں پھر اس کو چھیل کر بیج کا مغز یعنی پتہ نکال کر اور
اس کی پوٹلی باندھ کر ایک لوٹا پانی جس میں گوبر بھینس ایک چھٹانک ڈالا ہوا ہو
۳ دن سرد کریں پھر ۶ دن لگاتار ایک سیر دودھ میں اوٹاویں پھر اسے خوب
پانی سے دھوئیں اور شیرہ گنوار گندل کے ہمراہ کھرل کریں حتے کہ ٹکیاں بنانے کے
پھر دو پیالیوں کے درمیان رکھ کر آگ دیں مگر دس سیر اوپلوں کی آگ ہرگز نہ
سیاہ رنگ برآمد ہوگا۔ خوراک ایک چاول حلوا یا مکھن میں یا روغن زرد کے
ہمراہ استعمال کریں (ر.ر)

نسخہ ملذذ بے تطیر

شکر شاہوں کو نصیب ہوتا ہوگا اس کی تعریف کیا بیان کروں تمام جسم کے

ایکر چھانکر شہد خالص مناسب مقدار میں ملا کر معجون بنالیں ۱ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۰ تولہ کے
صبح کھایا کریں خدا کے فضل سے قطعی آرام ہوگا

سرکہ بنانے کی ترکیب

کشمش ۵ سیر کسی قدر نیم گرم پانی میں بھگو کر ایک گھنٹے کے بعد صاف کرڈالیں
بعد ازاں کسی روغنی برتن میں ڈال دیں اور اس میں ۲۰ سیر پانی ڈالیں اور ۲ سیر کھانڈ
دیسی بھی ڈالدیں روزانہ ہلاتے رہیں۔ دس دن کے بعد نمک سانبھرہ تولہ تج ۱ تولہ
نوشادر ۳ تولہ۔ پھٹکری لال ۲ تولہ ڈال دیں ۲۰ دن کے بعد صاف کریں۔ ۱۰ بوتل
والا سرکہ تیار ہوگا۔ (ر.ر)

دامبر پاک یعنی آم کا حلوا۔ دوسرا نسخہ

آم کا حلوا جو نہایت عمدہ ویدک ہے مندرجہ ذیل امراض کو دور کرنے میں بے مثال ہے
زیادہ تعریف کی کوئی ضرورت نہیں مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید۔ استعمال کرنے
والے کو خود اسکا اثر معلوم ہوجاویگا اور آج تک جتنے نسخے میں نے اخبار ہذا میں دیئے ہیں
وہ سب بے بدل اور بے نظیر و سریع التاثیر ہیں۔ اور جو صاحب ان نسخہ جات میں سے
کوئی نسخہ استعمال کریں اس کے فوائد و نقصانات سے بذریعہ اخبار ہذا اطلاع دیں۔ اگر
کوئی صاحب بغرض فروخت اس حلوے کو طیار کرکے مجھے بھی اطلاع دیں تو میں خود بھی
معقول تعداد سے خریدوں گا کیونکہ عدیم الفرصتی کی وجہ سے طیار کرنے سے
بالکل مجبور رہوں۔

نسخہ۔ ڈالی کے آموں کا شیرہ یعنی رس ۴۴ سیر شکر سفید بورا ۱۰ سیر روغن
زرد گائے ۱۲ سیر فلفل گرد ۳ تار۔ فلفل دراز ۳ تار۔ اول شکر سفید و شیرہ آم پانچ تار
آب چاہ میں شیرہ گاؤ ۱۲ سیر ڈال کر نرم آنچ پر پکاویں بعد ازاں منڈی۔ ۱ تار و تخفیین
۱ تار پوزن نندگور۔ چھارہ ۱۲ درم نسوت ۱۲ درم پستہ ۲ درم ۲ درم روغن
گاؤ میں ملاویں اور اسی میں شامل کریں بعد ازاں ناگرموتھا ۲ درم پترج ۳ درم
الائچی خورد ۶ درم۔ ناگکیسر ۳ درم۔ پیپلا مول ۴ درم۔ جیرہ ۱۲ درم گلقند خشک ۶ درم

دارچینی ۱ درم ۔ تالیس پترہ ۲ درم ۔ فلفل سیاہ ۰ درم ۔ چوب چینی ۹ درم ۔ شہد
نصف آثار ڈال کر گوندھیں اور حلوائی کے قوام پر لا کر نگاہ رکھیں اور علی الصبح
نہار موسم برسات یا جاڑوں میں بمقدار ۱ ۲ مثقال کھایا کریں ۔ خاص کر ورزش
کے بعد کھانا بہت مفید ہے +

فائدہ قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے جس عورت کے اولاد نہ پیدا ہوتی ہو یا
پیدا ہو کر زندہ نہ رہتی ہو ایام حمل میں کھانے سے جو بچہ پیدا ہوگا
خدا کے فضل سے از روئے طب وید کے دراز عمر ہوگا ۔ منی کو گاڑھا
کرتا ہے ۔ خون صاف کرتا ہے ۔ رنگت بدن گلابی اور سرخ ہو جاتی ہے ۔ معدہ
طحال کو دور کرتا ہے ۔ اور اعضاء رئیسہ کو قوت دیتا ہے ۔ حافظہ عقل کو تیز کرتا
ہے ۔ وبائی امراض کے حملے سے محفوظ رکھتا ہے ۔ اگر مرد اور عورت دونوں
کھا دیں تو اولاد خوبصورت پیدا ہو ۔ (ایس حمید)

نسخہ برائے طاعون

اول طاعون کی گلٹی یعنی اس ورم کو دیکھ کر حسب ضرورت اور موافق
مریض کے حسب موقعہ فصد سرو یا باسلیق کھلوائیں اور بقدر حاجت خون لیا جائے
بعد ازاں تبرید ۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ ۵ ماشہ ۔ شیرہ مغز تخم کدو شیریں ۵ ماشہ
شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈال کر پلا دیں +

ضماد جدوار خطائی ۔ زعفران ۔ افیون بقدر ضرورت پانی میں گھس کر گلٹی
پر لیپ کریں جتنا زیادہ ہوگا بہتر ہوگا ۔ تبرید دوم مطفی عطش ۔ شام
کے وقت سورج غروب ہونے سے قبل ۔ جدوار خطائی ۲ ماشہ پیس کر پانی میں
حل کر کے پلا دیں ۔ تبرید سوم ۔ دوپہر کے وقت آب تربوز ہمراہ نبات سفید
آب کاسنی سبز مروق افشردہ ہمراہ شربت بزوری کے پلا دیں ۔ خدا نے چاہا ضرور
فائدہ ہوگا ۔ دوسرے ہی روز مریض چلنے پھرنے کے قابل ہو جاتا ہے ۔
اسما جو مرض کے علاج سے آج تک کوئی پیگ و الا فوت نہیں ہوا ۔ خدا کے

فضل و کرم سے صحت یاب ہوتے رہے ہیں (حکیم سید عبد الظفر صاحب)

عقرب یعنی بچھو کے کاٹے کا علاج

نمک طعام یعنی سانبھر باریک پیس کر پانی میں ڈالیں اور ذرا ذرا پانی
جس طرف کاٹا ہوا اس سے دوسری طرف کے کان میں ڈالیں تاکہ کان بھر
جاوے جب یہ پانی گرم ہو جائے نکال دیں تین مرتبہ یہی عمل کریں چوتھی مرتبہ
دوسرے کان میں ڈالیں ؛
اگر بچھو نے دونوں طرف کاٹا ہو تو بجانب مخالف ڈالنے اور اس کے
امالہ کرنے کی ضرورت نہیں دونوں میں یکے بعد دیگرے ڈالیں + (ر)

سانپ کے کاٹے کا علاج

تخم سرس ۲ تولہ ۔ جمبا کو عمدہ تیز ۲ تولہ ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ باریک
سفوف بنا کر بہ حفاظت شیشی میں رکھیں اور شیشی کو سردی نہ لگنے دیں
بوقت ضرورت بذریعہ کسی نلکی کے اس کی ناک میں پھونک دیں تاکہ اس
کے دماغ میں پہنچے ۔ چاہے کیسا ہی سانپ کاٹا ہو اچھا ہو جاویگا ۔ اور جتنی
جلدی یہ عمل کیا جاویگا اتنا بہتر ہوگا ۔ (ر)

باولے کتے کے کاٹے کا علاج

آدمی کے سر کے بال جلا کر اور سرکہ خالص میں ملا کر عضو ماؤف
پر لیپ کریں خدا چاہے جلدی آرام ہو جاتا ہے ۔ (ر)

نسخہ برائے نفث الدم (خون تھوکنا)

اس بیماری کے کئی اسباب ہیں اگر ان سب کے مفصل بیان لکھے
جاویں تو ایک مستقل کی طوالت ہے ماسوائے اس کے ان کی کل صفتیں حکماء
گرامی پر روشن و ہویدا ہیں ۔ اس لئے بنظر اختصار خلاصہ مطلب پھیپھڑے سے خون آنا

رکھتا۔ اس کو اب یہاں مشاہدہ اس تکلیف وہ عارضہ و علامت قبیحہ او ضعف
جس میں ناگہانی موت کا گمان تقاعیاں کرتا ہے کہ خون کا آنا بدون کسی سبب
اخراج خون زیادتی کھانسی کی ہوتی اور ساتھ ہی اس کے کثرت سے خون کا
ہونا۔ اندازہ سیر یا تین پاؤ۔ اور جبتک مرضی مادہ کا مواد دفع نہ ہو لیتا ہو کھانسی
چین نہ لینے دیتی اور وہ خون غلیظ چپیدہ چکہ دار منہ سے چھٹ جاتا مگر صفا اور
نہایت سرخ رنگت ہوتا۔ دن و رات میں چند بار اور روزانہ کبھی تو تین گذر جاتے
پس ایسی حالت میں خیال کیا جا سکتا ہے کہ پھیپھڑا میں ورم کے سبب سے کسی خون
کی رگیں پھٹ جاویں یا ان کا منہ کھل جاتا ایسے خون بہنا شروع ہو جاتا
ضلع غازی پور بمقام اندھون ایک کا شتہ صاحب کو جن کی عمرہ ۵ برس ہو گی
پھیپھڑوں سے بتاریخ ۱۳ جولائی ۶ روز برابر خون کم و بیش جاری تھا اور کنال غش
وضعف بلکہ سامنا موت تھا ایسی صورت میں اندیشہ تھا کہ مریض کا طائر روح قفس
عنصری سے جلد پرواز کر جائے مگر بفضل کرم پر میشر ترکیب ادویہ سفوف ہمراہ
دوائیاں جوشاندہ ذیل مرض خوفناک سے مریض کو خفا کلی ہوئی۔ نسخہ سفوف
یہ ہے :-

وام الاخوین ۱ تولہ۔ کندر ۱ تولہ۔ گل ارمنی ۱ تولہ۔ سنگ جراحت ۱ تولہ
۱ تولہ۔ شربت بنفشہ ۲ تولہ سب ادویات کو ٹ پیس کر چھان کر بقدر ۲ ماشہ صبح
اور ۲ ماشہ شام شربت بنفشہ ۶ ماشہ میں ملا کر سفوف کا استعمال کرایا جاتا تھا
عرق جوشاندہ صرف ایک دفعہ دیا جاتا تھا نسخہ جوشاندہ :-
گلو سبز ۶ ماشہ۔ خاکسی سرولیتہ ۶ ماشہ زوفا خشک ۳ ماشہ۔ گاؤ زبان ۶
اصل السوس کشیرہ نیم کوفتہ ۶ ماشہ۔ شربت خشخاش ۲ تولہ۔ یہ دوائیاں عرق
بادیان پاؤ بھر میں جوش دی جاتی تھیں۔ جب نصف حصہ عرق باقی رہ جاتا تو
کر کے شربت انار ملا کر پلایا جاتا۔ (حکیم چھبیلی لال)

حب کراماتی برائے درد سر و شقیقہ کہنہ و نو

افیون ۲ ماشہ۔ تخم دھتورہ سفید ۶ ماشہ۔ زنجبیل ۳ ماشہ صمغ عربی

عرق گلاب سحق ساختہ بقدر نخود حب بندد مرشب یک حب با شیر یا مناسب با نوبان
بخورد۔ (حکیم منشی عبدالرحمن خاں)

نسخہ برائے سوزاک جدید دیا، و قدیم دیرانا

مردار سنگ ۲ نیم مثقال۔ کتھہ گلابی ۲ نیم مثقال۔ رس ۲ نیم مثقال طباشیر
۲ نخود۔ سفید اکاشغری ۱۰ نخود۔ مجموعہ را خشک ساییدہ یا قدرے گندہ بیروزہ
ساختہ ترکیب حب نیت گرگندہ بیروزہ را برروئے آتش گذاشتہ تا گرم شود
شود۔ دواہائے مذکورہ درمیان آں ریختہ و حب بقدر نخود ساختہ سہ حب صبح
سہ حب ظہر با شیر گاؤ نوش کنند۔ غذا بجز شیر برنج ہیچ نخورد تا مدت دہ روز
برداشت (ایضاً)

کشتہ شنگرف برائے قوت باہ

شنگرف ۲ تولہ کو دودھ شیر آک (مدار) سے کھرل کر کے درمیان ۲ صدف
گل حکمت کر کے ۱ سیر یا جنگلی کی آگ دیوے کشتہ ہو گا۔ (...)

نسخہ اکسیر برائے بخار چوتھیہ

سم الفار ۱ تولہ۔ رسکپور ۶ رتی۔ راکھ بٹھ کنندہ ۵ آدھ سیر برسا دو دیدا یک
کوزہ گلی میں نیچے اوپر راکھ دے کر گل حکمت کریں اور ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیں
سرد ہونے پر شگفتہ دوائی نکلیگی نکال کر وزن کریں اور اس کے برابر وزن شنگرف
رومی ملا کر اسی یعنی کھٹی بوٹی کے رس میں کھرل کریں جب خشک ہو پھر اور کھٹی
بوٹی کا رس ڈالدیں اسی طرح تین دفعہ رس ڈال کر خشک کرے۔ اور جب ٹکیہ بنانے
جاتا قرص کے قابل ہو جائے ٹکیہ بنا دیں تو آہنی پر رکھ کر نیچے نرم آنچ دیں اور بجھ نہیں
بیچ میں سے رس بالکل خشک ہو جائے تو پیس کر رکھیں خوراک ۲ رتی سے
ارق تک دیں بچوں کے واسطے خوراک کم کر سکتے ہیں بخار کی نوبت سے پہلے
بتاشہ میں رکھ کر کھا دیں اور اوپر سے عرق ... مجرب ہے۔ ایک دفعہ

کے کھانے سے ہی سالہا سال کا چونتیہ دور ہو جاتا ہے۔ (حکیم جوتی مل)

نسخہ برائے بواسیر خونی و بادی

مجرب است۔ پارہ مصفےٰ ۶ ماشہ۔ گندھک آملہ سار مصفےٰ ۱ تولہ۔ جلوتری ماشہ۔ پہلے پارہ اور گندھک کو کجلی کرکے بعد ازاں جلوتری ساتھ ملا کر کھرل کرکے شیشی میں ڈال کر رکھیں۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن کھاویں (۲)

دشم جور آتنک لوہ پٹ پاک

پارہ برآمدہ از شنگرف۔ گندھک مصفےٰ خوب ہی کجلی کریں پھر ایک کڑچھے میں پگھلا دیں اور پارہ کا جو تہائی حصہ کشتہ سونا کشتہ موتی۔ کشتہ سنکھ کشتہ دو گنا دو گنا کشتہ لوہا کشتہ تانبا کشتہ ابرک اور پارہ سے نصف کشتہ کشتہ مرجان۔ دو سیپ میں رکھ کر گل حکمت کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آنچ دیویں اور صبح اٹھ کر دو رتی بھر کھاویں۔ اس میں جیل بھنگ سیندھا نمک کا استعمال مفید ہے۔ آٹھ قسم کے بخار۔ وات پت۔ کف۔ تلی جو دیر ینہ اور لاعلاج ہوں دور کرتا ہے۔ مہاں بخار۔ پانڈو روگ۔ ورم۔ پرمیہ۔ بدہضمی۔ دمہ۔ کھانسی سلس بول وغیرہ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے۔ طاقت خوب پیدا ہوتی ہے۔ یہ جور آتنک دھنونتری جی کا ایجاد کردہ ہے۔

مہاشہ ایڈیٹر صاحب جی نمستے

چند نسخہ جات جو تجربہ خود یا دیگر دوستوں کے جو سادھو مہاتماؤں سے حاصل ہوئے ہیں ناظرین اسپندرشس کے لئے ارسال کرتا ہوں کہ رسالت کے کالم میں درج فرما کر ثواب حاصل کریں بندہ از حد ممنون ہوگا:-

راج بلبھ وٹی یہ دوائی بخار و سینہ بدہضمی پیٹ درد کو دور کرتی ہے اور دل خوش کرتی ہے درد سر درد ... کام کیلئے گولی بنا کر استعمال کرنی چاہئے اور ڈاڑھ درد کیلئے ایک گولی درد والی جگہ میں ...

صفت فلفل دراز ۲ تولہ فلفل گرد ۲ تولہ سونٹھ ۲ تولہ قلمی شورہ ۲ تولہ نوشادر ۲ تولہ دھنیا ۲ تولہ سہاگہ ۲ تولہ ... رسونت پرانی دیرینہ سب ادویات تمام ملا دو بار ... خوب کھرل ... گولیاں بنائیں ...

صرف پانی میں ہی گھول لیویں اور مناسب انوپان سے کھاویں عرق گاؤزبان عرق سونف عرق گلاب شربت پانی ٹھنڈا یا گرم سے دیویں کئی بیماریوں کو دور کرتا ہے

واسطے ہیضہ پلیگ و شول درد پیٹ چلنے کو مفید ہے

پیپتہ۔ نربسی (نرسی) انگوزہ مشک کافور بیج سنگھ پیچ سونٹھ مرچ سیاہ فلفل دراز برابر وزن کوٹ چھان کر ہمراہ پانی چنے کے برابر گولیاں تیار کرے۔ پانی ٹھنڈے یا گرم یا بیخ سول کے کاڑھے سے یا عرق لونگ سے دیویں۔ (۲)

گولیاں برائے ہیضہ مروڑ و جلاب بند کرنے کیلئے عمدہ ہیں

مشک کافور ایک تولہ کتھہ ۱ تولہ۔ انگوزہ ۶ ماشہ۔ نیم ۳ ماشہ ہمراہ پانی مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنا لے اور انوپان مناسب دیوے۔ (۲)

دیگر بھی یہی صفت رکھتی ہیں اور اسہال کے بند کرنے میں بے نظیر ہیں

نیم۔ جائفل ہما ... ۱ ماشہ انگوزہ برابر وزن ... میں خوب کھرل کرکے دانہ ماش کے برابر گولیاں تیار رکھیں۔ انوپان آب گرم یا ٹھنڈا یا چاولوں کی مانڈ یا چھاچھ وغیرہ سے دیویں (۲)

بواسیر کی گولیاں جو بادی خونی کے لئے مفید ہیں بشرطیکہ مہینہ دو مہینے لگاتار کھاتے رہیں تو جڑھ سے دور ہوں

کتھہ۔ جنگلی ہڑ۔ سونف۔ گلاب پشاوری۔ رسونت۔ سب برابر وزن کوٹ چھان کر برگ انگوری ... میں کھرل کرکے مٹر کے برابر گولیاں بناویں انوپان آب سرد یا گرم ایک وقت (۲)

دوا عمدہ و بے نظیر غشی و دل دھڑکن و دق وغیرہ کیلئے نیز بدن کو فربہ کرتی ہے

طباشیر عمدہ ۲ تولہ لیوے اور کھرل میں ڈال کر عرق گلاب بڑھیا یعنی اعلےٰ قسم ایک ...

اس میں خرچ کرے بشرطیکہ دستہ کھرل بالکل جلانے سے نہ چھوڑے ایک دستہ کو جو
چلاتے چلاتے تھک جاوے تو دوسرا چلاتے ہی پکڑ لیوے اس طرح کریں جب خشک ہو تو شیشی
نکال رکھے خوراک نیم یا ایک رتی ہمراہ مصری یا ملائی یا مکھن یا عرق گاؤزبان یا
کیوڑہ وغیرہ دیوے۔ (...)

تیل جو کہ ہر قسم کی بائی کی دردوں کے لئے مفید ہے جیسا کہ

جھولہ وغیرہ کے لئے چند یوم کی مالش سے قطعی آرام دیتا ہے

ہرمل ۲ تولہ۔ مال کنگنی ۲ تولہ۔ میٹھا تیلیا ۱ تولہ۔ ترکیب تیل کی یوں ہے اول
کو ریزہ ریزہ کرکے اور باقی ماندہ اشیاء کو صاف کرکے ایک پیالہ چینی لے کر
ململ کا ٹکڑا کچھ قدرے ڈھیلا کرکے باندھے کر پیالی کے نیچے کا منہ آجاوے اور
ریت میں رکھے تاکہ پیالہ بننے سے موقوف رہے اور اوپر ململ کے ٹکڑے کے مذکورہ
روغن سیاہ سے ترکی ہوئی رکھے اس طرح پر کہ کنارہ پیالہ سے نیچے رہے بعد
ابرک جو قینچی سے گول کیا گیا ہو اور کنارہ پیالہ کے ہمراہ رہے اور پر نہ آئے مطلب
سے ایک بیسا رہے بعد گھڑا یا مٹی سے کنارہ و پیالہ ابرک کو گرد اگرد لیپ دیوے
کوٹے رکھ کر سلگا دے جلدی سے تیل نیچے اتر آوے گا شیشی میں بحفاظت رکھے
تولہ روغن سیاہ میں یہ تیل ایک ماشہ ملا کر مالش کریں اور ہوا کا پرہیز رکھیں
یوم میں آرام ہوگا۔ (...)

تیل خوخارش و پاکا کے واسطے مفید ہے

مردار سنگ ۲ ماشہ۔ کمیلہ ۲ ماشہ۔ پھٹکڑی ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۲ رتی۔ روغن
دیسی ۱ تولہ کڑاھی میں ڈال کر آگ پر رکھے پھر پھٹکڑی و نیلا تھوتھا ڈال کر بھونے جلا
پسا ہوا اور کمیلہ ڈال دیوے اور دستہ آہنی سے ہلاتے جاویں جل جانے پر نیچے اتار کر مالش کیا کریں

دمہ کھانسی کے لئے چورن

نمک سوچل ۲ ماشہ۔ نمک سنگ ۲ ماشہ۔ نمک سانبھر ۶ ماشہ۔ نمک ...

۱ تولہ۔ سونف ۲ تولہ۔ سنا مکی ۲ تولہ۔ گگر سنگی ۱ تولہ۔ بھڑنگی ۶ ماشہ۔ سونٹھ ۱ تولہ
بدرانہ ۲ تولہ۔ فلفل گرد ۱ تولہ۔ جوا کھار ۶ ماشہ۔ نشادر ۶ ماشہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ
پیس کر شیشی میں رکھے۔ خوراک ۳ ماشہ۔ آب گرم یا ٹھنڈے پانی سے کھاوے
و گھی زیادہ کھایا کرے۔ (...)

...نشاک کی گولیاں دو ہفتہ کھانے سے مرض چلی جاتی ہے

بشرطیکہ نئی ہو

رس کپور۔ باوچی۔ قلمی شورہ۔ سہاگہ بریاں۔ نیلا تھوتھا۔ برابر وزن لیکر
...ک کی رس میں ایک دن کھرل کرکے مرچ کی برابر گولیاں بناوے۔ اور
آب سرد سے نگل لیا کرے روٹی گندم اور گھی کھاوے۔ (...)

نسخہ جو درد گنٹھیا کے لئے مفید ہے

ببول۔ شنگرف۔ گوگل برابر وزن لیکر شیر گاؤ میں ایک دن کھرل کرے
اور چنے کے برابر گولیاں بناوے۔ بعد ایک گولی روزانہ ہمراہ عرق سونف یا
پانی یا آب سرد کھاوے اور گھی گائے کا استعمال کرے۔ (...)

...لئے کھانسی و دمہ و بدن کا ٹھنڈا ہونا ہیضہ و سنپات اور

اگنی منار کے لئے مفید ہیں

شنگرف۔ سہاگہ بریاں۔ میٹھا تیلیا۔ مرچ سیاہ۔ کشتہ چاندی برابر وزن لیکر پان
...پتہ کی رس میں تین گھنٹے کھرل کرکے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا رکھے اور
...قدر مناسب سے ایک یا دو گولی کھلاوے۔ (...)

نسخہ کھانے سے بخار کو دور کرتا ہے اور نسوار لینے سے ریشہ و زکام

کو فائدہ دیتا ہے۔ اور سلائی اسکی امراض آنکھ کو دور کرتی ہے

گیری۔ قلمی شورہ۔ فلفل گرد برابر وزن لیکر سوکھا ہی ایسا کھرل کرا...

مانند غبار کے ہو جاوے چھان کر شیشی میں رکھے خوراک اس کی ۱ ماشہ مکھن یا مصری سے۔ (۱۴۸)

یہ نسخہ بخار کہنہ دموی و صفراوی کے دور کرنے کو رام بان ہے

مذکورہ بالا اخلاط چاہے کتنے ہی سڑے ہوئے ہوں بہت جلد آرام کرتی ہے اپنی اصلی حالت پہ لے آتی ہے نیز سوزاک اور پیشاب کھولنے کے لئے بھی بہت عمدہ ہے ساتھ مولی کی رس کے۔

قلمی شورہ ۲ تولہ مرچ سیاہ ۲ ماشہ۔ ترکیب بنانے کی یہ ہے کہ مرچ سیاہ کو کرباس رکھے بعد ازاں چنبل کا کرچھا انگاروں کی تیز آنچ پہ رکھے اور پہلے قلمی شورہ ڈال کر لوہے کی سیخ سے ہلاتا جاوے۔ اور بذریعہ پنکھا انگارے تیز رہیں۔ جب پگھل جاوے تو مرچ کا بروزہ ڈالتا جاوے اور ہلاتا جاوے جب آگ کا شعلہ نکل چکے تو خوب ہلا کر ٹھنڈا ہونے کو رکھ دیوے دو چار یوم اس میں پڑا رہے بعد باریک کھرل کر کے شیشی میں بند رکھے۔ خوراک ایک رتی ساتھ دودھ کی لسی یا شربت یا عرق وغیرہ سے دیوے۔ (۱۴۹)

کشتہ مونگا و عقیق و سنگ یشب وغیرہ

کونپل ببول ۵ تولہ کا نغدہ کر کے بیچ میں جو اشیاء بنانی منظور ہوں رکھے اور باندھ گیرو مٹی کر کے تھاپی کو برابر ۱۰ سیر کی آگ دیوے۔ عمدہ کشتہ برآمد ہوگا پھر عرق گلاب یا بید مشک یا کیوڑہ سے کھرل کر کے شیشی میں ڈال کر رکھے یہ بہت گھیکوار میں۔ اور بر بھی میں بھی کشتہ ہو سکتے ہیں۔ (۱۵۰)

کشتہ شنگرف جو نامرد کو مرد بنا دیتا ہے۔ اور کئی بیماریوں پر چلتا ہے

شنگرف عمدہ ۱ تولہ لیکر گبھی کی ٹلی میں ڈال کر اوپر گوندہ ٹلی کا دیکر منہ بند کر دیوے ایک تبیلہ یا دلٹوئی میں گھی ایک سیر پختہ ڈالکر دو سیر گوشت بکرا زندہ ڈالدیوے بیچ میں مذکورہ ٹلی رکھ دیوے۔ اور ہانڈی کا منہ چینی سے ڈھانپ کر سمیٹ کر کے چولہے اوپر چڑھا دے اور میٹھی آنچ جلاوے جب جانے کہ خوب پک گیا ہے نیچے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر ٹلی کے بیچ سے شنگرف نکال کر کھرل میں ڈالے ساتھ ہی افیون ۱ تولہ کیسر ۳ ماشہ۔ ڈال کر خوب کھرل کرے۔ اور بعد ازاں رس کیلا ایک سیر پختہ تھوڑا تھوڑا ڈالتے جاوے اور کھرل کرتے جاوے جب خشک ہو جاوے تو دوائی کو شیشی میں رکھے خوراک ۱ چاول سے ۲ چاول تک مکھن یا بالائی سے کھاوے اور گھی دودھ خوب کھاوے۔ اور کھٹائی سے پرہیز کرے۔ (۱۵۱)

کشتہ سیسہ جو کہ ہچکی و صفراوی بخار و کاہلی کیلئے مفید ہے

کھٹکل بوٹی کا نغدہ ۱۵ تولہ لیکر کوٹ کر ایک ٹھیکرا میں سیسہ چار پانچ تولہ کے قریب رکھے ہو زیر و بالا کھٹکل کا نغدہ دیوے۔ اور بیس آثار پختہ اوپلوں کی آنچ دیوے سرد ہونے پر نکالے۔ اور حفاظت سے رکھے۔ خوراک ایک رتی بہمراہ شہد و پیپل و مکھن۔ بالائی یا طباشیر بنسلوچن۔ الاچی مصری کوزہ۔ (۱۵۲)

نسخہ برائے جلاب عمدہ

یہ نسخہ میرا آزمایا ہوا نہیں ہے۔ ایک سنیاسی صاحب کا بتلایا ہوا ہے اور بڑی سیوا سے ملا تھا۔ ناظرین اخبار کے لئے بیش قیمت نسخہ جات ارسال کئے جاتے ہیں جو سنیاسی لوگ بڑی مشکل سے بتایا کرتے ہیں۔

سم الفار ۱ تولہ۔ ہڑتال ورقی ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ روغن جمال ایک چھٹانک میں نہیں اور یات کو یہاں تک کھرل کریں کہ روغن خشک ہو جاوے اور دوائی کی گولی باندھی جاوے بعد ازاں ڈنڈا تھوہر پانچ سیر پختہ کا بیچ سے آدھا گودہ نکال بیچ میں گولی رکھ کر مضبوطی سے خوب بند کر دیوے۔ اور گھوڑے کی لید میں گاڑ دیوے جب دیکھے کہ بکل تھوہر کا سوکھا سا دکھائی دیتا ہے تو مذکورہ بالا گولی بیچ سے نکالے

بعدازاں ریوند لکڑی ۲ تولہ۔ ریوند عصارہ ۴ تولہ۔ ریوند خطائی ۲ تولہ۔ قدرے سرکہ
انگوری ڈال کر خوب گھوٹے۔ گولا باندھے بیچ میں مذکورہ بالا ادویات کی گولی دیوے
اور اوپر سے خوب صاف کر دیوے پیالہ کے بیچ میں رکھے دوسرے پیالہ کے بیچ
چھوٹی انگلی کے برابر سوراخ نکالے اور پیالہ کا منہ ڈھانپ دے اور آٹا سے منہ بند
کرے۔ اور چولھے پر چڑھا دے اور نیچے دھیمی آنچ جلا دے اور پاس ایک بوتل
سرکہ انگوری عمدہ کا قطرہ قطرہ تھوڑا تھوڑا اس سوراخ سے دیتا جاوے اور جب بوتل
ختم ہو جاوے تو آنچ ٹھنڈی کرے اور پیالہ ٹھنڈا ہو جانے پر بیچ سے گولا پھوڑ کر
بیچ والی گولی لیوے نندہ پتی لاج ونتی چار تولہ میں رکھ کر اور مٹی کا سمپٹ کر
کپروٹی کرکے پانچ سیر اوپلہ صحرائی کی گڑھے میں آنچ دیوے۔ اور سرد ہونے پر
پیس کر شیشی میں رکھے۔ خوراک اس کی دانہ خشخاش کے برابر۔ انوپان شربت
گڑ یا بچھا چھ ہے۔ اگر جلاب بند نہ ہو تو گوند کتیرا اپھانک کر اوپر سے مصری ملا دودھ
پیوے۔ غذا چاول دودھ۔ دال مونگ۔ بھاری بھاری بیماریوں پر دیوے

(از امیشور رشن خریدار اخبار)

جوہر رس کپور جو مرض آتشک اور سوزاک کو فائدہ عظیم دیتا ہے

رس کپور ۱ تولہ کی ڈلی پیالہ میں رکھے اور ڈلی کے اوپر ۴ رتی کو نیچے ڈال دو اور دوسرا
پیالہ مل کر آٹے سے سمپٹ کرکے چولھے پر چڑھا دو اور نیچے بیری کی لکڑی کی آنچ تین
گھنٹے متواتر دے کر پیالہ سرد کرکے اوپر کے پیالہ سے دوائی کھرچ کر شیشی میں رکھے خوراک
چاول ۱ چاول مکھن ملائی سے کھا دیں (ر)

پھکی شیر خوار بچوں کے لئے جو قبض اور اٹھرا کی کئی بیماریوں سے خوف رکھتے ہوں

ہلیلہ جلال آبادی ۱ عدد۔ ریوند لکڑی ایک تولہ نشاستہ ۶ ماشہ۔ سہاگہ بریاں ۶ ماشہ
جھل ۲ ماشہ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ کسیرا ۳ ماشہ فلفل گرد ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ ۳ ماشہ قند گرجن

دیتا رہے کچھ ملا کر باریک چورہ کر لے۔ خوراک ایک چٹکی ہمراہ دودھ یا آب سرد یا گرم

نسوار واسطے مرگی و آدھی سر درد نزلہ زکام و سنپات کے مفید ہے

نوشادر ۶ ماشہ سفید کنیر کے پھول ۱ تولہ دونوں کو پیس کر کوزہ میں ڈال دو اور دودھ مدار
کوزہ بھر دو جب دودھ خشک ہو جاوے پیس کر کام میں لاویں خدا چاہے ضرور فائدہ ہوگا (ر)

سنون درد دانت اور فاسد خون کے لئے ازحد مفید ہے

پھٹکڑی۔ نوشادر۔ نیلا تھوتھا۔ مرچ سیاہ برابر وزن لے کر لکڑی بید انجیر میں بھر کر
اوپر آٹے سے سمپٹ کرکے بیری کی باریک لکڑیوں کے بیچ رکھ کر پھونکے یعنی آگ
ہونے کے آٹا دور کرکے جو باقی بیچ اشیاء ہوں ان تمام کو کھرل کرکے
شیشی میں رکھیں اور دانتوں میں ملیں۔ (ر)

نسوار جو سونگھنے سے آدھی سر درد وغیرہ کو آرام دیوے اور کھانے سے ہاضم طعام اور درد وغیرہ کے لئے ازحد مفید ہے

اجوائن دیسی ۲ تولہ۔ نمک شیشہ ۲ تولہ۔ ثمرہ کنڈیاری ۲ تولہ۔ الگ الگ پیس کر چھان کر
شیشی میں رکھے تو نسوار کا کام دیگی اور اگر چورن بنانا منظور ہو تو مذکورہ بالا ادویات میں ذیل کی
زیادہ کرے وہ یہ ہیں۔ نمک سونچر ۱ تولہ فلفل دراز شامل کرکے چورن تیار رکھے (ر)

روغن دافعہ جلق جس سے نسیں ڈھیلی پڑ گئی ہوں

زعفران ۳ ماشہ۔ جائفل۔ عقرقرحا۔ لونگ۔ کٹھ۔ نیم۔ ریگ ماہی۔ خراطین یعنی گنڈوئے
اندر گوپ یعنی بیر بہوٹی۔ شنگرف۔ ہر ایک ۳-۳ ماشہ لیوے اور باریک پیس کر
سفید خام میں تین یوم کھرل کرے پھر الگ کر خوب کھرل کرے اور نکال کر شیشی میں
روز پڑا رہنے دے۔ بعد چند روز کے روغن کو تھوڑا سا کوٹھے میں نکال کر
کرکے حشفہ چھوڑ کر خوب مالش کرے اور رانوں پر بھی مالش کرے نیز نسوار

وقت کیا کریں بعد مالش کے باریک کپڑا گرم کر کے باندھ دیا کریں مگر پہلے بوٹی تمک باریک
کیا ہوا اس کو باندھیں اور تمام لسنوں نچوڑیں کریں اس کی ترکیب یہ ہے کہ کسی لوٹا میں دو
ڈال کر چولھے پر چڑھا دیں اور نیچے ہلکی آنچ کریں اور اس لوٹے کا منہ باریک کپڑے سے باندھ
دیوے اور کپڑے کی دو بوٹی تمک کھے ایک کے بعد دوسرے نچوڑیں دیتا جاوے اور بعد چند
منٹ کے کپڑا باندھ دیا کریں اس طرح سات روز یا دو ہفتہ بیمار کی کمتی زیادتی دیکھکر معالج
کیا کریں + (...)

نسخہ واسطے درد سر

نوشادر شورہ ۔ سہاگہ ۔ پھٹکری گندھک ۔ آملہ سار ۔ نیلا تھوتھا برابر وزن
کھرل کر کے گشتہ کی کٹھالی میں ایک دن کھرل کر کے گشتہ وہ ہے جس سے سونار لوگ چاندی کو
چمکدار بتیسی پیدا کرتے ہیں کھرل کر کے پانی سا ہی رکھ چھوڑیں اور درد پر لگایا کریں خوا
گرما پچھا جب ہے رخشک کر کے رکھیں اور کام میں لاویں + (...)

دھونی واسطے آتشک کے جو ایک ہفتہ میں ہی آرام دیتی ہے

مردہ سنگ ۱ ماشہ ۔ دار چکنہ ۱ ماشہ ۔ رسکپور ۔ شنگرف ۶ ۔ ۶ ماشہ ۔ سہاگہ ۶ ماشہ
لونگ ۶ ماشہ الاچی خورد ۵ عدد کوڑی بزنگ زرد گھونگچی ۱ ماشہ ۔ بلکل آک (دمالہ) کی جڑ
۱ ماشہ کوڑی بیل سمبھالو ۱ ماشہ ۔ ریٹھہ ۳ عدد ۔

ترکیب :۔ تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر خوب باریک کرے اور ۱۲ پڑیاں باندھے اور
محفوظ مکان میں کرسی یا چارپائی اوپر بیٹھ کر کپڑا بوجھدار اوپر لیوے جس سے دھواں
باہر نہ جا سکے اور منہ گلے تک باہر کپڑا کے رکھے تاکہ آنکھ وغیرہ دھواں سے بچی رہے
پیالہ مٹی میں بیری کی لکڑی کی آگ ڈال کر کرسی یا پیڑھی کے نیچے رکھکر پڑیا ڈال
دیوے ۔ اور کپڑے سے چاروں طرف سے پیالہ کو مضبوط کر دیں اور منہ باہر رکھے
اسی طرح دونو وقت کیا کریں ۔ اور روغن خوب ڈال کر روٹی کھا دیں ۔
پلید جلاب سے سخت سے سخت کیوں نہ تکلیف ہو بالکل آرام ہو جاتا ہے
حبلی ۱ ماشہ ۔ الایٗ
(راقم شیر رخمر ہا)

ہالوے صاحب کی گولیوں کا یہ نسخہ بیان کیا جاتا ہے

ایلوا ۔ جلاپہ ۔ سونٹھ (زنجبیل) مُر ۔ برابر وزن ملا کر چنے کے برابر گولیاں
بناویں ۔ ایک دو گولیاں گرم پانی کے ساتھ کھانے سے صبح پاخانہ کھل کر آ جاتا ہے
پانچ لکھا ہے کہ ایلوا چرپرا پارہ کو صاف کرنے والا ورد پیٹ ۔ اپھارا ۔ بات ۔
زخم ۔ کرم شکم اور گرمی دور کرنے والا ہے اور دست آور ہے

بند حیض کھولنے کے واسطے ایک مندرجہ ذیل نسخہ ہے

ایلوا ۔ زعفران ۔ مُر برابر وزن لے کر پیس کر چنے کے برابر گولیاں بناویں
ایک گولی صبح و ایک گولی شام ۲ دن اول حیض سے شروع کریں +
قبض ۔ بد ہضمی ۔ اپھارا ۔ یرقان ۔ سفیدی چہرہ کو دور کرنے کے واسطے
اس کی خوراک تھوڑی تھوڑی دینی چاہئے +

ہر حد سرب جوڑ ہر لوہ !

پارہ مصفٰے گندھک مصفٰے ابرک کشتہ تانبا کشتہ ابرک کشتہ سونا مکھی کشتہ
سونا کشتہ چاندی ۔ ہڑتال مصفٰے ہر واحد ا تولہ ۔ اور کشتہ فولاد ۲ تولہ لیکر کریلہ
رس میں ۔ مرش مول کی رس میں بیت پاپڑہ کے جوشاندہ سے تر پھلا کے جوشاندہ سے
کی رس سے پان کی رس بکوہ کی رس نرگنڈی کی رس ۔ گما پور نیا کے رس سے
ادرک کی رس سے سات سات دن ہر ایک میں کھرل کر کے ایک رتی بھر کی گولیاں
بنائیں یہ گولیاں شہد اور گڑ کے ساتھ کھانے سے بیرج رسی کو بڑھاتی ہیں ۔
جسم کے بخاروں بہت دوختوں سے پیدا شدہ بخار موسمی بخار ۔ علاج بزیادہ مشکل
علاج بخار تپ دق ۔ پرانا بخار ۔ پانی کی خرابیوں سے پیدا شدہ بخار کام جوڑ ۔
ہوک جوڑ ۔ بھوت جوڑ وغیرہ وہ ادن میں ناش کرتی ہیں ۔ دوران دھاتوں میں پہنچا
بخار چوٹ وغیرہ کے دکھ والا بخار سنپات ۔ وکھم جوڑ ۔ تر دوش جوڑ شیت جوڑ
جلن ۔ نرم بخار ۔ نصف حصہ جسم کا بخار ۔ تلی جوڑ ۔ کھانسی ۔ یرقان اور بد ہضمی کو دور

رتی ہیں۔ استعمال نسخہ میں چاول لسی وغیرہ سے پرہیز کرے تاوقتیکہ مریض پوری
قوت والا نہ ہو وے مباشرت نہ کرے اور اس پر سب قسم کے بخاروں کو دور
کرنے والا انوپان بھی مفید ہے۔

لوہاسوا! لونگ چینی۔ سونٹھ۔ مرچ پیپل۔ آملہ۔ پوست ہڑ۔ پوست بہیڑہ
اجوائن۔ بابڑنگ۔ ناگرموتھا۔ چترا یہ سب ۱۶-۱۶ تولہ لیکر
سفوف کریں بعد ازاں شہد ۲۵۶ تولہ قند سیاہ ۵ سیر پانی ۳۲ سیر اس کو کسی
مٹی کے برتن میں ایک ماہ تک رکھ چھوڑے بعد ازاں چھان لیوے اور نگاہ
رکھے اس کے استعمال سے استسقا یرقان گلٹی سوجن امراض شکم بواسیر
طحال کہنہ بخار کھانسی دمہ بھگندر۔ الرجی سنگرہنی وغیرہ دور ہو جاتی
خوراک ۵ تولہ ہے۔

نسخہ امرتارشٹ رس

گلو ۴۰ تولہ دش مول ۴۰ تولہ ۴۶ سیر پانی میں پکا دیں جب چوتھائی
رہ جاوے تو اتار کر ٹھنڈا کرے پھر اس میں قند سیاہ ۱۵ سیر۔ زیرہ ۶۴ تولہ
بت پاپڑہ ۸ تولہ ستو سونٹھ مرچ پیپل ناگرموتھا ناگ کیسر ہلکی۔ اتیس
ہر ایک ۴ تولہ ملا کر ایک ماہ تک ظرف مٹی میں رکھ چھوڑیں یہ امرتارشٹ
رس کل بخاروں کو دور کرتا ہے خوراک تقریباً پانچ تولہ ہے۔

بواسیر کی گولیاں

ایلوا ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ دونوں کو پانی میں پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں
بنا لیں پھر ایک گولی باسی پانی کے ہمراہ صبح و شام کھلا دیں یہ گولیاں بواسیر خونی بادی
چھوٹوں کیلئے مفید ہے
[illegible] عرق گلاب و عرق سونف میں کھرل کرکے جنگلی بیر سے کچھ کم گولیاں
[illegible] گولی عرق گلاب و عرق سونف کے ساتھ کھانے سے بواسیر
[illegible] ایلوا کو ایک دن [illegible] بنا دیں اور ہر روز ایک [illegible] مفید ہے۔

گولیاں برائے پیٹ درد

سہاگہ بریان ۹ ماشہ۔ اجوائن ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ ایلوا مصطگی ۵ تولہ تمام ادویہ
کو کنوار گندل کے عرق میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں اور قبض دور کرنے
کے لئے ۴ گولی۔ ریاح اور پیٹ درد کے دور کرنے کے لئے ۲ گولی۔ اچار کے لئے
۴ گولی گرم پانی یا عرق سونف سے دیویں نیز یہ گولیاں بھوک کو بڑھاتی ہیں اور اول
درجے کی ہاضم ہیں۔

گولی دافع درد شکم

مغز تخم کرنجوہ ۱۰ تولہ۔ پپلا مول ۹ ماشہ مرچ سیاہ ۹ ماشہ پھٹکڑی سفید بریان
۹ ماشہ۔ اجوائن ۹ ماشہ۔ بابڑنگ ۹ ماشہ۔ صبر ایلوا ۹ ماشہ۔ نمک سیاہ ۹ ماشہ تمام کو
ادرک کی رس سے کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔ پیٹ درد ہر قسم کے
درد قولنج کو بھی مفید ہے۔

حب صبر برائے مسہل بلغم و سودا۔ اخلاط فاسد کو خارج کرتی ہے اور درد مفاصل کیلئے از حد مفید ہے

ایلوا ۴ ماشے تربدی مدبر ۴ ماشہ۔ عشق پیچہ ۱½ ماشہ۔ فاریقون ۱½ ماشہ۔ ادرشیبر آدھ
۱½ بادیان رومی ۱½ ۳ ماشے۔ تخم حنظل ۲ رتی۔ نمک سرخ ۲ رتی۔ کتیرا سفید ۴ رتی۔
گل ۴ رتی سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر وزن کریں اور تربدی کو روغن بادام سے
بخوبی چرب کرکے ملالیں پھر آب اجمود کے ذریعہ گولیاں بمقدار جنگلی بیر کے بنا دیں
خوراک صرف ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک بہمراہ گرم پانی۔

گولیاں برائے کمی درد حیض

ایلوا مرکی۔ زعفران، کیسرا برابر وزن پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔

تیز عرق سونف سے ایک یا دو گولی سات دن اوّل سے کھلانا شروع کریں خدا چاہے جمیع شکایات دور ہو جاویں۔

نسخہ برائے سوزاک کہ خوب مجرب و آزمودہ است

اسپغول سالم ۴ ماشہ سفوف کباب چینی ۴ ماشہ دونوں کو ملا کر باسی پانی سے نہار منہ پھانک لی جاوے اور تین روز تک اسی وزن سے کھاوے ایشور چاہے تو ہی آرام ہو جاویگا۔ راقم چندر پرکاش خریدار اخبار

دیگر نسخہ سوزاک جو کہ مجرّبہ اور آزمودہ کار ہے

طباشیر ۴ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۴ ماشہ گل بنفشہ ۶ ماشہ گل ارمنی ۲ ماشہ کشنیز ۶ ماشہ مصری دیسی سفید ۲ تولہ سب کو کوٹ چھان کر اس کا سفوف بنا دیں۔ خوراک ہے۔ ۱۰ ماشہ تک ہے صبح ہمراہ آب آملہ کھاویں۔ ۵ سے روز کھاویں آرام ہو جاویگا آملہ کو رات کو کورے برتن مٹی میں بھگو دیں اور صبح مل کر چھان لیں یہ آب آملہ ہے، غذا برنج رسا گھی ہو تو بہتر ہے اور دودھ گائے و چینی دیسی

نسخہ آتشک کہ نہایت مجرب ہے

بھلاوہ مدبر ۲ تولہ جمالگوٹہ مدبر ۱ تولہ۔ اجوائن دیسی ۶ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۶ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ۶ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۶ ماشہ۔ شاہترہ ۱ تولہ۔ تخم ترب ۱ تولہ۔ طوطیا ۶ ماشہ قند سیاہ ۲۶ تولہ۔ تمام ادویہ کا سفوف بنا کر قند سیاہ کے ہمراہ ۱۲ پہر تک خوب کوٹیں اور بعدہ ایک ایک تولہ کی گولیاں بنائیں پہلے ایک روز دال ارہر کی کھچڑی معہ روغن زرد کھائیں۔ اگلے روز صبح کو ایک گولی بہمراہ بالائی دودھ گائے نہ ملے تو بھینس کی بھی) میں لپیٹ کر کھا جاوے (دانت کو لگنے سے بچانا چاہئے) دست آویں گے ایکدن چھوڑ کر پھر تیسرے دن ایک گولی کھاوے۔ اسطرح ۳ گولیاں کھانی چاہئیں اور برابر کھچڑی مذکورہ مع گھی کے کھاتا رہے اور موسم سرما ہو تو پان کھاوے جلد شفا

ہوگی۔ اس میں تبرید نہیں لکھی ہمارے خیال سے ناغہ کے روز تبرید کرنی چاہئے یعنی کہ اگلے روز عرق گاؤ زبان بید مشک ہر ایک ۶ تار شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر ذرا سردی دور کرکے پی لیں تو اچھا ہے یہ نسخہ واقعی مفید ہے۔ پنڈت جی نے بھی اپنی تصنیف رسالہ آتشک میں کئی نسخہ جات اس سے ملتے جلتے لکھے ہیں جن میں کہ بہت کم فرق ہے بہت سے اجزاء ملتے جلتے ہیں ایک دو کا فرق ہے جو کہ لازمی ہے اور اکثر ہوا کرتا ہے۔ ناظرین فائدہ حاصل کریں۔ اسکی بابت لکھا ہے کہ مراد آباد کے ایک رئیس حکیم کا عطیہ ہے جو کہ خود بھی اس مرض میں مبتلا ہو چکے تھے اور بعد تجربہ یہاں انہوں نے درج کیا ہے۔

دیگر نسخہ آتشک و سوزاک و گنٹھیا مرکب مشترکہ

رسکپور ۱ تولہ۔ کتھ سفید ۱ تولہ رسکپور کو باریک کرکے ایک طباق میں رکھیں بالائے او اوپر سفوف کتھ رکھدیں۔ دوسرا طباق اوپر رکھ کر منہ اچھی طرح مٹی سے بند کردو کہ سوراخ نہ رہے اور چولھے پر چڑھا کر نیچے نرم آنچ کرے اور جوہر اڑالیں اسے زیادہ توضیح سے لکھے جانے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ اس قسم کے اکثر نسخہ جات درج ہو چکے ہیں ناظرین خوب واقف ہیں) دو پہر کے بعد سرد ہونے پر اوپر کے پیالے سے جوہر کھرچ کر پھر بدستور سابق جوہر اڑا دیں۔ اور اسی طرح ۳ بار کریں۔ نہایت اعلے تیار ہوگا خوراک بقدار دانہ گنجد سنگ یا ملائی میں لپیٹ کر احتیاط سے استعمال کریں اور دانت مسوڑھے وغیرہ بچاویں۔ غذا نان گندم بلا نمک ہمراہ گھی کھاویں (دودھ چاول بھی جائز ہے) ایک ہفتہ میں آرام ہوگا یہ نسخہ بلا شبہ اعلے ہے اور مفید ہے عوام واقفہ ہیں محتاج تعریف نہیں ہے۔ اگر خدانخواستہ منہ آجاوے تو چھال کیکر دیسی ۱۰ماشہ۔ کتھ ۹ ماشہ کو پانی میں جوش کرکے چھان کر غرارے کرے خدا صحت و شفا دیگا مفید و مجرب و آزمودہ ہے

نسخہ برائے آتشک و جذام دافع زہر جانوران مثل سانپ و باؤلا کتا

دودھی گھاس (جو کہ اکثر کھیت گندم وغیرہ میں ہوتی ہے) معہ جڑ دھو کے کھا کر

۔۲ تولہ مرچ سیاہ ۷ عدد پانی ایک چھٹانک میں خوب گھوٹ کر چھان لیوے اور آتشک
والے مریض خواہ مریضہ کو صبح کے وقت پلاوے لیکن ایک روز پہلے مونگ کی کھچڑی
کھلاوے کہ پیٹ نرم اور مواد پھولا ہو۔ اس سے دست اور قے ہوں گے ایکدن ناغہ
کر کے تیسرے دن پھر پلاوے۔ اس طرح ۲ روز تک پیوے اور ایکدن ناغہ کرتا رہے
اگر پانچ سات دن تک پیوے اچھا ہے درمیان استعمال صرف مونگ کی کھچڑی کھاوے
کمزور فوراً کم پیوے دست وغیرہ ہو کر آرام ہو جاویگا۔ تمام مادہ فاسد خارج ہو جاویگا
اگر دست بہت آویں اور بند کرنا چاہیں تو ایک عدد آلو ورق نقرہ لگا کر کھا دیں
(یہ اس کا مصلح اور تبریدہ ہے) یا دہی دو تین چھٹانک پلاوے تو بھی دست بند ہو جاویں
اور طبیعت درست ہو جاوے۔ اگر سانپ کاٹ کھاوے تب بھی حسب ہذا ترکیب مذکورہ
بالا ۲ تولہ گھاس ۷ عدد مرچ ایک چھٹانک پانی میں گھوٹ کر خوب پلاوے۔ انشاءاللہ
صحتیابی کریں گے۔ نہایت اعلےٰ چیز ہے اور آزمودہ ہے۔ اسکی بابت ہمارے ایک
دوست ایک مرتبہ ذکر کرتے تھے (جبکہ یہ نسخہ ملا بھی نہ تھا) کہ ایک فقیر جذام اور آتشک
والوں کو ایک چیز دیا کرتا تھا جس سے بہت دست اور قے آکر طبیعت بحال ہو
جاتی تھی ہمیں دریافت کا شوق ہوا اور معلوم کیا کہ اس نے اپنی جھونپڑی کے قریب
دودھی کے پودے لگا رکھے ہیں اور تنہائی میں اکھاڑ کر اسکی جڑ وہ پلانے کو دیتا ہے
اور ٹھیک اسی طرح سے جیسے اس میں لکھا ہے کھلاتا ہے اور اکثر آرام آجاتا ہے
وہ اسکی بدولت پہ مشہور ہو کر چین کرتا ہے جس سے اس کے مجرب اور عمدہ ہونے
میں کوئی شک نہیں رہتا ہے فقیری تو ٹھگ ہے۔ (ر)

نسخہ خضاب { روغن کنجد سیاہ ۔ ماجو پھل ۔ ہلیلہ کلاں ۔ آملہ ۔ برگ حنا یعنی وسمہ
سیاہ ۔ کاہی ۔ آب نیشکر ۔ اول حنا را در چہار ثار آب تر کنند }
یک پاس و آب را صاف کنہ۔ برگ حنا دور کردہ آب بگیرد سو ہر چہار دار سیدہ کردہ
در آب حنا تر کنند شب بامداد روز نگاہ شود در روغن کنجد سیاہ گرم کردہ و زخم آہن
بیندازد و آب حنا و نیشکر آب تیز گرم کردہ در ظرف مذکور اندازد و ظرف را بند کردہ
در سرگین اسپ در گوشہ دفن کنند تا مدت سہ ماہ بعدہ برآوردہ در کزخان آہنی اندازد

و تا پنج گھڑی آتش نرم کنند بعد ازاں موئے اسپ سفید انداختہ پندارد و چوں سیاہ شود
از آتش فرود آوردہ صاف نمودہ در شیشہ نگاہ دارد و وقت حاجت پیش از دو گھڑی
موئے خود شوید بعد ازاں روغن مذکور بمالد۔ (حکیم رام سرنداس)

نسخہ چورن دست آور جو بہت اچھا ہے!

سناء ماہ ۔ اجوائن ۲ ماہ ۔ سونٹھ ۲ ماہ ۔ نمک لاہوری ۲ سیندھا ماہ ۔ ریوند چینی ماہ
سونف ۲ ماہ ۔ ہلیلہ خورد ۲ ماہ نمک سانبھر ۲ ماہ مرچ سیاہ ۲ ثار ۔ فلفل دراز ۲ ماہ
ہلیلہ ۲ ماہ ۔ سہاگہ ۲ ماہ سفوف بنا کر رکھے خوراک نہیں لکھی ہے ۲ ماشہ سے لیکر
تک بہمراہ گرم پانی میرے خیال میں ٹھیک ہے اور قبض معمولی کیواسطے ایک دو ماشہ
کافی ہے ۔ (چندر پرکاش خریدار اخبار)

ہیضہ کا مجرب علاج

اگر ہیضہ کے چھ گھنٹے بیت نہ دیا جاوے تو بیمار بشرطیکہ زندہ رہیگا بعد ازاں ضرور
دینا چاہئے مگر شرط نہیں کیجا سکتی ہے۔
تلسی کے پتے ... ... ۳ تولہ تیزاب گندھک ... ... ۳ ماشہ
لونگ ... ... ۳ تولہ کافور ... ... ۲ ماشہ
سب کو باریک پیسکر تھوڑی سی شہد ملا کر بقدر نخود گولیاں بنا دیں پانچ
پانچ منٹ کے بعد ایک ایک گولی سوڈا واٹر یا سکنجبین کے ساتھ دیویں جبتک
کہ قے اور دست بند نہ ہوں دیتے جاویں جب بند ہو جاوے چھوڑ دیویں آرام
ہو جاویگا۔ سکنجبین بہت تھوڑی تھوڑی مقدار سے اور تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر
دیویں۔ کل مقدار پانی ایک سیر ہونی چاہئے زیادہ نہ ہو۔ ایک دو تولہ پانی اور ۳ ماشہ
سکنجبین کے ساتھ ایک ایک گولی دیتے جاویں۔ مگر پہلے پہل تین گولی یک لخت
دے دیں۔ (دیگر طبی اخبار)

نسخہ مقوی باہ و مولد خون

گوند چھوہارا ... ۴ تولہ سنبل کے پھولوں کا رس ... ۴ سیر
مومیائی ... ۵ تولہ

سب کو لوہے کے برتن میں جوش دے کر پکا دیں جب گاڑھی ہو جاوے تو ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام کے بعد ایک ایک ورق طلاء ملا کر دودھ گاؤ کے ہمراہ کھا دیں دودھ ایک پاؤ سے کم نہ ہو۔ (ر)

نسخہ مقوی ممسک

موچرس۔ سمر کس۔ تالمکھانہ۔ ثعلب مصری۔ پوست خشخاش
ہر ایک ا تولہ۔ زعفران ا ماشہ۔ مشک تبتی ۲ رتی

سب کو باریک پیس کر شہد کے اندر پیس لیں اور خوراک ۳ ماشہ بہمراہ دو دو دودھ دو ورق طلاء کے کھا دیں۔ پوری پوری مراد حاصل ہوگی۔ (ر)

نسخہ درد کان کے واسطے

اجواین خراسانی ... ا تولہ تلی کا تیل ... ۲ ماشہ
موم زرد ... ۲ ماشہ پانی ... ا تولہ

اسکو کسی نہایت باریک منہ والے برتن میں ڈال کر آنچ پر پکاؤ اور اسکی بھاپ کان میں پہنچاؤ۔ ایک منٹ کے بعد درد کان دور ہوگا۔ (ر)

نسخہ درد مفاصل کیواسطے

اجواین خراسانی ... ۴ تولہ جائفل ... ۲۰ تولہ
برگ دھتورہ ... ۴ تولہ لونگ ... ۲ تولہ
برگ انڈ ... ۲ تولہ تلی کا تیل روغن کنجد ... ۴ تولہ

پہلے تمام ادویہ کو پیس کر قدرے پانی اور شہد ملا کر ٹکیہ بنا لو۔ اگر شہد نہ ملے۔ تو گڑ ملا لو اور ٹکیہ بنا لو اور تیل کے اندر جلاؤ جب جل کر کوئلہ ہو جاوے تو تیل چھان لو اور مفاصلات پر ملو تین چار یوم ہی درد مفاصل دور ہوگا۔ (ر)

درد دانت کیواسطے مجرب دوائی

اجواین خراسانی سوختہ ... ا تولہ کونین ... ۲ ماشہ

ہر دو کو ملا کر سفوف بنا دیں جہاں درد ہو وہاں اسکو لگاؤ۔ اگر دانت کے اندر گڑھا ہو تو اسکے اندر بھی بھر دو بہت ہی جلد آرام ہوگا۔ (ر)

پیچش یا مروڑ کا نسخہ

کافور۔ گوند دھنیا کے چاول۔ سونف کے چاول ہر ایک ۴ تولہ۔ پوست پودینہ ۴ رتی اجواین کا ست ۴ رتی سب کا دو سیر پانی ڈال کر عرق نکالو جو عرق نکلے اس میں اسی قدر دوائی ڈال کر پھر عرق کشید کریں اسی طرح ۴ دفعہ کشید کرو۔ آخر کے عرق کا جتنا وزن ہو اس میں ۱/۲ حصہ خالص افیون ملا کر حل کر کے چھان لو خوراک ا بوند سے ۳ بوند تک ہے دافع ہیضہ و پیچش ہے۔ (ر)

نسخہ برائے دفعیہ مرگی

آیوڈ پوٹاس ... ا تولہ زعفران (کیسر) ... ا تولہ

ہر دو کو کھرل کر کے ۱۰ تولہ شہد ملا کر پھر اس میں ۱۰ تولہ گرم گرم پانی ملا کر چھان لو اور ملا کر ا بوند صبح ا بوند شام بعد طعام پلایا کریں آرام ہوگا۔ (ر)

نسخہ برائے دفعیہ مرض اٹھرا

سنکھیا ... ا رتی گندھک آملہ سار ... ۲ تولہ
لیموں کا رس ... ۱۰ تولہ مغز بادام ... ۵ تولہ

پہلے پہل ۳ اشیاء کو ملا کر کھرل کر کے خشک کریں پھر باقی مغز بادام ملا کر اسقدر کھرل کریں کہ حل ہو جاوے پھر تھوڑی سی شہد ملا کر بقدر نخود گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی بعد غذا ہر روز دودھ یا پانی سے دیا کریں دو ماہ میں آرام آجاوے گا۔

حاملہ کو یہ دوائی مت دو۔ بلکہ قبل از حمل کھلانی چاہئے۔ (د ر)

نسخہ برائے دفعیہ داد و چنبل

رسکپور ... ۱ تولہ   نیلا تھوتھہ ... ۶ رتی

گندھک آملہ سار ... ۳ تولہ   چونہ ... ۶ ماشہ

سب کو باریک پیس کر بقدر ضرورت پانی کے ساتھ لگایا کریں امید ہے کہ بالکل آرام ہو جاویگا۔ اور ایک ہفتہ تک کلیہ صحت ہوگی۔ (د ر)

علاج سل

بیخ مرجان (جڑ مونگا) ۹ ماشہ۔ عقیق عمدہ یمان ۹ ماشہ۔ ان ہر دو ادویات کو یکے بعد دیگرے کڑچھ آہنی میں ڈال کر آگ میں خوب تپا کے گلاب کے عمدہ عرق میں اس وقت تک بجھاتے رہیں کہ پیسنے کے قابل ہو جاویں صدف (سیپ) قسم اعلےٰ ۶ ماشہ ان ہر سہ اشیاء کو کوزہ گلی میں ڈالکر اوپر سے گودہ کنوار گندل ڈال کر منہ پر ڈھکنا لگا کر بند کر کے اس قدر اوپلوں میں رکھ کر آگ دیں کہ سیپ بھی پیسنے کے قابل ہو جاویں پھر نکال کر عمدہ کھرل میں کھرل کر کے مثل غبار بنا لیں اور یہ ہر سہ اشیاء و ایک حصہ تباشیر ڈیڑھ حصہ ست گلو تازہ ڈیڑھ حصہ گل گاؤزبان ایک حصہ رب السوس (ست ملٹھی) ڈیڑھ حصہ کتیرہ دو حصہ انیسی ایک حصہ پیپل دانا ایک حصہ۔ شکر تیغال ایک حصہ۔ سونف کے چاول ۱ حصہ چاول کشنیز ۱ حصہ کشتہ ابرک ½ حصہ۔ خرائی کاربوناس ½ حصہ۔ مربہ سیب ۲ حصہ گلیسرین ۲ حصہ۔ شہد ۵ حصہ تمام اشیائے کھرل کر کے ملادیں اور اگر کمزوری زیادہ ہو تو ۱۵ عدد ورق طلاء بھی ملالیں۔

(دیگر) گل بنفشہ ۳ ماشہ۔ بیدانہ ۳ ماشہ۔ گل نیلوفر ۳ ماشہ۔ برگ گاؤزبان ۳ ماشہ۔ گلو تازہ ۱ ماشہ۔ خطمی ۲ ماشہ۔ عناب ۴ عدد۔ لسوڑیاں ۷ دانہ۔ زوفا ۲ ماشہ۔ پرسیاؤشاں ۲ ماشہ۔ سونف ۲ ماشہ۔ گلقند ۱ تولہ۔ منقہ ۵ دانہ۔ ملٹھی ۳ ماشہ۔ انجبار ۲ ماشہ۔ بادہ گندم ۲ تولہ۔ مصری یا کھانڈ دیسی ۲ تولہ کا ہر روز جوشاندہ پکا کر بقدر ڈیڑھ پاؤ

یا کچھ زیادہ رکھے کر دن میں تین بار صبح دوپہر اور شام اوپر والے پہلے نسخہ میں سے بقدر ایک ایک ماشہ ہر سہ وقت پھانک کر پی لیا کریں۔ کھانا کھانے کے جلد بعد یا پہلے دونوں وقت استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

ترش تیز۔ روغن سیاہ (تیل) اور نزلہ پیدا کرنے والی اشیاء و گرد و دھوئیں وغیرہ سے پرہیز ہے۔ اور حتی الامکان تازہ ہوا میں رہیں اور سانس گہرا لیا کریں۔

نوٹ۔ یہ نسخہ دیگر سینہ کی کئی بیماریوں میں مفید ہے۔ (راجپوت گزٹ لاہور)

کھانے کا تیل مالکنگنی بنانا

بھینس کا دودھ دس سیر۔ مال کنگنی ایک سیر۔ جاوتری۔ لونگ۔ زرنباد۔ مرچ۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ سونٹھ۔ مصطگی رومی۔ گوگل ہر سہ آٹھ آٹھ تولہ تمام چیزوں کو جو کوب کر کے دودھ میں ڈالیں۔ اور نرم نرم آنچ پر چھ یا سات گھنٹے پکاویں جب آدھا دودھ جل جائے۔ اتار کر ٹھنڈا کر کے دہی جما دیں اور صبح مکھن نکال کر گرم کریں اور روغن بنا کر بحفاظت رکھیں۔ اب روزمرہ صبح کو روغن ۳ تولہ۔ آرد نخود ۳ تولہ۔ شہد ۵ تولہ کا حلوہ بنا کر کھا دیں اور حلوائیوں بنا دیں۔ کہ پہلے آٹا روغن میں بھونیں جب سرخ ہو جائے تو شہد میں ۱۵ تولہ پانی ڈال کر شربت بنا دیں اور ڈالدیں اگر پانی کے بجائے ۱۵ تولہ دودھ ڈالیں تو اور بھی زیادہ مقوی ہوگا۔

روغن ہذا کے استعمال سے قوت بڑھتی ہے۔ ذہن اور عقل میں تیزی ہوتی ہے ضعف باہ اور ہر قسم کی جسمانی کمزوری دور ہوتی ہے اوپر کا مالش والا تیل ایک سال تک اور یہ کھانے والا ۶ ماہ تک کام دینے کے قابل ہیں۔ (آرمی نیوز)

گھیکوار کا آچار

گھیکوار کے پٹھے کے دونوں طرف کے کانٹے دور کر کے چھلکے دور کر کے اور معہ تین تین انگل ٹکڑے کرے اگر یہ ۵ سیر ہوں تو نمک پسا ہوا آدھ سیر ڈال کر خوب ہلا کر منہ بند کر کے ۳ دن دھوپ میں دھر دیویں اور دن میں دو بار ہلا دیا کریں بعد ازاں اس میں ہلدی ۱۰ تولہ۔ دھنیا (کشنیز) ۱۰ تولہ۔ زیرہ سفید ۱۰ تولہ مرچ سرخ ۱۰ تولہ۔ ہینگ بریاں ۲ تولہ۔ اجوائن ۲۰ تولہ۔ سونٹھ ۱۰ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱۰ تولہ

پیپل ۷ تولہ۔ لونگ ۵ تولہ۔ دارچینی ۵ تولہ۔ سہاگہ ۵ تولہ۔ عقرقرحہ ۵ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۱۰ تولہ
الائچی کلاں ۵ تولہ۔ ہلیلہ زنگی ۳۰ تولہ۔ سونف (بادیان) ۳۰ تولہ۔ رائی ۳۰ تولہ۔
سوائے ہلیلہ زنگی کے سب ادویہ کو کوٹ کر اس میں ملا دیویں۔ خوراک اسکی ۶ ماشہ
سے ۲ تولہ تک ہے اس سے پیٹ کی بادی بلغمی ہر قسم کی امراض گولا۔ اپھارا۔ بدہضمی
وغیرہ پیٹ کی تمام امراض دور ہوتی ہیں۔ اگر یہ اچار سوکھ جاوے۔ تو اسکی پھکی دے سکتے
ہیں یا اس کو ساگ دال بھاجی وغیرہ میں ملا کر دے سکتے ہیں یہ اکثر تلی۔ جگر یا پیٹ کی
بیماریوں کے لئے بنایا جاتا ہے یا جن کو بھوک کم لگے استعمال کر سکتے ہیں (ر)

کڑوی آدی

گلوہ۔ اتیس۔ دھنیاں۔ زنجبیل (سونٹھ)۔ ہلدی۔ ناگرموتھا۔ نیم۔
پاڑھا۔ چرائتہ۔ کڑکا کا پوست۔ صندل سفید۔ خس۔ نیلوفر ان
کو پانی میں رات بھر بھگو کر صبح چھان مل چھان کر پیویں تو جوڑا تپ۔ باسی بخار۔ ۔۔
قے۔ کم اشتہا۔ پیاس اور بلغمی وغیرہ تمام دور ہوتے ہیں۔

مفرح کہ مالیخولیا مراقی کے لئے بعد تنقیہ نہایت مفید اور مجرب

پوست آملہ ۴ ماشہ ۵ چائے خطائی ۴ ماشہ ۵ پوست ہلیلہ کابلی ۴ ماشہ ۵۔ بادرنجبویہ
۴ ماشہ ۵۔ زعفران کشمیری اصلی ۹ ماشہ۔ جائفل ۹ ماشہ۔ تیزپات ۹ ماشہ۔ لونگ ۹ ماشہ
جاوتری ۹ ماشہ۔ الائچی خورد ۹ ماشہ۔ عود ہندی ۹ ماشہ۔ پوست ترنج نارنج ۱۳ ماشہ۔ پوست
بیرون پستہ ۱۳ ماشہ۔ مصری دیسی کھانڈ ۵ ماشہ۔ کھانڈ دیسی ۴ ماشہ ۵۔ آب انبرباریس
یعنی زرشک کابلی کا پانی ۱۸ تولہ۔ آب بیہل ۲۲ تولہ۔ آب سیب ۴ تولہ ۵۔ آب بہی ۲۵ تولہ
آب انار۔ ان حسب دستور ادویات کو نفیس کوٹ چھان کر زعفران کو کھرل میں گھس کے
مصری اور کھانڈ کا ہر پانچ قسم کے پانیوں کے ساتھ قوام کر کے بعد قوام تیار ہو جانے
کے باریک کر کے معجون بنا دیں۔ بعد بگڑنے مزاج کے ۹ ماشہ سے ۱۰ ماشہ تک کھانے
کو دیں پھر تماشا آرام دیگی۔ (رندمل حکیم بھارت مسافر)

حفظ صحت کی گولیاں حسب ضرورت ایک دو گولیاں کھا لینے سے پیٹ صاف ہو جاتا ہے یعنی اخلاط فاسد کا تنقیہ ہو کر معدہ صاف ہو جاتا ہے

اصلی عصارہ ریوند ۱ تولہ لے کر اسکو عرق گلاب ۳ آثنہ سے عرصہ ۲ گھنٹے تک
بخوبی کھرل کریں کہ ریوند مذکورہ صاف ہو جائے۔ پھر اسکے ساتھ صبر اعلیٰ ۱ تولہ۔ سقمونیا
مدبر ۱ تولہ۔ ریزہ گل گلاب ۱ تولہ۔ مغز بادام شیریں مقشر ۳ تولہ۔ زعفران کشمیری ۱ ماشہ کھرل
میں ڈال کر گھیکوار کے رس سے ۲ گھنٹے تک کھرل کر کے بقدر بیر صحرائی گولیاں بنا دیں
خوراک ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک بہمراہ عرق گلاب یا پانی گرم۔ سدہ کی ضرورت ہو تو گلقند
۵ تولہ کھانڈ یا مصری کے آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر اوپر سے پلا دیویں بخوبی
صاف ہو جاویگا گرم ورم کو کم کر دیں۔ (ر)

حب مسہل کہ ہر ایک موسم میں کارآمد ہے اور سرد ہے

طباشیر ۱ ماشہ۔ الائچی خورد ۱ ماشہ۔ کتھ سفید ۱ ماشہ۔ رسوت ۱ ماشہ۔ سرنجاں شیریں
۱ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ مغز جمالگوٹہ مدبر ۳ ماشہ (مغز جمالگوٹہ کو شورہ قلمی میں صاف کرنا)
سب کر کے پانی سے گولیاں بنا دیں۔ خوراک نیم ماشہ۔ پانی سرد سے دیویں
فائدہ: جمالگوٹہ کو بھینس کے گوبر میں ابال دینے کے بعد برگ انگور اور
قلمی شورہ کو پانی میں ڈال کر جمالگوٹہ مذکورہ کی پوٹلی لٹکا کر پکا دیں۔ ایک گھنٹہ تک
اسطرح ۳ دفعہ پکا دیں تو صاف ہو جاویگا اسے نسخہ میں داخل کریں۔ (ر)

حب مقوی باہ و ممسک

کوچنج مقشر ۲ تولہ۔ خولنجان ۲ تولہ۔ تمال پتر ۲ تولہ۔ کباب چینی ۲ تولہ۔ جاوتری
۲ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ۔ گوکھرو ۲ تولہ۔ گل چمبیلی ۲ تولہ۔ مصطگی ۲ تولہ۔ لونگ ۲ ماشہ
کستوری ۱۰ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ۔ سب ادویات کھرل کر کے کستوری ملا کے کیسر کو
عرق گلاب یا پانی میں حل کر کے اسے کھرل کر کے بقدر نخود یا بیر صحرائی گولیاں بنا لیں

ایک گولی کھا دیں۔ رات کو غذا کے بعد اس سے امساک ہو اور قوت بڑھے۔ (۱۱)

پھسمک چورن کھانے میں مزہ دہ سنگرہنی باؤ گولہ اپھارہ درد شکم اجیرن اروچی جلودھر قولنج درد کٹھوڑ وغیرہ وغیرہ سب کو دور کرتا ہے

خنظل یعنی تُرقمہ شاخ گھیکوار ۵ عدد۔ ڈنڈا تھوہر بقدر ۳ ہاتھ۔ بینگن مارجا عدد ہوکٹری کے پھل ۵ عدد۔ نمک ہر پنجہ قسم آدھ سیر۔ اجوائن دیسی آدھ سیر۔ سب کو نیکوب کرکے ایک ہنڈیا گلی میں بند کرکے گجپٹ کی آنچ دیں جب سرد ہو جاوے نکال پیسکر نگاہ رکھے اور بقدر نیم ماشہ یا کم و بیش بقدر قوت بیمار کو دیا کریں ۳۲ روز میں فائدہ ہوگا۔ (۱۲)

سرمہ کہ موتیا بند و جالہ وغیرہ کو مفید ہے

مصری کوزہ کی ۲ حصہ۔ نمک سفید ایک حصہ مانند سرمہ کے پیسکر باریک کپڑے سے چھان کر ایک ہفتہ استعمال کریں۔ فائدہ ہوگا۔ (۱۳)

کشتہ تانبہ برنگت سفید

تانبہ خالص تیار کرکے ایک سو ایک دفعہ کالی گائے کے پیشاب کے اندر بجھاویں پھر دس سیر کچہ جامن کے درخت کی لکڑیوں کے ٹکڑے لیکر اور ایک سیر جامن کی لکڑی کے کوئلے لیکر اور ان کو ذرا سا کوٹ کر اس میں تانبہ رکھکر کپڑے سے سی کر ایک گڑھے میں نیچے لکڑیاں اور اوپر کوئلے رکھکر اسکے اوپر موٹی موٹی لکڑیوں کے ٹکڑے جماؤ جب سارا وزن ۱۰ سیر ہو جاوے تو ایسی جگہ میں آگ لگا دیں کہ ہوا چاروں طرف سے یکساں لگے جب لکڑیاں وغیرہ جلکر راکھ ہو جاویں تو نکالیں تو تانبہ برنگت سفید راکھ ہوگا۔ اب ہم نے کشتہ کرنے والوں سے پوچھتے ہیں کہ بھلا تانبہ کیوں سفید ہو گیا سو تمام لکڑیاں درخت جامن کی ہونی چاہئیں۔

ہیضے کا نہایت ہی مجرب اور آسان علاج

نمک ۴ تولہ۔ پودینہ کا ست ۴ رتی۔ تیزاب گندھک ۲۰ بوند۔ گھیکوار گودہ ۲ تولہ و ۳ ماشہ۔ سب کو باریک پیسکر بقدر سیاہ مرچ گولیاں بناوے ہیضے کے ایک ایک گولی ہر ایک ۱۵ منٹ کے بعد سوڈا واٹر کے ہمراہ کھلاویں۔ عرق کی مقدار ہر ایک گولی کے ساتھ ایک دو گھونٹ کافی ہیں۔ ایک بوتل بعض تک سوڈا واٹر ۱۰ گولی کے ہمراہ کھلانا واجب ہے۔ دس گولی سے ضرور آرام آجاویگا۔

آتشک کے زخموں کے واسطے مجرب دھوڑہ

رسکپور ایک ماشہ۔ مازو ۲ تولہ۔ پھٹکری بریاں ۶ ماشہ۔ مصطگی ۱ تولہ۔ کوڑی زرد سوختہ۔ سفیدہ۔ ہر ایک ۱ ماشہ۔ کتھہ ایک تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ سب کو باریک پیسکر بقدر ضرورت زخموں پر چھڑک دو۔ دن میں دو تین بار ایسا کرنے سے ۳ روز میں آرام آجاتا ہے۔

مجرب نسخہ بائی گولہ

مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ بول یعنی مر ۲ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ گنوار گندل کا گودہ ۴ تولہ آب برگ مکو ۱ تولہ سب کو باریک کرکے کھرل کرکے بقدر نخود گولیاں بنا کر ایک ایک گولی بعد غذا دو نو وقت پانی کے ہمراہ یا عرق مکو کے ہمراہ جس کا وزن ۴ تولہ سے زیادہ نہ ہو دیا کرے۔ باؤ گولہ کو شرطیہ آرام ہو جاویگا بناؤ اور آزماؤ۔

واسطے شراب چھڑانیکے

تخم کرفس ۴ تولہ۔ بھنگرے کا رس ۴۰ تولہ۔ ۔ ۔ ۔ دھوپ میں رکھدیں جب چند روز گذر ۔ ۔ ۔ تو چھان لو اس عرق کو بعد

غذا پیدا کرو۔ شراب کی عادت جاتی رہیگی۔ کیونکہ اس میں ایک قسم کی مفرح فرحت (۲۰)

نسخہ دافع بواسیر مجلوقی

گندھک آملہ سار ۲ ماشہ۔ نیم کا رس یا مدھو ۲ ماشہ۔ ہر دو کو ملا کر پیسکر چاٹ لو اسکے تھوڑا سا دودھ پی لو اس سے بواسیر دور ہو جاویگی اور خون بند ہو گیا ہو تو پھر نیم کا عرق بن لاویں دودھ تازہ گائے کا ایک پاؤ۔ خمیرہ گاؤزبان ۶ ماشہ ہر دو کو صبح کو بسب استعمال کریں ۲ ہفتے کے بعد یہ نسخہ استعمال کریں۔ گندھک آملہ سار ۲ ماشہ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ برگ پان کا رس ۴ تولہ۔ مومیائی ۲ ماشہ۔ سب کو باریک کھرل کریں خوراک ایک رتی ایک پاؤ دودھ کے ساتھ استعمال کرایا کریں اس سے جریان احتلام سرعت انزال سب بند ہو جاوینگی ان سب عملوں کے بعد جو مقوی شے استعمال کرو گے سب کی سب ہضم ہو جاوینگی اور کبھی بھی بواسیر نہ ہوگی اور نہ ہی سرعت اور احتلام رہیگا۔

سلائی برائے دافع امراض چشم دُھند جالا غبار وغیرہ

پھٹکری ۳ تولہ جست سوختہ ۳ ماشہ۔ نوشادر ۱ ماشہ۔ قلمی شورہ ۱ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۱ رتی سب کو باریک پیسکر کسی لوہے کی صاف کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھو جب تمام اشیاء پگھل جاویں تو ایک صاف سل پر گرا کر ایک چوڑی صاف لکڑی کو گیلا کرکے اسپر ملو کر مانند سلائی کے بنجاوے اگر ہاتھوں سے مل سکو تو ہاتھوں کو پانی سے گیلا کرکے مل لو مگر یہ احتیاط رہے کہ ہاتھ کو نہ لگے ورنہ گرمی سے ہاتھ جل جائیگا اس سلائی کو آنکھ کے اندر پھیرنے سے تمام امراض کو دور کرتا ہے۔

لمازی آنسو۔ کوار گندل

گھیکوار کا رس ۴۰ تولہ۔ گو ۳۰ تولہ۔ نمک ۱۰ تولہ۔ پانی ۲۴۰ تولہ ان سب کو صاف کرکے آگ پر رکھے جب پکنے رہ جاوے تو اتار کر کپڑ چھان کر ۲۵ تولہ شہد

اور ۲۴ تولہ گل دھاوا ملا کر ایک چکنے گھڑے میں بھرے اور اس میں مندرجہ ذیل چیزیں بھی ملا دیوے۔

جائفل۔ لونگ۔ کباب چینی۔ بال چھڑ۔ چب چترا۔ جاوتری ۳ گا

پوہکر مول ہر ایک کا جوشاندہ ۴ تولہ ۴ تولہ ہر ایک دوائی لیکر اس میں ۱۹ تولہ پانی اور آگ پر رکھیں جب پک رہے مل چھان لیں کشتہ تانبہ ۲ تولہ کشتہ فولاد ۲ تولہ سب چیزوں کو ملا کر گھڑے کا منہ بند کرکے زمین میں یا وہاں کے ڈھیر میں ۲۰ دن گاڑ دیں کے بعد نکال کر چھان کر بوتلوں میں بھر لیویں۔ خوراک اسکی ۶ ماشہ سے ۵ تولہ تک ہے حسب مزاج مریض کے دیویں۔ اسکے استعمال سے ہر قسم کا دمہ کھانسی تلی یا امراض پیٹ۔ بواسیر امراض بادی۔ مرگی وغیرہ امراض دور ہوتی ہیں۔ عورتوں کے گردے کو دور کرتا اور خون حیض جاری کرتا ہے۔

اوبہت کُٹجا اولیہ پوست کڑا ۱۰۰ تولہ لیکر ایک دیگچی ۲۲ تار پانی میں جوش دیا جاوے جب پانی پک کر چوتھائی حصہ رہ جاوے۔ تو اس میں ۸۰ تولہ کھانڈ ڈالکر جوش دیا جاوے جب اس کا قوام تیار ہو جاوے تو اس میں پارہ۔ لاجونتی۔ بنگڑی۔ پھول دھاوا۔ ناگر موتھا۔ اتار رینسی۔ لودھ۔ رال۔ رسونت۔ دھنیہ خشک زیرہ بالا۔ یہ سب تولہ تولہ لیکر سفوف بنا کر ڈالدیں۔ بعد ازاں ۲۰ تولہ شہد ملایا جاوے۔ اس اولیہ یعنی چٹنی کا ہر روز استعمال کرنے سے ہر قسم کا اسہال سنگرہنی۔ خون جانا بخار۔ سوجن۔ قے۔ بواسیر۔ شدت پیاس۔ مل پیٹ۔ شول۔ بد ہضمی یہ دور ہوتی ہیں۔ مجرب ہے۔ (دید یک سنگرہ ۱۰)

کنک سندر رس اکسیر شنگرف مصفیٰ۔ مرچ۔ گندھک مصفیٰ۔ پیپل۔ سہاگہ۔ میٹھا تیلیا تمام ہم وزن یہ سب چیزیں ہم وزن لے کر اول پارہ و گندھک کو کجلی کرے اور پھر تمام اشیاء ملا کر بھنگ کے پانی میں ایک پہر تک کھرل کئے جاویں بعد ازاں چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔ سنگرہنی۔ بھوک کی کمی۔ بخار سخت سے سخت اسہال کے لئے یہ گولیاں نہایت ہی مفید ہیں۔ اور بہت عمدہ اوصاف رکھنے والی بیان کیگئی ہیں۔ (۱۱)

ترکیب کشتہ فولاد ازحد مقوی باہ

فولاد کا برادہ کریں یاد رہے کہ جہاں فولاد نہ ملے تو اسپاد عمدہ لینا چاہئے۔ سبز فولاد سب سے طاقتور ہوتا ہے اور معمولی لوہا سب سے کم) ۲ تولہ لیکر اس میں ایک تولہ پارہ ڈال کر باندی شراب میں سارا دن کھرل کرکے دو پیالی گلی کے درمیان رکھ کر گل حکمت کرکے ایک سیر جنگلی اوپلوں کی آنچ دیں پیالیاں پختہ مگر پتلی ہوں۔ پھر نکال کر اور ایک تولہ پارہ ڈال کر شراب میں کھرل کرکے دو پیالیوں کا منہ بند کرکے ایک سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اور اسطرح کی ۷ آنچ دیوے۔ پھر پارہ کو ½ ۱ تولہ پارہ ڈال کر اچھی طرح سے کھرل کریں پیالیوں کے اندر منہ بند کرکے ویسے ہی آنچ دو۔ تو وزن فولاد کا ½ ۱ تولہ زیادہ ہوگا۔ یاد رہے کہ ۸ آنچ کے بعد کم از کم پیالیوں کو بدل لینا چاہئے۔ پھر نکال کر ۴ ماشہ سم الفار ڈال کر شراب تیز میں ویسے ہی کھرل کرکے پیالیوں کے اندر بند کردیں۔ اور ڈیڑھ پاؤ آگ دیں۔ اسطرح ۲۱ آنچ دیوے۔ پھر اسے شراب کے ساتھ کھرل کرکے ایک شیشی میں بند کرکے گندم کے ڈھیر میں ۴۰ دن تک دباوے۔ پھر نکال کر بعد میں اس کے شیشی کو پھوڑ کر نارنجی رنگت کا کشتہ فولاد نکالے۔ خوراک نصف چاول۔ بھوک سہ گنا ہو جاتی ہے۔ اور قوت باہ کی حد نہیں رہتی۔ جس زردی اور سفیدی رنگت دو چار دن میں دور ہو جاتی ہے۔

ترکیب کشتہ فولاد ایک کوزہ گلی لے کر اس میں پاؤ سیر سونٹھ کوٹ کر بچھا دیوے اُس پر ایک تولہ برادہ فولاد رکھ کر اُس پر دوسرے پاؤ سونٹھ کوٹ کر دوائی ڈال دیوے۔ اور اس کوزے کو لیموں کے رس سے بھر کر دھوپ میں رکھے۔ ۲۰ دن تک دھوپ میں رکھے۔ مگر لیموں کا رس سوکھے نہیں اور ڈال دیا کریں۔ پھر ۲۰ دن کے بعد نکال کر کڑچ میں سب کچھ ڈال دیوے۔ اور ایک پاؤ دہی ڈال دیوے۔ اور کوئلے کی آنچ کرے۔ جلے کہ دہی اور سونٹھ جل جاوے۔ پنکھے سے آن کو اُڑا دیوے۔ گلابی رنگت کا نہایت عمدہ کشتہ ہوگا جو خون کو بڑھاتا ہے۔ بھوک وغیرہ کو تیز کرتا ہے ضعف جگر وغیرہ ہٹاتا ہے۔ خوراک صرف ۲ رتی۔ (۱۱)

عنایت فرمائے من جناب پنڈت جی دام اقبالہٗ

تسلیم! گذارش ہے کہ نسخہ ہائے مرقومہ ذیل کو جو میرے بارہا تجربہ کردہ اور صدریہ ہیں اور جن سے ہزارہا آدمیوں کو تندرستی صحت حاصل ہوئی۔ برائے پبلک اپنے اخبار گرامی میں جگہ دیں

حبوب سم الفار سم الفار سفید ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۴ تولہ۔ پہلے مرچ سیاہ کو تھوڑے سے پانی میں ۱۲ گھنٹے بھگودیں۔ اور پھر اسی میں آگ پر اتنا پکائیں پانی خشک ہو جاوے اور مرچ بالکل نرم ہو جاوے۔ اور پھر سم الفار کو باریک پیس کر گولیاں برابر مونگ بنا دیں اور صبح و شام ایک گولی کھانے کو دیں جس سے بخار بہت جلد دور ہوگی

حبوب دار چکنا دار چکنا جسکو انگریزی میں ہیڈ رابعیری پر کلوریڈ کہتے ہیں۔ اسکو بھی اسی طرح اور اتنی ہی مقدار کی گولیاں بنا دیں جیسی کہ سم الفار کی بنائی ہیں فقط بجائے سم الفار کے دار چکنا داخل کریں۔ یہ گولیاں بھی اُسی طرح سے ہیں جیسے کہ سم الفار کی دوائی۔

نسخہ رسکپور رسکپور کی گولیاں اسی طرح بناوے جیسے کہ دار چکنا اور سم الفار کی بنائی گئیں۔ مگر گولیاں اس کی مقدار میں کچھ ایک بڑی ہوں اور پیچش سک وغیرہ میں بہت مفید ہیں۔ بد پرہیزی سے کسی گولیوں سے بھی کسی قسم کا نقصان تک نہ ہوگا۔

(نیاز مند شیخ ابراہیم میونسپل اور سیر احمد نمبردار)

جناب پنڈت صاحب دام اقبالہٗ

مندرجہ ذیل نسخہ جات واقعی عمدہ معلوم ہوتے ہیں

کشتہ تانبا نہایت آسان تانبا ۱ تولہ صاف حسن دھوپ ۴ تولہ تانبہ کے پترہ پر لیپ کرکے ۸ سیر پختہ اوپلوں کی آنچ دیں سیاہ رنگ کا کشتہ ہوگا۔

(راقم حکیم غلام محمد از چک غلام محمد پٹواری والہ)

کشتہ شنگرف ازحد مقوی باہ

نسخہ سنگرف مصفیٰ ۱ تولہ۔ گوشت بز ۵ تولہ۔ روغن زرد بہ قدر ضرورت۔

ترکیب :۔ گوشت کو قیمہ کرکے کونڈے ڈنڈے میں خوب گھوٹیں جب خوب میدہ ہوجاوے تو شنگرف پر لیپ کردیں۔ گولا سا بناکر دیگچی یا کڑاہی آہنی میں روغن زرد ڈال کر آگ پر رکھ دیں جب گھی جوش پر آوے۔ تو گولا بیچ میں چھوڑدیں جب پختہ ہوکر سرخ ہوجاوے تو نکال لیں۔ مگر گوشت نہ جلنے دیں۔ اسطرح سو دفعہ کریں۔ یعنی پٹ دیویں۔ شنگرف کشتہ بن جاویگا۔ خوراک ایک چاول مکھن میں شنگرف ایک ٹکڑا ہونا چاہئے۔ اور ایک دن میں کئی دفعہ پٹ دیسکتے ہیں۔ بہت سا گوشت پہلے تیار کرلیں۔ اور روغن زرد زیادہ ڈال دیا جو اصحاب گوشت نہیں کھاتے ہیں وہ تخمہ حنظل (سو عدد میں ۱۰۱) بنادیں۔

تخمہ پختہ لے کر چاقو سے اسی قدر ٹکڑا جدا کریں جسمیں ایک تولہ شنگرف کی ڈلی آجاوے وہ ٹکڑا دوسرا اسی سوراخ میں ڈال کر منہ بند کرکے گل حکمت کردیں۔ آدھ سیر بکری کی مینگنی خشک کی گڑھے میں آگ دیں۔ اسطرح سو آگ دیں ۔ (۱۱)

علاج صرع یعنی مرگی

مرچ سیاہ ۱۰ تولہ۔ بول ہاتھی نر ایک بوتل کلاں (۲ پاؤ والی) مرچوں باریک کرکے کھرل میں ڈال بول یعنی پیشاب ہاتھی تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جاویں جب بول ختم ہوجاوے خشک کرکے شیشی میں نگاہ رکھیں۔ اور بطور نسوار استعمال کریں خصوصاً بوقت دورہ مریض جلدی ہوش میں آجاویگا۔ اس نسوار سے ناک کے راستہ ایک کیڑا نکلے گا جب کیڑا نکل جاویگا صحت ہوجاویگی آزمودہ ہے کم از کم نصف نسخہ سے کم نہ بناوے کیونکہ کم پیشاب جلدی جذب ہوجاتا ہے۔ اور دوائی کم کھرل ہوتی ہے۔ اسواسطے دانا تجویز کرنے والے نے سالم بوتل تجویز کی ہے کہ اچھی طرح کھرل ہوجاوے۔ اور یاد رہے کہ جب تک پیشاب خشک اور جذب نہ ہوجاویگا۔ کھرل برابر جاری رہے۔ ورنہ دوا عمدہ نہ بنے گی ۔ (۱۳)

سرمہ دافع غبار چشم

ہلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ زرد کی گٹھلی سوختہ۔ تحجت سوختہ۔ رسونت۔ تمر ہندی سفید۔ تخم ریحان سیاہ۔ نوشادر۔ پھٹکری بریاں۔ سمندر جھاگ۔ تمرج سفید گول۔ ہموزن لیکر عرق گلاب میں

دو یوم کھرل کرکے بطور سرمہ کرکے لگانا بہت مفید ہے ۔

دودھ کے باقاعدہ ہضم کرنیکے واسطے

اجوائن ۳ ماشہ۔ سوڈا کاربونیٹ ایک ماشہ۔ ہر دو کو ملاکر سفوف بنادیں اور دودھ کے ہمراہ پھانک کر دودھ کو پی لیا کریں اس سے دودھ سارے کا سارا ہضم ہوجاویگا اور چند روز میں طاقت آجاویگی۔

ضعف جگر کے واسطے عجیب نسخہ

اجوائن دیسی ۴ تولہ لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر اس کے اندر ۲۰ تولہ سرکہ خالص یا سرکہ انگوری ڈالکر کھرل کرکے خشک کریں بقدر ۳ ماشہ بجری کی چھاچھ سے جسمیں نمک ملایا گیا ہو ۵ روز لگاتار کھانے سے ضعف جگر بھس مٹی کھایا ہو ضعف دور ہوجاتا ہے بلکہ اگر عرق اجوائن کے ہمراہ یا پانی کے ہمراہ یہی دوائی کھاویں تو تلی بھی دور ہوجاوے سفید رنگ کو سرخ رنگت بنادیتا ہے کھرل کرتے وقت دستہ بھی لوہے کا ہونا چاہیے۔

نسخہ روغن برائے مالش جو درد ٹانگ کو آرام دے

تخم دھتورہ ۱ تولہ۔ مال کنگنی ۴ تولہ۔ مغز تخم اڈٹھا ۱ تولہ۔ تلی کا تیل یعنی روغن کنجد ۴ تولہ سب کو ملاکر جلالو اور تیل صاف کرکے مالش کیا کرو ۔

نسخہ دافع نکسیر

پھٹکری ۱ تولہ۔ لیڈ اوکسائیڈ ایک رتی مجرد کو پانی میں گھول کر ملالیں بقدر ۴ بوند دن میں دو تین دفعہ ناس میں چڑھاویں آرام ہوجاویگا اگر لیڈ اوکسائیڈ نہ مل سکے تو سفیدہ کاشغری ڈال لو یا سونٹ ڈال دو یکا یک اثر ہوگا اگر نکسیر سے دماغ کمزور ہوگیا ہو تو حسب طاقت ۱ طیس دودھ سے کھاویں اس سے دماغ بھی تقویت پکڑیگا اور آئندہ نکسیر

چھوٹنے کا اندیشہ بھی نہ رہیگا۔

نوشادر کا سرمہ دافع بخار

مجھے ایک سادھو نے بتایا تھا کہ نوشادر ایک ایسی چیز ہے جس سے بخار کو آنکھ کے اندر سرمہ کی طرح ڈالنے سے آرام ہو جاتا ہے میں نے اس کے استعمال کے طریقے پوچھے پہلے تو مجھے بتانے سے انکار کیا آخر کو میں نے بہت سی باتوں سے اسے قائل کیا جس کے بعد اس نے مجھے بتا دیا۔ مگر میں نے اسکا تجربہ تا حال نہیں کیا امید ہے کہ ہمارے ناظرین اخبار اسکو تجربہ کر کے اطلاع دینگے

نوشادر کے سرمہ بنانیکا طریق یہ ہے

نوشادر عرصہ ۴ گھنٹے تک گلو کی رس میں کھرل کر کے دو پیالیوں میں اسکا جوہر اڑا دیں پھر ایک دفعہ اور اسی جوہر کو ۴ گھنٹے گلو کی رس میں کھرل کر کے جوہر اڑا دیں پھر اس طرح ایک دفعہ اور کر کے جو جوہر نکلے اسے سرمہ کی طرح باریک کر کے رکھیں اور آنکھ میں لگا دیں لگاتے ہی بخار اترنا شروع ہوگا اور جست کی سلائی سے لگا دیں تو اچھا ہے۔

بدن کی خارش دور کرنے کا تیل

گندھک آملہ سار ۲ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ایک رتی۔ سرسوں کا تیل ۵ تولہ۔ کافور ۲ رتی تیل اور گندھک اور نیلا تھوتھا کو باریک کر کے پیس کر آگ پر جلا دیں جب تیل جل کر نصف رہ جاوے تو اتار کر کافور ڈال دیں اور چھان کر کام میں لاویں مجرب ہے۔

سفوف برائے دافعیہ آتشک

کمبا شیر ۲ ماشہ۔ کتھہ ۲ ماشہ۔ [illegible] ۱ ماشہ۔ سفیدہ ۱۵ ماشہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ مازو ۳ ماشہ۔ پھٹکری بریاں ۲ ماشہ۔ رال ۸ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر زخموں پر چھڑک دیں چند روز میں آرام ہو جاویگا۔

دوائی دافع کھانسی شیرخواران

ست ملٹھی ۱ تولہ۔ ایلوا ۴ رتی۔ ہر دو کو باریک پیس کر بقدر ایک رتی کے بچے کو رات کو کھلاویں دو روز میں کھانسی دور ہو جاویگی۔ اور قبض بھی جاتی رہے گی۔

دوائی برائے دفعیہ مرض ام الصبیان

یہ مرض بچے کو بہت ستاتی ہے جبکہ ماں باپ حالت شیرخواری میں مجامعت سے پرہیز نہیں کرتے ہیں جب پرہیز کرینگے مرض جاتا رہیگا اور بعد پرہیز بچے کو یہ دوائی دیں۔ سیاہ مرچ ۱ تولہ۔ گودہ گھیکوار ۲ تولہ۔ باریک پیس کر بقدر سیاہ مرچ گولیاں بنا دیں ایک گولی بچے شیرخوار کو دیں اور اوپر سے والدہ کا دودھ دیں اور بغیر شیرخوار کو بازار کے دودھ سے ہر روز دیا کریں ام الصبیان سے آرام ہوگا۔

نسخہ دافع بخار ہر قسم مگر دق اور ورم میں نہ دینا چاہئے

عام بخاروں میں مفید ہے۔ ست گلو ۳ ماشہ۔ کونین ۲ رتی۔ [illegible] ۲ تولہ۔ لیموں کا رس ایک تولہ۔ عرق گلاب ۱ تولہ سب کو ملا کر ۴ خوراک دن میں ۴ دفعہ دیں بخار اور قبضی دور ہو جاویگی۔ دوسرے روز شربت بنفشہ ۳ تولہ دو دفعہ پلا دیں تاکہ پہلی دوائی کا خراش پیدا نہ ہو اور قبض نہ پیدا ہو۔

دوائی دافع شکایت قبض

ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ گھیکوار کا گودہ ۴ تولہ۔ نمک بقدر ذائقہ سب باریک پیس کر بقدر نخود گولیاں بنا دیں بعد غذا ۲ گولی صبح ۲ گولی رات کھاویں قبض نہ رہیگی۔

دوائی دافع بخار شیرخوران

گلو سبز کا پانی نکالا ہوا ۳ تولہ۔ ریوند اور ہلیلہ زرد کے ساتھ گھس کر ۲ [illegible] دیویں۔

قبض اور بخار ہر دو دور ہو جاوینگے اور یا قبض کشا گولیاں کھاویں قبض اور بخار دور ہو جاویگا۔

کشتہ شنگرف

لوگ ہر طرف سے مایوس ہو کر صرف کشتہ شنگرف کو آزمانا چاہتے ہیں سو واقعی کشتہ شنگرف عجب چیز ہے بشرطیکہ اس کے تیار کرنے میں محنت کی جاوے۔ آپ مندرجہ ذیل طریق سے تیار کریں۔

شنگرف ۵ تولہ کی ڈلی کپڑے میں نرم آنچ پر رکھیں۔ اور مندرجہ ذیل اشیاء کا چوبہ باری باری دیویں۔ رس پیازہ ۱ سیر۔ دودھ آک (مدار) ۵ سیر۔ فاسفورس ایک پاؤ اور مالکنگنی ۵ تولہ۔ بھلانوہ ۵ تولہ کو پیسکر اسکے درمیان ڈلی دے کر کپڑے میں رکھے۔ اور اوپر ۱ تولہ شہد اور ۱ تولہ گھی ڈالدیوے۔ جب تمام ادویہ جل جاویں تو شنگرف کی ڈلی کو نکال لیں۔ اور ان اشیاء کے درمیان ایسے ہی رکھے۔ اسطرح ۵ بار کرے اور ہر بار ۲۴ پہر کی آنچ دیوے۔ کافی ہوگی۔

بعد ازاں کھرل میں ڈال کر اور ۷ دن شراب ۲ آتشہ اور پھر ۷ دن تک دودھ آک میں کھرل کرکے اور کشتہ بیضہ مرغ آدھ پاؤ لے کر ایک کوزہ گلی میں نیچے اوپر اور درمیان شنگرف دیکر اچھی طرح کپروٹی کرکے منہ بند کرے۔ اور ایک ہانڈی میں ۵ سیر ریت کے درمیان رکھ کر اوپر سرپوش دے کر گل حکمت کرکے ۸ پہر تک میانی آنچ کرے کشتہ برنگت سفید برآمد ہوگا۔ ۷ دن میں نامرد کامل مرد بن جاویگا خوراک ۲-۳ چاول مکھن میں (لائف ٹیچر)

کرمی پنڈت صاحب تسلیم! ذیل کے نسخے برائے اخبار دیش اپکارک ارسال ہیں شائع فرما کر مشکور فرماویں۔

نسخہ شرخ بادہ مجرب و آزمودہ

طباشیر ۳ ماشہ۔ دانہ ہیل ۳ ماشہ۔ تخم سفید ۱ ماشہ۔ [illegible] ۳ ماشہ صندل سفید ۳ ماشہ صندل سرخ ۳ ماشہ گل خطمی ۳ ماشہ۔ [illegible] آب کاسنی سبز عرق گاؤزبان [illegible] طول بند ۳ ماشہ صبح و شام یا شربت عناب ۲ تولہ۔

نسخہ مغلظ و مبہی مجرب

مغز تخم کنوچ ۲ تولہ موصلی سفید ۲ تولہ تخم قلمی ۱ تولہ۔ رال سفید ۲ تولہ جفت بلوط ۱ تولہ۔ مغز تخم اب ۲ تولہ۔ مغز تخم جامن ۲ تولہ سب کو باریک کرکے ہموزن مصری ۱۲ تولہ ملا کر صبح و شام ۶ ماشہ ہمراہ آب بجوز ہند ایک آدمی کو ایک ہی نسخہ کافی ہے۔

علاج گزیدہ عقرب

سفیدہ کاشغری ڈنک پر تھوڑا سا لگا کر اوپر سے لیموں کے اچار کا ٹکڑا رکھ کر باندھ دیں فوراً درد بند ہو۔ (ناظر حسین ڈاکٹر اینڈ فزیشن)

جناب ایڈیٹر صاحب دام عنایتہ تسلیم! ایک عمدہ و آزمودہ نسخہ واسطے درج اخبار بھیجا جاتا ہے۔ درج کرکے مشکور کریں۔

صفت برگ تبت۔ گل بنفشہ۔ تخم سرس۔ دانہ الائچی سفید۔ اسطوخودوس۔ مغز بادام شیریں ہر چہ ادویہ برابر وزن ہوں پہلے خشک ادویوں کو بہت باریک کوٹ کر چھان کر رکھیں۔ بعد ازاں انکے علیحدہ مغز بادام شیریں لیکر ملاویں۔ اور پھر سب کو ایک جگہ خوب پیس کر رکھ چھوڑیں۔ اور تھوڑا تھوڑا نسوار لیں بہت چھینکیں آتی ہیں۔ اور دماغ کی گندی رطوبت بہت خارج ہو جاتی ہے اور زکام و نزلہ و درد درد سر کافور ہو جاتے ہیں۔ (حکیم جیمیدی لعل)

نسخہ دافع تپ ہائے خونی و بلغمی و صفراوی و سودائی

تخم پالک ۶ ماشہ۔ کاسنی ۶ ماشہ۔ تخم کشوث ۶ ماشہ۔ عروقبستہ ۶ ماشہ افتیموں ۶ ماشہ۔ افسنتین ۶ ماشہ۔ اذخر ۶ ماشہ۔ شاہترہ ۶ ماشہ۔ آلو بخارا ۵ عدد۔ سکنجبین سادہ ۲ تولہ عرق بادیان نیم ثار۔ عرق گاؤزبان ۷ ثار میں جوش دیویں جب نصف حصہ باقی رہ جاوے صاف کرکے سکنجبین داخل کرکے انکے استعمال کریں۔ (ر)

نسخہ دافع بخار بلغم و صفرا و یرقان و ورم کھانسی و زکام نزلہ

گلوئے سبز ۶ ماشہ۔ شاہترہ ۶ ماشہ۔ کاسنی ۶ ماشہ۔ مکو ۶ ماشہ۔ اصل السوس مقشر کوفتہ ۶ ماشہ۔ گل بنفشہ ۶ ماشہ۔ الائچی سفید [illegible] معہ کوفتہ خاکشی ۳ ماشہ سکنجبین سری معتدل ۲ تولہ۔ اضافہ کرکے نوش کریں۔ [illegible] عرق بادیان ۷ ثار

دعرق کاسنی دہ تار میں جوش دیں۔ جب نصف عرق باقی رہ جاوے۔ استعمال کریں

اوسعہ نسخہ سکنجبین بزوری معتدل کا یہ ہے صفت تخم کاسنی بیکوب اتولہ تخم خیارین بیکوب اتولہ۔ تخم خربوزہ بیکوب اتولہ۔ تخم خرفہ سیاہ بیکوب اتولہ۔ تخم کتان بیکوب اتولہ۔ بادیان بیکوب اتولہ تخم کرفس بیکوب اتولہ۔ پوست بیخ کاسنی بیکوب اتولہ پوست بیخ بادیان اتولہ۔ پوست بیخ کرفس بیکوب اتولہ۔ سرکہ خالص آدھ پاؤ شکر سفید ڈیڑھ پاؤ۔ پانی آدھ پاؤ۔ ریوند خطائی ۶ ماشہ کل ادویہ جو کوب کر کے پانی اور سرکہ میں ایک شبانہ روز بھگو کر اور چھان کر قوام رقیق کریں۔ (ر،ر)

کھانسی } ہر قسم کی کھانسی کیواسطے برگ آک دمدار جو پتے خود بخود سوکھ کر درخت سے پت جھڑ ہوگئے ہوں۔ بقدر حاجت باریک کوٹ کر نمک طعام و فلفل سیاہ بقدر ذائقہ پانی کے ساتھ جھڑبیری کے بیر کی برابر گولیاں بناویں بوقت ضرورت حسب تقاضا دن کھا لیا کریں۔ بڑی مقدار ۲ گولیاں ہیں بچوں کے واسطے بلحاظ عمر استعمال کرا دیں۔ (ایڈیٹر)

خارش خصیہ } صندل سفید کو سرکہ گلاب میں گھسکر تیل نیم ۶ بوند امرت دھارا ۲ بوند ملا کر لگایا کریں۔ دو تین دن میں آرام ہوگا۔ دیگر مفید جو ذیل مصفے خون عرق بنا کر استعمال کریں **عرق عشبہ**۔ مونڈی بوٹی۔ نیم۔ چرائتہ شاہترہ۔ چوب چینی صندل سفید۔ صندل سرخ۔ عناب ہر ایک نیم پاؤ تمام کو بھگو کر بدستور عرق کشید کریں۔ خوراک عرق ایک چھٹانک سے نیم پاؤ تک مٹھاس کے لئے شہد ملا کر پیا کریں۔ خارش کے لئے عجیب نسخہ ہے۔ آزما کر اطلاع دیں۔ (ر،ر)

امساک رطوبت رحم نسخہ

حب الفلفل ۳ ماشہ۔ جل قرنفل ۳ ماشہ۔ صمغ ڈھاک ۳ ماشہ۔ پوست سرو ۳ ماشہ۔ شکر سفید ۱ تولہ آمیختہ کوفتہ سفوف ساختہ متواتر تا سہ روز مریضہ را بخورند بفضل تعالیٰ بخواہد شد جناب حکیم حامد حسین صاحب چرا کہ تفصیل چند در چند امراض در اخبار ارقام فرمودہ بایں وجہ علاج زیادہ رحم ماؤفہ بمعرض تحریر نیامدہ و اختلاج القلوب از سیلان یا اثر ظاہر است تاہم خمیرہ گاؤزبان عنبری و دیگر ادویات

مقوی اعضائے رئیسہ استعمال نمایند و رحم آغریضہ کہ جانب اسفل مائل است علاج قابلہ بہتر است و نیز دیگر از کتب طبیہ بجویند۔ (حکیم محمد سعید احمد رشید)

سن کے کپڑے پر سے سیاہی دور کرنے کا طریق

بازار سے تھوڑا سا لیموں کا سالٹ یا آکسالک ایسڈ خرید کر سیاہی والے مقامات پر لگا دیں۔ اور اس کے اوپر گرم ابلتا ہوا پانی ڈالیں۔ اگر ایک بار کے کرنے سے داغ دور نہ ہوں تو پھر بھی یہی عمل کریں۔

کپڑے سے تیزاب کے داغوں کو دور کرنیکا طریق

ایمونیا کا پانی فلالین کی اکہری تہہ پر لگا کر داغ پر آہستہ آہستہ رگڑیں۔ تمام داغ دھبے دور ہو جاویں گے۔

مکھیاں دور کرنا

ایک چمچہ بھر پانی میں ملائی ہوئی کھانڈ میں اس سے نگنی بالائی ملا کر اس مرکب کو طشتریوں کے اندر ان مقامات پر رکھو۔ جہاں مکھیاں بکثرت ہوں۔

وجع المفاصل } و برائے عرق النسا و نقرس و رعشہ سودمند کر۔

سورنجان شیریں۔ بادیان۔ بیخ بادیان۔ خیارین۔ بیخ کاسنی۔ تخم کاسنی۔ تخم خیارین۔ تخم خربوزہ ہر ایک پانچ ماشہ۔ مویز منقٰے ۹ دانہ۔ تخم کسوث چھ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ اور صبح کو قدرے جوش دیکر چھان کر ۲ تولہ شربت بزوری ڈال کر ہمراہ معجون سورنجان چھ ماشہ استعمال کریں۔ (حکیم مولوی سید عبد الغفور)

روغن اکسیر } نسخہ۔ دیودار۔ تج۔ اسپغول۔ سوار ہلدہ۔ اصل السوس۔ لسان العصافیر ہلیلہ۔ مال کنگنی۔ تعرنقل۔ گلنار۔ شنادر۔ روغن کنجد ہر ایک ایک تولہ تالاب کے پانی میں جوش دیں ستے کہ ادویہ جل کر تیل چھوڑ دیں۔ دن بھر میں چار پانچ مرتبہ مالش کر کے سینگ کریں۔ (ر،ر)

سوزاک کہنہ } کشتہ سیسہ۔ کشتہ مرجان کشتہ حجر الیہود و سنگ سرماہی دو جو ہر دو ادویہ کو ملا کر مولی کے عرق میں کیا ہوا ہر سہ نصف ماشہ۔

چھوٹے بتاشہ میں رکھ کر کھائیں بعدہٗ بادیان۔ گاؤزبان۔ گلاں کشمش۔ تخم خربوزہ کشنیز خشک ہر ایک پانچ ماشہ پیسکر پانی میں گھول کر چھان کر۔ شربت نیلوفر ۲ تولہ ڈالکر۔ (د/)

طلسم سردرد } کافورہ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ پھٹکری۔ گل منڈی ہر ایک چھ ماشہ باریک پیسکر عرق کیلہ میں حل کر کے بوتل میں بند محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت سردردوالے کی دونوں آنکھوں میں ایک ایک بوند ٹالدیں اسیوقت سر درد کافور ہوجائیگا۔ بشرطیکہ بخار نہ ہو۔ (د/)

ضرب (چوٹ)

ایک بینگن سالم کا بھورتہ بنا کر عضو ماؤف پر باندھیں۔ اور موبیائی یک سرخ گھی میں گرم کر کے دودھ گرم میں ڈال کر پلائیں۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی جڑجائیگی۔ (د/)

حمی الدق (تپ دق)

تپ کہنہ۔ کافور کو کوب کر کے مٹی کی کوری ہانڈی میں ڈال کر مٹی کا سرپوش جو درمیان میں اونچا ہوا اٹھا لگا کر منہ کو کپڑے سے مٹی ملتانی یا چکنی لگا کر خشک کر کے اس کے نیچے موٹی بتی کا چراغ سرسوں کے تیل سے روشن کر کے رکھیں اور اس کے منہ پر بقدر ضرورت بوجھ رکھدیں جب تیل چراغ کا ختم ہوجائے۔ ہانڈی کو ٹھنڈا ہونے کے بعد کھول کر اس کے سرپوش میں سے جما ہوا کافور کاست نکالیں اور بوقت ضرورت نصف ماشہ ایک تولہ شکر سفید بورا میں رکھ کر مدقوق کو کھلائیں۔ خواہ وہ مدقوق مسلول ہو یا نہ ہو۔ استعمال اس کا دونوں حالتوں میں جائز اور مفید ہے (د/)

سیسہ کو کورے برتن میں ڈال کر پگلالیں۔ جب وہ پگل جائے۔ تب کنگھی کی گھاس ہوتی ہے۔ جس کے پھول کی یہ شکل ہے۔ سبز لکڑی سے جلاتے رہیں۔ جب تمام سیسہ جلکر خاک ہوجائے محفوظ رکھیں۔ تین رتی بوقت ضرورت شربت نیلوفر ۲ تولہ میں ملا کر مدقوق کو چٹادیں۔ (د/)

پتی (پت اچھلنا)

بادیان ۵ ماشہ۔ مویز منقے ۹ دانہ۔ املی کشارہ ۲ تولہ دونوں دوائوں کو پانی

کیساتھ پیس کر گلقند ۲ تولہ پانی میں حل کر کے املی کا زلال ملا کر پلائیں۔ (د/)

مقوی باہ } مونڈی جو کہ جنگل میں ہوتی ہے اور مشہور بوٹی ہے۔ اسکو معہ جڑھ اور پتوں اور گھونڈیوں کے سایہ میں خشک کر کے باریک کوٹ پیسکر کپڑے میں چھان کر ہموزن اس کے میدہ گندم لے کر بطریق مشہور حلوا بنائیں خوراک ۵ تولہ (/)

نسخہ کنٹھ مالا

مرغی کے انڈے کو ایک جانب کافی شگاف دیکر سفیدی نکالیں اور زردی اسی پوست بیضہ میں چھوڑدی جائے بعدازاں سہاگہ بریان ایک ماشہ اسمیں ڈال کر ملا کر رکھیں۔ دن بھر میں ایک مرتبہ بقدر ضرورت اسکا لیپ کیا کریں۔

نوٹ۔ چنانچہ یہاں میں مسمی سید طفیل احمد ولد علی احمد کے گلے میں زخم تھا یہاں تک کہ نصف گلو کا بیرونی حصہ زخمی ہو گیا تھا۔ سانپ کی ہڈی وغیرہ کا دیگر ادویہ کا بہت استعمال کیا مفید نہ پڑا جب حکیم صاحب موصوف نے مرہم بیضہ مذکورہ بالا اسکو دیا چندروز میں آرام ہوگیا (خریدار اخبار ۳۰۶)

جو ایسا کرنا اچھا نہیں سمجھتے وہ اور مفید نسخے ڈش اپکارگ سے حاصل کر سکتے ہیں (ایڈیٹر)

نسخہ پتھری مثانہ } حجر الیہود ایک ماشہ۔ سنگ سرماہی ایک ماشہ ہر ایک سفوف کر کے کھائیں۔ بعدہٗ بدرقہ شیرہ بادیان ۵ ماشہ شیرہ تخم خربزہ ۳ ماشہ۔ شربت بزوری ۲ تولہ ڈالکر پلادیں۔ (د/)

نسخہ بواسیر } برگ سبز املی ۱ تولہ۔ برگ شیشم ۱ تولہ۔ برگ سبز جامن ۱ تولہ برگ انبہ سبز ۶ ماشہ۔ برگ درخت برگد ۲ ماشہ دودھ خام میں ملا کر پی لیں۔ بعدہٗ موافق خوراک کے دودھ میں ملا کر نبات سفید ۲ تولہ ڈال کر پلائیں۔ اگر اس سے بھی مریض کو فائدہ نہ ہو تو ضفدع ریشگی کا خشک سفوف ۲ ماشہ کر کے اول کھلائیں اور پرسے دواء مذکور پلائیں (د/)

امریکن ہینڈ پریس } سرش باریک ۲ حصہ پانی ۸ گنا رلت بھر بھگو کر صبح کو

جو شدہ جب سریش گھل جاوے چولہے سے اُتار کر ۵ حصہ گلیسرین آہستہ سے ملا دیوے۔ اور پھر بیریم سلفاس ۲ حصے ملا کر خوب ہی حل کرو۔ اور ایک ٹین کے چوکھٹے میں ڈال کر جما لو۔ ایکبار میں ۵۰ کاپی نقل ہو سکتی ہے اور اُسکی سیاہی نیلا پن و گلیسرین ہموزن پانچ گنے پانی میں ملا کر گرم کرنے سے بنجاتی ہے اور چھاپنے کے واسطے کاغذ ذرا بھگو کر لگا دیں (شیخ محمد صدیق محسن)

روشنائی سیاہ موسومہ مصطفائی

دُود چراغ۔ آب سیُوس۔ گندم۔ آب کوکنار۔ آب کیلہ۔ طوطیا سبز۔ صمغ عربی سب کو برابر وزن ملا کر گھوٹ لو۔ (۱۱)

بلیُو بلیک } ہرڑ بیڑہ۔ آملہ ہر ایک ایک چھٹانک۔ لوہ چون ایک چھٹانک۔ تیل ولایتی ۱ تولہ۔ پانی ایک سیر تیل کے علاوہ سب کو ایک گھڑے میں ڈال کر دس روز تک سڑنے دو۔ بعد ازاں خوب مل چھان کر فضلہ پھینکدو اور عرق میں تیل ملا کر گھوٹ لو۔ (۱۱)

سُرخ روشنائی :- شنگرف کو عرق ستن جوت میں خوب گھوٹ لو۔ (۱۱)

گھوڑے۔ گائے۔ بکری اور انسان کی خشک اور ترخارش کا اکسیر نسخہ

آملہ سار گندھک ۱ ماشہ۔ دودھ ۳ پاؤ۔ گھی آدھ پاؤ دودھ اور گھی کے تین تین حصے کرو۔ اول ایک حصہ گھی کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھو جب خوب گرم ہو جائے اس میں آملہ سار کا ایک ہی سالم ٹکڑا ڈالو۔ وہ چند منٹ میں گھی کے ساتھ یکذات ہو جائیگا اب اسکو فوراً اتار کر ایک حصہ دودھ میں ڈالو پھر ایک حصہ گھی آگ پر رکھو اور اسی دودھ سے جس میں وہ گھی اور آملہ سار تیل ملا ڈالا ہے آملہ سار نکال کر اس حصہ گھی میں دوبارہ ڈالو یوں ہی پھر دوسرے حصہ دودھ میں ڈالو۔ علٰی ہذا تیسری دفعہ بھی ایسا ہی عمل کرو وہ آملہ سار گھی میں تیل ہو کر پھر دودھ میں ڈالنے سے نیچے جم جاتی ہے۔ تین دفعہ اس کا جوہر اس گھی اور دودھ میں لے لو۔ اور پھر اوپر سے دودھ اور گھی نتھار لو اور نیچے کا فضلہ یعنی وہ آملہ سار پھینکدو۔ یہ دوائی صرف چار۔ پانچ دن پلانے سے

ہر ایک مندرجہ صدر جانور کی خارش جڑ سے دُور ہو جاتی ہے۔ لحاظ یہ رکھنا چاہئے کہ انسان و بکری کیلئے آملہ سار و گھی اور دودھ کا وزن نصف کافی ہے۔ اور چونکہ انسان کو بدون لذت پینا اس کا دشوار ہے لہذا اسے اس دودھ گھی تیار شدہ میں قدرے شہد یا شکر بھی حل کر لینے کی اجازت ہے۔

نوٹ :- یہ دوائی قدرے گرم گرم ہی پینا اور حیوانات کو پلانا چاہئے درمیان استعمال دوا کے حیوانات کو سبز چارہ کا اور انسان کو بقولات و سبز میوہ جات کا پرہیز کرنا ضروری ہے۔ وقت استعمال کا علے الصبح ہے اور دوائی ہر روز تازہ بناویں۔

سم الفار کی گولیاں

یہ گولیاں انسان کے آتشک۔ سرخ بادہ۔ گٹھیا کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ ہاتھی کی گج کلچی (ایک خونی بیماری ہے۔ تمام جسم متورم ہو جاتا ہے) اونٹ کی گھرن باد اور گھوڑوں کی ہر قسم کی زہرباد کی بیماریوں اور گرگرمی میں تیر بہدف ثابت ہو چکی ہیں۔ گائے بھینس اور بکری کو "منہ کھر" کی بیماری ہو۔ تو دو تین دن کے اندر شفایاب کرتی ہیں۔

نسخہ یہ ہے } سنکھیا سفید۔ سنکھیا زرد ہر ایک چھ ماشہ۔ آملہ سار گندھک۔ پارہ۔ میٹھا تیلیا۔ دارچکنا۔ ہیرا کسیس ہر ایک ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھہ۔ مغز تخم جمال گوٹہ۔ ہڑتال طبقی۔ پوست بیخ تلسی۔ کہربا۔ گول مرچ سفید ہر ایک ۳ تولہ سب کو کھرل میں ڈال کر ۲ دن تک پیاز سفید کے پانی میں پیسیں اور بعد ازاں خشک کر کے پھر سات دن تک ادرک کے رس میں کھرل کریں۔ پھر خشک ہونے پر شہد میں بقدر دانہ مونگ کے گولیاں بنا دیں۔

انسان اور بکری کو ایک گولی۔ گائے بھینس کو دو تین تک اور گھوڑے اونٹ اور فیل کو چار پانچ اور چھ تک بھی ایکدن میں کھلا سکتے ہیں۔

مندرجہ صدر ہر ایک حیوان کی کھجلی۔ جالا۔ دھند اور آنکھ کی ہر قسم کی خارش وغیرہ کی دور کرنے کا مجرب نسخہ اگلے صفحہ میں مندرج ہے۔

صفت اس کی سہاگہ بریان۔ پھٹکری خام (ریلوا)، نوشادر، قلمی شورہ، گیرو، سمندر پھین، کھانڈ دیسی ہر ایک ا تولہ، سونٹھ کا آٹا ۲ تولہ سب کو کاغذی لیموں بنا دیں اور شیشی میں بند کریں اور ہر ایک مریض کو صبح و شام دو وقت عرق گلاب سے گھس کر بطور انجن لگا دیں۔ حیوانات سے جن کو انجن نہ لگایا جا سکے سفوف کر کے اور کسی نلکی میں بھر کر آنکھوں میں پھونکیں۔

نوٹ: یہی دوائی بکری کے جگر کا پانی نکال کر کھرل کر کے استعمال کریں۔ تو عارضہ شب کوری (اندھراتا) بھی دور ہو جائے۔

ہر ایک حیوان کی قبضی دور کرنے کا مجرب و آزمودہ نسخہ

گھگرو بیل ا تولہ۔ تخم عشق پیچہ ۱۲ ماشہ۔ جو کی سنبری ۳ تولہ سب کو باریک رگڑ کر کے ۲ پاؤ پانی (دس چھٹنک) میں یعنی گنے کے پانی میں گھول کر پلا دیں فوراً ہی اسہال شروع ہوں گے۔

یہ نسخہ ایک گھوڑے کے لئے ہے بکری کو اور انسان کو نصف۔ گائے بھینس کو ڈیوڑھا وزن اور اونٹ ہاتھی کو دگنا تگنا کر کے دیں۔

تنبیہ: یہ دوا حاملہ حیوان کو ہرگز نہ دیں۔ ورنہ بچہ بھی فوراً دستوں کے ساتھ خارج ہو جاوے گا۔

طلاء مجلوق سم الفار سیاہ ا تولہ۔ بیخ گل بانسہ ۲ ماشہ۔ بیخ کنیر سفید ۲ ماشہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ جند بید ستر ۲ ماشہ۔ ریشتا وہ ۲ ماشہ۔ مرمکی ۲ ماشہ ادویہ مذکورہ کو باریک کوٹ کر دودھ پانچ سیر۔ کوری ہانڈی میں ڈال کر بطریق معمول پکا دیں۔ جب یہ دودھ پک جلنے جالیں اور صبح اس کا مکھن نکالیں۔ اور دو روز بعد مکھن کو گرم کر کے روغن بنا کر بوتل میں بہ حفاظت رکھیں اور بوقت ضرورت برگ پان کے ساتھ طلاء لگا کر عضو خاص کو پٹی سے باندھ دیں۔ یہ طلاء بذریعہ عرق یعنے پسینہ کے مواد کو خارج کرتا ہے یہ واضح رہے کہ اس کا برتن و مکھن نکالنے کا سامان اور چھاچھ زہریں۔ تمام کو زمین میں دفن کریں۔ (حکیم مولوی سید عبدالغفور)

نسخہ تپ یعنی بخار خوب کلاں بعوضا کشی بہ قدر ضرورت لیکر کورے برتن میں ڈالیں۔ اور اوپر سے کرنجوہ کی سبز پتیوں کا عرق اسقدر ڈالیں کہ خاکشی اس میں غرق ہو جاوے۔ تب سرپوش مٹی کا ڈھانک کر اور گل حکمت کر کے چولھے پر رکھیں۔ نیچے اسکے لکڑی کی آنچ دیں۔ جب خاکشی جل کر اس کا ست نکل آئے ۳ رتی کھلا دیں۔ اور ہمراہ دودھ پلا دیں۔ (ر)

نسخہ دفعیہ اسہال اطفال

تخم لیموں۔ تخم رنگترہ۔ خشک کر کے باہم ملا کر کوٹ لیں۔ اور بوقت حاجت ایک ماشہ کھلا دیں ہر حال میں مفید ہے۔ معدہ وغیرہ کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچاتا یہاں تک کہ ہیضہ میں اس کا استعمال جائز اور نہایت مفید ہے۔ خواہ ارضیت غالب ہو یا ناریت۔ (ر)

رملہ چشم گیرو ا تولہ۔ زنجبیل (سونٹھ) ا تولہ۔ فوفل سپاری ۲ ماشہ کوٹ پیس کر گولیاں بنا دیں اور بوقت ضرورت گھس کر لگا دیں۔ (ر)

نسخہ دفعیہ یرقان عام

مولی کا عرق ۵ تار۔ الیوم ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ صبح کے وقت پیا کریں اور شام کو کشتہ خبث الحدید ۳ ماشہ ہمراہ معجون ا تولہ دبیدالورد کھایا کریں۔ اگر گنوں کا ذیشکر موسم ہو تو اسکو اکثر استعمال میں رکھیں۔ (حکیم محمد سید احمد)

اوجاع عام شکم و قولنج

پودینہ خشک ۲ ماشہ۔ نوشادر ۲ ماشہ۔ سہاگہ بریان ۲ ماشہ جوا کھار ۲ ماشہ۔ سونٹھ (زنجبیل) ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۲ ماشہ۔ پپلا مول ۲ ماشہ۔ زیرہ سیاہ و سفید ا تولہ شورہ قلمی ا تولہ۔ پوست خشک لیموں ا تولہ۔ پوست رنگترہ ۲ ماشہ۔ تخم لیموں خشک ۲ ماشہ۔ مغز تخم انبہ ۲ ماشہ۔ مغز کرنجوہ ۲ ماشہ۔ مغز اربلہی ۲ ماشہ۔ پھٹکری ۲ ماشہ۔ ہینگ ا تولہ۔ اجوائن خراسانی ۲ ماشہ۔ سنگدانہ ۲ ماشہ۔ سنگدانہ حمام ۲ ماشہ۔ سب دواؤں کو سرکہ کہنہ ۵ تار۔ عرق لیموں ۵ تار۔ فلفل ۵ تار۔ شیرہ بادیان ۵ تار میں ڈال کر شیشی کے برتن کو گل حکمت کر کے زمین میں چالیس روز تک دفن رکھیں

بعد ۴ روز کے نکال کر سایہ میں خشک کر کے کوٹ پیسکر کپڑے میں چھان کر بحفاظت رکھیں۔ بوقت ضرورت بعد دو شد ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں ٭

تپ دق و سل کے لئے تیر بہدف نسخہ

دو سیر عرق گاؤزبان دو آتشہ لے کر اس میں آدھ سیر کے قریب بھڑ کا چھتا ریزہ کر کے بھگو دیں۔ چار پانچ گھنٹے کے بعد معمولی سا جوش دے کر آگ سے اُتار کر ہاتھوں سے مل کر چھانیں۔ بعد ازاں پھر دھیمی دھیمی آنچ پر رکھ کر شربت پکا دیں جب ٹھیک قوام ہو جائے یعنی تار بدھنے لگے۔ تو اُتار کر شیشی میں بھر لیں۔ ہر روز صبح کے وقت ۲ یا ۵ تولہ شربت پاؤ بھر گدھی کے دودھ میں ملا کر مدقوق کو پلایا کریں۔ دو تین ہفتے کے اندر صحت ہوگی۔ [redacted]

اگر مریض کو اسہال بھی جاری ہیں۔ تو ہر روز کہربا دو ماشہ طباشیر ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ اصلی دو رتی سفوف کر کے اس دوا کے ساتھ ہے۔ پھانک لینا چاہئے۔ دن کے وقت بیمار کو ہرگز سونے نہ دیا کریں۔ انشاء اللہ تندرست ہوگا۔

ہر قسم کی کھانسی اور دمہ یعنی ضیق النفس کیلئے اکسیر گولیاں

بھڑ کا چھتا پاؤ بھر۔ چاکسو کے پھول پتے شاخیں اور جڑھ آدھ سیر۔ ابرسا ۲ تولہ سب کو نیم کوب کر کے تین سیر پانی میں نرم آگ پر پکا دیں۔ ایک سیر بھر پانی رہ جاوے۔ تو اُتار کر چھان کر پھر آگ پر رکھیں جب وقت گاڑھا لعاب سا بن جائے اُتار کر گول مرچ سفید۔ صمغ عربی (کیکر کی گوند) ایک ایک تولہ باریک سفوف کر کے اس لعاب میں ملا کر بقدر نخود گولیاں بنا دیں۔

دم کشی کے مریض کو ہر روز صبح کے وقت دو یا تین گولیاں اونٹنی کے پاؤ سیر دودھ کے ساتھ کھانا چاہئے۔

کھانسی کا مریض بوقت کھانسی کے وقت ایک گولی منہ میں رکھ کر اس کا رس چوسے فوراً آرام ہو جاویگا۔

دیگر

بھڑ کا چھتا پاؤ بھر۔ پھٹکری سرخ ۳ تولہ۔ گائے کا گھی خالص ۱۰ تولہ تینوں کو کڑاہی میں ڈال کر نیچے پرانے سرکنڈا (کانا) کی آگ جلا دیں۔

جب تمام چیزیں جل کر کوئلہ ہو جاویں۔ تو اُتار کر باریک پیسکر کپڑے سے چھان کر شیشی میں محفوظ کر لیں۔

آشوب چشم (آنکھوں کا دُکھنا) دُھند۔ جالا۔ غبار۔ پانی بہنا یہ سب امراض اس دوا کے بطور سرمہ استعمال کرنے سے دُور ہو جاتے ہیں۔

نکسیر کا مریض بطور نسوار کے استعمال کرے۔ پرانے سے پرانا عارضہ دفع ہوگا۔ دانتوں کا گوشت خورہ۔ مسوڑھوں کا ورم ہر قسم کا بطور منجن استعمال کرنے سے دُور ہوتا ہے۔

وہ لوگ جن کے تمام دانت گوشت خورہ کے سبب ہلتے تھے اور صدہا دوائیوں سے کچھ نفع نہ ہوا۔ یہ دوائی بکری کے پیشاب میں گھول کر مضمضہ یعنی کلی کرانے سے آناً فاناً صحتیاب ہو گئے

عشق پیچہ کی سبز پتیاں بقدر ۱۱ ماشہ گھوٹ کر چھٹانک بھر پانی ملا کر چھان کر اس میں یہ راکھ بقدر ۲ ماشہ حل کر کے پلا دیں۔ تو شیر خوار بچوں کا مرض ڈبہ یعنی اٹھرا (ام الصبیان) فی الفور دور ہوتا ہے ٭

اکھیادی لون نیم۔ گل ٹیو۔ جڑھ مدار۔ جڑھ تھوہر۔ پھکنڈہ۔ چترا۔ برنلدانی سرخ مدار۔ گوکھرو۔ کنڈیاری کلاں۔ کنڈیاری خورد۔ کرنجوا۔ سفید انت مول۔ کڑوی توری۔ ساٹھی ان سب کو ایک برتن میں چڑھا کر اور جڑ ڈالی پتے سمیت لے کر کوٹ لیں اور آگ پر چڑھا کر تھوں کی لکڑی جلا کر خاک کرے اور پھر مندرجہ بالا کھار ۴ تولہ اور نمک ۴۰ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۲۴ تولہ ان کے برابر وزن پانی اور گؤ موتر ملا کر نرم آنچ پر پکاوے۔ اور ذرا سخت ہونے پر یہ اشیاء سفوف بنا کر شامل کرے۔ زیرہ۔ سونٹھ۔ مرچ۔ گھ ہینگ۔ اجواین۔ پوکھر مول۔

خاص

...کچور بھر ایک ۲ تولہ وزن میں...
پیٹ۔ ورم جگر۔ طحال۔ امراض...
سر۔ امراض دل۔ تپھ...
کھار بنانے کی ترکیب...
اور اس نتھرے ہوئے پانی...
کھار ہے...
دیا جاتا ہے جس کو میں نے...
خود کھایا پھر اوروں کو کھلا...
ایک گولی بھی جس نے کھا...
مقوی اعضاء رئیسہ...
ارواح کو طاقت دینے والا...
دماغ منی سب کو طاقت...
لوگ امساک کو ...
سے پیدا کیا جا سکتا ہے۔
جوان آدمی جو سر...
آتا ہے۔ ورنہ ۲ گنا کر دینا...
کو تقویت۔ آنکھوں کو بصا...
امرعت۔ رقت بھریان...
شنگرف ردمی اثر...
دودھ برگد میں ایکمان...
برگ مدار کے درمیان...
پھادیں۔ اور ادپر اس...

کچور ہر ایک ۲ تولہ وزن میں ہو۔ پیٹ کی جملہ امراض کو مفید ہے۔ کئی اقسام امراض پیٹ۔ ورم جگر۔ طحال۔ امراض پیٹ ۔ اپھارا۔ گولا۔ سختی پیٹ۔ بدہضمی۔ امراض سر۔ امراض دل۔ پتھر ریگ مثانہ و گردہ کو دور کرتا ہے۔

کھار بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ راکھ بہت سی پانی میں گھول کر نتھار لیوے اور اس نتھرے ہوئے پانی کو اے کہ آنچ پر چڑھاوے جب خشک ہو جاوے وہی کھار ہے۔

اکسیر عـ۱۲ کا نسخہ

دیا جاتا ہے جس کو میں نے اپنی تجربہ سے اس سال کے اندر بنوایا۔ سب سے پہلے خود کھایا پھر اوروں کو کھلایا عجیب پایا۔ اگرچہ امیروں کے واسطے ہے مگر یہ سمجھ لیجئے کہ ایک گولی بھی جس نے کھائی اس کا گرویدہ ہو گیا۔

مقوی اعضاء رئیسہ اتنا کہ لاثانی کہہ سکیں۔ عمر کو بڑھانے والا تمام قوٰے و ارواح کو طاقت دینے والا اور مضبوط رکھنے والا۔ رگوں۔ پٹھوں۔ عضلوں۔ ہڈی۔ مغز۔ دماغ۔ منی سب کو طاقت بخشنے والا۔ نسخہ امراء گھروں میں ہر وقت موجود رہنا چاہئے لوگ امساک کو ڈھونڈتے پھرتے ہیں مگر نہیں ملتا۔ قدرتی اور سچا بند ہیج اس سے پیدا کیا جا سکتا ہے۔

جوان آدمی جو سرعت کے مریض نہیں ان کیواسطے تاثیر شی والا مقولصاحق اٹھاتا ہے۔ ذرتہ چند گنا کر دینا تو کوئی بات ہی نہیں ہے۔ دل کو فرحت۔ دماغ کو روشن۔ جگر کو تقویت۔ آنکھوں کو بصارت۔ مثانہ کو طاقت یہ گولیاں دیتی ہیں۔ مقوی باہ دافع سرعت۔ رقت۔ جریان و احتلام ہیں۔ نسخہ مندرجہ ذیل ہے۔

شنگرف رومی ۱ تولہ۔ ورق سونا ۱ تولہ دونوں کو ایکدن رس پیاز میں ایکدن دودھ برگد میں ایکدن دودھ آک میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں۔ اس ٹکیہ کو دو تین برگ مدار کے درمیان لپیٹ دیں۔ پھر ایک ہانڈی میں ۲ سیر بالو ریت کے نیچے بچھا دیں۔ اور اوپر اس پوٹلی کو رکھ کر ۲ سیر بالو ریت اور ڈال کر منہ ہانڈی کا بند

کر کے نیچے دو پہر تک درمیانی آنچ کریں۔ اور سرد ہونے پر نکالیں۔

پر کشتہ طلاء یعنی کشتہ شنگرف ۱ تولہ مشک نیپالی ۱ تولہ مروارید ناسفتہ ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ مغز تخم تمر ہندی ۱ تولہ عنبر ۱ تولہ جند بیدستر ۱ تولہ۔ مایہ شتر اعرابی ۱ تولہ۔ بھیم سینی کافور ۱ تولہ۔ ست برگد ۱ تولہ۔ مارفیا ۳ ماشہ۔ ان سب ادویہ کو دودھ برگد میں تھوڑی دیر کھرل کر کے ½ ماشہ کی گولیاں بنا لیں۔

ست برگد کی ترکیب پچھلی بار لکھی جا چکی ہے یعنی پکے ہوئے زرد پتے برگد کے درخت سے اتار لیں۔ اور ان کو ہاتھوں سے مروڑ کر مٹکوں کے اندر بھر دیں اور پانی سے ان کو بھر دیں۔ اور ۲ دن کے بعد کڑاہی میں ڈال کر ابالیں۔ جب ½ پانی رہے خوب مل چھان کر پھر کڑاہی پر چڑھا دیں۔ حتٰے کہ کل پانی جذب ہو جاوے۔ اور مانند شہد گاڑھا ہو جاوے۔ پس اتار لیں یہی ست برگد ہے۔

خوراک گولی سے ۲ گولی تک حسب مزاج۔ بند ہیج کے واسطے ۱ یا ۲ گولی ملائی سے کھاویں۔ ۲ گھنٹے قبل درمیان میں کوئی ترش چیز یا کھانا وغیرہ نہ کھاویں۔ یہ گولیاں ہم نے تیار کر لی ہیں۔ قیمت فی گولی ایک روپیہ ہے۔ اس کا نام اکسیر عـ۱۲ ہے۔ کامنی وشی کرن کہنا اسکو بجا ہے۔

کام کوتوہل وٹی } کونچ بیج۔ موصلی۔ کلنجن۔ طباشیر۔ جائفل۔ جاوتری۔ مصطگی۔ سرد چینی۔ الائچی خورد۔ لونگ۔ گوکھرو۔ گل گلاب۔ گل سوتیا۔ گل بیلا۔ گل کیتکی میدا۔ ستاور۔ تمھانا۔ تالمکھانہ۔ سمندر سوکھ۔ بال چھڑ۔ کنکول۔ سونٹھ یہ ایک ایک تولہ۔ کستوری اور بھیم سینی کافور ہر ایک ۳ ماشہ۔ اس میں کھرل کر کے ۲-۳ ماشہ کی گولی بنا وے۔ اگر کیسر کے پڑ نہ ملیں۔ تو کیسر ۲ ماشہ لے کر اسکو پانی میں پیکر اس پانی میں کستوری کافور کو بھی پیس لیں اور باقی ادویات اس پانی سے کھرل کریں۔ لکھا ہے۔ کہ گولی بڑے غرور والی استریوں کا بھی غرور توڑتی ہے۔ ویریہ ستمبک ہے۔ چلتی ہوئی دھات بھی اس سے رک جاتی ہے نیز کھانسی دمہ۔ ذیابیطس۔ جریان کو مفید ہے۔ اور مریضان آتشک کو بھی مفید ہیں۔

کام ونود گٹکا } موصلی سیاہ و سفید۔ کباب چینی۔ مصطگی۔ جائفل۔ کونچ بیج۔

تالمکھانہ۔ پیپل۔ گوکھرو۔ گلو۔ بہوپھلی۔ مالکنگنی۔ اسگندھ۔ خشخاش۔ بیج اٹنگن۔ پان۔ تالمکھانہ (۲ بار آنے سے مطلب یہ ہے کہ دگنا لیوے) کپور کچری۔ کلنجن۔ افیون۔ ماجو پھل۔ بیج دھتورہ سیاہ۔ پھول پرینگو ہر ایک ۲-۲ تولہ۔ دارچینی۔ الائچی۔ تیج پات۔ ناگ کیسر ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے برابروزن دودھ میں بھگو دے۔ صبح سِل بٹے سے خوب پیسے پھر برابروزن گھی ملا کر بھونے اس کے بعد دودھ کے برابر مصری لے کر چاشنی کر کے سب ادویہ ملا دیوے اور جھڑبیر کے برابر گولیاں بنا لیوے۔ خوراک ۱ گولی سے ۴ گولی تک حسب طاقت وحالات مریض۔

جریان کیلئے اکسیر ہے۔ پیشاب کا یا منی کا بوند بوند آنا بند ہوجاتا ہے۔ سرعت کے واسطے بینظیر ہے۔ اس کے کھاتے رہنے سے حسب خواہش بند میچ بڑھایا جاسکتا ہے پھر ایکدو گولی کھانے سے دیر تک تجسن کرے۔ ایک پہر تک کتابوں میں لکھا ہے ملذذ درجہ اول ہے۔

سموہنی وٹی { لونگ۔ جائفل۔ جاوتری۔ کنکول۔ تالمکھانا۔ تج ہر ایک ۱ تولہ۔ بھانگ ۲ تولہ۔ میٹھا تیلیا ۱ تولہ۔ افیون ۹ ماشہ سب کو باریک کر کے بھانگ کی رس میں ۴ پہر کھرل کرے۔ گولیاں ۲-۲ رتی کی بنا دے۔ نہایت ہی ممسک ہے دو تین گولی حسب طاقت کھاوے۔ کام توہل کتاب میں ایک پہر لکھا ہے۔ احتلام کو فوراً بند کرتی ہے جریان کو دور کرتی ہے۔ دمہ۔ کھانسی اور ذیابیطس وغیرہ کو نافع ہے۔ مریضان سرعت اسکو استعمال کر کے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

باجی کرن مودک کا دوسرا بینظیر نسخہ ہر سیریوں ہی کھانیکے لائق

گنا دوب کی جڑ۔ پونڈے کی گانٹھیں۔ تالمکھانہ۔ اسگندھ۔ بالا۔ ستاور۔ گوکھرو۔ بداری کند۔ کیڑی۔ جیونتی۔ جیبک۔ میدا۔ رکھبک۔ گل سکری۔ موصلی۔ ردھی۔ راسنا۔ کونچ بیج۔ اٹ سٹ ہر ایک ۲ تولہ۔ اڑد کا آٹا ۴ سیر لیوے۔ تمام ادویہ کو اکٹھا کر کے ۳۲ سیر پانی میں پکاوے۔ جب آٹھواں حصہ پانی رہ جاوے۔ تب اتارے۔ پھر منقّی۔ داکھ۔ کھجور۔ پیپل۔ چرونجی۔ بارہی کند۔ اسگندھ۔ بداری کند۔ آملہ۔ گنے کا رس ہر ایک

۴-۴ تولہ لیوے۔ گھی ۴ سیر اور دودھ ۳۲ سیر ملا کر یہاں تک پکا دے کہ کھویا بن جاوے اور گھی چھوڑ دیوے۔ پھر اس میں مصری پھر اس کے بعد کھانڈ (شکر سفید) ایک سیر دودھ ایک سیر اور ملا دیوے۔ پھر خوب ملا کر پیپل ۱۰ تولہ۔ مرچ سیاہ ۴ تولہ۔ دارچینی۔ الائچی۔ ناگ کیسر ہر ایک ۲ تولہ۔ اور اس میں شہد خالص ۲ سیر ملا دیوے۔ خوراک ۲ تولہ طاقت مریض دیکھ کر دیدے لکھا ہے :۔ ازحد مبہی ہے۔ مغلظ ہے۔ طاقت بڑھاتا ہے کام اور زور اس کے کھانے سے بہت ہی بڑھتا ہے۔ بہت عورات رکھنے کی طاقت ہوتی ہے جسم دیو کی طرح خوبصورت بن جاتا ہے۔ تھوڑے ویرج والا انسان زیادہ ویریہ وان ہوتا ہے۔ بوڑھے کو جوان کی سی طاقت آتی ہے۔ ایک برس لگاتار کھانے سے بوڑھا بھی جوان ہوجاتا ہے۔

چڑا مقوی و مغلظ { تالمکھانہ کے چاول اور تل برابروزن لیکر پیسکر شہد میں گوندھ کر توے پر گھی لگا کر رکھے اور الٹ پلٹا کر پکا لیوے یا مانند پوڑے کے پکا دے۔ ان کو کھانے سے کام بہت بڑھتا ہے مبہی ہے۔ سرعت اور جریان و احتلام کو نافع ہے۔ روزانہ تازہ بتازہ کا انتظام کیا جاسکتا ہے یعنی تالمکھانہ کو کوٹ کر اس کے چاول نکالے اور تل بھی لیوے۔ دو تولہ پیسکر رکھو اور صبح یا شام شہد ملا کر دو چار چھوٹے چھوٹے چڑے (چھوٹے پوڑے) بنا کر کھاوے۔

کام کوشلہ مودک { باراہی کند ۴ تولہ۔ ترپھلہ ۴ تولہ۔ دونوں کو ذرا سا بھون لیوے پھر گوکھرو۔ لونگ۔ ستاور۔ دارچینی۔ پیپل۔ جاوتری جائفل۔ کیسر ہر ایک ۴ تولہ اور کل کے برابر مصری لیوے سب سے ۸ گنا بھینس کا دودھ ملا کر نرم آنچ پر پکا دے۔ جتنے کہ کھویا ہوجاوے۔ ۱۰ تولہ گھی ڈال کر ذرا اور بھونے۔ پھر ۴-۴ تولہ کے لڈو بنا دے۔ رات کے وقت ایک کھایا کریں۔ مقوی دل ودماغ وباہ ہے قبض کشا ہے۔ اور سرعت کا اعلیٰ علاج ہے ممسک ہے۔ لکھا ہے اننت کام کو دیپن کرنے والا۔ اور

प्रबलं करोत्या धु प्रौढाङ्गनानाम्

ستاوری اولیہ } ستاوری۔ بداری کند۔ کھیر بداری کند ہر ایک ایک پاؤ مصری ۲ سیر۔ سیمبل اور آنولہ کا رس ہر ایک ایک سیر ان کو اکٹھا کرکے نرم آنچ پر پکا دے۔ پکنے پر دار چینی۔ تیج پات۔ الائچی۔ ناگ کیسر۔ ہر ایک ایک تولہ شہد ۲۴ تولہ ملا کر پکا دے۔ بیرج کو بڑھاتا ہے۔ جسم کو مضبوط کرتا ہے۔ اور موٹا کرتا ہے۔

رتی پرکاش لیپسکا } ازحد لذذ۔ کونچ بیج۔ اٹنگن کے بیج۔ ہلہل کے بیج۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ دودھ ۴۸ تولہ۔ دونوں کو ملا کر نرم آنچ پر رکھے۔ جب دودھ گاڑھا ہو جاوے۔ تو ۱۰ تولہ گھی ڈال کر بھون لے پھر ایک سیر چینی ملا کر رکھے ۴۔۴ تولہ کے لڈو بنا دے۔ ایک لڈو حسب طاقت کھایا کریں۔ دافع جریان ہے سرعت کا عجیب علاج ہے۔ لکھا ہے۔ اتینت آنند دیتا ہے۔ کام دیو کو پیدا کرتا ہے استریوں کو سکھ کارک ہے۔ مقوی باہ ہے۔ دل کو خوش رکھتا ہے۔ لذت۔ بیحد مغروروں کا غرور دور کرے۔

نسخہ بند گشادکھ } اٹنگن کے بیج۔ موصلی سفید پیس کر رکھے اور رات کو ۶ ماشہ کھا کر اوپر سے دودھ پیوے۔ تو ویریہ بہت بڑھتا ہے۔ جریان دور ہوتا ہے بند گشا دور ہوتا اور سرعت کا ناش ہوتا ہے۔ لکھا ہے۔ کہ یہ نسخہ خاص شو جی مہاراج نے کہا ہے۔

کھیر جو کہ نہایت مقوی باہ و دماغ دافع سرعت رقت جریان ہے

چاول مغز ۴ تولہ۔ چرونجی ۱ تولہ۔ مغز بادام ۱ تولہ۔ پستہ ۱ تولہ۔ دارچینی۔ ثعلب۔ ستاور۔ تالمکھانہ۔ کونچ بیج۔ موصلی سفید۔ سونف۔ اُڑد ماش (کی دال گھی میں بھنی ہوئی)۔ گوکھرو۔ بہوسی اسپغول ہر ایک ۱ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ کستوری ۲ ماشہ عنبر ۳ ماشہ۔ تمام ادویہ کا سفوف کرے۔ اس میں سے ۱ تولہ یا ۹ ماشہ یا ۶ ماشہ حسب طاقت لے کر آدھ سیر۔ تین پاؤ۔ یا سیر بھر دودھ میں ڈال دیں۔ اور نرم آنچ پر پکنے دیں۔ جب کھیر پک جاوے تو اُتار کر شکر سفید و گھی ملا کر کھا جاویں۔ اگر پکنے کے بعد گھی ۴ تولہ ملا کر اسکو اور بھون لیں۔ تو زیادہ مقوی ہو جاوے گی۔ اور جسم کو طاقت آویگی۔ دُبلے موٹے ہوتے اور

سرخ چہرہ ہو جاتے ہیں۔ ویرج بیشمار پیدا ہوتا۔ اور گاڑھا ہو جاتا ہے۔

بڑا کامیشور مودک۔ از مجربات نیتہ ناتھ)

سنبل کا موسلہ۔ کونچ بیج۔ کٹھ۔ ست گلو۔ موچرس۔ بداری کند۔ میتھی موصلی سینا گوکھرو۔ تالمکھانہ۔ ستاوری۔ کیسر۔ اجوائن۔ تاڑ کی کونپل۔ دھنیا۔ ملٹھی۔ کنگیرن۔ تل سونف۔ جائیفل۔ اسگندھ بالا۔ بہارنگی۔ کاکڑا سنگی۔ ترکٹا۔ زیرہ سفید زیرہ سیاہ۔ چترک تج۔ تیج پات۔ الائچی خورد۔ ناگ کیسر۔ اٹ بٹ۔ گج پیپل۔ منقہ۔ کھجور کا پھل کیلہ کا کند اسگندھ۔ اجمود۔ سب برابر وزن اور کل سے نصف کشتہ ابرک سیاہ اور ابرک سے نصف گندھک آملہ سار مصفا۔ پھر مندرجہ بالا کل ادویہ سے نصف بھانگ۔ اور بھانگ سمیت کل اشیاء سے دُگنی شکر سفید اور شہد و گھی صرف اسقدر کہ گولی بندھ سکے۔ اور ۲۔۲ ماشہ کی گولیاں بنا دے۔ خوراک ۱ ماشہ سے ۶ ماشہ تک اسکو کھا کر اوپر سے دودھ پیا کرے ازحد مقوی باہ ہے سرعت کو دور کرکے حسب خواہش بندھیج پیدا ہوتا ہے۔ ویریہ وردھک۔ ویریہ ستمبھک۔ استری وشنا کارک۔ اس کے کھانے والا مغروروں کا غرور توڑتا ہے۔ کھانسی۔ دمہ۔ اسہال۔ بدہضمی۔ بواسیر۔ سنگرہنی۔ پرمیہہ۔ جریان۔ ذیابیطس۔ امراض بلغمی وغیرہ کو مفید ہے۔ لکھا ہے۔ کہ اس کا استعمال کنندہ اگر شاعری کی طرف رجوع کرے۔ تو بہت جلد سیکھتا ہے۔ نسیان دور ہوتا ہے۔ اور ایک سال کھانے سے کل امراض دور کرتا ہے۔ جسم اور رنگ و روپ بڑھاتا ہے۔ چھاتی کی امراض یا چوٹ وغیرہ لگی ہوں۔ ان کو دور کرتا ہے۔ یہ مودک مریضان رقت و سرعت کو ضرور استعمال کرنا چاہئے۔

سدھ شالملی کلپ } بداری کند۔ موصلی سیاہ۔ اٹ بٹ کی جڑھ۔ ہر ایک ۱ تولہ گندھک آملہ سار مصفا ½ تولہ۔ پارہ مصفا ۲ ماشہ اول پارہ اور گندھک کو دو پہر کھرل کرکے کجلی کرے پھر دیگر ادویات ملا کر سیمبل سفید کی چھال رس ملے تو سرخ ہی سہی) کی رس کی ۷ پُٹھ دیوے۔ پھر ایک پُٹھ بھینس کے دودھ کی دیوے۔ اور سکھا کر چورن کرکے رکھے۔ خوراک ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک۔ شہد

گھی کے ساتھ چاٹ کر اوپر سے دودھ پیوے اسکے کھانے والا بوڑھاپے کا دُکھ نہیں اُٹھاتا۔ اور بال جوانی میں سفید نہیں ہوتے ہیں۔ بوڑھا بھی جوان کی سی طاقت حاصل کرتا ہے۔ لکھا ہے۔ کہ اس کے کھانے والے کی تسلی ہوتی ہی نہیں۔

۸ کیسر اولیہہ۔ اکسیر و بے نظیر نسخہ معجون زعفران

دیوش (پیپل مرچ۔ زنجبیل یا سونٹھ) چترجات (تیج پات۔ تیج۔ الائچی ناگ کیسر) ترپھلا (پوست ہلیلہ بلیلہ آملہ) لونگ۔ عود سیاہ و صندل سفید۔ تالکھا عقرقرحہ۔ جائفل۔ کونچ بیج۔ سبھل کا گوند۔ کھرنٹی۔ اسگندھ۔ گوکھرو۔ موصلی سیاہ بارنگ۔ سمندر سوکھ۔ جاوتری۔ کنگھی کے بیج۔ دش نجبر دنے تو ستاور ہر ایک ۱ تولہ سب کا بیسواں حصہ یعنی ایکتولہ زعفران۔ ۱۶ واں حصہ ½ تولہ کستوری تمام ادویہ سے چوگنی مصری لیوے کل ادویہ کوٹ پیس کر مصری کی چاشنی کر کے سب اس میں ڈالدیوے۔ نیز کشتہ قلعی۔ چندساودے یا رس سندھور یا گندھک سے بنائے بناؤ کشتہ پارہ۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ تانبہ۔ برابر وزن لے کر مصری کے علاوہ جتنی ادویہ ہیں۔ ان سے بارھواں بارھواں حصہ رکھ یا ا تولہ سوا دس ماشہ ملا دیوے۔ اور کیسر سونے کے ورق ۲۰۰ عدد اور چاندی کے ورق دو عدد ہی ملادیوے جائفل کی گٹھلی یعنی یہ معجون صبح کے وقت کھا کر اوپر سے دودھ پیا کرے۔ تو یقیناً نامرد بھی مرد ہوجاوے۔ جریان۔ سرعت۔ رقت۔ احتلام۔ ضعف باہ۔ سب دور ہوں ویریج پیدا ہووے گاڑھا ہووے۔ دل خوش رہے۔ دماغ کو تقویت ہو۔ اعضاء رئیسہ کو تقویت ہو جسمانی امراض دور ہو کر طاقت دن بدن بڑھنے لگے۔

بے اندازہ طاقت آتی ہے جسمانی امراض دور ہوں۔ ۴۰ دن تو کھا کر دیکھئے یہ ہمارے کارخانہ میں بھی تیار ہونے والا ہے۔

معجون مقوی جو بدن کو موٹا کرنے میں بے نظیر ہے

مغز بادام شیریں ۲ تولہ۔ مغز فندق ا تولہ۔ مغز نارجیل۔ تازہ مقشر ۲ تولہ۔

مغز چلغوزہ۔ تخم انار جنگلی۔ تخم کیکر۔ تخم قطم۔ مغز پستہ۔ کنجد دتل (مقشر)۔ تخم خشخاش سفید مغز تخم خیارین۔ شقاقل مصری۔ ثعلب مصری۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ اندرجو۔ تخم بلیون ہر ایک ا تولہ خشک گوکھرو ۲ تولہ۔ دارچینی۔ زعفران۔ بوزیدان ہر ایک ۶ ماشہ جاوتری۔ جوزبوا ہر ایک ۶ ماشہ۔ آب انار شیریں آدھ پاؤ۔ آب سیب شیریں ½ ۲ پاؤ آب بہی۔ آب ناشپاتی ہر ایک چھ چھٹانک۔ قند سفید سہ چند تمام ادویہ کوٹ چھان کر قند سیاہ میں آبہائے داخل کر کے چاشنی کریں۔ اور ادویہ مذکورہ ملا کر چینی کے برتن یا امرتبان میں رکھیں۔ خوراک ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک ہے۔

نسخہ دافع جریان مرداں و زناں

یہ نسخہ مردوں کے جریان واحتلام کو نافع ہے اور عورتوں کی سفید رطوبت یعنی جریان الرحم کو مفید ہے۔ ثعلب مصری۔ مصطگی رومی۔ تالمکھانہ۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ صمغ عربی طباشیر سفید۔ مغز تخم خربزہ۔ موصلی سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز تخم تمر ہندی ۹ ماشہ۔ گل ارمنی ۳ ماشہ۔ گلنار فارسی ۳ ماشہ۔ موصلی سیاہ ۳ ماشہ۔ نبات سفید ۴ تولہ سفوف بنا کر ہر ایک صبح ا تولہ ہمراہ پاؤ سیر شیر گاؤ تازہ کے نوش کریں۔

پوٹلی برائے مجلوق کمزور رگوں و پٹھوں کیواسطے از حد مفید ہے

